Mr. Speaker: The honourable member by moving his adjournment motion has uttered a few words which do not exist in the original motion. He has added a few sarcastic words, but since he has chosen to do so, I rule it out of order on that very ground.

PROPER DISTRIBUTION OF IMPORTED CLOTH.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely; the failure of Government to effect timely, fair and proper distribution of imported cloth in rural areas of the province.

Mr. Speaker: Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely; the failure of Government to effect timely, fair and proper distribution of imported cloth in rural areas of the province.

Is there any objection ? (Voices: Yes).

Mr. Speaker: Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

THE CHANGE OF COMPULSORY SUBJECT OF 'DINYAT' INTO AN OPTIONAL SUBJECTS IN THE SECONDARY SCHOOLS.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely; the recent change in the syllabii of the secondary schools of the province categorising the hitherto compulsory subject of Dinyat as 'Optional subject'.

Mr. Speaker: Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely; the recent change in the syllabii of the secondary schools of the province categorising the hitherto compulsory subject of Dinyat as 'optional subject'.

Is there any objection ? (Voices : Yes).

Mr. Speaker: Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

TACCAVI LOANS OF WHEAT AT Rs. 11-14-0 PER MAUND WITH INTEREST TO THE FLOOD-STRICKEN PEOPLE.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely; the Taccavi loan of wheat amongst the poor people of flood stricken areas at the rate of Rs. 11-14-0 per maund besides interest.

Mr. Speaker: Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely; the Taccavi loan of wheat amongst the poor people of flood stricken areas at the rate of Rs. 11-14-0 per maund besides interest.

Is there any objection ? (Voices: Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

DAMAGE CAUSED BY FLOODS IN 125 VILLAGES OF LYALLPUR DISTRICT.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the house to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to prevent innundation of 125 villages of the Lyallpur district during the recent floods by effecting relief cuts in the Haveli Canal, in spite of the proposal of the Deputy Commissioner, Lyallpur, and thus causing damage to the tune of Rs. 45 lakhs.

Mr. Speaker: Their contention is that the Deputy Commissioner, Lyallpur had proposed that relief cuts in the Haveli Canal should not be made, and as this proposal was turned down, the flood caused damaged to the tune of Rs. 45 lakhs. Has the Government any comments to make?

Minister of Public Works: Sir, the proposal of the Deputy Commissioner was examined by the experts, including the Chief Engineer and other officers of this department, and their opinion was that cutting the Haveli Canal at several places will cause far more devastation.

Mr. Speaker: They got expert advice and came to the conclusion that by making breaches at several places, the flood will cause further damage. So, I rule the motion out of order.

HARDSHIP CAUSED TO POOR PEOPLE BY THE LAPSE OF THE URBAN RENT RESTRICTION ACT.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to enact the Urban Rent Restriction Act immediately after the lapse of the previous Act resulting in great hardship to the poor people.

Mr. Speaker: Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of Government to enact the Urban Rent Restriction Act immediately after the lapse of the previous Act resulting in great hardship to the poor people.

Is there any objection? (Voices, Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

ACTION ON AN ANONYMOUS STATEMENT.

Mr. Speaker: This morning my attention has been drawn by someone who left a typed statement at my table before I arrived in the House, which I will read out to the House:—

"May it please your Honour—

In the issue of 'PAKISTAN TIMES' of Tuesday last it is attributed to your Honour that during the proceedings of the Assembly on Monday you observed thrice that this might be the last session of the Assembly over which you might be presiding. I was present throughout the proceedings on that day but did not hear any such remark fall from our Honour'ship but it is possible that I was out in the lobbies while such a remark was uttered by you. If you are correctly reported I have nothing to say. If on the other hand this is not a statement of fact, in the interest of being not only fair to the House but to yourself as well, I hope your Honour will take suitable steps to remove an erroneous impression.

I, for obvious reasons want to remain anonymous for purposes of this letter"

As a matter of fact I am quite definite I never made such remarks. I sent for the 'Pakistan Times' of Tuesday last and I find that the

Honourable writer has not properly understood the actual wording of the Paper which reads thus :—

"The proceedings in the Assembly on Monday remained throughout insipid and devoid of any lively interludes. An all-pervading sense of suspense oppressed the atmosphere and most of the members passed their time in conjecturing about the impending changes in West Pakistan. *At least on three occasions the speakers openly referred to the possibility of the present session turning out to be the last session of this Assembly.* The visitors' galleries were also practically empty.

Obviously there is some mis-apprehension on the part of the writer. Therefore, no action is called for.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following application from Chaudhri Sai Muhammad, M. L. A.

"مجھے گذشتہ دو ہفتہ سے بخار ہے اجلاس موجودہ میں حاضر نہ ہو سکوں گا مجھے تا اختتام اجلاس رخصت عطا فرمائی جائے۔"

Mr. Speaker: The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: I have received the following application from Mr. Muzaffar Khan, M. L. A.

"گذارش ہے کہ ضلع کیمبل پور کے الیکشن ڈسٹرکٹ بورڈ شروع ہیں اور مجھے جلد اور ضروری طور پر واپس جانا ہے۔ براہ مہربانی ۲۴ نومبر ۱۹۵۴ء تا اختتام اجلاس رخصت عطا فرمائی جاوے۔"

Mr. Speaker: The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

NOTICE OF NO-CONFIDENCE MOTION AGAINST THE DEPUTY SPEAKER MR. C. L. SUNDER DASS.

Mr. C. E. Gibbon: I ask for leave to move, under Rule 8(1) of the Rules of Procedure of the Punjab Legislative Assembly, the following no-confidence motion :—

"This Assembly resolves that Mr. C. L. Sunder Dass, M.L.A., having lost the confidence of this House, be removed from the office of the Deputy Speaker of the Punjab Legislative Assembly."

Mr. Speaker: Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 56 members stood up, leave was refused.

THE MOTOR VEHICLES (PUNJAB AMENDMENT) BILL

Mr Muhammad Amin: Sir, I beg to move :

That leave be granted to introduce the Motor Vehicles (Punjab Amendment) Bill.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir.

Is the Government sponsoring this Bill?

Mr. Speaker: No, Government is not sponsoring this Bill.

The question is—

That leave be granted to introduce the Motor Vehicles (Punjab Amendment) Bill.

The motion was carried

Mr. Muhammad Amin: Sir, I introduce the Motor Vehicles (Punjab Amendment) Bill.

THE PUNJAB MUNICIPAL ACT (AMENDMENT) BILL.

Shaikh Muhammad Said: (Jhang V. Muslim), Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the Punjab Municipal Act (Amendment) Bill.

جناب والا ۔ یہ بل میں نے موجودہ شہری جائداد کی ناگفتہ بہ حالت بیان کرنے اور اس پر اس بار گراں کے متعلق جو ہر ممکن طریقے سے اس پر ڈالا جا رہا ہے کچھ کہنے کیلئے پیش کیا ہے ۔ جناب والا جہاں تک متروکہ جائداد کا تعلق ہے اسکے متعلق یہ اظہر من الشمس ہے کہ مرمت نہ ہونے کی وجہ سے اور دوسری وجوہ کی بنا پر وہ تباہ و برباد ہو رہی ہے ۔ اسکے ساتھ ہی جہاں تک اپنی ملکیت کی شہری جائداد کا تعلق ہے اس پر پنجاب گورنمنٹ پہلے ہی ۲۰ فیصد پراپرٹی ٹیکس عائد کرنے کا قانون نافذ کر چکی ہے ۔ دوسرے ٹیکس اسکے علاوہ ہیں ۔ نئی آبادیوں میں مالیہ اور آبیانہ اس پر مستزاد ہیں ۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ میونسپل کمیٹیوں نے اس پر ہاؤس ٹیکس کا بار اور ڈالنا شروع کر دیا ہے ۔ جہاں تک اس شہری جائداد کا تعلق ہے ایک مالک مکان کو اکثر اوقات اپنی سالانہ آمدنی کا پچاس فیصد تک ٹیکسوں کی صورت میں ادا کرنا پڑتا ہے ۔ جسکا نتیجہ یہ ہے کہ متروکہ مکانوں کو حاصل کرکے بہت معمولی کرایہ ادا کرکے رہنا آسان ہے بہ نسبت اپنا مکان بنانے کے ۔ یہ صورت حالات نئے مکانات کی تعمیر میں بے حد سدراہ ہو رہی ہے ۔ مکان بنانے کا سامان مثلاً لکڑی اینٹوں وغیرہ کے نایاب اور انکی قیمت اتنی زیادہ ہونے کے باعث یہ حالات اور زیادہ بگڑتے جا رہے ہیں ۔ کوئی مالک مکان اپنی جائداد کو ترقی دینا پسند نہیں کرتا ۔ شہری معاشیات میں خوراک اور کپڑے کے بعد تیسری بنیادی ضرورت رہائش کی ہے ۔ اسکے لئے لازم ہے کہ حکومت مکانات تعمیر کرنے کیلئے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرے تاکہ وہ اپنے رہنے اور سر چھپانے کیلئے مکانات بنا سکیں ۔ اگر ہم ٹیکسوں کا بار گراں اسی طرح بڑھاتے گئے تو کوئی آدمی اپنا مکان بنانے پر تیار نہیں ہوگا ۔

میں مانتا ہوں کہ ٹیکسوں کے بغیر کوئی حکومت یا نظام نہیں چل سکتا ۔ لیکن ہر ٹیکس کی کوئی حد ہونی چاہیئے ۔ صرف ایک طرف ہی ٹیکس نہیں لگاتے جانا چاہیئے بلکہ دوسرے وسائل کو بھی اختیار کرنا

چاھیئے ۔ چنانچہ میں نے یہ تجویز پیش کی ھے کہ ھر جائداد پر کمیٹی کے ٹیکس اور صوبائی حکومت کے ٹیکس دونوں کی حد اس جائداد کی سالانہ آمدنی کے ۱۲ فیصد تک مقرر کر دی جائے ۔ اسطرح ھر جائداد کی سالانہ آمدنی کا آٹھواں حصہ گورنمنٹ بطور ٹیکس وصول کر سکیگی ۔ اس ٹیکس کی آمدنی کو پنجاب گورنمنٹ اور متعلقہ میونسپل کمیٹی آپس میں تقسیم کر لے انکم ٹیکس اسکے علاوہ ھوگا ۔ اسطرح ھر جائداد پر ٹیکس اسکی سالانہ آمدنی کے تقریباً ساڑھے بارہ فیصد تک ھو جائیگا ۔ اور یہ مناسب اور موزوں ھے میری یہ بھی تجویز ھے کہ جہاں تک چھوٹے مکانات اورکم آمدنی والے لوگوں کا تعلق ھے ھمارے لئے یہ مناسب ھے کہ ایک مکان کو جو کسی نے اپنے رھنے کیلئے بنایا ھو ٹیکس سے بالکل مستثنیٰ کر دیں ۔ اسکا نتیجہ یہ ھوگا کہ ھر شخص اپنے لئے ایک نہ ایک مکان بنانے کی کوشش کریگا ۔ البتہ جو لوگ آمدنی یا کرائے کی خاطر مکانات بناتے ھیں ان پر ضرور ٹیکس لگائے ۔ چنانچہ مرکزی حکومت نے بھی اسکی افادیت کو تسلیم کرتے ھوئے ۱۹۰۱ء کے بعد بنائی گئی نئی جائداد پر انکم ٹیکس معاف کر دیا ھے ۔ حکومت پنجاب کو بھی اس معاملہ میں انکا تتبع کرنا چاھیئے ۔

جہاں تک کمیٹیوں کا تعلق ھے انکی حالت ناگفتہ بہ ھے ۔ پچھلے پندرہ سولہ برس سے انکے انتخابات نہیں ھوئے ۔ انکے کئی ممبران راھئی عدم ھو چکے ھیں ۔ اب بھی انکے انتخابات دن بدن ملتوی کئے جا رھے ھیں ۔

صاحب سپیکر : اس بات کا زیر بحث معاملہ سے کیا تعلق ھے ؟

شیخ محمد سعید : جناب والا میں صرف یہ چاھتا ھوں کہ حکومت میری تجویز پر ھمدردی سے غور کرے اور شہری جائداد کو ٹیکسوں کے زائد بوجھ سے بچائے ۔ اور اسے دوسرے وسائل پر بھی مساوی طور پر ڈالے ۔

Minister of Health: I will sympathatically consider this point.

شیخ محمد سعید : چونکہ آنریبل وزیر صحت نے مجھے یقین دلایا ھے کہ وہ اس پر ھمدردی سے غور کرینگے اسلئے میں اس تحریک پر زور نہیں دینا چاھتا ۔

Mr. Speaker: Does the honourable member want to press his motion ?

Shaikh Muhammad Saeed: No, Sir.

Mr. Speaker: Has the honourable member the leave of the House to withdraw his motion ?

(Voices: Yes).

The motion was by leave withdrawn.

THE FACTORIES ACT (PUNJAB AMENDMENT) BILL

Mr. Muhammad Amin: (Corporation of the City of Lahore II, Muslim, Reserved Seat): Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the Factories Act (Punjab Amendment) Bill.

Mr Speaker: The motion moved is :—

That leave be given to introduce the Factories Act (Punjab Amendment) Bill.

میاں محمد شفیع (منٹگمری ۔ مسلم مخصوص نشست) : جناب والا میں اس تحریک کی مخالفت کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ اسکی وجوہات یہ ہیں کہ پنجاب میں انڈسٹری کے آنے سے یہاں کے دولت زدہ لوگوں کی نئی کلاس اپنے آپکو قانون کی حدود سے بالا سمجھتی ہے ۔ اسلامی مساوات اور جمہوریت ہمیشہ سے یہ کہتی آئی ہے کہ قانون انسانوں میں کوئی تفریق نہیں کرتا ۔ لیکن یہ دولتمند لوگ جو پاکستان بننے سے کروڑپتی اور ارپتی بن چکے ہیں اب چاہتے ہیں کہ وہ قانون کی زد اور قانون کے شکنجے سے محفوظ رہیں ۔ اور اس غرض کیلئے آج پنجاب اسمبلی کے اس جمہوری ایوان کے سامنے اس قسم کا مسودہ قانون لانے کی جسارت کرتے ہیں ۔ عدالت اگر چاہے تو کسی ملزم کے خلاف بلا ضمانت وارنٹ جاری کرکے اسے پابجولاں اپنے سامنے منگوا لے مگر یہ نئے ارپتی اور کروڑ پتی یہ چاہتے ہیں کہ ان سے عدالت کی حاضری کے قانون کا اطلاق معاف ہو جائے ۔ اگر انکے خلاف یہ مقدمہ ہو کہ انہوں نے اپنے ملازمین سے فیکٹری ایکٹ کے مطابق مناسب سلوک روا نہیں رکھا تو وہ گھر سے ہی یہ لکھکر بھیج دیں کہ ایں جانب کی طرف سے فلاں ملازم وکیل پیش ہوگا ۔ یا ایں جانب نے یہ جرم کیا ہے حضور جو چاہیں سزا دے لیں ۔ یا ایں جانب نے یہ جرم کیا ہے اور اسکے لئے یہ جرمانہ پیش کرتے ہیں ۔ اور اسکے بعد گھر میں بیٹھے دندناتے رہیں ۔

جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ملک کی اسلامی جمہوریت کا نام لے کر ووٹ مانگنے والے ۔ یہ ووٹ لینے کی خاطر اسلام کی دھائی دینے والے حضرات کیسے جسارت کر سکتے ہیں کہ جب یہ کوئی جرم کریں اور مجرم گردانے جائیں تو یہ کہیں کہ ہم عدالتوں میں بھی حاضر نہیں ہوتے ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ ان کے سامنے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مثال موجود ہے جن کا دامن پکڑ کر ایک شخص نے جھنجھوڑا کہ اس سے عدل کے معاملے میں زیادتی کی گئی تھی ۔ اور پھر سب سے بڑھ کر جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال ہمارے سامنے ہے جب ان کے سامنے ایک مجرم عورت کی سفارش کی گئی تو آپ نے فرمایا کہ خدا کی قسم اگر رسول کی بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی کوئی جرم کرے تو اسے بھی ہرگز معاف نہ کیا جائیگا ۔

صاحب صدر—میں آپ کی خدمت میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ملک میں جوانڈسٹریل کلاس بن رہی ہے اس کے ارادے یہ ہیں کہ کسی نہ کسی طرح صنعتی کاروبار کی وجہ سے اس ملک کی سیاسی قوت پر بھی قبضہ جمایا جائے۔ اسی لئے وہ اس قسم کے حیلے بہانے اور حربے بروئے کار لا رہی ہے جن سے انہیں قانون کی مکمل پناہ حاصل ہو جائے۔ میں اس سلسلے میں ایک سو ایک نہیں بلکہ ایک کروڑ ایک مثالیں حضور سرور کائنات کے اسوۂ حسنہ اور دیگر اکابرین اسلام کے سوانح مبارک سے پیش کر سکتا ہوں جن سے اس امر کی تردید ظاہر ہے۔ حضرت عالمگیر علیہ الرحمتہ ع ترکش مارا خدنگ آخرین

جب اس ملک سے راہی ملک عدم ہوئے تو اس وقت ملک بھر میں اسلامی قانون کا دور دورہ تھا اور کسی شخص کی خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا یہ مجال نہ تھی کہ وہ اس قسم کے مسودہ قانون کا خیال بھی دماغ میں لاتا۔ میں تو یہانتک کہونگا کہ ایسے لوگ جو اس قسم کے مسودات قانون اس معزز ایوان میں لانے کی کوشش کریں انہیں پھانسی پر لٹکا دینا چاہئیے۔

صاحب صدر: حضور اس ملک کے ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جس کے برگزیدہ افراد نے اس ملک میں ہمیشہ اسلام کی خدمت سر انجام دینے کیلئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ وہ لوگوں کو ہمیشہ اسلام کے سنہری اور بلند اصولوں کا سبق دیتے رہے۔ آپ کو چاہئیے کہ آپ ان لوگوں کو جو اس قسم کے بل اس معزز ایوان میں پیش کرنے کی جسارت کرتے ہیں ان کو اس سے باز رکھیں۔ یہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی جو قائد اعظم کا نام لیتی ہے۔ اور جو اسلام کا مقدس نام لیتی ہے وہ کیسے برداشت کر رہی ہے کہ اس کا ایک رکن اس قسم کا ایک بل اس معزز ایوان میں پیش کرکے اس کا منہ کالا کریے۔

Mr. Speaker: Please withdraw this expression.

Mian Muhammad Shafi: I withdrew it.

حضور والا۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس بل کا مقصد پرانے ایکٹ کی دفعہ ۶۹ میں اس امر کی ایزادی کرانا ہے کہ:—

(i) "69-A. A Court taking cognizance of an offience punishable under the Act shall, unless for reason to be recorded in writing the Court thinks it otherwise or when the offence is punishable with imprisonment, state upon the summons to be served on the accused person that he—

دوسری بات یہ ہے۔

(*ii*) Where the offence is dealt with in accordance with sub-section (1) the accused person shall, if he pleads guilty to the charge, forward such papers and documents to the Court with the letter containing the plea as may be directed in the summon, in order that the conviction may be endorsed on it.

اور تیسری بات یہ ہے ۔

(*iii*) Where an accused person pleads guilty and remits the sum specified and has complied with the provision of subsection (2), no further proceedings in respect of the offence shall be taken against him.

اور پھر اس قانون کے اغراض و مقاصد کی ایک جھلک ملاحظہ فرمائیے :—

There is no provision under this Act for the exemption of personal attendance of the accused in Court for offences under the Act. The result has been that (Managers) and owners are put to great inconveniences and. . . .

یعنی ان کو عدالتوں میں پیش ہونے سے تکلیف ہوتی ہے ۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ جس چیز کو حکومت خود تسلیم کرتی ہے اسے یہ حضرات تسلیم کرنے سے رو گردانی کرتے ہیں ۔ اور پھر جناب ہمارے ان نئے ارب پتیوں کی حالت ملاحظہ ہو۔

It has now been provided in the amended Bill that enforcing the personal attendance of the accused for such offences should be an exception and not the rule and wherever the attendance of the accused is considered necessary the Magistrate should record his reason for holding that view.

جناب والا ۔ اس کی رو سے آپ نے میجسٹریٹ کو جو آپ کی عدالت کا رکھوالا ہے پابند کر دیا ہے کہ وہ لکھے کہ ''میں آنجناب کو جو فخر پنجاب ہیں اور ملزم در مقدمہ فلاں فلاں ہیں التماس کرتا ہوں . . . . .''

صاحب صدر ! میں مانتا ہوں کہ حضور اس ملک کے ایک عظیم الشان ایڈووکیٹ ہیں اور حضور نے صرف ہائی کورٹ ہی نہیں بلکہ فیڈرل کورٹ اور دنیا کے بڑے بڑے ہائی کورٹوں میں نہایت کامیابی سے مقدمات کی پیروی کی ہے ۔ آپ ہی غور فرمائیے کہ آیا یہ چیز قرین عدل ہے ؟

جناب والا : میرے بالمقابل تشریف فرما دوست ایڈووکیٹ ہیں۔ وہ میری اس بات پر ہنس رہے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ ایک اسلامی جمہوریت میں ایسی باتیں کرتے ہوئے انہیں خون کے آنسو رونا چاہیئے ۔ اور اپنے آپ کو اپنے اس زوال اور انحطاط کے باعث ملامت کرنا چاہیئے ۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ اس قسم کے حضرات بھی آپ کی پارٹی کے سر گرم رکن ہیں ۔

جناب والا : میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آخر اس قسم کے بل اس ایوان میں لانے کی وجوہات کیا ہیں ۔ ہوتا یہ ہے کہ اس بل کے محرک میرے معزز دوست اور میری صبح کی سیر کے ساتھی جب اس قسم کی کوئی ترمیم لانا چاہتے ہیں تو صبح اٹھ کر کہہ دیتے ہیں کہ رات میں نے ایک بڑا ڈراؤنا خواب دیکھا ۔ جس میں میرا یہ مقدس جسم ایک عدالت میں پیش ہو رہا ہے ۔ چنانچہ اس کا علاج اس قسم کے بل کی صورت میں اس ایوان میں پیش کیا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ۱۹۷ ارکان پر مشتمل ایوان کی جو پنجاب کے دو کروڑ باشندگان کا نمائندہ ہے اور جس کا ہر ایک رکن اسلامی ناموس کے نام پر منتخب ہو کر آیا ہے ۔ انتہائی بد قسمتی ہے کہ اس کے ارکان میں سے بعض اس قسم کے بل پیش کرنے اور پھر ان کی حمایت کرنے کی جسارت کرتے ہیں ۔

صوبیدار راجہ امیر علی خاں : On a point of order, Sir جناب والا ۔ میں آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ جناب کی کوششوں سے میاں محمد شفیع صاحب نے اب اردو میں تقریر کرنا شروع کر دی ہے ۔

صاحب سپیکر : یہ کوئی Point of Order نہیں ۔

میاں محمد شفیع : جناب والا : اس کے علاوہ میری گذارش وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں یہ ہے کہ آپ براہ کرم عدالتوں کا منہ نہ چڑائیں اور اپنے مسلمہ قوانین اور قواعد و ضوابط کو رسوا نہ کریں ۔ قائد ایوان کی خدمت میں میری یہ مود بانہ التماس ہے کہ آپ کے دور حکومت میں ایسی باتیں نہ ہونی چاہئیں ۔ آخر ہماری آنے والی نسلیں اس سے ہمارے متعلق کیا اندازہ کرینگی کہ اس صوبے میں اس قسم کے بزرگ بھی تھے جو اس قسم کے مسودات قانون لایا کرتے تھے اور آپ جیسے بزرگ انہیں گوارا کیا کرتے تھے ۔

وزیر اعلیٰ (آنریبل ملک محمد فیروز خاں نون) : حضور والا ۔ پیشتر اس کے کہ اس بل کے متعلق گرما گرم بحث شروع ہو جائے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس ایوان کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ اس بل کے پیش کرنے سے ہمارا اصل مقصد اور مدعا کیا ہے ۔

فیکٹری ایکٹ کے ماتحت دو قسم کی سزائیں دی جاتی ہیں ایک تو جرمانہ ہے جو ۵۰۰ روپیہ تک یا بعض اوقات ۱,۰۰۰ روپیہ تک بھی ہوتا ہے اور دوسرے اگر کوئی کارخانہ دار رولز اور قواعد کی پابندی نہیں کرتا تو اسے قید کی سزا بھی دی جاتی ہے ۔

اس بل کے ماتحت اگر کسی کو جرمانہ کی سزا ہوتی ہے تو اس کے لئے صرف ملازمین کو عدالتوں میں پیش ہونا پڑے گا۔ یہ ایسا قانون ہے کہ اس میں عدالت کی مرضی ہے کہ وہ کسی کو بلائے یا نہ بلائے۔ چنانچہ اس میں یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ جہاں کسی جرم کے لئے جرمانہ کی سزا ہونی چاہیئے۔اس میں عدالت اسے جرمانہ سنا دے اور مجرم جرمانہ کی رقم جمع کرا دے۔ لیکن ایسے cases میں جہاں عدالت یہ سمجھے کہ مجرم کو بلانا ضروری ہے تو وہ اسے طلب کر سکتی ہے۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بل میں کوئی برائی نہیں بلکہ اس میں فائدہ ہے کیونکہ اس وقت چھوٹے چھوٹے بے شمار cases عدالتوں میں پڑے ہیں جن کے متعلق ابھی تک فیصلہ نہیں ہو سکا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نہ تو اتنے مجسٹریٹ ہیں جو جلدی فیصلہ کر سکیں اور نہ ہی اتنی پولیس ہے جو سمنوں کی تعمیل کرا سکے۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ تعمیل کے لئے جب سمن جاتا ہے تو اس کے پیچھے یہ لکھ دیا جاتا ہے کہ مجرم نہیں ملا۔ اس سے ایک تو case لمبا ہو جاتا ہے دوسرے کوئی جرمانہ نہیں ہو سکتا۔ اس میں ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جن کو چھوٹے چھوٹے جرمانے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ افسران کو اختیار دیا جائے کہ وہ جرمانہ کر دیں اور مجرم جرمانہ کی رقم خزانہ میں داخل کرا دے اور جب عدالت ضروری سمجھے گی تو وہ قیاس کر لیگی اور واقعات کے مطابق سزا دے گی۔

کسی کارخانہ دار کے لئے اقبال جرم کر لینا بہت بڑی بات ہے۔ پھر یہ مشکل ہے کہ لوگ جرمانہ ادا نہیں کرتے بلکہ مقدمہ چلاتے ہیں۔ اس لئے میرے خیال میں یہ قانون برا نہیں بلکہ اچھا ہے۔ میں حیران ہوں کہ مسٹر شفیع صاحب نے اس بل کی مخالفت کیوں کی ہے! جہاں تک مجھے معلوم ہے وہ "BECO" میں ملازم ہیں۔

Mian Muhammad Saffaf: Yes, I am working there and I am proud of it.

وزیر اعلیٰ: غالباً وہ "BECO" میں Labour Welfare Officer ہیں۔

Mian Muhammad Shafi: I am working there as Public Relations Officer. I have nothing to do with labour.

وزیر اعلیٰ: جب میں وہاں گیا تو لطیف صاحب نے مجھے بتایا تھا۔ . . . . . .

Mian Muhammad Shafi: I am not ashamed of it.

وزیر اعلیٰ: تو چشم ما روشن دل ما شاد۔

دیکھئے مسٹر شفیع صاحب غصہ میں آ گئے ہیں میں تو ان کی تعریف کر رہا تھا۔ میں نے سنا ہے کہ ان کے دل میں مزدوروں کے لئے بہت درد ہے۔(ہیئر۔ ہیئر) اخلاق طور پر انہیں میری بات ذرا صبر سے سن لینی چاہیئے۔

میں یہ کہہ رہا تھا کہ یہ بل حقیقت میں اچھا ہے اس سے مقدمات کے فیصلے جلدی ہو جائیں گے۔ جرمانے زیادہ ہونگے اور اس طرح کسی کو نقصان نہیں ہوگا۔

مسٹر محمد امین: حضور والا۔ کیا میں کچھ عرض کر سکتا ہوں۔

صاحب سپیکر: آپ آخر میں جواب دیجیئے۔

Mr. C. E Gibbon: (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III). My Honourable friend, Mian Muhammed Shafi, has said quite enough on this piece of legislation which Mr. Muhammad Amin has put before the House. The very idea whether this Bill is discriminatory or not can be borne out by the facts stated in the Statement of Objects and Reasons. The Statement of Objects and Reasons reads thus:—

> "There is no provis ion under this Act for the exemption of personal attendance of the accused in Court for offences under the Act. The result has been that (Managers) and owners are put to great inconveniences and expenses in attending the Court for petty offences under the Act. It has now been provided in the amended Bill that enforcing the personal attendance of the accused for such offences should be an exception and not the rule and wherever the attendance of the accused is considered necessary the Magistrate should record his reason for holding that view".

That amending clause alone coming from a person like Mr. Muhammad Amin, who is a capitalist, quite clearly shows his trend of mind so far as the working class is concerned, and if there is opposition to the introduction of this Bill, it, is because a particular class of people who find it too inconvenient to go to a court of law, where it is supposed that justice would be meted out, have been exempted from personal appearance. Whether an offence is trivial or whether an offence is serious, the fact remains that it is an offence and the right place to try an offence is a court of law by a magistrate who is duly charged with the responsibility of doing justice without any discrimination. If I come forward and say, 'please exempt me from going personally to the court as I had no lamp on my cycle last night', then you will say 'certainly not; I will take you to the police station'. Not being satisfied with this, you will see that the man presents himself in the court the next day and gets the maximum punishment. Is that not a trivial offence? A man walks on the right side of the road and there is a law to say that you shall keep to the left. By going on the right side you have committed an offence and you are summoned to the court and have to show cause why you were on the wrong side of the road. Is it not a trivial offence? Every class of person, whether he is rich or whether he is poor, whether he is a capitalist or whether he is a worker, every one has to respect the law. Before the law all are equal. Either we should have a law which is equal for all or let us have no law at all.

In the Statement of Objects and Reasons, it is stated:

"The result has been that (Manager) and owners are put to great inconveniences and expense in attending the Court for petty offences under the Act."

The result of what: the result of calling a business magnate to a court of law. He looks on a magistrate with a certain amount of contempt. He will say: 'Why should I, the owner of all the mills in the Punjab, present myself before a second class magistrate because I only failed to get my fire extinguisher in order.' So it is quite obvious that this Bill has the support of our entire, capitalist class of landlords and big industrialists (*Shame, Shame*). If the Government was so anxious to protect the big mill-owners why did they not have the guts to bring this Bill themselves. Why have they asked a capitalist to put forward this Bill? I may inform them that we will also bring in a similar Bill soon to protect the poor classes so that labourers and workers are not required to present themselves in the courts for trivial offences we will then see if the Government will support it.

Chief Minister: Yes, in similar offences.

Mr. C. E. Gibbon: I hope the Hon'ble Chief Minister is perfectly honest about it. We are introducing a Bill of the same type in the next Session. We will claim it as a right to provide similar facilities for the poor worker.

Sir, I oppose the introduction of this Bill because it will promote class hatred. The Muslim League Government, which is dominated by feudal lords, have already sown this seed so deep that we will see the fruit maturing very shortly. There is a saying, Sir, that he who laughs, last laughs the best. The law should be equally binding on all the citizens. There should be no discrimination between one class of people and another. Let the law equally prevail or let there be no law.

Chief Minister: If the hon'ble member brings a similar bill seeking to provide similar exemption for the labourers, who are accused of offences not punishable with imprisonment, we would certainly support it.

مسٹر محمد امین (کارپوریشن شہر نمبر لاہور ۔ ۲ مسلم ۔ مخصوص نشست) : جناب والا ۔ مجھے تعجب اور افسوس ہوا کہ ایک innocent سے بل پر اس قدر شور و غوغا مچایا جا رہا ہے ۔ (قہقہہ) سب سے پہلے میں اپنے دوست میاں محمد شفیع اور مسٹر گبن کو یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ انہوں نے مجھ پر جو personal attacks کئے ہیں میں ان کا جواب نہیں دینا چاہتا حالانکہ اگر میں چاہوں تو میں بھی بہت کچھ کہہ سکتا ہوں ۔ میری گذارش یہ ہے کہ یہ ایکٹ انگریز کے وقت کا بنایا ہوا ہے اور اس وقت کے حالات مختلف تھے ۔ اس وقت ہم محکوم تھے ۔ ہماری کوئی قدر و قیمت نہ تھی ۔ وہ جس طرح کا قانون چاہتے تھے بنا لیتے تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے اعتراضات صحیح نہیں ہیں ۔ آخر یہ بل کسی قاتل کیلئے نہیں ۔ کسی جرم کیلئے نہیں بلکہ بالکل معمولی سے جرم کے لئے ہے ۔ کاٹن کنٹرول ایکٹ اور قانون کارخانہ جات کے تحت معمولی سے جرم میں ہزاروں آدمیوں کا چالان ہوتا ہے ۔ وہ کچہریوں میں در بدر بھٹکتے پھرتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بغیر کسی کام کے اور بغیر کسی مقدمے کے لوگوں کے کئی کئی دن ضائع ہو جاتے ہیں ۔ کسی کو دو روپے جرمانہ ہوتا ہے ۔ کسی کو دس روپے جرمانہ ہوتا ہے ۔ میں صرف

یہ چاہتا ہوں کہ لوگوں کا جو قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے وہ ضائع نہ ہو۔ میاں محمد شفیع صاحب نے کہا ہے کہ یہ لوگ capitalists اور کارخانہ دار ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر وہ آپکو برے لگتے ہیں تو آپ شوق سے انکے گھر بار کو آگ لگا دیں۔ ان کو پھانسی دیدیں۔

مگر میرا مطلب سمجھنے کی کوشش کیجیئے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کے جو لاکھوں دن بیکار اور ضائع جاتے ہیں اگر ان دنوں میں وہ اپنے کام کریں تو ملک کی دولت میں کس قدر اضافہ ہو۔

لیکن ہوتا یہ ہے کہ معمولی سے معمولی جرم میں جسکی کوئی حقیقت نہیں وہ اپنے وقت ضائع کر دیتے ہیں۔ کئی ایسے قانون ہوتے ہیں جن کی انہیں خبر بھی نہیں ہوتی۔ روز نئے نئے قانون بنتے ہیں۔

جناب والا۔ چالان ہو جانے پر کارخانوں کے مالکوں اور منیجروں کو کچہری میں بار بار جانا پڑتا ہے۔ حتیٰ کہ وہ بار بار جا جا کر تھک جاتے ہیں سارا سارا دن ضائع ہو جاتا ہے اور آخیر پر عدالت سے ان کو پتہ لگتا ہے کہ ان کی فائل ابھی تک نہیں آئی متعلقہ کاغذات نہیں ملتے۔ بہر حال ان کا وقت مفت میں ضائع ہو جاتا ہے۔ اس طرح ہوتے ہوتے لاکھوں دن غیر ضروری طور پر ضائع ہو جاتے ہیں۔ ان ضائع ہو جانے والے دنوں کو بچانے کے لئے میں نے یہ بل پیش کیا ہے۔ میرا مطلب یہ تھا کہ ہمارے جو لاکھوں دن بے کار اور ضائع ہوتے ہیں۔ ان کی قدر و قیمت کریں اور ملک کی دولت بڑھائیں اور ملکی صنعتوں کو ترقی دیں۔ (قطع کلامیاں) یعنی جو بیکار وقت ضائع ہو جاتا ہے محض اس کو بچانے کے لئے اور جو لاکھوں دن ہم لوگوں کے بغیر کسی وجہ کے ضائع ہو جاتے ہیں ان کو کار آمد بنانے کے لئے میں نے یہ چیز پیش کی تھی۔ کارخانہ دار اور سرمایہ دار لوگ جو آپ کو بڑے لگتے ہیں وہ عدالتوں میں نہیں جاتے بلکہ کارخانہ داروں نے اپنے Manager رکھے ہوئے ہوتے ہیں جو عدالتوں میں جاتے ہیں اور وہ منیجر بھی بیکار وقت ضائع کرتے ہیں۔ اگر وہ عدالتوں میں وقت ضائع نہ کریں تو وہ آپکے ملک کا کام کریں گے اور آپ کے ملک کی ترقی میں مفید ثابت ہوں گے۔ اسلئے میں عرض کر رہا تھا کہ میں نے محض کسی کار خانہ دار کے نقطہ نگاہ سے نہیں کسی ذاتی نقطہ نگاہ سے نہیں بلکہ محض اپنے ملک کی بہتری کے لئے یہ بل پیش کیا ہے۔ اور جو وقت فضول ضائع ہوتا ہے اسکو بچانے کیلئے میں نے یہ بل پیش کیا ہے۔ اگر کوئی جرم ایسا ہو جسکی سزا قید ہو سکتی ہے تو مجسٹریٹ کو اختیار حاصل ہے کہ اگر وہ چاہیں تو وہ کارخانہ دار کو عدالت میں

بلوا سکتے ہیں۔ میرے خیال میں مسٹر شفیع میری تائید کریں گے کہ بعض اس وقت ہمیں اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہئیے۔ (قطع کلامیاں) بلیک کریں یا وایٹ کریں۔ بلیک کرنے سے ان کا منہ کالا ہو جاتا ہے اور ان کے منہ کالے ہونے چاہئیں۔

اب جناب والا۔میں پرسنل طور پر مسٹر شفیع کے استفادہ کے لئے بیکو انجینرنگ کمپنی کا ذکر کرنا چاہتا ہوں (مسٹر شفیع ضرور کیجئے) خیر اسکو چھوڑیئے مسٹر محمد شفیع خود بھی تو سرمایہ داروں کے آلہ کار ہیں (قہقہہ) اصل میں سیاسی سرمایہ دار کارخانوں کے سرمایہ داروں سے مختلف نہیں ہوتے (خوب۔ خوب) مجھے معلوم ہے کہ وہ Saighal Publication کے نام پر ۵۰ لاکھ کے سرمایہ سے عنقریب سیاسی ساہوکارہ جاری کرنے والے ہیں جس میں مسٹر شفیع لیگل ایڈوائزر ہوں گے مسٹر شفیع ایک بہت بڑے پریس کے الاٹی بھی ہیں۔ مجھے تعجب ہوتا ہے کہ ایسے لوگ کس طرح اس قسم کی باتیں کرنے کی جرات کرتے ہیں۔ بہر حال میرا مطلب یہ ہے کہ انہیں اس معصوم سے بل کی مخالفت نہیں کرنی چاہئیے میں تو اسکے ذریعے محض ان لاکھوں دنوں کو بچانا چاہتا ہوں جو ضائع ہو جاتے ہیں۔

صاحب سپیکر—یہ تو آپ کئی دفعہ کہہ چکے ہیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That leave be granted to introduce the Factories Act (Punjab Amendment) Bill.

The motion was carried

Mr. Muhammad Amin : Sir, I introduce the Factories Act (Punjab Amendment) Bill.

The Assembly then adjourned for Aser Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers.
Mr. Speaker in the Chair.

RESOLUTION

AVAILABILITY OF FOODGRAINS AT CHEAP RATES AND THE PREVENTION OF FOOD CRISIS.

رانا غلام صابر خاں (منٹگمری نمبر ۶ مسلم۔مخصوص نشست)—حضوروالا۔ میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ—

"یہ ایوان حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ—

(اول)—عوام کو سستے داموں پر اناج مہیا کرنے کے لئے اور—

(دوم)—صوبہ میں آئندہ بحران خوراک کے اعادہ کے تدارک کیلئے فوری اقدام کرے۔"

حضور والا—میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس وقت اناج کی حالت بری نہیں ہے مگر آنے والے حالات کا مقابلہ کرنے کیلئے ہمارے پیش نظر یہ چیز ہونی چاہئیے کہ ٹیوب ویلز سکیم اور ویلز سکیم کو فوری طور پر عملی جامہ پہنایا جائے۔ یہ کہنے سے میری مراد یہ ہے کہ جن کسانوں اور مزارعوں کو بیدخلی کے نوٹس دیئے گئے ہیں ان کو ٹیوب ویلز سکیم اور ویلز سکیم کے تحت فوری طور پر بنجر زمینیں دے دی جائیں اور ان کو پانی مہیا کیا جائے جس سے وہ اس کو زیر کاشت لا سکیں۔ اگر ہمارے حالات ویسے ہی رہے جیسے پچھلے دو سالوں میں رہے جبکہ ہم نے گندم کیلئے غیر ممالک کے سامنے ہاتھ پھیلایا۔

چودھری محمد افضل چیمہ— On a point of order Sir, پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ یہ قرار داد جو آنریبل ممبر نے اس ایوان کے سامنے پیش کی ہے اور اسکے علاوہ باقی تمام قراردادیں جو آج کی فہرست میں شامل ہیں یہ ساری کی ساری من و عن میری ہیں اور میرے الفاظ میں ہیں۔ میں حیران ہوں کہ ان حضرات نے آخر یہ کہاں سے چوری کی ہیں اور سرقہ کس طرح کیا ہے۔ پہلے تو مجھے شبہ ہوا کہ شاید—

صاحب سپیکر—آپ تقریر نہیں کر سکتے۔ آپ یہ بتائیں کہ آپکا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ یہ قراردادیں میری ہیں۔ جب تک یہ لوگ مجھ سے معافی نہ مانگ لیں ان کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ اس ایوان کے سامنے یہ قراردادیں پیش کر سکیں۔

صاحب سپیکر—میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہو کہ یہ قراردادیں آپکی ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—آپ سیکرٹری صاحب سے دریافت کر لیں۔

ملک قادر بخش—ممکن ہے آپنے ہی سرقہ کیا ہو۔ (قہقہہ)

چودھری محمد افضل چیمہ—جن آنریبل ممبر نے اعتراض اٹھایا ہے وہی اس کے جج ہو جائیں اور تحقیقات کرنے کے بعد اپنا فیصلہ صادر فرمائیں۔

صاحب سپیکر—میرے سامنے جو کاغذات ہیں ان سے آپکے بیان کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میں بھرے ایوان میں یہ چیز آپکے نوٹس میں لا رہا ہوں کہ یہ تمام قراردادیں من و عن اور لفظ بلفظ سرقہ کی گئی ہیں اور یہ سب کا سب توارد نہیں ہو سکتا۔ سب قراردادیں میری ہیں۔ آپ سیکرٹری صاحب سے دریافت کر لیں۔ ان قراردادوں کے نمبر اس طرح تھے۔ پہلی کا سات۔ دوسری کا ۲۰ - تیسری کا ۹ چوتھی کا ۳۲ - پانچویں کا ۱۲ - چھٹی کا ۲ - ساتویں کا ۴ - آٹھویں کا ۶ -

صاحب سپیکر—آپ اس موضوع پر تقریر کر لیں -

چودھری محمد افضل چیمہ—تقریر کرنے کا تو سوال ہی نہیں۔

صاحب سپیکر—تقریر کا ہی تو سوال ہے -

چودھری محمد افضل چیمہ—بڑے افسوس کی بات ہے کہ آپ ایک سیدھی سی بات کو الجھا رہے ہیں اور اسکے الٹے معنی نکال رہے ہیں -

صاحب سپیکر—میں سیکرٹری صاحب سے دریافت کرتا ہوں۔

Mian Muhammad Shafi: On a point of order, Sir. The Honourable Speaker is the custodian and the last appeal for the members of this House for the purpose of protecting their rights with regard to the secretariat of the Assembly. If a member's communications to the secretariat of the Assembly are not safe, is it not for you to order an impartial inquiry into the whole affair? It is a very grave issue and it means that in future our members are not safe.

Mr. Speaker: I am going to ask the Secretary.

Mian Muhammad Shafi: We want an impartial inquiry by a judge of the High Court.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, you can just now send for my file.

Mr. Speaker: I will make inquiries from the Secretary. Meanwhile Rana Ghulam Sabir Khan may go on with his speech.

رانا غلام صابر خاں—حضور والا—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پچھلے دو سالوں میں ہمارے حالات ایسے رہے کہ ہم نے غیر ممالک کے سامنے —

چودھری محمد افضل چیمہ—اگر یہ نعاق مانگ لیں تو کیا حرج ہے ؟

رانا غلام صابر خاں—جناب والا—میں عرض کر رہا تھا کہ پچھلے دو سالوں سے ہمارے حالات ایسے رہے کہ ہمیں اناج حاصل کرنے کیلئے

امریکہ کے سامنے ہاتھ پھیلانے پڑے۔ اگر ہم زیادہ سے زیادہ گندم اپنے ملک میں کاشت کرنے کا منصوبہ بناتے اور اس پر عمل کر لیتے تو ہم امریکہ سے گندم مانگنے کی شرم سے بچ جاتے۔

اب حضور والا—آنے والے دنوں میں گہری سوچ بچار کر کے زیادہ سے زیادہ گندم کاشت کرنے کی کوشش کرنی چاہئے تاکہ آنے والے دنوں میں پھر وہی شرمندگی نہ اٹھانی پڑے۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم ارادے اور عزم صمیمہ سے سوچی سمجھی سکیم کے مطابق بنیادی منصوبہ تیار کریں جس کے ماتحت ہم اپنی اراضیات کی ایک ایک انچ جگہ کو زیر کاشت لے آئیں اور اپنے تمام کسانوں۔ مزارعوں۔ ٹیوب ویلز لگانے والوں اور کنوئیں کھدانے والے زمینداروں کو زیادہ سے زیادہ مراعات دیں تاکہ وہ ساری اراضیات کو زیر کاشت لا سکیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرارداد کو ایوان کی منظوری کے لئے پیش کرتا ہوں۔

میاں محمد شفیع—(منٹگمری نمبر ۷ مسلم حلقہ مخصوص نشست) حضور والا—اس قرار داد میں فاضل محرک نے حکومت کی خدمت میں پنجاب اسمبلی کی طرف سے یہ سفارش پیش کرنے کی کوشش کی ہے کہ فوری اقدامات عمل میں لا کر عوام کو سستے داموں گندم مہیا کی جائے اور مزید ایسے اقدامات بھی کئے جائیں تاکہ آئندہ ایسی صورت حالات کا اعادہ نہ ہو سکے۔ میں کہ پنجاب کو خوفناک غذائی قحط کا پھر سامنا کرنا پڑے۔

جناب والا—اس سے اشیا کی قیمت کا اقتصادی مسئلہ فوراً ذہن میں آتا ہے کسی چیز کی مہنگائی کا دارومدار مشہور معاشی مسئلہ طلب و رسد پر ہوتا ہے۔ ایک طرف تو جس چیز کی افراط ہو گی جو چیز جتنی زیادہ پیدا ہو گی اتنی ہی وہ سستی ہو گی دوسری طرف جس قدر مطالبہ کسی چیز کا زیادہ ہو گا جتنی اسکی طلب اور مانگ بڑھے گی اتنی وہ مہنگی ہو گی یہ ڈیمانڈ اور سپلائی کا مسلمہ اصول ہے۔ جس چیز کی پیدا وار بڑھے گی جس کی تعداد میں اضافہ ہو گا وہ سستی ہوگی اور جسکی پیداوار یا تعداد کم ہوگی وہ مہنگی ہو جائے گی۔

اب حضور والا آپ غور فرمائیں کہ ہمارے ملک میں ۸۰ فیصدی آبادی کا گذارہ زراعت پر ہے۔ مگر اس بد قسمت ۸۰ فیصدی آبادی کی باگ ڈور محض ان ۲۰ فیصدی لوگوں کے ہاتھوں میں ہے جو بڑے بڑے زمیندار اور جاگیردار ہیں۔ قدرتاً ان ۲۰ فیصدی لوگوں کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ ان کی پیدوار کی زیادہ سے زیادہ قیمت بڑھے اور ایسے حالات پیدا کئے

جائیں کہ ان کی زرعی پیداوار تو کم ہو مگر مہنگی زیادہ ہو۔ تاکہ وہ منہہ مانگی قیمت وصول کر سکیں ۔ جتنی پیداوار کم ہوتی چلے جائے گی اتنی وہ مہنگی ہوتی چلے جائے گی۔ یہ مٹھی بھر زمیندار کبھی نہیں چاہتے کہ ہمارا صوبہ غذائی طور پر خود کفیل ہو جائے کیونکہ اس صورت میں ان کو اپنا غلہ سستے داموں دینا پڑے گا۔ میں دو دو مربعوں یا پانچ مربعوں والوں کو بڑے بڑے زمینداروں میں شامل نہیں کرتا ۔ میری مراد ان بڑے زمینداروں سے ہے جو تین لاکھ یا پانچ لاکھ ایکڑ کے مالک ہیں اور سینکڑوں مربعوں کی ملکیت رکھتے ہیں۔ بڑے بڑے جاگیردار جنہوں نے غیر ملکی حکومت کی خوشامد کے عوض یہ مربعے اور جاگیریں حاصل کیں ۔ یہ لوگ اپنی سوچی سمجھی ہوئی سکیم کے ماتحت ملک کو ایسے حالات سے دو چار کرتے ہیں اور ایسے حالات سے دو چار رکھنا چاہتے ہیں کہ خود ان کو ان کی پیداوار کی زیادہ سے زیادہ قیمتیں وصول ہو سکیں۔

حضور والا—بڑے زمیندار ہمیشہ یہ کوشش کرتے ہیں اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ بڑے بڑے زمیندار—میری مراد پانچ دس مربعے والوں سے نہیں بلکہ سینکڑوں مربعوں والے— اور جاگیردار طبقہ اپنی جلب منفعت کیلئے اور گرانقدر رقوم کی وصولی کے لئے ہمیشہ ایسے حالات پیدا کرتے رہتے ہیں اور حکومت سے ایسے جوڑ توڑ کرتے رہتے ہیں اگر آپ گذشتہ تاریخ کو نگاہ میں رکھیں تو سر فضل حسین ۔ سر سکندر حیات خان ۔ ملک نواب سر خضر حیات خان ٹوانہ ۔ نواب ممدوٹ اور ملک فیروز خان نون اور اس قبیل کے دوسرے لوگ ہمیشہ یہ کوشش کرتے رہے ہیں کہ ان کو ان کی زرعی پیداوار کی زیادہ سے زیادہ قیمتیں وصول ہوں یہ لوگ منصوبہ بندی سے عوام غریبوں کو قحط کا شکار بناتے ہیں ۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ نہروں کا پانی رک جانے سے ان کے گھروں میں ماتم کی صفیں نہیں بچھیں ؟

حضور والا—اگر کسی اور ملک میں ایسے واقعات رونما ہوتے جو ہمارے ملک میں نہروں کے پانی کی کمی کی صورت میں ہوتے ہیں تو اس خطرہ کا احساس شدید تر صورتیں اختیار کرتا ۔ گھر گھر میں صف ماتم بچھ جاتی ۔ زمینداروں کے چراغ گل ہو جاتے اور زمیندار آسمان کو سر پر اٹھا لیتے ۔ مگر ہمارے زمیندار تو مہنگائی کے خواب دیکھ رہے ہیں ۔ وہ مست سو رہے ہیں ۔ وہ زیادہ دام وصول کرنے کی امید میں خوش ہیں ۔ مگر حضور والا مجھے یہ دیکھ کر دکھ ہو رہا ہے ۔ انہیں معلوم ہے کہ اگر پیداوار کم

ہوگی معاشرتی مسئلے کے ماتحت قیمتیں بڑھینگی مگر یہ ملک و قوم کے مجموعی فائدے کو نہیں دیکھتے کہ حالات بد سے بد تر ہوتے چلے جائیں گے۔ مگر میجر مبارک علی شاہ .... (قطع کلامیاں)

حضور والا—میں اپیل کرونگا کہ ملک کو غذائی ضروریات کے لئے خود کفیل بنانے کا منصوبہ فوراً بنایا جائے۔ ملک کی زرعی پیداوار کو بڑھایا جائے ۔ ہماری ساری اراضیات زیر کاشت لانے کے لئے منصوبہ بندی کی جائے۔ جب تک آپ مزارعوں کو اور کسانوں کو یہ یقین نہیں دلائیں گے۔ کہ ان کے کام اور محنت کا معاوضہ زمیندار ۔ تحصیلدار او جاگیردار نہیں کھا جائے گا اس وقت تک حالات بہتر نہیں ہو سکتے۔

حضور والا اس ملک کے کسانوں کو دولتانہ وزارت نے جو چھوٹی موٹی ریفارمز دی تھیں اور جن کو انہوں نے سنہری قوانین کا نام دیا تھا ان کو کالعدم کرنے کیلئے آنریبل ملک فیروز خاں نون اور ان کے وفادار ساتھی آنریبل مظفر علی خاں قزلباش یہ کوشش کر رہے ہیں کہ کسی طرح ان میں رخنہ ڈال دیا جائے۔ حضور والا میں نہایت ادب درد مندی اور خلوص سے کہتا ہوں اور خدا گواہ ہے کہ میرا مقصد کسی پر طعنہ زنی کرنا نہیں ہے اور نہ میں آپوزیشن کے مقصد سے یہ باتیں کہہ رہا ہوں بلکہ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ جب اس قسم کے اقدام کرتے ہیں تو آپ لاکھوں لوگوں کے دل کا چین چھین لیتے ہیں اور ان کے دل کی دھڑکنیں تیز تر کر دیتے ہیں اور وہ یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ آپ ان سے ان کا ذریعہ معاش چھین لینا چاہتے ہیں۔ میں آپ سے کہتا ہوں کہ آپ ایک چھوٹی سی اقلیت جو اس صوبہ کی آبادی کا دو یا تین فیصدی ہے اس کی دھما چوکڑی کو قائم رکھنا چاہتے ہیں۔ بہر حال میں کہہ رہا تھا کہ وہ کونسے طریقے ہیں جن سے آپ پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ آخر پیداوار میں اضافہ ہو تو کیسے ہو۔ اس ضمن میں سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اگر پیداوار کرنے والے کو جو اپنا خون پسینہ ایک کرکے اپنی بیوی اور بچوں کے ساتھ ملکر محنت کر کے پیداوار کرتا ہے کو پیداوار کا مناسب حصہ نہیں ملتا تو اسے کیا پڑی ہے کہ وہ پیدوار میں اضافہ کرے۔ اگر پیداوار میں اس کا حصہ بڑھا دیا جائے تو وہ اسی نسبت سے زیادہ محنت کرے گا۔

صاحب سپیکر— قاعدہ کے مطابق میں نے ۱۰ منٹ آپ کو دے دئے ہیں ۔

میاں محمد شفیع—مجھے دو چار منٹ اور دیدیجئے۔ اس کے بعد دوسری چیز یہ ہے کہ آپ کے پاس کراون لینڈز ہیں اور تھل لینڈز ہیں۔

آپ جب بھی ان کو بیچنا چاہتے ہیں تو ان کی نیلامی کرتے ہیں اور جس کے پاس روپیہ ہو وہی اسے خرید سکتا ہے۔ آپ چھوٹے زمینداروں کو جن میں میں دس مربعے والوں کو بھی شامل کرتا ہوں موقع نہیں دیتے کہ وہ اس سے متمتع ہو سکیں۔ میں قائد ایوان آنریبل ملک فیروز خاں نون سے جو ہمیں یہ کہکر جیل میں لے گئے تھے کہ آؤ میں تمہیں اسلامی تمدن اور معاشرت لے دونگا اپیل کرتا ہوں کہ وہ آج بھی ہماری رہنمائی فرمائیں اور آج سے یہ اصول بنا دیں اور اپنے کولیگ کو بھی بتا دیں کہ صوبہ کی ایک ایک چپہ زمین جو ''کراون،، کی ملکیت ہے بلکہ جو فی الحقیقت عوام کی ملکیت ہے وہ ان لوگوں کو دی جائے گی جو اپنے ہاتھ سے ہل چلاتے ہیں اور جن کو آج خطرہ ہے کہ ان کو زمینوں سے نکال دیا جائے گا کیونکہ وہ tenants at will ہیں (قطع کلامی) میں اپنے دوست کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ کلاس وار ہو بلکہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ آپ نے مسلمانوں اور اسلام کا نام لیکر ووٹ لئے تھے اور اس قسم کے وعدے وعید کئے تھے۔ اس لئے ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ زمینیں جو آپ کے باپ دادا کی جائیداد نہیں ہیں بلکہ جو کراون کی ملکیت ہیں اور حقیقتاً اس صوبہ کے عوام کی ہیں ان کو خود غصب کرنے کی بجائے ان کو اپنے رشتہداروں میں بانٹنے کی بجائے ان لوگوں کو دیجئے جو آپ کے معاشرہ کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور جو خون پسینہ ایک کرکے سردی اور گرمی کی پرواہ نہ کرتے ہوئے آپ کے لئے سامان تعیش مہیا کرتے ہیں۔ آپ کی کوٹھیاں۔ آپ کے قالین اور آپ کی کیڈ لاکس مرٹر کاریں انہیں کے خون گرم کی مرہون منت ہیں کہ جن کو کسانوں کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ صاحب صدر میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ جب تک ایسا نہیں کیا جائیگا اس وقت تک پیداوار کی کمی دور نہیں ہوگی۔ جب آپ اصولی طور پر یہ بات تسلیم کرلیں گے اور پھر سائنٹفک طریقوں پر پیداوار بڑھائیں گے تو پھر پیداوار کی کمی دور ہو جائیگی۔

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور نہم مسلم) حضور والا میں اس قرار داد کی تائید کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں۔

صاحب سپیکر—پیشتر اس کے کہ آپ تقریر شروع کریں میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نے فائل منگوا لی ہے۔ اسی مضمون کے ایک ریزولیشن کا نوٹس آپ نے دیا ہوا ہے جس کی تجدید آپ نے ۱۹ مارچ کو کرائی تھی۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے قاعدہ یہ ہے کہ ''بیلٹ،، (Ballot) ہوتا ہے۔ اسی مضمون کے کئی ریزولیشنز ہیں۔ دوسرے

صاحبان کے نام یہ ہیں۔ مسٹر احمد مسعود سعید اور غلام صابر خان رانا۔ یہ ریزولیشن پانچ یا چھ ہیں ۔ وقت مقررہ پر ''بیلٹ'' (Ballot) کیا جاتا ہے اور جس کا نام ''بیلٹ'' (Ballot) میں نکل آئے اس کے نام کے سامنے اس کا ریزولیشن درج کر دیا جاتا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—مجھے افسوس ہے کہ واقعات کو بر، طرح مسخ کیا گیا ہے۔

صادب سپیکر—معزز ممبر کا کیا مطلب ہے؟ واقعات کو کس نے مسخ کیا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—توبہ استغفراللہ—میرا آپ کی ذات کی طرف کوئی اشارہ نہیں ہے۔

صاحب سپیکر—ان کو کیسے مسخ کیا گیا ہے؟

چودھری محمد افضل چیمہ—اس کے لئے براہ راست آپ ذمہ دار نہیں ہیں ۔

صاحب سپیکر—میرے پاس یہ باور کرنے کیلئے کوئی وجہ نہیں کہ یہاں فائلیں Cook کی جاتی ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہر ایک ریزولیشن کو سپیکر ''ایڈمٹ'' (Admit) کرتا ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ ٹھیک ہے کہ انہیں سپیکر ''ایڈمٹ'' کرتا ہے اور یہ بھی ٹھیک ہے کہ ''بیلٹ'' (Ballot) کے ذریعہ ان قرار دادوں کا انتخاب ہوتا ہے۔ یہ بھی ٹھیک ہو سکتا ہے کہ کبھی کبھار ایک ہی موضوع پر ملتی جلتی دو قراردادیں پیش ہو جائیں لیکن میں تو آپ سے یہ مطالبہ کر رہا ہوں کہ اس بارہ میں تحقیقات کی جائے کہ یہ کیسے ممکن ہو گیا کہ ایک سے لیکر دس تک میری قرار دادیں من و عن میرے ہی الفاظ میں زیر زبر بدلے بغیر دوسرے ممبران کے نام کے سامنے درج ہو گئیں ۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ اس ضمن میں تحقیقات کی جائے کہ کس طرح عمداً اور قصداً ان کو سرقہ کر کے وہاں سے حاصل کیا گیا ہے۔ اسے حسن اتفاق یا سوٗ اتفاق سمجھیں ۔

صادب سپیکر—توارد کا امکان تو ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—توارد کا امکان تو ایک آدھ انفرادی قرارداد کے بارہ میں مانا جا سکتا ہے لیکن دس قراردادوں کے بارہ میں اسے کیسے تسلیم کیا جا سکتا ہے؟

صاحب سپیکر—آپ یہ سوال رانا غلام صابر خاں سے ''لابی،، میں جا کر پوچھ لیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ سوال ان سے پوچھنے کا نہیں ہے بلکہ سوال یہ ہے کہ یہ قراردادیں آپ کے دفتر سے چرائی گئی ہیں اور میں آپ سے مطالبہ کر رہا ہوں کہ آپ اس بارہ میں تحقیقات فرمائیں۔

صاحب سپیکر—میں نے فائلیں منگوالی ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ— میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ کیسا حسن اتفاق ہے کہ میری دس کی دس قراردادیں لفظ بہ لفظ دوسرے ناموں پر درج ہو جائیں۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس بارہ میں تحقیقات فرمائیں کہ ان کا سرقہ کیسے عمل میں آیا ہے؟

صاحب سپیکر—جس وقت میرے پاس کوئی قرارداد آتی ہے اس وقت میں یہ نہیں دیکھتا اور نہ یہ میرا فرض ہے کہ پہلے بھی اس قسم کی کوئی قرارداد آئی ہے یا نہیں۔ میں تو صرف یہ دیکھتا ہوں کہ قواعد کی رو سے یہ ''ایڈمٹ،، ہو سکتی ہے اگر وہ ایڈمٹ،، ہو سکتی ہو تو میں اسے ''ایڈمٹ،، کر لیتا ہوں اور واپس دفتر میں بھیج دیتا ہوں۔ اس کے بعد دفتر والے آپ کو اطلاع دیتے ہیں کہ فلاں دن ''بیلٹ،، ہوگا۔ اس دن قراردادوں سے متعلقہ ''بیلٹس،، کو ''بیلٹ،، بکس میں ڈال دیا جاتا ہے اور جس ممبر کے نام کا ''بیلٹ،، نکل آئے اس ممبر کی قرارداد اس کے نام کے سامنے متعلقہ دن کے ایجنڈا پر درج کر دی جاتی ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ— میں عرض کروں گا کہ جو طریقہ آپ نے بیان فرمایا ہے اس میں مجھے کوئی اعتراض نہیں لیکن جس طریقہ سے سرقہ کرکے میری قراردادوں کو اپنایا گیا ہے مجھے اس کے خلاف اعتراض ہے اور اس کے بارہ میں میں تحقیقات کا مطالبہ کر رہا ہوں۔

صاحب سپیکر—میں یہ کیسے فرض کر لوں کہ کس آنریبل ممبر نے آپ کی قراردادوں کو سرقہ کیا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ— آپ فرض نہ کریں جب ایک بات آپ کے نوٹس میں لائی جاتی ہے تو آپ اس کے متعلق تحقیقات کریں اور ایسا انتظام کریں کہ ایک چیز جو آپ کے دفتر میں پیش کی جاتی ہے اس کے متعلق آپ کے دفتر کا فرض ہے کہ وہ اس کی محافظت کرے خصوصاً جبکہ ایسے چور یہاں پر موجود ہوں تو آپکے دفتر کا یہ فرض اور بھی بڑھ جاتا ہے۔

صاحب سپیکر – اب آپ موضوع زیر بحث پر تقریر فرمائیں ۔

Mian Muhammad Shafi: On a point of order. When a fact of the breach of the privileges is brought to your notice against the Secretariat of the Assembly.

Mr. Speaker: I have no reason to believe that there is any breach of privilege.

Mian Muhammad Shafi: The Assembly office might have given copies of these resolutions to the Ministerial Party in order to avoid any thunder from our side.

Mr. Speaker: Order please. I have no reason to believe that the subject matter of these resolutions has been stolen.

Mr. C. E. Gibbon: Will you give us your permission to see this file?

Mr. Speaker: Yes, I will direct the Secretary to show it to you. You can go to his room.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور-نومسلم)—اتنی سی بات تھی جسے افسانہ کر دیا ۔ جناب والا ان سے کہئے کہ وہ معافی مانگ لیں ۔

حضور والا—عزت مآب سارق محترم اور چور بزرگوار نے جو قرارداد اس معزز ایوان کے سامنے اپنے نام سے منسوب کرکے پیش کی ہے اسکے الفاظ یہ ہیں۔

یہ اسمبلی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتی ہے کہ وہ ایسے اقدامات اختیار کرے جن سے اس صوبہ کے عوام کو سستے داموں اجناس خوردنی بہم پہنچ سکیں۔ دوسرے یہ کہ وہ ایسے اقدامات اور تدابیر اختیار کرے جن کے ذریعہ سے دوبارہ اس صوبہ کے اندر کسی غذائی بحران کے پیدا ہونے کا موقع باقی نہ رہے۔

حضور والا—میرے فاضل دوست میاں محمد شفیع نے اس مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر کافی سے زیادہ روشنی ڈالی ہے۔ جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے یہ معاملہ دراصل طلب و رسد یا سپلائی اور ڈیمانڈ کا ہے۔ اور یہ صوبہ جو دنیا بھر میں غلے کی پیداوار اور اسکی کثرت اور بہتات کی وجہ سے مشہور تھا ۔ اور جسکا نام دنیا کے مشہور اناج گھروں میں تھا اور جو دنیا کی بہترین غلہ منڈیوں میں شمار کیا جاتا تھا ۔ بدقسمتی سے ایک بڑے سخت اور شدید قسم کے غذائی بحران سے دوچار ہوا ۔ ان دنوں ہم نے پہلی مرتبہ اس ایوان میں بڑی حیرت اور استعجاب سے یہ بات سنی کہ درحقیقت اس صوبہ کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ہمارے اپنے ذرائع اس قدر کافی نہیں ہیں۔ اور شاید ہمیں اپنی غذائی ضروریات کیلئے اوروں کا دست نگر ہونا پڑے اور ساتھ ہی ساتھ اس مایوس کن اعلان کے بعد کچھ اس قسم کی سکیمیں اور منصوبے پیش کئے گئے جن کے ذریعہ

غذائی مسئلہ کو حل کرنے کی تجاویز پیش کی گئیں۔ ان میں سے کچھ تجاویز واقعی بڑی مفید تھیں ۔ مجھے افسوس ہے کہ بعد میں ان پر عمل نہیں ہو سکا اور وہ تشنئہ تکمیل رہ گئیں۔

حضور والا یہاں پر میں نے جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ عوام کو سستے داموں غلہ مہیا کیا جائے۔ وقتی طور پر آجکل ہماری حکومت کے پاس غلہ اسقدر فاضل موجود ہے اور غیر ملکی امداد کی وجہ سے ہم آج اپنی غذائی ضروریات کی کفالت باحسن طریق کر رہے ہیں۔ مگر جو غلہ ہمیں مہیا ہو رہا ہے وہ انتہائی طور پر ناقص ہے اور بالکل اس قابل نہیں کہ ایسے انسانی استعمال میں لایا جا سکے جو آٹا ہمیں مختلف ڈپوؤں سے ملتا ہے اسکے خلاف بسا اوقات پریس اور پبلک کی طرف سے احتجاجی آواز اٹھائی جا چکی ہے۔ خود وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی ایک ڈپو کا معائنہ فرمایا تھا اور وہاں ایسا آٹا پایا تھا جس سے وہ مطمئن نہیں ہوئے تھے۔ اگر موجودہ تسلی بخش حالات کے پیش نظر عوام کو ڈپوؤں سے آٹا دینے کی بجائے گندم دی جائے تو ایک تو اس سے آمیزش کا سد باب ہو سکیگا اور دوسرے چکی کا کاروبار کرنے والے لوگوں کا ذریعہ معاش بحال ہو جائیگا۔ یہ تو میں موجودہ صورت حالات کے متعلق عرض کرنا چاہتا تھا۔ اب میں اس سلسلہ میں اپنی دوسری تجاویز پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker : If there are any papers relating to Assembly and they do not reach members in time, then I can entertain such complaints. The Assembly office is not here to look after individual complaints arising from some delay or some default in the discharge of duties on the part of other departments of the Government.

Mr. C. E. Gibbon : Therefore, the Assembly office is not here to entertain any complaint ?

Mr. Speaker : If it relates to Assembly, 'Yes'; if it does not, then 'No'.

Mr. C. E. Gibbon: There are complaints that we have against the Assembly Office.

Mr. Speaker: Bring them to me in my chamber.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

THE PUNJAB LAND UTILISATION BILL

Minister of Revenue: (THE HONOURABLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH): Sir, I introduce the Punjab Land Utilisation Bill.

Sir, I also move—

That the Punjab Land Utilisation Bill be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the Punjab Land Utilisation Bill be taken into consideration at once.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نہم مسلم): جناب والا۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ پنجاب لینڈ یوٹیلائزیشن بل کو یکم جنوری ۱۹۵۵ء تک حصول رائے عامہ کی غرض سے مشتہر کیا جائے۔

حضور والا۔ یہ ایک بڑا اہم مسودہ قانون ہے جو موجودہ حکومت اس ایوان کے سامنے پیش کر رہی ہے۔ اس میں اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ زرعی معاشی مسائل کو ایک ایسے طریقے سے حل کیا جائے جس سے ایک طرف تو مالکان اراضی کے حقوق ملکیت پر کوئی زد نہ پڑے اور دوسری طرف کسی حد تک مزارعین کی مشکلات کا ازالہ ہو اور ساتھ ہی دیہاتی معیشت کا مسئلہ بھی کسی حد تک حل ہو جائے۔ جہاں تک اس مقصد کے استحسان کا تعلق ہے کسی آدمی کو اس سے اختلاف نہیں ہو سکتا لیکن سوال یہ ہے کہ اس مسودہ قانون کی رو سے جو طریق کار تجویز کیا گیا ہے مجھے شک ہے کہ وہ حصول مقصد کیلئے کسی طرح سے بھی شاید مفید ثابت نہ ہو۔ آپ نے جو اغراض و مقاصد اس مسودہ قانون کے بیان فرمائے ہیں مجھے بہت حد تک یہ خطرہ ہے کہ وہ فوت ہو جائینگے اور شاید آپ ان کی تکمیل کرنے سے قاصر رہیں۔ میں نے یہ تحریک پیش کی ہے کہ اس مسودہ قانون کو حصول رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے اور اس عوامی استصواب کے بعد عین ممکن ہے کہ جو چیز میں اپنی ذاتی اور انفرادی حیثیت سے منوا نہیں سکتا یا جن نقائص کو میں موثر طریق پر پیش نہیں کر سکتا یا جن معروضات یا گذارشات کو میں آپ کو منوانے کیلئے مجبور نہیں کر سکتا ان کے متعلق آپ رائے عامہ سے متاثر ہو کر مطمئن ہو جائیں اور یہ یقین کر لیں کہ جو چیز آپ نے اس وقت

پیش کی ہے وہ حصول مقصد کیلئے نا کافی ہے اور آپ کو کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ حضور والا۔ اس اہم مسئلہ کے حل کیلئے سابقہ وزارت نے بھی اپنی طرف سے بڑی کاوش اور نہایت غور و خوض کے بعد اس ایوان کے سامنے کچھ مسودات قانون پیش کئے تھے اس وقت بھی میں نے ان کی خدمت میں یہ عرض کیا تھا کہ ان کا یہ قدم نیم دلانہ قسم کا ہے اور اس سے مسائل بہتر ہونے کی بجائے اور زیادہ الجھین گے بلکہ مزید خرابیاں پیدا ہونے کا امکان ہے۔ مگر انہوں نے ہمارے ساتھ اتفاق نہ کیا لیکن ان کے عملی نفاذ کے بعد اس صوبہ کے عوام کو یہ یقین ہو گیا بالخصوص جبکہ وہ ان کے خطرناک نتائج سے متاثر ہوئے کہ ہماری گذارشات جو اس وقت در خور اعتنا نہ تصور کی گئیں وہ بالکل بجا اور درست تھیں۔ میں موجودہ وزارت کو بھی اسی طرح متنبہ کرتا ہوں کہ آپ اس میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے اور اس کی وجہ اولاً یہ ہے کہ آپ نے اس مقصد کے حصول کے لئے جو طریق کار اختیار کیا ہے وہ اتنا طویل اور پیچیدہ قسم کا ہے او پریشان کن قسم کا ہے کہ ماسوائے فریب نفس میں مبتلا ہونے کے آپ اس مسئلہ کو حل کر لینے کی کوئی خاص مفید و مناسب صورت پیدا نہیں ہوگی۔ مثال کے طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ ان کا منشا یہ ہے کہ بڑے بڑے مالکان سے جو تساہل یا تغافل سے یا کسی اور وجہ سے اپنی فاضلہ اراضیات سے کوئی استفادہ نہ کریں بالخصوص ایسی اراضیات سے جو قابل کاشت ہوں یا جو تھوڑی سی محنت کے بعد قابل کاشت بنائی جا سکتی ہوں یا ایسی زمینیں جو غیر مزروعہ یا افتادہ پڑی ہوں یہ اراضیات لیکر لوگوں کو پٹہ پر دیدی جائیں یا حکومت ان لوگوں سے بعض شرائط یا بعض ہدایات کے ماتحت عارضی طور پر ان کا استحصال کرے۔ حضور والا۔ اس کے لئے یہ طریق کار تجویز کیا گیا ہے کہ وہ اراضیات جن کے متعلق کاغذات مال میں دو سال تک مسلسل اس قسم کے اندراجات موجود ہوں کہ وہ غیر مزروعہ ہیں تو اس وقت اولاً مالک اراضی کو نوٹس دیا جائیگا کہ اگر تم دو سال کے عرصہ کے اندر اس قابل کاشت اور قابل زراعت رقبہ کو زیر کاشت نہیں لاؤ گے تو حکومت بعض شرائط کے ماتحت ان کو حاصل کر لے گی۔ اگر اس کے بعد بھی مالک اراضی اس کی طرف کوئی توجہ نہ دے تو پھر حکومت ازسر نو اس بات کا اعلان کرے گی۔ اور کچھ عرصہ کے بعد کلکٹر کو اختیار ہوگا کہ وہ حکومت کو اس امر کی سفارش کرے کہ اب یہ زمین ایسی ہے جس کو مزارعین کے سپرد کیا جائے اور اس کے بعد پھر ان لوگوں کو نوٹس دیا جائیگا جن کے مفادات کسی

طرح سے ان اراضیات کے ساتھ وابستہ ہوں گے اور ان کے اعتراضات کے بعد اگر حکومت کو اطمینان ہو گیا کہ اب کوئی امر مانع نہیں کہ کوئی مزارع اس زمین کو پٹہ پر حاصل کرے تو پھر کلکٹر کسی مزارع کو زیادہ سے زیادہ ایسے عرصہ کیلئے یہ زمین پٹہ پر دے گا جس کی معیاد ۱۰ سال ہو گی۔ میں استصواب رائے عامہ کی تحریک پیش کرکے حکومت پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اس معاملہ میں جس قسم کی رکاوٹیں رکھ دی ہیں ان کے پیش نظر وہ منزل آپ کو کب نصیب ہو گی کہ آپ بالاخر کسی ایسی زمین کو کسی مزارع کے سپرد کر دیں۔ اس کے بعد جناب والا۔ اس امر کا بھی بڑا قوی امکان اور اندیشہ ہے کہ جس طرح سابقہ وزارت کی زرعی اصلاحات سے گریز اور فرار کی راہ اختیار کرنے کے لئے بعض لوگوں نے اپنی اراضیات کے بارہ میں پٹواریوں سے مل ملا کر اس قسم کے اندراجات کرالئے تھے جن سے وہ ان اصلاحات کے نفاذ سے محفوظ ہو سکیں یا بچ سکیں ۔ مثلاً انہوں نے یہ کیا کہ وہاں پر فرضی طور پر باغات دکھا دئے گئے اور فوری طور پر وہاں کھیتوں کے چھوٹے موٹے پودے لگا کر مزروعہ رقبہ کو زیر باغات دکھا دیا۔ یہاں بھی اسی قسم کی کئی باتیں ہوں گی اور یقیناً ہوں گی۔ اس قانون کے پاس ہونے کے فوراً بعد تمام ایسی اراضیات کے مالک جن کو یہ ڈر لاحق ہوگا کہ ان کی اراضیات حاصل کئے جانے کا امکان ہے وہ پٹواریوں سے ملکر کاغذات مال میں اس قسم کے اندراجات کروائینگے۔ ان کے پاس دو سال کا عرصہ ہوگا جس میں ایسی اراضیات کے متعلق ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کی جائیگی اور رد و بدل کیا جائیگا۔ اس کے بعد بھی اگر ان کا حربہ کامیاب نہ ہو اور ان تمام مراحل اور منازل اور ڈائیلیٹری ٹیکنکس کے باوجود کچھ عرصہ، نہ صرف کچھ عرصہ، بلکہ کافی عرصہ کے بعد یہ منزل آ بھی گئی کہ وہ زمین کسی مزارع کو دی جائے تو آپ خیال فرمائیں کہ دس سال کی معیاد کسقدر قلیل معیاد ہے جس کے لئے یہ غیر مزروعہ رقبہ جس کو قابل کاشت بنانا مقصود ہے ایک مزارع کے سپرد کر دیا جائے کہ وہ اس پر روپیہ صرف کرے۔ اس پر محنت کرے اور اس کے بعد جب اس کو قابل کاشت بنا لے تو پھر زمین کو اصل مالک کے حوالے کر دے۔ جو لوگ کھیتی باڑی کے کام سے واقفیت رکھتے ہیں وہ یقینا مجھ سے اتفاق کرینگے کہ زمینوں کو قابل زراعت بنانے اور غیر مزروعہ اور بنجر رقبہ کو زیر کاشت لانے کے لئے اور آباد کرنے کیلئے چار پانچ سال کا عرصہ بالکل معمولی عرصہ ہے۔ ان لوگوں کے پاس سرمایہ ہی کہاں ہوتا ہے ؟ اگر کچھ تھوڑا بہت ہو تو وہ اسے

زمین کو ٹھیک کرنے اور اسکے لئے وسائل آبپاشی مہیا کرنے کے لئے صرف کر دینگے۔ لیکن زیادہ سے زیادہ میعاد جسکے لئے وہ اس زمین کو اپنے پاس رکھ سکتے ہیں دس سال کی ہے۔ اس امر کی کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی کہ مزارعین کے پٹہ کی اس میعاد میں تجدید ہو سکے۔ پہلے پانچ سال میں وہ زمین کو قابل کاشت بنائینگے اور پانچ سال باقی رہ جائینگے۔ بالفاظ دیگر اس بل کا مقصد یہ ہے کہ بڑے بڑے زمینداروں کی وہ اراضیات جو انکے تساہل اور تغافل بے نیازی اور استغنا کی وجہ سے یونہی بیکار پڑی ہیں وہ ان مزدوروں کی محنت شاقہ اور گاڑھے پسینے سے قابل کاشت بن جائیں۔ حضور والا۔ یہ میرا تاثر ہے کہ انکے اس مسودہ قانون سے.....

حضور والا۔ اس بل کو عوام میں مشتہر کرانے کے لئے پہلی وجہ یہ ہے کہ عوام حکومت کے طریق کار سے اچھی طرح آگاہ ہو جائیں۔ اگر استصواب کے بعد عوام کی غالب اکثریت ان سے متفق ہو جائے تو میں بحیثیت ایک فرد کے سمجھونگا کہ میرا نکتہ نگاہ بالکل غلط تھا۔ اور اسطرح پھر ہم بھی انکے ساتھ اتفاق کرینگے۔

حضور والا۔ دوسری بات جسکی وجہ سے میں اس بل کو عوام میں مشتہر کرانا چاہتا ہوں یہ ہے کہ ہمارے اس موجودہ ''سیٹ اپ،، میں ہماری موجودہ اخلاقی اور معاشرتی کیفیت کے پیش نظر مجھے بڑے افسوس اور ندامت کے ساتھ یہ ظاہر کرنا پڑتا ہے کہ شاید ''ونو بھاوے،، کی قسم کے اشخاص ہمارے ہاں پیدا نہ ہوں۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ جب ہم رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے اس بل کو مشتہر کریں تو عوام میں سے کچھ لوگ کوئی ایسا باقاعدہ ادارہ قائم کرنے پر آمادہ ہو جائیں جسکا مقصد یہ ہو کہ بڑے بڑے زمینداروں کو اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ وہ رضا کارانہ طور پر زیادہ رقبہ جات قومی مقاصد کیلئے دے دیں۔

حضور والا۔ اسکے علاوہ تیسری وجہ جسکے لئے میں نے یہ ضروری سمجھا ہے کہ اس بل کو مشتہر کیا جائے یہ ہے کہ یہ مسئلہ باوجود اتنی اہمیت کے حامل ہونے کے ایک اختلافی مسئلہ ہے۔ بہت سے اشتراکیت زدہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ انفرادی ملکیت کا احترام کئے بغیر حکومت کو غیر مشروط طور پر ان تمام لوگوں سے جبرا زمینیں حاصل کر لینی چاہئیں جن کی ملکیت زیادہ ہے۔ دوسری طرف بعض لوگ انفرادی اور شخصی ملکیت کے احترام میں اسقدر مبالغہ آمیزی اور غلو سے کام لیتے ہیں کہ و اجتماعی یا ملکی اور ملی مفادات و مصالح کے پیش نظر بھی کسی شخص کی

انفرادی ملکیت پر شرعاً یا قانوناً کوئی پابندی عائد کرنا غلط سمجھتے ہیں ۔ دونوں طرف انتہا پسند خیال کےلوگ ہیں اور معاملہ اچھا خاصا متنازعہ فیہ ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ اگر یہ بل عوام میں مشتہر کیا جائے تو کچھ تعلیم یافتہ اور سمجھ دار لوگ ہمارے سامنے کوئی ایسا متوازن نظریہ پیش کریں جو سب کے لئے قابل قبول ہو۔

حضور والا۔ ایک چوتھی وجہ جسکے لئے میں اسکا مشتہر کیا جانا ضروری سمجھتا ہوں یہ ہے کہ آپکی پیشرو وزارت نے مائنرز کینال ایکٹ کے سلسلہ میں ایک ترمیمی بل پیش کیا تھا جسے بعد میں عدالت میں چیلنج کیا گیا تھا جسکی وجہ سے حکومت کو طرح طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ۔ چونکہ اس بل میں بھی حکومت کسی حد تک حقوق ملکیت پر پابندیاں عائد کر رہی ہے ۔ اگرچہ میں دلی طور پر انہیں صحیح اور درست سمجھتا ہوں بلکہ ان سے بھی آگے جانے کیلئے تیار ہوں ۔ آخر حقوق ملکیت انہی چیزوں پر تو مشتمل ہیں ۔ حق استعمال اور حق بیع و شریٰ ۔ اور اس بل میں ان کی کسی حد تک تحدید کی گئی ہے ۔ اسلئے میں چاہتا ہوں کہ حکومت سر دست اس بل کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کر دے تا کہ ایسا نہ ہو کہ کل کو اسکے متعلق بھی کوئی مشکل پیدا ہو جائے ۔ میں نے رائے عامہ کے لئے جو تاریخ مقرر کی ہے وہ یکم جنوری ۱۹۵۵ء ہے اور ہمیں وزراء کے ذریعہ سے معلوم ہو چکا ہے اور ہمیں ان پر اعتماد ہے کہ ماشا اللہ اس ایوان کی حیات مستعار کو طول دے دیا گیا ہے اور اب غالباً بجٹ سیشن بھی ہوگا ۔ اسلئے اب انہیں کیا خطرہ ہے ۔ وہ اسے آئندہ اجلاس میں بآسانی منظور کر سکتے ہیں ۔

ان گذارشات کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ میں ایوان کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری معروضات کو صبرو سکون سے سنا ۔

Mr. Speaker : Motion under consideration, amendment moved is—

'That the Punjab Land Utilisation Bill be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st January 1955.'

وزیر مال (عزت مآب مسٹر مظفر علی خاں قزلباش) — جناب والا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک طرف تو آنریبل ممبر صاحب نے اس بل کی تعریف کی ہے کہ یہ ایک بہترین بل ہے اور دوسری طرف وہ چاہتے ہیں کہ اسے رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے ۔ ایک طرف تو وہ یہ اعتراف کرتے ہیں کہ اس سے اصول کی دو چیزیں حل ہوتی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ جو زمینیں اس وقت بیکار پڑی ہیں وہ مزروعہ ہو جائینگی ۔ دوسرے یہ کہ اس وقت جو غذائی قلت ہے اسکے پیش نظر یہ اشد ضروری

ہے کہ جلد از جلد زیادہ سے زیادہ زمینیں ہل کے نیچے لائی جائیں۔ جب یہ بہترین اصول ہیں اور یہ بل ان اصولوں کے پیش نظر پیش کیا جا رہا ہے تو پھر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کونسی چیز ہے جسکے لئے ہم اسے رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے مشتہر کریں۔ ہم کسی کی جائداد نہیں لے رہے۔ ہم صرف اتنا کر رہے ہیں کہ جن صاحبان کی زمینیں بیکار پڑی ہیں۔ یا تو انکے پاس سرمایہ نہیں ہے اور سرمایہ نہ ہونے کی وجہ سے وہ وہاں ٹیوب ویل نہیں لگا سکتے یا انکے پاس ٹریکٹر نہیں ہیں اس لئے ایسے لوگوں سے وہ بیکار زمینیں لے کر بعض شرائط پر مزارعین کو دے دی جائیں تاکہ وہ ان میں کاشت کریں۔ جہاں تک ملک کی بہتری کا تعلق ہے وہ اسی میں ہے کہ بیکار زمینیں فوراً زیر کاشت آ جائیں تا کہ ملک کو بصورت غذا آمدنی ہونی شروع ہو جائے۔ پہلے ایسے مالکوں کو نوٹس بھی دیا جائیگا کہ اگر وہ اتنے عرصہ کے اندر اپنی بیکار زمینوں کو زیر کاشت نہ لائینگے تو حکومت انکی زمینیں خود مزارعین کو دے گی اس میں بھی کچھ وقت صرف ہو گا اسلئے ہمیں اس بل کو منظور کرنے میں کوئی تاخیر نہیں کرنی چاہئے۔

جہاں تک انکے اس خدشے کا تعلق ہے کہ کہیں اس میں کوئی قانونی سقم نہ ہو میں انکو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم نے اسکے متعلق اپنی پوری تسلی کر لی ہے۔ ہم کسی کی مالیت حاصل نہیں کر رہے صرف زمین کو کام میں لا رہے ہیں۔ اور اس میں مالک کا بھی فائدہ ہے۔ اسکی ملکیت زمین کی کچھ آمدنی اسے بھی ملنی شروع ہو جائیگی۔

جناب والا—ان چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے جہاں تک دس سال کے عرصہ کا تعلق ہے مجھے یقین ہے کہ دس سال بہت کافی عرصہ ہوتا ہے۔ کیونکہ مالکان اراضی جو زمینیں صاف کروانے کیلئے دیتے ہیں۔ وہ پہلے ایک سال کیلئے مفت دیتے ہیں۔ دوسرے سال کاشتکار اس کی آمدنی دینا شروع کرتا ہے۔ اسی لئے ہم نے یہاں دس سال کا عرصہ تجویز کیا ہے۔ عام طور پر جو زمین قابل کاشت ہو سکتی ہے وہ ایک سال نہ سہی دو سال میں درست ہو جاتی ہے۔ اگر دو سال تک بھی درست نہ ہو تو پھر وہ ایسی زمین سمجھی جاتی ہے جو درست ہونے کے قابل نہیں ہوتی اور اسے کوئی مزارع پٹے پر لینے کیلئے تیار نہیں ہوتا۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ دس سال کا عرصہ نہایت موزوں ہے اور اس پر حزب مخالف کا اعتراض درست نہیں ہے۔

جناب والا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس تحریک کی مخالفت کرتا ہوں اور اس معزز ایوان سے اس بل کو جلد از جلد پاس کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III): Sir, I rise to support the motion that this Bill be circulated for eliciting public opinion and my reasons for doing so are more or less based on the statement made in the Objects and Reasons. At last, that statement shows the concern of a landlord Government to retain and hold its grip even on uncultivated lands. Instead of coming to the direct conclusion that the owners of these lands, having failed in their duty and patriotism to the State to see that their lands are put under cultivation, particularly when a most urgent appeal was made by the Chief Minister that we have to grow more food to feed the nation, it would have be fair had the owners of these lands responded to that appeal and done everything humanly possible to bring their lands under the plough.....

Minister of Revenue : But they are having no capital.

Mr. C. E. Gibbon: And when they have failed to do so, obviously it leads me to believe that that appeal which was put out by a landlord Government had little or no effect on those landlords, and particularly the very large and big landlords, who support this Government to bring their lands under the plough. The Honourable Minister of Revenue interrupted and observed that there was lack of capital. It surprises me that the owners of these lands, who have held down these lands for generations, should now bring forward a claim that they have not got sufficient funds to cultivate these lands. I know that these persons have squandered the money which they ought to have set aside for the untilisation of cultivation and progress of their lands which they inheritted and which, by all moral codes they have no right to own. Instead of putting that money which they have acquired to the best possible use in cultivating their lands; in implements and in manuring, necessary to produce food for the nation,, they have squander that money. They are the enemies of the State ; they are blood-suckers. They come to the city and squander that money on wine and women and what not. This , Sir, is the history of big landlords. It has been written in many a book and it is a true story right through the ages of the exact manner in which they squander whatever they earn off their lands. When they come to the end of their resources they fly immediately to a landlord Government and say; 'we have no capital left, we are unable to cultivate our lands, no matter how urgent your appeal for grow more food may have been, we have no money; for God's sake come to our assistance and make some sort of legislation, whereby we shall still have the proprietary rights over our land. Take it for 10 or 15 years and give it to some hard-working labourer or peasant, let him cultivate it, let him do all that human labour can, with sweat and toil, and let us enjoy and furnish our drawing rooms. We shall come back after 15 years and claim back the land.' This object in the mind of the Government has been clearly stated in the statement of objects and reasons. It reads thus :—

> "Large proprietary areas are lying uncultivated on account of lack of means or interest on the part of their owners."....

As to the lack of means, the Honourable Minister has said it is a question of finances. Lack of interest, is an assigned against the Government. Even if an honest man does not have adequate means, he will put whatever means he has at his disposal to the best possible use in bringing his land under the plough. Then further it is said :—

> ".....In order to maintain the growing population of this prov nce and to assist the Gr w More Food Campaign it is expedient to get such areas cultivated either by owners."....

I do not know whether this landlord Government ever takes the opportunity of looking at itself in a looking glass. Today, Sir, the looking glass is the nation, it is the people, and they have reflected back that hideous picture which these landlords have presented to the people, a picture of over-feeding against one of starvation. It is now essential, particularly, in view of the changes which are to come, that this sort of legislation, giving protection to landlords who have never discharged their responsibilities to the State and to their fellow-countrymen, is sent to the people to give their verdict on it. With these words I support the motion of my honourable friend, Chaudhri Muhammad Afzal Cheema, that this Bill be circulated for eliciting public opinion.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور-۹ مسلم)—حضور والا—آنریبل وزیر مال صاحب نے میری ایک بات کا بالکل تسلی بخش جواب دے دیا ہے۔ جہاں تک اس قانون کے نفاذ کے بعد کوئی قانونی الجھنیں پیدا ہونے کا تعلق ہے انہوں نے مکمل طور پر اطمینان کر دیا ہے اور اس کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ مجھے اس کا اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ البتہ ایک چیز جو میں نے خاص طور پر ان کی خدمت میں عرض کی تھی وہ یہ تھی کہ کسی غیر مزروعہ رقبہ زمین کو حاصل کرنے کے لئے سب سے ابتدائی قدم آپ صرف اس وقت اٹھا سکیں گے جب کاغذات مال میں اس کے متعلق اس امر کا دو سال کا اندراج موجود ہو کہ یہ رقبہ غیر مزروعہ ہے کیونکہ جو کچھ پٹواری حضرات کرتے ہیں ہر شخص جانتا ہے مجھے اس ایوان میں مزید عرض کرنے کی ضرورت نہیں اور نہ ہی میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس بات سے ناواقف ہیں۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اس قسم کے قانون کے اطلاق سے بچنے کے لئے آئے دن کاغذات مال میں ردوبدل کیا جاتا ہے۔

حضور والا—چند دنوں کی بات ہے ایک آدمی جو کہ ایک مشترکہ کھاتے میں حصہ دار تھا اور جس کے دوسرے حصہ داروں نے اسکو کئی سالوں سے پیدوار سے محروم کر رکھا تھا میرے پاس اس غرض کے لئے آیا کہ تقسیم یا لگان کا دعوے کیا جائے۔ چنانچہ میں نے متعلقہ کاغذات گرداوری کا مطالعہ کیا اور میری اور اس شخص کی حیرت کی انتہا نہ رہی۔ جب ہم نے دیکھا کہ مسلسل کئی سالوں سے وہ رقبہ دوسرے لوگوں کے قبضہ میں دکھایا گیا ہے۔ اب میں آپ حضرات سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ اس قانون کے نفاذ کے بعد کونسے ایسے لوگ ہوں گے جن پر اس کا اطلاق ہوگا۔

میرے نزدیک اس کا اطلاق دو قسم کے لوگوں پر ہوگا۔ ایک تو چھوٹے مالکان اراضی۔ یا وہ طبقہ جس کی کوئی بنجر اور غیر مزروعہ زمین ہے مگر وہ کافی سرمایہ دار نہیں۔ دوسرا طبقہ بڑے بڑے مالکان اراضی کا

ھے جو ایسی باتوں سے بہت حد تک بے نیاز ھیں اور بڑے عیش و عشرت میں تجمل اور تعیش کی زندگی بسر کر رھے ھیں۔ لازماً وہ لوگ ایسی مجبوریوں سے بے نیاز ھوں گے اور اس کی افادیت کی طرف توجہ مبذول نہیں کر سکیں گے۔ اب آپ خیال فرمائیں کہ اس قانون کے اطلاق یا نفاذ کے بعد ان لوگوں کے لئے کونسا مشکل مسئلہ رہ جائے گا۔ وہ پٹواری سے مل کر یا اس کو گندم کی ایک بوری بھیج کر یا اسکے مال مویشیوں کے لئے چارہ کا ایک کھیت کاشت کرکے اس قسم کے حکم کو تبدیل کرا سکیں گے اور کاغذات میں مناسب اندراج کرا سکیں گے۔ پھر کونسا پٹواری ھو گا جس کی یہ مجال ھو یا اس امر کی تاب لا سکے کہ اتنے بڑے بڑے آدمیوں کی بات نہ مانے جو بہ نفس نفیس یہاں تشریف فرما ھیں اور جو اتنے اعلیٰ مناصب پر فائز ھیں۔ بچارے پٹواری کی کیا مجال ھے کہ وہ پھر دیانت داری سے کام کر سکے اور اگر وہ رشوت لینا چاھے گا تو صاف بات یہ ھے کہ رشوت کے دروازے اس کے لئے کھول دئے جائیں گے۔ پھر وہ کونسا معیار ھے جس کو پیش نظر رکھنے کے بعد اس سلسلہ میں آپ پہلا قدم اٹھائیں گے۔ جناب وزیر مال صاحب نے اس کا جواب نہیں دیا۔ دوسری بات جس کا جواب نہیں دیا گیا۔ یہ تھی کہ آپ نے اس میں اس قدر طوالت پیدا کر دی ھے اور ایسی ناقابل عبور مشکلات اس میں رکھ دی ھیں کہ پہلے نوٹس اور کلکٹر کے آرڈر یا سرکاری ڈیکلریشن کے بعد حصول اراضی کا سوال پیدا ھی نہیں ھوتا اور جب یہ معاملہ عدالتوں کے سامنے جائے گا تو کہنا پڑے گا کہ ع

کون جیتا ھے تیری زلف کے سر ھونے تک۔

اس قانون میں اگر آپ اس قسم کے غیر ضروری مراحل اور منازل پیدا کریں گے تو آپ اپنے مقصد میں کس طرح کامیاب ھو سکینگے؟ جب ایسی ناقابل عبور روکاوٹیں موجود ھونگی تو کامیابی نا ممکن ھے۔ تیسری بات جس کے متعلق ارشاد فرمایا گیا ھے مجھے اس سے اختلاف ھے۔ کہ دس سال کے لئے زمین لی جائے۔ آپ نے یہ کیسے فرض کر لیا ھے کہ ان بے چارے مزارعین کے پاس ایسے ذرائع اور اسباب موجود ھیں جنہیں آپ تھل میں بھیجنے کے لئے eject کرنا چاھتے ھیں۔ آپ نے یہ کیسے قیاس کر لیا اور کیونکر فرض کر لیا کہ وہ سب کچھ چھوڑ کر تھل میں اپنے وطن سے دور دراز علاقوں میں جا کر جنگل کو آباد کر سکیں گے۔ ان کے پاس کونسی سہولتیں ھیں۔ کیا ان کے پاس چارہ کی سہولتیں ھیں۔ مویشیوں کی سہولتیں ھیں۔ کیا ان کے پاس روپیہ ھے یا ان کا ''بینک

بیلنس،، اچھا ھے ۔ در اصل آپ نے ایک غلط مفروضہ کے ماتحت اپنے دلائل پیش کئے ھیں جو صحت پر مبنی نہیں۔

اس کے علاوہ نہایت ضروری بات جو میں حضور کی وساطت سے عرض کرنا چاھتا ھوں وہ دس سال کی شرط کے متعلق ھے۔ حضور والا ۔ مجھے کوئی مذھبی یا دیگر شرعی معلومات کا دعوے تو نہیں اور نہ ھی مجھے زیادہ واقفیت ھے لیکن میں نے یہ دیکھا ضرور ھے کہ آپ کو ایسے اقوال اور ایسی احادیث مل سکیں گی کہ جن لوگوں نے تین سال تک ایک زمین کو کاشت نہیں کیا ان سے وہ زمین چھینی جا سکتی ھے البتہ اسکے مقابلے میں مزارعین کے متعلق جو آپ یہ قیاس کر رھے ھیں کہ ان کے پاس ساری سہولتیں موجود ھیں جن کی بنا پر وہ غیر آباد زمین کو ایک دو سال میں آباد کر سکتے ھیں۔ میرے خیال میں آپ کا یہ مفروضہ بالکل غلط ھے۔ اتنی محنت اور عرق ریزی کے بعد اور انتہائی مصیبتوں سے آباد کرنے کے بعد اگر مزارعین اس زمین کو قابل کاشت اور قابل پیداوار بنائیں گے تو دس سال کے قلیل عرصہ کے بعد آپ اسے کس طرح مزارعین سے واپس لے لیں گے ؟

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Land Utilisation Bill be circulated for eliciting opinion thereon by the 1st January, 1955.

The motion was lost.

میاں محمد شفیع—(منٹگمری ۔ مسلم مخصوص نشست)—حضورِوالا۔ میں اس بل کو زیر غور لانے کے خلاف اپنی گذارشات کی ابتدا اس شعر سے کرنا چاھتا ھوں—

کیونکر اس کی نگہ ناز پہ جینا ھو گا

زھر دے اس پہ یہ تاکید کہ پینا ھوگا

حضور والا—ان provisions کو جو اس بل میں د ی گئی ھیں پڑھنے کے بعد مجھے حتمی طور پر یقین ھے بلکہ حق‌الیقین ھے۔ عین الیقین ھے اور علم الیقین ھے کہ یہ تمام مصلحتیں صوبہ کے ان نمائندوں کے لئے ھیں جو بڑی بڑی زمینوں کے مالک اور قابض ھیں۔

Mr. Speaker : The discussion at this stage is confined only to the principles of the Bill. Please do not go off the track. If the honourable member does it again I will ask him to resume his seat.

میاں محمد شفیع—حضور والا—اس کی وضاحت کرنے کے لئے تین چیزوں کی ضرورت ہے۔ ایک مالک۔ دوسرے گورنمنٹ ۔ تیسرے مزارع۔ آپ اس مسودہ قانون کو شروع سے لیکر آخر تک پڑھیں۔ آپ پر یہ حقیقت واشگاف الفاظ میں واضح ہو جائیگی کہ اس مسودہ قانون میں ہر قدم پر ایک خواہش موجود ہے اور وہ یہ کہ اپنے ساتھیوں ۔ اپنے طبقہ اور بڑے بڑے زمینداروں کے مفادات کی کس طرح حفاظت کی جا سکتی ہے۔

حضور والا—آپ قرآن کریم کے حافظ ہیں اور احادیث پر بھی آپ کو بہت عبور حاصل ہے اللہ تعالے قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ الارض للہ۔

مولوی محمد اسلام الدین—پوائنٹ آف آرڈر۔ جب آپ قرآن کریم کے حافظ ہیں تو جو قانون آپ بناتے ہیں وہ قرآن مجید اور سنت نبوی کے مطابق ہی بناتے ہیں۔ (قہقہہ) ۔

میاں محمد شفیع—میں نہایت ادب سے عرض کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''یسئلونک ماذا ینفقون قل العفو،، العفو یعنی یہ فرض ہے—

صاحب سپیکر—عفو کے معنی فرض نہیں۔

میاں محمد شفیع— حضور والا—میں انکی بد دیانتی کی مثال آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ اس سے بڑی ان کی بددیانتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ۔ .....

Sir, they are politically dishonest.

Mr. Speaker : Please withdraw the word 'Bad Dianat'

Mian Muhammad Shafi : I withdraw it. Sir, I can say with confidence that they are politically dishonest.

Mr. Speaker : If the honourable member says it again, I will have to ask him to resume his seat.

میاں محمد شفیع—حضور والا—انکی شرافت ملاحظہ کیجئے کہ جس شخص کو سرکاری بنجر زمین جسکے یہ امین ہیں پٹے پر دیتے ہیں اس پر یہ شرائط عائد کر دیتے ہیں کہ وہ وہاں ٹیوب ویل لگا کر بیس سال تک اس میں ہل چلائے اور بیس سال کے بعد کومت اسکے ساتھ تصفیہ کرے گی۔ لیکن جب انکے بھائی بندوں اور رشتہ داروں کی زمینوں کا مسئلہ ہوتا ہے تو عرصہ دس سال سے زیادہ ہرگز مقرر نہیں ہوتا۔ حضورِوالا۔ اگر آپ اسکو بد دیانتی نہیں کہیں گے تو اور کیا کہیں گے۔

A time will come when these people will be put in docks.

Mr. Speaker : I would not allow you to make such remarks.

میاں محمد شفیع—مجھے معلوم ہے کہ آپ تخت پر بیٹھے ہیں اور میں نیچے کھڑا ہوں۔

Mr. Speaker : Will the honourable member please resume his seat?

Mian Muhammad Shafi : I do not wish to be a party to the criminal proceedings of this House. Rather I would like to withdraw from the House.

Mr. Speaker : Then please withdraw from the House.

(At this stage the honourable member left the House).

Mr. C. E. Gibbon : I would request the Honourable Speaker to please allow my colleague to enter the House.

Mr. Speaker : No, I am not going to allow him for the remaining part of the day. I asked him three times to abstain from making such remarks.

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Land Utilization Bill be taken in to consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House will now consider the Bill clause by clause.

Clause 2.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslim) : Sir, I beg to move:—

That in clause 3, sub-cluse (1) for the words "two years" occurring in line 7, the words "one year" be substituted, and after changing fullstop after the word "order" into a colon in the end, the following proviso be added :—

"Provided that this period may be extended by the Collector for reasons to be recorded by him for another year".

حضور والا— اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں کلاز نمبر ۳ (۱) کے الفاظ پڑھ دوں۔ اسکے الفاظ یہ ہیں—

"Notwithstanding anything contained in any law for the time being in force, whenever it appears to the Collector that any proprietary land, shown in the revenue records as not having been cultivated for four consecutive harvests, is capable of being reclaimed for cultivation, he may order in writing that such land shall be brought under cultivation within a period of two years from the date of his order".

حضور والا—اس کا مطلب یہ ہے کہ جب کبھی کلکٹر ضلع کو کسی ملکیتی اراضی کے متعلق اس بات کا علم ہو یا وہ یہ محسوس کرے کہ کوئی ایسا رقبہ جو مسلسل چار فصلوں سے کاغذات مال میں غیر مزروعہ درج ہے اور اسکو با آسانی زیر کاشت لایا جا سکتا ہے تو وہ یہ تحریری حکم دینے کا مجاز ہو گا کہ تاریخ اجرائے حکم سے لیکر دو سال کے اندر اندر اس رقبے کو زیر کاشت لایا جائے۔ حضور والا۔ میں نے جو ترمیم پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ آپ نے مالکان اراضی کو جو دو سال کی معیاد دی ہے اس کو

بجائے دو سال کے ایک سال تک محدود کر دیا جائے۔ اور ساتھ ہی ساتھ کلکٹر کو یہ اختیار دے دیا جائے کہ اگر ایک سال گذرنے کے بعد ایسی وجوہ موجود ہوں کہ اسکی میعاد میں توسیع کی ضرورت ہے تو وہ وجوہات قلمبند کرنے کے بعد اس ایک سال کی میعاد میں مزید ایک سال کی توسیع کرنے کا مجاز ہے۔ حضور والا۔ میں نے یہ ترمیم اس لئے پیش کی ہے کہ جب بعض وجوہات کی بنا پر مسلسل چار فصلوں سے بعض رقبہ جات غیر مزروعہ پڑے رہے ہوں اور اگر ان کے متعلق خیال ہو کہ ان کو قابل کاشت بنا یا جا سکتا ہے تو جیسا کہ میری معروضات کا جواب دیتے ہوئے ابتداً عزت مآب وزیر مال صاحب نے فرمایا۔ کہ ان کے خیال میں اس کام کے لئے دو سال کی میعاد کافی ہے تو اب میں کہتا ہوں کہ موجودہ میعاد دو سال کی بجائے ایک سال کی میعاد کافی ہو گی بالخصوص جبکہ وسائل آبپاشی پہلے سے موجود ہوں۔ اور اگر وہ ایک سال کی میعاد کو کو ناکافی سمجھتے ہیں تو کلکٹر کو اختنیار دے دیا جائے کہ وہ ایک سال کی مزید میعاد بھی دے سکے۔ بشرطیکہ ایک سال میں زمین کو قابل کاشت بنانا واقعی اور حقیقی طور پر دشوار اور ناممکن ہو (قطع کلامیاں) حضور والا۔ میں استدعا کرونگا کہ عزت مآب وزراً کو باہمی گفتگو سے سے منع فرمایا جائے۔

صاحب سپیکر —آرڈر۔ آرڈر۔

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا۔ میں عزت مآب وزیر مال کی خدمت میں عرض کرنا چاہتاہوں کہ ان اراضیات کے متعلق جن کے متعلق انہوں نے خود ہی یہ فرمایا ہے کہ اگر ذرائع آبپاشی موجود ہوں تو ان کو قابل کاشت بنایا جا سکتا ہے مگر اسکے باوجود انہوں نے دو سال کی میعاد زمین کو قابل کاشت بنانے کے لئے مقرر کی ہے میرے خیال میں یہ دو سال کی میعاد از خود بہت کافی ہے۔ اصل میں دو سال کا عرصہ تو پہلے ہی ایسا گذر چکا ہے جس میں مالک اراضی نے اراضی مذکور میں کاشت نہیں کی تو اب اسکو مزید ایک سال کی میعاد بذریعہ نوٹس دینا کافی ہوگا تا کہ وہ اراضی کو ریکلیم کرے۔ دو سال پہلے ملا کر یہ تیسرا سال نوٹس والا کافی ہونا چاہئے اگر اس عرصہ کے باوجود زمیندار کی نیت یہ ہو کہ وہ زمین کو آباد نہ کرے اور اسے ریکلیم نہ کرے یا اسے قابل کاشت نہ بنائے تو پھر تو وہ دو سال کی اکٹھی دی ہوئی میعاد کو کو بھی یونہی گذار دے گا۔ میرے خیال میں بہتر یہی ہو گا کہ کلکٹر ایک سال کا نوٹس زمیندار کو دے دے کہ تم نے پہلے ہی چار فصلوں یعنی

دو سال تک کاشت نہیں کی اب اگر مزید ایک سال کے اندر اراضی مذکور کو قابل کاشت نہیں بناؤ گے تو زمین تمہارے قبضے سے لے لی جائیگی اور اگر ایک سال کی میعاد کے بعد حالات مزید مہلت کے مقتضی ہوں تو کلکٹر کو مجاز و مختار بنا دیا جائے کہ وہ پہلی میعاد میں مزید ایک سال کی توسیع عطا کر دے مگر شروع میں ہی خواہ مخواہ دو سال کی میعاد مقرر کر دینا اس زمیندار کو جو کہ پہلے ہی تساہل و تغافل کر رہا ہے مزید تساہل و تغافل کی ترغیب دے گا کہ چلئے ابھی کافی لمبی مہلت ہے۔ اگلے سال کام کرنے کی کوشش کر لیں گے۔ ایک لحاظ سے تو وہ زمیندار پہلے ہی ایک قومی اور سماجی جرم کا مرتکب ہو چکا ہے کیونکہ ملک قحط سے دو چار ہے اور وہ خواب خرگوش میں سویا ہوا ہے۔ کلکٹر کو اولاً ایک سال کی میعاد دینی چاہئے اور پھر حالات و وجوہات کو کو تحریر میں لانے کے بعد اور دلائل کو قلم بند کرنے کے بعد مزید دوسرے سال کی میعاد دینی چاہئے اور توسیع میعاد کی ضرورت اور وجوہات ضبط تحریر میں لانی چاہئیں۔

دوسری بات جو میرے لئے اس دو سال کی میعاد پیش کرنے کی محرک ہوتی ہے وہ یہ ہے اور اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک حوالہ آپکی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں جو کہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کے زمانے سے اور خلافت راشدہ کے عہد سے متعلق ہے جو شخص کسی عطیہ اراضی سے تین سال تک استفادہ نہیں کرتا تھا تو خلافت راشدہ کے زمانے میں وہ عطیہ اس سے چھین لیا جاتا تھا اس سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس مقدس زمانے میں تین سال کی میعاد کو کافی میعاد سمجھا جاتا تھا۔ اس واقع کی تقلید سمجھئے یا اسکے تقدس کو ملحوظ رکھتے ہوئے نیز محکمہ مال کی وجوہات کے پیش نظر میں یہ سمجھتا ہوں کہ دو سال کا عرصہ جو مالک اراضی پہلے لے چکا ہے اور اب دوبارہ تیسرا سال جس کا نوٹس دیا جائے گا کافی میعاد کے مترادف ہے۔ اس طرح گویا کل تین سال کی میعاد حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں کے مطابق ہو جائے گی۔

وزیر مال—آپ ایک سال کی میعاد دیتے ہیں مگر ہم نے دو سال کی میعاد دے رکھی ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—اب حضور والا۔ وہ عربی کا حوالہ مندرجہ ذیل ہے :—

"من کان لہ' ارضاً ثم ترکہ ثلاثہ سنین فلم یعمرھا ——"

یعنی جس زمین کو کوئی عطیہ دار اراضی تین سال تک آباد نہ کرے اسے

کاشت کے قابل یا کار آمد نہ بنائے اور یونہی بلا کاشت چھوڑ رکھے تو اس زمین کو اس شخص سے لیکر کسی دوسرے مستحق فریق کو دے دیا جاتا تھا جو کہ اس زمین سے استفادہ کر سکے۔

حضور والا—ہماری وزارت اس اصول کے برخلاف شروع میں ہی چار سال کی میعاد دے دینا چاہتی ہے چہ جائیکہ تین سال کے بعد ساری زمین ہی اس زمیندار سے چھین لی جاتی۔ اصل میں تو ایسے زمیندار کو زمین اپنے پاس رکھنے کا حق ہی نہیں رہتا اور نہ ہی یہ مناسب ہے کہ اسکے پاس زمین رہنے دی جائے مگر میں کہتا ہوں کہ آپ کلکٹر کو اختیار دے دیں کہ اگر واقعی بہ امر مجبوری زمیندار کو مزید میعاد درکار ہو تو وہ ایک سال کی میعاد میں مزید ایک سال کی توسیع کر دے نہ یہ کہ شروع میں ایک لمبی میعاد اسے دے دی جائے۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 3, sub-clause (1) for the words "two years" occurring in line 7, the words "one year" be substituted, and after changing full stop after the word "order" into a colon in the end, the following proviso be added :—

"Provided that this period may be extended by the Collector for reasons to be recorded by him for another year".

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned for Maghrib prayers.

The Assembly re-assembled after Maghrib prayers. Mr. Speaker in the chair

---

Clause 4

Mr. Speaker: The question is—

That clause 4 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 5

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 5, in lines 2 and 3, the words "or through a legal practitioner" be deleted.

حضور والا۔ پانچویں کلاز کا متن یہ ہے۔

5. "The Collector shall give the objector an opportunity of being heard either in person or through a legal practitioner or through an authorised agent."

یعنی جب ایک مرتبہ کلکٹر اس قسم کا حکم جاری کر دے کہ فلاں زمین دو سال کے اندر اندر زیر کاشت لائی جائے اور اس کے باوجود اس حکم کی تعمیل نہ ہو تو اس کے بعد سرکاری نوٹیفیکیشن کے ذریعہ سے سرکاری گزٹ میں اس امر کا اعلان کر دیا جائیگا کہ حکومت فلاں رقبہ اراضی کو آباد کاری

کی اغراض کیلئے lease پر حاصل کرنا چاہتی ہے۔ چنانچہ ان لوگوں کو جن کے مفادات ایسی اراضیات سے کسی نہ کسی طرح بالواسطہ یا بلاواسطہ وابستہ ہونگے۔ یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ تیس دن کے اندر اندر اصالتاً یا وکالتاً کلکٹر صاحب کے سامنے اپنے عذرات پیش کریں۔

حضور والا۔ میں نے یہ درخواست کی ہے کہ Through the Legal Practitioner یعنی وکالتاً اپنے عذرات پیش کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیئے۔ اگر میں اس کو challenge نہ کرتا اور اس میں کسی تبدیلی یا رد و بدل کی استدعا نہ کرتا بلکہ اس کی تائید کرتا اور اس کلاز کی ترمیم کسی دوسرے ممبر کی طرف سے پیش کی جاتی اور میں اس کی مخالفت کرتا تو معزز ممبران کہتے۔ چونکہ یہ وکالت کرتے ہیں اس لئے طرح طرح کے حیلوں بہانوں سے اپنے ذرائع آمدنی میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں۔

حضور والا — اصول شہادت کے نقطہ نگاہ سے بھی جب کوئی آدمی کوئی ایسی بات کہتا یا کرتا ہے جو کسی نہ کسی نقطہ نگاہ سے اس کے ذاتی مفاد کے منافی ہو تو وہ نسبتاً زیادہ قابل قبول یا زیادہ قابل اعتماد اور موثر ہوتی ہے۔

حضور والا—بعض عزت مآب ممبران کا یہ خیال ہو سکتا ہے کہ ہر آدمی اس قابل نہیں ہوتا کہ وہ اصالتاً اپنے خلاف کسی مقدمے کی پیروی کر سکے یا اپنے مفادات کی قانونی طریق سے حفاظت کر سکے۔ حضور والا۔ میں نے یہ استدعا کی ہے اور یہ بات میرے ذاتی مشاہدے اور تجربہ کی بات ہے کہ حکومت کی بحالیات کی پالیسی میں ہر مرحلہ پر ہر مہاجر کو یہ حق حاصل ہے کہ مقدمات کی پیروی کے لئے وکلا کی خدمت حاصل کرے۔

حضور والا— ان خانماں برباد اور تباہ حال لوگوں کی جیبوں پر جس طریقہ سے ڈاکہ ڈالا جاتا ہے اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جو عدالتوں اور کچہریوں میں جاکر پریشان ہوتے ہیں۔ میں کسی کا نام لئے بغیر یہ عرض کروں گا کہ ایک مشہور و معروف ایڈوکیٹ کے منشی کے ذریعہ سے مجھے اس کے مقدمات کے لفافے دیکھنے کا اتفاق ہوا جن پر یہ درج تھا۔

به مقدمه تبدیلی کلیم فارم۔

به مقدمه تصور کئے جانے الاٹی۔

به مقدمه حصول الاٹمنٹ۔

حضور والا— اب آپ خیال فرمائیں کہ وہ مفلوک الحال لوگ جو تباہ و برباد ہو کر یہاں آئے ہیں اور جن کی ملکیت مجموعی طور پر دو دو تین تین ایکڑ زمین سے زیادہ نہ تھی۔ اپنے جائز حقوق حاصل کرنے کے لئے جب آپ ان کو اس قسم کے مسائل میں مبتلا کر دیں گے تو وہ کس طرح اپنے مفادات اور حقوق کا تحفظ کر سکیں گے۔ حکومت کا فرض تھا کہ جہاں وہ اس امر کے لئے بے قرار ہے کہ مہاجرین کو جلد از جلد آباد کر دیا جائے وہاں اس کو یہ بھی چاہیئے کہ ان کو سہولتیں بہم پہنچائے۔

حضور والا۔ جہاں تک اس مسئلہ میں وکلاء کے سوال کا تعلق ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اس سے صرف وہ طبقہ متاثر ہوگا جس کی ملکیت بڑی بڑی اراضیات پر مشتمل ہے۔ آپ صرف ان کو ایسی سہولتیں دینا چاہتے ہیں تا کہ وہ آرام سے بیٹھے رہیں اور گھر میں بیٹھے وکلاء کے ذریعہ اپنے مقدمات کی پیروی کرتے رہیں۔ اس طریقہ سے آپ ناجائز صورتیں پیدا کر رہے ہیں۔ اور پھر جہاں تک ان غربا کا تعلق ہے جن کے متعلق آنریبل وزیر مال نے فرمایا تھا کہ وہ کسی عدم دلچسپی کی وجہ سے نہیں بلکہ ذرائع اور وسائل مفقود ہونے کی وجہ سے زمین زیر کاشت نہیں لاتے۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ آپ ان کے لئے سرکاری طور پر مقدمات کی پیروی کرکے ان کے حقوق کا تحفظ کرتے اور سرکاری طور پر ان لوگوں کی امداد کرتے۔

صاحب سپیکر: بہتر یہ تھا کہ آپ اس مضمون کو ایک ترمیم کی صورت میں پیش کرتے۔ میں غیر متعلقہ تقریر کے لئے اجازت نہیں دے سکتا۔

چودھری محمد افضل چیمہ: حضور والا۔ میں نے یہ استدعا کی ہے . . . . .

مولوی محمد اسلام الدین: پوائنٹ آف آرڈر۔ حضور والا۔ نماز مغرب سے پہلے ایک معزز رکن نے ایک قول کو بطور حدیث کے حوالہ دیتے ہوئے اس ایوان میں پیش کیا تھا۔ میں انہیں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ جب آپ کو معلوم ہی نہیں کہ یہ حدیث ہے یا قول آپ کسطرح اسے بیان کر سکتے ہیں۔

صاحب سپیکر: یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔ آپ تشریف رکھیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ: حضور والا۔ میری استدعا ہے . . .

صاحب سپیکر : آپ نے تین دفعہ استدعا کی ہے مگر بیان کچھ نہیں کیا ۔ میں اب اور اجازت نہیں دے سکتا ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 5, in lines 2 and 3, the words "or through a legal practitioner" be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 6

Mr. Speaker : The question is—

That clause 6 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 7

Mr. Speaker : The question is—

That clause 7 stand part of the Bill.

The motion was carried,

Clause 8

Mr. Speaker : The question is—

That clause 8 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 9

Mr. Speaker : The question is—

That clause 9 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 10

Mr. Speaker : The question is—

That clause 10 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 11

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur, IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 11, for the figure "10" occurring in line 6, the figure "15" be substituted.

حضور والا ۔ ان تمام لمبی چوڑی تفاصیل اور طریق کار کے بعد جب کاروائی اپنی ساری منازل طے کرے اور پھر حکومت یہ فیصلہ کرے کہ زمین حاصل کی جائے تو پٹے کی میعاد دس سال مقرر کی گئی ہے ۔ یہاں پر میرے اپنے خیال میں یہ تھا کہ اس کی معیاد کم از کم بیس سال ہو لیکن اس خیال سے کہ آپ لوگ ہر بات میں معترض ہوتے ہیں بیس سال کی معیاد شاید کچھ نا قابل قبول ہو ۔ اس لئے میں نے کچھ متوسط

اور معتدل قسم کی میعاد رکھی ہے تا کہ آپ کو قابل قبول ہو۔ اصولی طور پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ مزارعان آپ کی امداد کے مستحق ہیں۔ اس وقت اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک قول پڑھ کر سناؤں۔ حضرت عائشہ صدیقہ کا قول ہے۔

''من احیا ارضا، میتۃ فھو احق بھا،،

یعنی جو آدمی کسی بنجر اور مردہ زمین کو زندہ کرے اور قابل کاشت بنا کر آباد کرے تو کسی آدمی کو اس زمین سے استفادہ کرنے کے لئے آبادکار سے زیادہ حق نہیں۔

صاحب سپیکر : آپ کی ترمیم کی رو سے تو وہ مالک ہو جاتا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ : حضور والا۔ اگر حقیقت پسندانہ نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے اور بالخصوص اس قسم کی ذہنیت کو ملحوظ رکھا جائے تو پھر جن لوگوں سے اس قانون کا واسطہ ہے کچھ ان کا خیال بھی رکھنا پڑتا ہے۔ اس لئے میری گذارش ہے کہ اس بہترین مشورہ کو ضرور قبول کیا جائے۔ اس خیال کے پیش نظر میں نے یہ عرض کیا ہے کہ دس سال کی میعاد بالکل قلیل ہے۔ آپ اسکو اگر بیس سال نہیں تو کم از کم پندرہ سال ضرور کر دیں۔

صاحب سپیکر : بیس سال کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ بیس سال کا تو کہیں ذکر ہی نہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ : میں عرض کر رہا تھا کہ ایک طرف آپ کی تمام تر توجہ اس طرف مبذول ہے کہ مزارع کو پورا پورا تحفظ حاصل ہونا چاہیئے اور اس کی tenure بڑی محفوظ ہونی چاہیئے۔ اگر مزارع تذبذب کی حالت میں ہے۔ اگر ہر لمحہ اسکے سر پر خوف کی تلوار لٹکتی رہے اور ہر لمحہ اسے اس امر کا خدشہ ہو کہ اگر آج نہیں تو کل اور اگر کل نہیں تو پرسوں اسے بیدخل کر دیا جائے گا تو پھر وہ طمانیت قلب سے اس زمین کی اصلاح کی طرف توجہ نہیں کر سکتا اور اگر اسکا tenure اچھے خاصے معقول اور طویل عرصے کیلئے محفوظ ہے تو وہ اس زمین کی اصلاح کیلئے حتی الامکان تمام ممکن ذرائع استعمال میں لائے گا۔ زمین کی آمدنی میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے جس سے اسکی اپنی ذات کو بھی فائدہ ہوگا اور مالک اراضی کو بھی۔ یہ ترمیم قبول کرنے کی صورت میں حکومت نہ صرف مزارع کے مفاد کا مکمل طور پر یا کسی حد تک تحفظ کرتی ہے بلکہ اسکے ساتھ ہی مالک اراضی کی آمدنی میں اور اسکے لگان میں بھی اضافہ ہونے کا بہت قوی امکان ہے۔

میں حیران ہوں کہ کس بنا پر آپ اس ترمیم کو رد کرتے ہیں ۔ پیشتر اس کے کہ آپ معمولاً اور اپنی عادت کے مطابق استرداد کا فتویٰ صادر فرما دیں میں معقول دلائل کو سننے کیلئے بیتاب ہوں کہ آپ آخر کن وجوہات کی بنا پر اس کو مسترد کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 11, for the figure "10" occurring in line 6, the figure "15" be substituted.

Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III): Sir, I rise to support this amendment and I think that it would be in the fitness of things if the Government were to accept it rather than oppose it, because after all what is 10 years in the life of the land. By the time the tiller gets going and considering the amount of labour that he has put into it, at the end of 10 years' period, you would like that you should dispossess him. I am almost certain that if you were to do so after 10 years, the owner of that land may look around again for another tenant. Then the whole process starts over again. If, therefore, a longer time is given to him, say 15 years at least , he will be able to earn something out of it inasmuch as he can bring up his family on that land, if he has children he can see to their education, he can consolidate himself there and he would feel secure to this extent that he would become a permanent resident of that particular locality or of that particular area within a period of nearly 15 years. Of course, if you insist on 10 years, you can certainly have it, but it means that you are going to displace a large number of people once again after 10 years period and you do not give them an opportunity to settle down. I understand from what the Honourable Minister of Revenue told us previously, the purpose which the Government have in bringing forward this sort of legislation. Whether we agree with this purpose or not is a different thing. But we have expressed our disagreement on this object-and it is only natural that in the light of what we have already said in opposition that 10 years' period is not sufficient-that they have brought forward with that very idea this legislation. As a matter of fact, I would prefer 25 years' period, a quarter of a century, because within two years or so, I think the land has not only been ploughed, cultivated, developed and is now producing food, but apart from the question of producing food, it has also to provide employment and sustenance for the family of the person cultivating that land, now that family has its own economic difficulties to solve apart from the question of tilling the land. There is his wife, there are children and all sorts of things. You told us one of your programmes and a part of your programme is to have educational institutions and to introduce social welfare work. If the tiller of the soil is to be allowed to take every advantage of these social amenities, then how can he take full advantage within a period of 10 years. It takes him nearly 10 years to settle down on the land. He has a lot of other contingencies to consider, such as, famine, flood, etc. We have had experience of that twice in a short period of 7 years where enormous areas of land had been flooded and crops had been ruined. It means that all the labour which he put in for 2 years is gone, and then he has to settle down to another 2 years to make up that loss. I think, it is a very reasonable proposal. If the amendment for the extension of the period to 15 years is not acceptable to the Government, then even the amendment which does not stand before the House for an extension of period by 12 years may please be accepted by the Leader of the House. I think, at least a period of 12 years may be fixed.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 11, for the figure "10" occurring in line 6, the figure "15" be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 11 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 12

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 12, sub-clause (1), after the word "fit" in line 4, the following words be added, namely :—

"preferably of the same district".

Chief Minister : On a point of order. The word "preferably" makes the amendment quite useless because it still gives power to the authority.

Mr. Speaker : It does not make the amendment out of order.

چودھری محمد افضل چیمہ حضور والا۔ اصل کلاز نمبر ۱۲ سب کلاز(۱) کے الفاظ تو یہ ہیں :—

12. (1) After taking possession of any land under section 11, the Collector may grant the lease of the land for such period as has been determined by Government under the said section to such tenant as he deems fit, and may also direct as to whether the land shall be irrigated by means of a tube-well or a percolation well to be sunk by the tenant in accordance with the prescribed terms and conditions.

Grant of lease of the land by Collector.

یعنی کلکٹر صاحب بہادر کلاز ۱۱ کے ماتحت کسی اراضی کا قبضہ حاصل کر لینے کے بعد اس زمین کو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ میعاد کے لئے کسی ایسے مزارع کو پٹہ پر دے دینے کے مجاز ہوں گے جسکو وہ مناسب سمجھیں ۔

اب حضور والا ۔ اس میں سوال یہ نہیں ہے کہ ضلع کے کلکٹر خدانخواستہ لا محالہ مزارع کے انتخاب میں عدل و انصاف کو چھوڑ کر اپنے ضلع کے مزارعین کے حقوق کو نظر انداز کر دیں گے اور میں ہرگز ہرگز اس مفروضے پر چل کر اپنی ترمیم پیش نہیں کر رہا ہوں ۔ مگر افسران ضلع کو قانون کا منشا بتا دینا قرین عقل و دانش ہوگا کہ اولاً اسی ضلع کے مزارعین کو منتخب کرنا چاہیئے اور میں تو چاہتا ہوں کہ ہر قانون جو بھی اس معزز ایوان میں وضع کیا جائے اسے حتی‌الامکان ہر لحاظ سے مکمل اور جامع قانون ہونا چاہیئے ۔ اگر ہم قانون میں اس ضلع کے مزارعین کے حقوق کو مقدم نہیں رکھیں گے تو کلکٹر صاحب بہادر بلا خوف و خطر دھڑلے سے کہہ دیں گے کہ مجھے ہر طرح سے مکمل اور غیر محدود اختیارات حاصل ہیں کہ میں جس مزارع کو مناسب سمجھوں اراضی مذکور پٹہ پر دے سکتا ہوں ۔ اس آڑ میں کلکٹر اپنی من مانی کر سکے گا اور دیگر اضلاع کے مزارعوں کو بھی زمین پٹہ پر دینے کا مجاز ہوگا ۔ اور وہ کہہ سکے گا کہ مجھے غیر محدود اختیارات تفویض کئے جا چکے ہیں ۔

یہاں پر میں توقع رکھتا ہوں کہ افسران ضلع عدل و انصاف کو ملحوظ رکھیں گے مگر وہ اپنے عطا کردہ اختیارات کے استعمال میں جائز طور پر بھی اپنے ضلع کے مزارعوں کو چھوڑ دیگر اضلاع کے مزارعوں کو پٹہ پر زمین دے سکیں گے کیونکہ قانون کے الفاظ میں جیسا کہ اسے مرتب و مدون کیا گیا ہے یہ گنجائش باقی ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ لامحالہ ضلع کے مزارعوں کو ہی ترجیح دے۔ آج کل تو بات بات پر سفارش چلتی ہے۔ بالخصوص ایسے نا مناسب ماحول میں جس میں کہ وزراء رات دن سفارشیں کرتے رہتے ہیں اور معمولی معمولی معاملات میں بھی اپنے ماتحت افسران کو approach کرتے رہتے ہیں۔ ان افسران کا جادہ عدل و انصاف سے انحراف کر جانا بعید از قیاس نہیں ہوگا۔ سفارشات کے اس دور میں جبکہ خارجی اثرات کار فرما ہیں یہ کس طرح ہو سکتا ہے کہ افسران اس عارضہ سے متاثر نہ ہوں۔

حضور والا۔میں نے اس ترمیم کی رو سے یہی استدعا کی ہے کہ کلکٹر ضلع کو پابند کر دیا جائے کہ وہ حتی الامکان اور حتی المقدور مزارعان کے انتخاب میں اپنے ضلع کے مزارعوں کے حقوق کا خیال رکھے اور انہی کو ترجیح دے (وزیر مال : یہ تو ضرور ہوگا) پھر بھی ترمیم منظور کر لینے میں کیا قباحت ہے؟۔ بلکہ یہ ایک مستحسن فعل ہوگا اور کلکٹر کو شروع سے ہی احساس ہوگا کہ اس کے فرائض اس سے کس چیز کے مقتضی ہیں۔ میری ترمیم قبول کرکے وزیر مال اپنے قانون کو مکمل کر لیں گے۔ میں تو وزیر موصوف سے بھی ایک قدم آگے جانا چاہتا ہوں اور اس امر کا اہتمام کر دینا چاہتا ہوں کہ کلکٹر ناک کی سیدھ پر چلنے پر مجبور ہو جائیں اور عدل و انصاف سے دور جا ہی نہ سکیں اور کوئی غیر منصفانہ روش اختیار کر ہی نہ سکیں۔ کیونکہ میری ترمیم کی منظوری کی صورت میں بے انصافی کی گنجائش ہی باقی نہیں رہے گی۔ اور کلکٹر پابند ہوں گے کہ اپنے ضلع کے مزارعوں کے حقوق کی نگہداشت کریں اور دیگر اضلاع کے مزارعان کو اپنے ضلع میں امپورٹ نہ کر سکیں جس طرح کہ حکومت نے حال ہی میں ٹیوب ویل پر ضلع لائل پور میں اراضیات تقسیم کرتے وقت ضلع کے مقامی اور مستحق لوگوں کو چھوڑ کر بیرونی اضلاع کے اشخاص کو مربعہ جات عطا کر دیئے ہیں۔ یہ سب کچھ محض approach کی بنا پر کیا گیا ہے ورنہ لائل پور کے لوگوں کے حقوق فائق تھے جن کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ اگر آج ہم کلکٹر کو پابند کر دیں تو وہ اس قسم کی ''امپورٹ،، کر کے بے انصافی نہیں کر سکیں گے ورنہ وہ اپنی صوابدید

(Discretion) کو بروئے کار لاکر کہہ دیا کریں گے کہ یہ میری اپنی مرضی ہے کہ جس کو مستحق سمجھوں اراضی عطا کر دوں۔ وہ روزمرہ کی سفارش گردی اور بے انصافی کی رو میں بہ جائیں گے اور اسی کو قانون کا منشا سمجھیں گے۔ ان حالات و واقعات کی بنا پر اور ان دلائل و وجوہ کے پیش نظر میں یہ عرض کرونگا کہ میری ترمیم قبول کر لینے سے عزت مآب وزیر کی راہ میں کوئی مشکلات حائل نہیں ہونگی۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 12, sub-clause (1) after the word "fit" in line 4, the following words be added, namely :—

"preferably of the same district."

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX, Muslim): Sir, I beg to ask for leave to move that the following proviso be added to sub-clause (2) of clause (12)—

"Provided that in determining rent the Collector shall keep in view the nature of the soil, the condition of land, the means of irrigatin, water-supply, labour spent or to be spent, investment made or likely to be made or any other relevant consideration'".

حضور والا—اصل کلاز کے الفاظ یہ ہیں کہ جب کلکٹر صاحب ضلع اس زمین کی کاشت کے لئے کسی مزارع کو منتخب کر لیں گے تو اس کے بعد وہ اس کے لگان کا فیصلہ کریں گے کہ مالک کو اس کے معاوضہ کے طور پر یہ مزارع کس حد تک لگان ادا کرے۔ حضور والا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر یہ کلاز تمام ان مخفی اور مکدر قسم کی implications اور امکانی نتائج کے ساتھ اس بل میں رکھی گئی تو یہ بڑی خطرناک قسم کی کلاز ہو گی۔ زیادہ امکان اس امر کا ہے کہ اس قانون کے ماتحت اگر کبھی کسی سٹیج پر اراضیات حاصل کی گئیں تو وہ بڑے مالکان کی اراضی ہوں گی۔ کیونکہ جہاں تک چھوٹے مالکان کا تعلق ہے جن کا کسی زمین کا افتادہ چھوڑ دینا صرف اس وجہ پر موقوف ہو سکتا ہے کہ ان کے پاس ذرائع نہیں لیکن وہ بھی حکومت کی طرف سے اس قسم کا نوٹس ملنے پر حکومت کی ان پیش کردہ مراعات سے مستفید ہونے کی کوشش کریں گے۔ جب حکومت مختلف قوانین کے ماتحت قرضہ جات دیتی ہے۔ مثلاً آپ کے پاس امپروومنٹ آف لینڈ ایکٹ۔ تقاوی ایکٹ اور ایگریکلچر لونز ایکٹ وغیرہ قوانین ہیں اور وہ فوری طور پر اس موقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے حکومت سے قرضہ جات حاصل کریں گے اور اس طرح اپنے ذرائع اور وسائل سے جلد از جلد اور اپنی اولیں فرصت میں ان افتادہ زمینوں کو زیر کاشت لانے کی کوشش کریں گے۔ اب ظاہر بات ہے کہ دوسرا طبقہ

(*b*) A full departmental enquiry was conducted in this case and it was found that a sum of about Rs 50 was accepted by the nurse dai, out of which Rs 30 were paid to the Lady Doctor, Rs 5 each were received by the two nurse dais and Rs. 6 were distributed among the lower staff. As regards the death of the patient, it transpired that the case was one of placenta praevia which is a grave abnormality in child birth, leaving little chance of survival. The enquiry also found that the Lady Doctor erred in not consulting the District Health Officer in the case.

(*c*) Yes. The Lady Doctor was transferred, severely warned and had her increment stopped. The two nurse dais were also warned, transferred and had their increments stopped.

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask the Honourable Minister as to when was the complaint received by him or by other persons of his Department ?

Minister : Last year.

Rana Gul Muhammad Noon : May I know whether it is a fact that a few months after he received the complaint, an inquiry was held ?

Minister : When the matter was reported to me I asked for an inquiry.

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask when did he receive the report of the committee appointed by him to enquire into this matter ?

Minister : I do not remember the exact date.

Rana Gul Muhammad Noon: May I know whether it is a fact that for a few months after he received the report no action was taken against Dr. Surriya ?

(Voices: *Shame, shame*).

Chaudhri Fazal Ilahi : May I ask the Honourable Minister what was the amount of fee which the Lady Doctor was entitled to get ?

Minister : The honourable member can see the answer given.

Chaudhri Fazal Ilahi : What was she entitled to ?

Minister : I cannot say at present.

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask whether he took the action against the Lady Doctor after he received notice of this question, or it was before that ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Chaudhri Fazal Ilahi : Will the Honourable Minister please state whether he is aware that the lady doctor was not entitled to any fee because the patient was the wife of a Government employee ?

Minister : For that she was punished.

Chaudhri Fazal Ilahi : If she got an excess of fee from that poor wife of a public servant to which she was not entitled will he please consider that such a culprit should be given more drastic punishment ?

Minister : Certainly, I will consider it.

Mr. Speaker : The question hour is over.

ADJOURNMENT MOTIONS

Murder of Malik Muhammad Ishaq, Business magnate

Mr. Speaker : Yesterday the Honourable Chief Minister undertook to enquire into the murder of Malik Muhammad Ishaq which was a subject-matter of an * djournment motion.

Chief Minister : I am sorry to say that I have got no information as yet.

Mr. Speaker : Do please try to get it by tomorrow.

Feuds and Fights between tenants and landlords and murder of Land owner in Kingra Village.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the alarming news of feuds and fights between tenants and landlords all over the province resulting in murders in some cases as a result of the ejectment policy of the Government and specially the murder of a land owner in village Kingra Tehsil and District Lahore on 28th November 1954.

Mr. Speaker : Is not this case *Sub-judice* ?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : No, Sir.

---

*Failure of the Punjab Government to make an enquiry into the gruesome murder of a well-known business magnate of Lahore, Malik Muhammad Ishaq

Mr. Speaker : Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namly, the alarming news of feuds and fights between tenants and landlords all over the province resulting in murders in some cases as a result of the ejectment policy of the Government and specially the murder of a land owner in village Kingra, Tehsil and District Lahore on 28th November 1954.

Is there any objection ? (*Voices :* Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

GRIEVANCES OF THE EMPLOYEES OF THE PUNJAB MENTAL HOSPITAL

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to resolve the grievances of the employees of the Punjab Mental Hospital, Lahore, consequent upon the arrogant and brutal attitude of the Medical Superintendent of this Institution.

Mr. Speaker : Will the Government please inform me whether any inquiry has been made into this matter ?

Minister of Education : Yes, it is going on.

Mr. C E. Gibbon : This is the first time that we have heard that an inquiry is going on. We will take the Honourable Minister at his words.

Mr. Speaker : In view of the fact that an enquiry is going on, the motion is not in order.

UNQUALIFIED MEDICAL SUPERINTENDENT OF MENTAL HOSPITAL

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to appoint a qualified mental Specialist as the Medical Superintendent of the Punjab Mental Hospital, Lahore.

Mr. Speaker : Is not the question that the man is qualified or not a matter of opinion ?

Mr. C. E. Gibbon : His qualification is a definite thing.

Mr. Speaker : I rule it out of order.

INCREASING PRICES OF FOODSTUFFS

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the busines of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to exercise adequate supervision over the daily increasing prices of foodstuffs.

Mr. Speaker : A similar motion was also moved and ruled out of osder some time ago. It is also ruled out of order.

HUNGER-STRIKE BY THE EMPLOYEES OF THE PUNJAB MENTAL HOSPITAL

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the causes which led the employees of the Punjab Mental Hospital, Lahore, to resort to hunger-strike on 30th August 1954.

Mr. Speaker : This is not a matter which can be the subject matter of an adjournment motion. The honourable member should have put a question regarding it.

Mr. C. E. Gibbon : I have put a short notice question.

Mr. Speaker : I am sorry to rule it out of order.

NATIONALISATION OF ALL ROAD TRANSPORT COMPANIES

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to nationalise all road transport companies in the province.

Mr. Speaker : Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Government to nationalise all road transport companies in the province.

Is there any objection ? (*Voices*: Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 *members stood up, leave was refused.*

UN-EMPLOYMENT OF LAKHS OF PEOPLE

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to devise effective ways and means to meet the alarming situation arising out of the unemployment of lakhs of poeple of the Province.

Mr. Speaker : Did we not discuss this motion two days ago.

Mr. C. E. Gibbon : There was something like that.

Mr. Speaker : The motion is, therefore, ruled out of order.

SMALL-POX IN SHEIKHUPURA

Mr. C. E. Gibbon: Sir. I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance namely, the failure of the Punjab Government to prevent the outbreak of an epidemic of smallpox in Sheikhupura distrciet resulting in a number of deaths.

Mr. Speaker : This epidemic is over. The motion is, therefore, ruled out of order.

SPREAD OF TUBERCULOSIS

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to prevent the spread of tuberculosis in the Province, resulting in an increase in number of deaths.

Mr. Speaker : We discussed it two days ago. Therefore, it is ruled out of order. Next.

MAL-ADMINISTRATION IN THE HEALTH DEPARTMENT.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to take steps to eradicate mal-administration in the Health Department.

Mr. Speaker : Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to take steps to eradicate mal-administration in the Health Department.

Is these any objection ? (*Voices* : Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 *members stood up, leave was refused.*

LACK OF MOBILE DISPENSARIES

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to maintain mobile dispensaries in the Province.

Mr. Speaker : Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to maintain mobile dispensaries in the Province.

Is there any objection ? (*Voices* Yes).

Those who are in favour of the leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 *members stood up, leave was refused.*

NON-IMPLEMENTATION OF THE PUNJAB CHILDREN ACT, 1951

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to implement the Punjab Childrens Act, 1951.

Mr. Speaker : Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to implement the Punjab Childrens Act, 1952.

Is there any objection ? (*Voices*: Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than 40 members stood up, leave was refused.

FAILURE TO IMPLEMENT THE PUNJAB TENANCY (AMENDMENT) ACT, 1952.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to implement the Punjab Tenancy (Amendment) Act, 1952.

Mr. Speaker : Leave is sought to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the failure of the Punjab Government to implement the Punjab Tenancy (Amendment) Act, 1951.

Is there any objection ? (*Voices*: Yes).

Those who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than forty members stood up, leave was refused.

OBJECTIONABLE MANNER OF CONDUCTING THE RECENT BYE-ELECTIONS TO THE ASSEMBLY

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, to discuss the objectionable manner in which the recent by elections to the Punjab Legislative Assembly were conducted with the connivance of Government officials.

Mr. Speaker : We disposed of this matter a few days ago. Therefore, it is ruled out of order.

SCHEDULE OF EXPENDITURE FOR THE YEAR 1954-55.

The Hon'ble Chief Minister : Sir, as required by section 80 (2) of the Government of India Act, 1935, as adapted by the Pakistan (Provisional Constitution) Order, 1947, I lay on the table the Schedule of Expenditure for the year 1954-55 authenticated by His Excellency the Governor.

As required by subsection (1) of section 80 of the Government of India Act, 1935, as adapted by the Pakistan (Provisional Constitution) Order, 1947, I hereby authenticate the following schedule in respect of the financial year 1954-55, which specifies :—

(*a*) the grants made by the Punjab Legislative Assembly ; and

(*b*) the sums required to meet the expenditure charged on the revenues of the Province.

SCHEDULE OF EXPENDITURE

Demand No.	Major Head of Account	Grants made by the Punjab Legislative Assembly	Sums required to meet expenditure charged to the revenues of the Province	Total
		Rs.	Rs.	Rs.
1	7—Land Revenue	70,59,900	..	70,5 ,900
2	8—Provincial Excise	8,10,500	..	8,10,500
3	9—Stamps	1,44,400	..	1,44,400
4	10—Forests	78,86,800	20,900	79,07,700
5	11—Registration	6,000	..	6,000
6	12—Charges on account of Motor Vehicles Acts	13,82,200	..	13,82,200
	13—Other Taxes and Duties ..			
7	XVII—Irrigation—Working Expenses	1,90,01,300	3,02,30,100	4,92,31,400
	17—Interest on Irrigation Works for which Capital Accounts are kept ..			
	18—Other Irrigation Expenditure financed from Ordinary Revenues.			
8	Irrigation—Establishment Charges ..	2,05,82,700	..	2,05,82,700
9	19—Construction of Irrigation Works financed from Ordinary Revenues.	6,77,80,600	..	6,77,80,600
	68—Construction of Irrigation Works (Capital Expenditure).			
..	22—Interest on Debt and Other Obligations	..	—6,78,100	—6,78,100
	23—Appropriation for Reduction or Avoidance of Debt.			
10	25—General Administration ..	1,44,01,000	8,89,200	1,53,80,200
11	27—Administration of Justice ..	30,37,900	10,11,700	40,49,600
12	28—Jails and Convict Settlements ..	51,77,300	..	51,77,300
13	29—Police	3,29,40,600	6,07,300	3,35,47,900
14	36—Scientific Departments ..	7,83,800	..	7,83,800
	47—Miscellaneous Departments ..			
	62—Miscellaneous adjustments between the Central and Provincial Governments.			
15	37—Education	4,48,94,400	..	4,48,94,400
16	38-A—Health Services	1,45,81,600	25,200	1,46,06,800
17	39—Public Health	2,71,700	..	2,71,700
18	40—Agriculture	60,87,600	..	60,87,600
..	71—Capital Outlay on the Schemes of Agricultural improvements and Research.	..	..	..
19	41—Veterinary	23,51,800	1,900	23,53,700

SCHEDULE OF EXPENDITULE

Demand No.	Major Head of Account	Grants made by the Punjab Legislative Assembly	Sums required to meet expenditure charged on the revenues of the Province	Total
		Rs.	Rs.	Rs.
20	42—Co-operation	18,59,600	..	18,59,600
21	43—Industries	63,14,000	..	63,14,000
22	72—Capital Outlay on Industrial Development (Outside Revenue Account).	3,99,900	..	3,99,900
23	50—Civil Works	1,75,19,000	1,17,000	1,76,90,000
24	Buildings and Roads—Establishment Charges.	47,77,700	..	47,77,700
25	52—Interest on Capital Outlay on Electricity Schemes.	1,33,91,500	73,29,300	2,07,20,800
	XLI—Electricity Schemes—Working Expenses.			
26	Charges on Electricity Establishment and Miscellaneous Expenditure.	66,25,200	..	66,25,200
27	50-A—Capital Outlay on Civil Works met out of Extraordinary Receipts.	2,97,17,000	..	2,97,17,000
	80—Town Development Schemes ..			
	81—Capital Account of Civil Works Outside the Revenue Account.			
	53—Capital Outlay on Electricty Schemes met out of Revenue.			
28	81-A—Capital Outlay on Electricity Schemes (Outside the Revenue Account)	4,51,53,300	..	4,51,53,300
29	54—Famine	2,79,100	..	2,79,100
30	55—Superannuation Allowances and Pensions.	69,27,100	3,13,700	72,40,800
31	55-A—Commutation of Pensions financed from Ordinary Revenues	53,400	8,800	62,200
	83—Payments of Commuted Value of Pensions (Capital Expenditure).			
32	56—Stationery and Printing ..	62,21,100	..	62,21,100
33	57—Miscellaneous	1,12,90,900	1,23,300	1,14,14,200
..	63—Extraordinary Charges	..	..	..
..	82—Capital Account of Other Provincial Works Outside the Revenue Account.	..	..	..
..	85-A—Capital Outlay on Provincial Schemes of State Trading.	—5,85,70,200	..	—5,85,70,200
34	90—Provincial Miscellaneous Investments	41,77,100	..	41,77,100
	Advances not bearing Interest—			
35	Advances Repayablo	3,36,300	..	3,36,300
36	Loans and Advances bearing Interest—Loans to Municipalities, Advances to Cultivators, etc.	2,26,07,200	..	2,26,07,200
	Loans to Government Servants ..			
	GRAND TOTAL ..	36,83,51,300	4,00,54,300	40,84,05,600

LAHORE :
Dated 22nd March 1954.

Sd : AMIN-UD-DIN
Governor of the Punjab.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker : I have received the following application from Malik Muhammad Hayat Khan, M. L. A.

"I am indisposed unable to attend the present Session. Kindly grant me leave".

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I have received the following application from Sardar Nawab Khan Gopang, M. L. A.

"بوجہ علالت طبع جلاس میں شرکت سے معذور ہوں افاقہ ہونے پر حاضر ہو جاؤں گا"۔

The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

THE PUNJAB LAND UTILIZATION BILL

Mr. Speaker : The House will now proceed with the consideration of the Punjab Land Utilisation Bill.

Clause 17.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور نمبر ۹ مسلم)—حضور والا—میں اس ایوان کے معزز ممبران کی یاد دھانی کیلئے اور ان کے حافظے اور توجہ کو اصل موضوع پر مرتکز کرنے یا بالفاظ دیگر ان کے حافظے کو تازہ کرنے کے لئے آپ کی اجازت سے مختصر الفاظ میں اس کلاز کا مفہوم عرض کرنا چاہتا ہوں۔

حضور والا—اس کا مفہوم یہ ہے کہ جب کوئی مزارع پٹے کی شرائط کی تکمیل سے کسی طرح قاصر رہے تو حکومت اس سے وہ زیر کاشت اراضی واپس لے لیگی مثلاً اگر حکومت کو اس امر کا علم ہو جائے کہ مزارع نے عمداً یا قصداً اس زمین سے استفادہ کرنے کی کوشش نہیں کی بلکہ اسے ناکارہ اور بیکار بنا دیا ہے تو پھر کسی لمبے چوڑے ۔ پیچیدہ اور الجھے ہوئے طریق کار کو عمل میں لائے بغیر ہی انہی شرائط پر وہ زمین کسی دوسرے مزارع کے سپرد کی جا سکتی ہے۔

حضور والا—میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اولاً وہ لوگ جو غیر معقول وجوہ کی بنا پر اپنی اراضیات سے محض غفلت ۔ لاپروائی ۔ استثنا ۔ تساہل ۔ کاہلی اور سستی کی وجہ سے فائدہ نہیں اٹھاتے ۔ وہی در اصل اس غذائی بحران کا موجب ہیں جس سے اس ملک کو آئے دن دو چار ہونا پڑتا ہے ۔ اور وہی حقیقت میں ہمارے قومی مجرم ہیں۔ میری یہ گذارش ان اقوال اور احادیث کے مطابق ہے جو میں نے بارہا اس معزز ایوان کے

سامنے پیش کی ہیں۔ یہ لوگ قابل کاشت اراضیات کو نہ زیر کاشت لاتے ہیں نہ ان کی آبادکاری کی کوشش کرتے ہیں۔ ان سے زمین فوراً نہ لے لینے کے بارے میں حکومت کی پالیسی اور اس کا طرز عمل کسی طرح بھی مناسب اور قابل تعریف نہیں مگر حکومت ایک لمبا چوڑا پیچیدہ اور الجھا ہوا طریق کار عمل میں لانے کے بعد کہیں جا کر مالکان اراضی سے زمین لینے پر رضا مند ہوتی ہے مگر اسکے مقابلے میں حضور والا ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ مزارع کے ساتھ حکومت کا سلوک سخت تر ہے حالانکہ وہ کافی سرمایہ لگانے کے علاوہ بے حد محنت اور عرق ریزی کرتا ہے اور پھر کہیں جا کر بیچارہ بنجر زمین کو آباد کرتا ہے جو اسکے باوجود حکومت کا اس مزارع سے معمولی معمولی حیلوں اور بہانوں سے زمین واپس لے لینے پر تل جانا مناسب نہیں ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ صورت حال کسی طرح بھی جائز اور قابل برداشت نہیں ہے

بہر حال اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ آپ کے لئے مزارع کے پٹہ کی تنسیخ کے لئے کافی جواز موجود ہے تو بہتر ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ ہو سکتا ہے کہ بعض مزارعین عمداً اور قصداً نہیں بلکہ مجبوراً شرائط کی پابندی نہ کر سکیں۔ پھر بجائے اس کے کہ آپ آباد شدہ زمین اصل آدمی سے جس کو آپ مالک کی حیثیت دیتے ہیں واپس لے لیں (اگرچہ اس بات سے ہمیں اتفاق نہیں) آپ کو چاہئے تھا کہ سب سے پہلے اس پہلے مزارع کو ایک یا دو مواقع دیتے اگر وہ ان مواقع سے فائدہ اٹھانا نہیں چاہتا تو کسی دوسرے مزارع کو دے دیتے۔ اس کے بر عکس آپ نے یہ کیا ہے کہ اس مالک اراضی کو اس غفلت شعار اور قومی مجرم کو جب ایک مرتبہ موقع دیا گیا تھا۔ آپ پھر اسے دوسری بار موقع دیتے ہیں۔ اس سے ہمارے شکوک اور شبہات کو تقویت پہنچتی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت کا مقصد کوئی مفید بل وغیرہ پاس کرنے کا نہیں، کسی اچھی بات کی حمایت کرنے کا نہیں اور نہ ہی اپنے ملک کے غذائی مسئلہ کے حل کرنے کا ہے بلکہ حکومت چاہتی ہے کہ اس طریقہ سے بڑے بڑے زمینداروں کی بنجر اور غیر آباد زمینوں کو سرسبز و شاداب بنا کر دوبارہ انہی کے سپرد کر دیا جائے۔

حضور والا—میں اس سلسلہ میں آپ کی اجازت سے شیخ الھند کی تفسیر میں سے قرآن پاک کی اس مشہور آیت یعنی ''خلق لکم مافی الارض جمیعا'' کی تفسیر ایوان کے سامنے پڑھ کر سناتا ہوں۔

شیخ ا لھند کی تفسیر کے الفاظ یہ ھیں۔

جملہ اشیائے عالم بدلیل فرمان واجب الاذعان خلق لکم ما فی الارض جمیعا تمام نبی آدم کی مملوك معلوم ھوتی ھیں۔ یعنی غرض خدا وندی تمام اشیاء کی پیدائش سے رفع حوائج جملہ ناس (انسان) ھے اور کوئی شے فی ذاتہ کسی کی مملوك نہیں۔ بلکہ ھر چیز اصلی خلقت میں جملہ اناس میں مشترك ھے اور من وجہہ سب کی مملوك ھے۔ ھاں بوجہ رفع نزاع و حصول انتفاع قبضہ کو علت ملک مقرر کیا گیا ھے اور جب تک کسی شے پر ایک شخص کا قبضہ تامہ مستفلہ باقی رھے اس وقت تک کوئی اور اس میں دست اندازی نہیں کر سکتا ۔ ھاں خود مالک و قابض کو چاھئیے کہ اپنی حاجت سے زائد پر قبضہ نہ رکھے بلکہ اوروں کے حوالہ کر دے کیونکہ بااعتبار اصل اوروں کے حقوق اس کے ساتھ متعلق ھو رھے ھیں۔

Mr. Speaker : The question is—
That Cla 17 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 18.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور ۹ مسلم) حضور والا— کلاز نمبر ۱۸ کے الفاظ یہ ھیں۔

"Where a tubewell or percolation well has been sunk by the tenant, the owner or the pe son having interest there in shall on the termination of the lease p y to the tenant such compensation on account of the machinery and the well left in the land, as may be determined by the Collector in accordance with the rules to be framed by Government for asse ment and payment of compensation. Except as aforesaid, no compensation shall be payable to the tenant for any improvement or work executed on the land."

حضور والا—میں عزت مآب وزیر مال کی خدمت میں یہ استدعا کروں گا کہ

آپ ھی اپنے ذرا لطف و کرم کو دیکھیں
ھم جو کچھ عرض کریں گے تو شکایت ھو گی

حضور والا—اگر حالات اس امر کے مقتضی ھوں کہ ٹیوب ویل کی مشینری بآسانی دستیاب نہ ھو سکے اور بیچارے مزارعین وہ مشینری کسی اور جگہ لے جانا چاھیں تو اس قانون کے ذریعہ سے حکومت چاھتی ھے کہ کسی نہ کسی طرح مزارعین کی مشینری وھاں رکھ لی جائے۔ اسی لئے وہ اس قسم کے قواعد مرتب کر رھی ھے تاکہ مزارع بے بس ھو جائے اور وہ مشینری کسی اور جگہ منتقل نہ کر سکے

صاحب سپیکر—بہتر یہ ھوتا کہ آپ اس کلاز کی deletition پیش کرتے۔ خیر یہ آپ کا کام ھے۔ آپ ارشاد فرمائیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا۔ اس میں کچھ غلط فہمی ہوئی ہے۔ جن قواعد کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ ہمارے پاس نہیں ہیں ۔ آئندہ صحبت میں اگر فرصت ہوئی تو اس وقت یہ قواعد زیر بحث آئیں گے۔

صاحب سپیکر—پھر اس وقت اس پر بحث نہ کیجئے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور۔ یہ بدیہی اور واضح الفاظ ہیں۔ جب آپ نے اس بات کا اعلان کر دیا ہے کہ اس غریب مزارع کو جو ان کڑی شرائط کو اپنی انتہائی مجبوریوں کے ماتحت قبول کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔ جس کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارہ کار نہیں اور اس کے پاس کوئی متبادل ذریعہ معاش نہیں ۔ آپ مناسب سہولتیں بہم پہنچائیں گے۔ اور جب وہ ایسی شدید قسم کی شرائط کو قبول کر لے تو آپ فوراً یہ اعلان کر دیں کہ دیکھو۔ اس زمین کو زیر کاشت لانے میں یا اپنی شبانہ روز محنت اور کوشش سے اس زمین کی اصلاح کرنے یا زرخیز بنانے میں اگر تم کوئی اضافہ کروگے تو تم ہرگز ہرگز کسی معاوضہ کے حق دار نہیں ہو گے۔ اب آپ ہی بتائیے۔ آپ کے خیال میں اس سے زیادہ ظالمانہ provisions اور کیا ہونگی ؟

میں پھر اس بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ ہمارے شکوک یقین میں بدل رہے ہیں کہ نعوذ باللہ اس قانون سے آپکا منشا پھر بڑے بڑے مالکان اراضی کو فائدہ پہنچانا ہے۔

Mr. Speaker : Please avoid repetition.

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ تو بات ہی نئی ہے۔ اس سے پہلے اسکا ذکر نہیں ہوا۔

صاحب سپیکر—یہ آپ غلط فرما رہے ہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا۔ یہ کلاز تو پہلی دفعہ ہی پڑھی جا رہی ہے۔

Mr. Speaker : The question of compensation has already been discussed.

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ معاوضے کا ذکر ہوا ہے اور نہ ہی اس سے پہلے کبھی اس کلاز کا خاص ذکر ہے۔

صاحب سپیکر—آپ بھول گئے ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میرا حافظہ اتنا کمزور تو نہیں۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بجائے اس کے کہ آپ اس بات کا انتظار کریں کہ حزب اختلاف کے اراکین اس قسم کی ترامیم آپکے سامنے پیش کریں او آپکی رہنمائی کریں اور آپ صرف وضع داری کیلئے اور غلط قسم کے احساس خود داری کیلئے ہماری جائز اور معقول گذارشات کو نظ انداز کر دیں۔ تو میں عزت مآب وزیر مال سے استدعا کرونگا کہ کم از کم اس کلاز کے آخری حصے کو از خود ہی حزف کر دیں کیونکہ یہ بالکل غیر ضروری ہے۔ اس مسودہ قانون سے جو مفاد آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں اسکا مقصد یکسر فوت ہو جائے گا۔ اس لئے میں آپکی وساطت سے ان سے یہ گذارش کرتا ہوں کہ وہ پھر اس پر غور کریں۔

حضور والا—اسکے علاوہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کئی طریقوں سے زمین کی اصلاح کی جا سکتی ہے۔ جس سے اسکی صلاحیتوں میں اضافہ ہو جائے۔ مثلاً uncommanded زمین کا level درست کر کے اور اسکو ہموار کر کے اسکو commanded بنایا جا سکتا ہے اور میرے خیال میں وزیر مال صاحب کو ذاتی بیثیت سے اس بات کا علم ہوگا کہ انکے اپنے مزارعین نے کئی ایسی اراضیات جو پہلے اونچی نیچی اور غیر ہموار قسم کی تھیں مسلسل محنت کے بعد انکو ہموار کر دیا ہوگا۔ بہت خراب اور ناقص قسم کی زمینوں کو بھی دو تین سال کے اندر ہموار کیا جا سکتا ہے۔ دوسرا طریقہ جس سے زمین کی افادیت میں اضافہ کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ اس میں chemical fertilizers یا اسکے علاوہ کئی اقسام کی کھادیں جو میسر آ سکتی ہیں اس میں کثرت سے ڈال دی جائیں۔ ہر فصل میں اس قسم کا اہتمام کیا جائے۔ اس طرح زمین کی زرخیزی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ تیسرا طریقہ اسکی زرخیزی اور افادیت میں اضافہ کرنے کا یہ ہو سکتا ہے کہ سبز کھاد کثرت سے ڈالی جائے اور اسکے علاوہ طرح طرح کے قیمتی درخت لگائے جائیں۔ وزیر مال صاحب شاید اس بات کو نظر انداز کر گئے ہیں کہ جو درخت آج لگائے جائیں دس سال کے اندر انکی قیمت ہزار ہا تک پہنچ جاتی ہے۔ ان دو لفظوں سے اپکا منشا یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ غریب مزارعین کو ان تمام مراعات مراعات کیا بلکہ ان کو تمام حقوق سے بالکل محروم کرنا چاہتے ہیں۔ یہ کسی طریق سے بھی مناسب نہیں۔ میں آپ سے استدعا کرونگا کہ یا تو آپ معقول جوابات سے اس ایوان کے معزز ممبران کو مطمئن کریں اور یا پھر اس کلاز کو فوراً بلاتامل قبول فرما لیں۔

میاں محمد شفیع—(منٹگمری نمبر ۷ مسلم۔ مخصوص نشست) حضور والا۔ میں پہلے ایک شعر پڑھنا چاہتا ہوں—

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی سے معاف
آج کچھ دل میں میرے درد سوا ہوتا ہے۔

دفعہ ۱۸ کے تحت ایک تو حضور کلکٹر صاحب بہادر جو انکے ایجنٹ ہونگے اور انکے اشارہء ابرو پر رقص کریں گے وہ اس بات کا تعین فرمائیں گے کہ آیا مقررہ مزارع وہاں پر ٹیوب ویل لگائے یا کنواں۔ اسکے بعد جب اس نے احکام کے مطابق کنواں یا ٹیوب ویل لگا دیا اور زمین کو اپنے خون جگر سے سینچ کر اسکو دس سال کے بعد اس قابل بنا دیا کہ وہاں کنکر یا ریت کی بجائے لہلہاتے کھیت اور خوش نما باغ نمودار ہو گئے تو انکا ایجنٹ کلکٹر اسکو کہے گا کہ اب ہم جو معاوضہ تجویز کریں گے تمہیں دیا جائے گا۔ اسکے بعد اس مقررہ شدہ مزارع سے کہا جائے گا کہ اگر تم نے وہاں کسی اور قسم کی improvement کی ہے تو تم اسکے معاوضے کا مطالبہ نہیں کر سکتے۔ اب میں پوچھتا ہوں کہ اگر آپ لوگ کمیونزم کو اس ملک میں آنے کی دعوت نہیں دے رہے تو پھر اور کون یہ دعوت دے رہا ہے (ایک معزز رکن۔ آپ) میں یقین۔ پورے وثوق اور انتہائی درد مندی سے کہتا ہوں کہ جو لوگ آج جمہوریہ اسلامیہ پاکستان کے ستون ہیں۔ جو ہمارے امام اور قائد ہیں یہ لوگ اپنی کرتوتوں سے اس قسم کی ناپاک legislation لاکر اور majority rule کی بنا پر انکو صوبے کے عوام پر ٹھونس دینا چاہتے ہیں۔ وہ اس بات کے ذمہ دار ہونگے کہ اس ملک کے عوام امریکہ کی طرف نہیں جائیں گے بلکہ روس اور چین کی طرف جائیں گے۔ حضور والا۔ آنریبل وزیر سال ہنس رہے ہیں۔ میرے جگر سے ٹپکے ہوئے خون کے آنسوؤں نے انکی ہنسی کو پھول بکھیرنے پر آمادہ کیا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین) حضور والا۔ آپ سوچئیے۔ خدا کے لئے آپ انکی چال سمجھئیے۔ انہوں نے پہلے بڑے زمینداروں کو یہ حقوق دیکر کہ وہ مزارعین کو بے دخل کر سکتے ہیں اس مقصد کیلئے میدان ہموار کیا ہے کہ انکے جو ہزار ہا اور لکھوکہا ایکڑ بنجر زمینیں ہیں ان کے لئے They want to get forced Labour. یہ چاہتے ہیں کہ عوام انکے فائدے کیلئے انکی شرائط کے مطابق انکی زمینوں کو اپنے خون جگر سے سینچیں اور پھر یہ جس طرح چاہیں انکو استعمال کریں۔ حضور والا۔ اگر محض الفاظ جو کہ دل سے نکلتے ہیں

کی کوئی وقعت ہوتی تو مجھے یقین ہے کہ آج اس طرف کے لوگوں کی انکھوں سے خون کے آنسو رواں ہوتے لیکن میں دیکھتا ہوں کہ یہ لوگ حکومت کے نشے میں بدمست ہیں۔ یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے حقوق اور ہمارے اعمال کو کوئی question کرنے والا نہیں۔ میں آپکی وساطت سے حضور نواب صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کم از کم اس بات کو تسلیم فرما لیجئیے کہ جہاں مزارع نے درخت لگائے ہیں اور considerable improvement کی ہے اس پر پر اسکا پورا حق ہونا چاہئیے۔ آپکو معلوم ہے کہ شیشم کا پودا اگر آج لگایا جائے تو پانچ سال میں وہ پودا درخت بن جاتا ہے (قطع کلامیاں) حضور والا۔ یہ فرما رہے ہیں کہ ایک شیشم کا پودہ پچاس سال میں پروان چڑھتا ہے۔ اگر یہ زمیندار ہیں تو (قطع کلامیاں ۔ شور)

Mr. Speaker : I cannot allow you any more time.

عزت مآب مسٹر مظفر علی خاں قزلباش (وزیر مال) ۔ لاہور نمبر ۱ ۔ مسلم)—جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کل میں نے یہ سارا بل دوبارہ پڑھا اور بالاخر میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ چیمہ صاحب کی دونوں ترامیم منظور کرنے سے یہ بل بہت زیادہ مفید بن سکتا ہے۔ اس لئے اب میں انہیں از سر نو قبول کرنے کیلئے تیار ہوں ۔ ان میں سے ایک تو کلاز ۱۳ میں ہے اور دوسری کلاز ۱۸ میں ۔

Mr. Speaker : The Honourable Minister can now move an amendment to this effect so far as claus. 18 is concerned.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move—

That in clause 18, the last three lines,

"Except as aforesaid, no compensation shall be payable to the tenant for any improvement or work executed on the land", be deleted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clsuse 18, as amended stand part of the Bill

The motion was carried.

Clause 19

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۹ مسلم)—جناب والا ۔ کلاز ۱۹ ایک خاصی لمبی چوڑی کلاز ہے اور اس کی چار ضمنی کلازیں ہیں۔ اگر عزت مآب وزیر اعلی صاحب اس کی پہلی شق کی طرف توجہ فرمائیں تو وہاں انکو یہ الفاظ نظر آئیں گے۔

"On termination of the lease by the expiry of the term of the lease or under section 13 or section 14, the Collector shall first make an offer to the owner, who shall state whether he wishes to take possession of the land or desires Government to continue. In case the owner refuses to take possession, the Collector shall after making such enquiry, if any, as he considers necessary, specify by an order in writing, the person to whom possession of the land shall be given".

یعنی جب اصل پٹہ کی دس سال میعاد یا زیادہ سے زیادہ جو میعاد اس کی مقرر ہو گی ختم ہو جائے گی یا اس سے پیشتر ہی شرائط کی عدم تکمیل اور عدم پابندی کی وجہ سے اس معاہدہ کو منسوخ کر دیا جائے گا تو اس کے بعد اس مالک اراضی کو یہ حق دیا جائے گا کہ اگر وہ چاہے تو سرسبز و شاداب زمین کو جسکو اس نے بنجر۔ ویران اور ناکارہ حالت میں دیا تھا واپس لے لے اور اگر وہ زمین مذکورہ کو لینے سے انکار کرے تو اس صورت میں حکومت پھر اس زمین کو پرانے طریق کار کو اختیار کرتے ہوئے کسی مزارعہ کو دے دے۔ اب حضور والا اگر اس بے کار اور بنجر زمین کو جسے سخت محنت اور عرق ریزی سے قابل کاشت بنایا گیا ہے اور جو لہلہاتی اور سر سبز فصلیں اگا سکتی ہے واپس کرنے کا سوال ہو تو پھر اس بات کا کوئی ضعیف اور بعید سا امکان بھی باقی نہیں رہتا کہ اصل مالک اراضی اس کو واپس لینے سے انکار کر دے تاوقتیکہ اس کے دماغ میں کوئی خلل واقع نہ ہو۔ جس مالک کو ایسی اراضی جس کی حیثیت نہایت معمولی سی تھی دس سال یا اس سے پہلے ہی ایک بہترین اور قابل استعمال حالت میں واپس مل رہی ہو تو وہ مالک اس کو قبول کرنے سے کیونکر انکار کر سکتا ہے؟ پھر آپ نے فرمایا ہے کہ اگر اصل مالک اراضی اس زمین کو قبول کرنے سے انکار کر دے تو کلکٹر صاحب بہادر کے حکم پر وہ زمین کسی اور آدمی کو دے دی جائے گی۔ متعلقہ الفاظ یہ ہیں۔

"In case the owner refuses to take possession, the Collector shall after making such enquiry, if any, as he considers necessary, specify by an order in writing, the person to whom possession of the land shall be given".

حضور والا۔ یہاں میری دلیل پھر اسی مفروضے پر مبنی ہے کہ کلکٹر صاحبان کوئی ملائکہ تو نہیں ہیں۔ ان سے غلطیاں ہو سکتی ہیں ان سے فروگذاشتیں ہو سکتی ہیں۔ اس بل میں آپ نے ان کو پابند کرنے کے لئے یا ان کی راہ نمائی کے لئے کسی قسم کی قیود ان پر عائد نہیں کیں بلکہ الٹا ان کو کھلی چھٹی دے دی ہے کہ وہ اپنے اختیارات کو ایک آمرانہ طریقہ سے استعمال کریں اور جس کو چاہیں نواز دیں۔ جس سے چاہیں زمین چھین لیں اور جس کو چاہیں زمین دے دیں۔ حکومت کو چاہئے تھا کہ اس قسم کی بد عنوانیوں کی روک تھام کے لئے ان پر مناسب قسم کی قانونی پابندیاں عائد کرتی۔ ان پابندیوں کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ان کے لئے اپنے مقربین کو نوازنا مشکل ہو جاتا۔

حضور والا—اولاً موجودہ حالات اور واقعات کے پیش نظر آج چھوٹی چھوٹی بات پر وزرائے کرام افسران ضلع کو ٹیلیفون پر اپنے احکامات صادر

فرماتے ہیں۔ اپنے ذاتی مفادات اور اپنی سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر وہ بعض اوقات ایسا کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں تو پھر یہ تصور کرنا یا یہ قیاس کرنا غلط نہیں ہے کہ جب اس قانون کا اطلاق ہو جائے گا تو آپ کے احکامات کی بجاآوری کے لئے یہ کلکٹر صاحبان بعض غیر مستحق لوگوں کو نوازیں گے اور مستحق لوگوں کے جائز حقوق کو نظر انداز کر دیں گے۔ حضور والا اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ آپ کسی قلب ماہیت کسی نظر و فکر کی تبدیلی یا ذہنی انقلاب کی وجہ سے ان تمام چیزوں سے بالکل بالا تر ہو جاتے ہیں اور آپ کو ان سب لغزشوں کے ہونے کا کوئی امکان نظر نہیں آتا تو پھر آپ کے وہ افسران ضلع کوئی فرشتے نہیں ہوں گے۔ ان کو approach ہو سکے گی۔ وہ بعض لوگوں کو بڑی آسانی سے نواز سکیں گے اور مزید براں اپنے اقربا کے ساتھ ناجائز قسم کی مراعات روا رکھینگے ۔ ان تمام بد عنوانیوں کا اثر ان غریب مزارعان پر ہو گا جو بالاخر آپ کے اس قانون سے محروم اور نامراد رہیں گے۔

حضور والا—اس لئے بہتر اور مناسب یہ ہوتا کہ آپ یہاں پر افسران ضلع پر ایسی کڑی پابندیاں عائد کرتے کہ وہ پوری نیک نیتی کے ساتھ اور انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کام کرتے اور اس طرح کسی آدمی کی حق تلفی کا کوئی امکان باقی نہ رہتا ۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری نمبر ۷ مسلم مخصوص نشست)۔ حضور والا۔ میں فاضل مقرر کی تائید میں صرف اس قدر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس شق میں پھر حکومت نے اس بات کا کوئی امکان نہیں رکھا کہ جب مالک اراضی وہ ناکارہ زمین جو اب سونا بن گئی ہے لینے سے انکار کرے تو second best offer جو ہو وہ موجودہ مزارع کے لئے ہی ہو اس جگہ آپ یہ بات اپنے کلکٹر کی مرضی پر چھوڑتے ہیں کہ وہ جسے چاہے پٹہ کی میعاد ختم ہونے کے بعد وہ اراضی سپرد کردے۔ جب مالک زمین پٹہ کی میعاد ختم ہونے کے بعد اپنی زمین کو لینے سے انکار کر دیتا ہے تو پھر کلکٹر کے لئے یہ کیوں ممکن نہیں ہو سکتا کہ زمین پھر اسی مزارع کو دے دے جس نے سخت محنت کے بعد اس کو لہلہاتے کھیتوں میں تبدیل کیا ۔ آپ کے اس اقدام سے آپ کی وہ غریب دشمنی جو آپ کے خون جگر میں پوشیدہ ہے خود بخود منظر عام پر آ جاتی ہے۔ حضور والا مجھے یہ بات کہتے ہوئے انتہائی قلق ہوتا ہے کہ اس ایوان میں ایک وہ طبقہ موجود ہے جو اپنے آپ کو Progressive Group کہتا ہے اور جو یہ کبھی بھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس قسم کا کوئی قانون

پاس کیا جائے جس سے صوبے کے غریب عوام - غریب کاشتکار اور غریب مزارعان کی بہتری ہو- ایسا کرتے وقت ان کو سانپ سونگھ جاتا ہے- مجھے افسوس ہے کہ آپ کو پنجاب کے عوام کیا کہیں گے ؟ آپ عوام کو کیا منہ دکھائیں گے جبکہ آپ کی امیر دوستی زمیندار دوستی آپ کے افعال سے صاف ظاہر ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ آپ کی مزارع دشمنی اور آپ کی غریب دشمنی بھی آپ کے ہرفعل سے عیاں ہو رہی ہے؟ وہ بڑا زمیندار جس سے آپ نے زمین لی تھی جب وہ زمین لینے سے انکار کر دیتا ہے تو کلکٹر صاحب کو اس کلاز کی رو سے اختیار ہوگا کہ وہ جس شخص کو چاہے زمین دے دے - آپ اس مسودہ قانون میں یہ بات کیوں شامل نہیں کرتے کہ جب زمیندار زمین واپس لینے سے انکار کر دے تو کلکٹر صاحب پہلے مزارع کو ہی جس نے یہ زمین قابل کاشت بنائی ہو بلا کر کہے کہ تم یہ زمین لے لو-

حضور والا—میں ان الفاظ کے ساتھ اپیل کرتا ہوں کہ آنریبل وزیر مال جو اللہ کے فضل و کرم سے ابھی نوجوان ہیں اس amendment کو قبول فرمائیں-

Mr. Speaker : The question is—

That clause 19 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 20.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور- مسلم - حلقہ نمبر۹) : حضور والا - کلاز ۲۰ کا مفہوم یہ ہے کہ پٹے کی میعاد کے اختتام کے بعد مزارع اصل مالک کو زمین واپس کر دے یا کلاز ۱۹ الف میں تخصیص کردہ شخص کو اسکا قبضہ لوٹا دے لیکن اگر مزارع زمین کا قبضہ شخص مذکور کو لوٹا دینے سے قاصر رہے تو کلکٹر کو اختیار ہوگا کہ مزارع کو ڈنڈے مار کر اراضی سے بے دخل کر دے اور زمین کا قبضہ کلاز الف میں معینہ شخص کے حوالے کر دے- حضور والا کلاز ۲۰ (جزو دوم) کے الفاظ انگریزی میں یہ ہیں-

"The Collector shall, on application by such person, cause such person to be put in possession of the land".

یعنی کلکٹر صاحب ایک معمولی سی درخواست پر بغیر کسی اور دلیل کے اور بغیر کسی مزید شرط کے مزارع کو بے دخل کر دیں گے اور درخواست دہندہ کو اراضی کا قبضہ دلا دینے کے مکمل اور غیر محدود اختیارات کے مالک ہونگے -

حضور والا ۔ مالکان اراضی اور مزارعان کے مابین ہم تو یہ چاہتے ہیں اور یہ توقع رکھتے ہیں کہ حکومت نہ تو کوئی ایسا طریق کار اختیار کرے جس سے مالکان اراضی کے حقوق پر برا اثر پڑے اور نہ ہی ہم یہ چاہتے ہیں کہ غریب مزارعین کے ساتھ کوئی تظلم و تعدی روا رکھی جائے ۔ لیکن کل بھی حکومت ایک ایسے طریق کار کی حمایت کر رہی تھی اور آج بھی کر رہی ہے جو پنجاب کے پرانے ایکٹ مزارعین کے مسلمہ اصولوں کے خلاف جاتا ہے ۔ مثلاً ایکٹ مزارعین کی دفعہ ۵۰ کی رو سے ۱۵ نومبر سے پہلے پہلے مزارع کو بیدخلی کا نوٹس دینا لازمی ہوتا ہے اور اگر اس عرصے میں نوٹس کے بعد ضروری وجوہ کی بنا پر بے دخلی نہ ہو سکے اور مزارع فصل کاشت کر بیٹھا ہو تو برداشت فصل یعنی ماہ مئی تک افسران بالا بے دخلی کو روک سکتے ہیں بشرطیکہ انہیں اس امر کا یقین ہو جائے کہ معقول وجوہات کی بنا پر مزارع ہی قابض رہنا چاہیئے ۔ یہ تو ہے ایک طریق کار جو محکمہ مال میں رائج ہے ۔ اسکے علاوہ ایک دوسرا طریق کار بھی ریسیٹلمنٹ میں رواج پا رہا ہے جو کہ اجمالی قسم کا ہے ۔

وزیر مال: اب نہیں ۔ اب دوسرا طریق کار رائج ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ: آج آپ نے ایک طرح سے اس حد تک عقل مندی اور پیش بینی کا ثبوت دیا ہے کہ مزارع کو فی الفور بے دخل نہیں کیا جائے گا ۔ مگر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پیش نظر مسودہ قانون میں ایک طرف تو مالک اراضی اپنی زمین کا قبضہ لینے سے انکاری ہے مگر آپ پھر بھی دفعہ ۱۹ ۔ الف میں تخصیص کردہ شخص کی خاطر مزارع کو بے دخل کرنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ اور دوسری طرف آپ بے دخلی کے پرانے مسلمہ اصول اور طریق کار کو خیر باد کہہ کر یہ ظلم کر رہے ہیں کہ کلاز ۱۹ الف میں تخصیص کردہ شخص کی محض ایک معمولی سی درخواست پر ہی کلکٹر کو اس بات کا مکلف اور ذمہ دار گردان رہے ہیں کہ وہ فوری طور پر مزارع کو زمین سے بے دخل کردے ۔ اب خواہ قبضے لینے والا دوسرے دن ہی ڈنڈے مار کر مزارع کو بیدخل کر دے ۔

اب حضور والا یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ اس مزارع کا ہنگامی طریقہ کار سے بے دخل کرنے کے اختیارات کلکٹر کو تفویض کئے جا رہے ہیں اور ایسے غیر محدود اختیارات کا کوئی جواز ہماری سمجھ میں نہیں آتا اور کسی خاص مجبوری کے پیش نظر ہنگامی اختیارات کا اہتمام کیا جائے تو بات سمجھ میں آ سکتی ہے مگر ہم حیران ہیں کہ فصل کی کاشت اور برداشت کے موسم کے علی الرغم اور بے دخلی کے مسلمہ اصولوں کے برعکس

یہ طریق کار کیوں اختیار کیا جا رہا ہے ۔ کیا وجہ ہے کہ سابقہ مسلمہ اصولوں کو نظر انداز کیا جائے؟ بے دخلی کے مواقع پر فصل کی کاشت اور برداشت کو خاص طور پر ملحوظ رکھنا پڑتا ہے اور رکھنا چاہیئے مگر پیش نظر مسودہ قانون میں ان مصالح کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا جا رہا بلکہ قانون کے الفاظ ایسے ہیں کہ کلکٹر صاحب عین سال کے وسط میں بھی بے دخلی کا شغل فرما سکیں گے اور ڈنڈے مار کر مزارع کو کھیت سے نکال باہر کریں گے ۔ فوری اور ہنگامی طور پر مزارع کو یوں اراضی سے بے دخل کر دینا کسی طرح بھی قرین دانش نہیں ہوگا ۔ آپ ان سابقہ قانونی مصالح کو کیوں نظر انداز فرمانا چاہتے ہیں جبکہ کافی غور و خوض کے بعد عمیق نگاہی کے ساتھ متعین کئے گئے تھے؟ آخر حکومت اپنی ذمہ داریوں کو کیسے نظر انداز کر سکتی ہے اور حالات و واقعات کا لحاظ کئے بغیر کس طرح بہ یک جنبش قلم اپنے مواعید پر خط تنسیخ کھینچ سکتی ہے ؟

حضور والا ۔ ان وجوہات و دلائل کی بنا پر میں اس کلاز کی مخالفت کرتا ہوں ۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری مسلم حلقہ نمبر ۷ مخصوص نشست) : حضور والا ۔ اس کلاز میں جو یہ insertion ہے کہ کلکٹر صاحب بہادر کو اختیار ہوگا کہ جو مزارع خود بخود قبضہ دینے سے قاصر رہا ہو اس کو وہ اس نہج پر بے دخل کر دیں گے ۔ اسکے متعلق آپ معزز ایڈوکیٹ جنرل صاحب بہادر سے استفسار کر سکتے ہیں جو حسن اتفاق سے ایوان میں بہ نفس نفیس موجود ہیں ۔ آپ انہی کو حکومت اور مخالف پارٹی کے درمیان حکم اور جج مقرر کرکے فیصلہ کرا لیں کہ آیا یہ گناہ اکبر نہیں ہوگا کہ ایک مزارع کو یوں ڈنڈے مار کر بے دخل کر دیا جائے؟ کیا یہ قرین انصاف و دانش ہے ؟ امیر و غریب قانون کی نگاہ میں یکساں ہوتے ہیں ۔ قانون کے سامنے ادنیٰ اور اعلیٰ کی تمیز نہیں ہوتی ۔ مگر یہاں یہ تمیز روا رکھی جا رہی ہے ۔

حضور والا ۔ آپ سکتر صاحب سے بعد میں باتیں کر لیں یہاں ایک قانونی نکتہ پر بحث ہو رہی ہے ۔ یہ قانونی پوائنٹ obscure ہے ۔ مبہم ہے اور غیر معقول ہے ۔ یہاں قانون میں مزارع کو ایک ایسی حیثیت دی جا رہی ہے ۔ which can't be defendent اور زبان بھی صاف اور شستہ استعمال نہیں کی جا رہی ۔ کم از کم زبان تو اچھی استعمال

کرنی چاہیئے ۔ حضور والا آپ بھی اعلیٰ پایہ کے قانون دان ہیں کیا آپ انشراح صدر سے اس طریق کار اور اس قسم کے قانون کی حمایت کر سکتے ہیں ؟ میرے خیال میں تو وزارتی پارٹی کے تحت کو کوئی خطرہ نہیں ہے (آوازیں : خطرہ ہے !) میرے خیال میں یہ محض ہٹ دھرمی سے کام لے رہے ہیں۔ کیا ایک یونٹ میں بھی ان کو خطرہ نظر آ رہا ہے ؟ آخر غریب طبقے کا کون والی ہوگا ؟ حضور والا میں آپ کی وساطت سے اپیل کرتا ہوں کہ ایڈوکیٹ جنرل صاحب کو ایک گوشے میں لے جا کر پوچھا جائے کہ آیا یہ قانون ٹھیک ہے ؟

وزیر مال : پہلے ہی پوچھا ہوا ہے۔

Mr. Speaker : The honourable member has no right to issue directions to the Honourable Minister.

میاں محمد شفیع ۔ اس کے متعلق آپ نے جو ''ورڈنگ،، رکھی ہے وہ ملاحظہ فرمایئے ۔ وہ یہ ہے ۔

"If the tenant fails to restore possession after a demand for the same has been made by the aforesaid person, the Collector shall, on application by such person, cause such person to be put in possession of the land".

میرا اعتراض ان الفاظ پر ہے :—

"The Collector shall cause such person to be put in possession of the land".

اس کے لئے اسے اتنی کھلی چھٹی ہے کہ وہ اگر چاہے تو اسے اغوا کروا دے اور اگر چاہے تو اسے illegal detention میں رکھ دے اور چاہے تو اس کے بیوی بچوں کو اغوا کروا دے تا کہ وہ ان کی تلاش میں نکل جائے اور اس کا قبضہ اس شخص کو دلا دے ۔ میں آپ سے انسانیت کے نام سے اسلام کے نام سے نہیں کیونکہ اسلام تو بڑا مظلوم ہے ۔ بلکہ انصاف کے نام سے اپیل کرتا ہوں کہ آپ یہ ظلم نہ کریں ۔ ان بنچوں پر تو بڑے بڑے چغد بیٹھے ہیں ۔

Mr. Speaker : Will the honourable member withdraw that word and resume his seat ?

Mian Muhammad Shafi : Sir, I withdraw.

Minister of Revenue : On a point of order, Sir. I may point out that Mian Muhammad Shafi has lately started using such languages and then after having used them he just says, 'I withdraw'. It is not good. He must keep up the decorum and dignity of the House and in future he should not be allowed to use such language.

Mr. Speaker : I am going to take a very serious action if he uses such words again.

Mian Muhammad Shafi : Sir, on a point of order. Those of us who are not yet initiated in the higher Parliamentary Practice, inadvertently say something which they never mean.

Mr. Speaker : I am afraid I cannot accept that statement.

Mian Muhammad Shafi : I insist upon saying that we never mean anything.....

Mr. Speaker : Order please and resume your seat.

The question is—

That clause 20 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 21.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور- نہم - مسلم) :جناب والا کلاز نمبر ۲۱ ایک بڑی دلچسپ کلاز ہے- اس کے الفاظ یہ ہیں کہ :—

''اگر کوئی شخص جو پٹہ کے اختتام کے موقع پر اصل مزارع کے ماتحت زمین پر قابض ہوگا،

"any person who at the time of termination of the lease, holds land under the tenant and is"

یا دوسرے الفاظ میں سب ٹیننٹ ہوگا تو وہ شرائط اور خاص مروجہ قواعد کے ماتحت اس سے سب ٹیننٹ یا پٹہ دار کو لگان عطا کرنے کا ذمہ دار ہوگا

If he attorns to the person to whom the possession of the land has to be given under subsection (1) of section 19.

اگر سیکشن ۱۹ کے ماتحت جس آدمی سے- پٹہ دار سے- زمین لیکر آپ دینا چاہتے ہیں اگر وہ اس کے حقوق کو تسلیم کرے اور وہ اپنے آپ کو مزارع کے ماتحت زمین پر قابض رہنا اور اس کی بجائے کاشت کرنا قبول کرے تو اس صورت میں بروئے الفاظ

"Shall be deemed to be a tenant within the meaning of the Punjab Tenancy Act, 1887".

آپ اس کو وہ تمام حقوق اور مراعات عطا کر دیتے ہیں جو کہ مزارع کو ایکٹ مزارعین مصدرہ ۱۸۸۷ کے ماتحت حاصل ہیں -

"for all purposes including ejectment".

تمام اغراض بمع بے دخلی کے- اگر وہ باقاعدہ مروجہ قانونی طریقہ اختیار کرنے کے باوجود فوری طور پر بے دخل نہ کیا جا سکے تو اس کے لئے ایک متبادل صورت ہے

"but if he fails to attorn".

اگر وہ بطور ٹیننٹ اس آدمی کے حقوق کو تسلیم کرنے سے قاصر رہے تو اس صورت میں

"he shall notwithstanding anything to the contrary contained in any law for the time being in force, be liable to ejectment forthwith".

اب حضور والا : یہ آدمی کس قسم کا ہوگا جس کا ذکر یہاں کیا گیا ہے- ایک طرف تو مزارع کی بے دخلی اور براہ راست بے دخلی کا سوال ہے اور دوسری طرف آپ اس کو تمام قانونی مراعات سے یکسر محروم کر دیتے

ہیں جو اس کو ٹیننسی ایکٹ کی رو سے حاصل ہونی چاہئیں ۔ آپ اس کو فوری طور پر اور آمرانہ انداز میں نکال دیتے ہیں ۔

وزیر مال : tenancy for a fixed period دس برس کے لئے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ :ٹیننسی ایکٹ کے ماتحت جو قانونی مراعات اسے حاصل ہیں مثلاً بے دخلی کے قانونی طریق کار کا ذکر ہونا چاہیئے جو ایکٹ مزارعین میں درج ہے ۔ اگر وہ دوسرے آدمی کے حقوق تسلیم کرے تو آپ اسے تمام مراعات دیدیتے ہیں لیکن اگر وہ اس کے حقوق تسلیم کرنے سے قاصر رہے تو اس صورت میں آپ فرماتے ہیں کہ اسے ڈنڈے مار کر نکال دیا جائے ۔ میں آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس قسم کے غلط امتیازات آپ نے آج کیوں روا رکھے ہیں ؟ اس کے جواز میں آپ کے پاس کونسی دلیل موجود ہے ؟ اگر آپ کے تصور میں وہ آدمی ایسا ہوگا جس کی اپنی معیشت کا انحصار اور دارو مدار زمین کی کاشت پر ہوگا تو پھر آپ اصل مزارع کو بھی وہی مراعات دیں جو آپ سب ٹیننٹ کو دے رہے ہیں ۔ اور اگر آپ کے تصور میں کوئی ایسا شخص ہے جو کاروباری نقطہ نگاہ سے کاشت اختیار کرتا ہے تو اس صورت میں قانون کے اس مروجہ اور مسلمہ طریق سے انحراف کرکے اس کو یہ مراعات دینا کسی طرح جائز و مناسب نہیں ان وجوہ کی بنا پر میں اس کلاز کی مخالفت کرتا ہوں ۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری ۔ ے ۔ مسلم) : جناب والا میں اس کلاز کی مخالفت اس بنا پر کرتا ہوں کہ اگر آپ اس کی انگریزی میرے ساتھ ملکر پڑھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ ادب کا ایک نادر نمونہ ہے ۔

صاحب سپیکر—اگر آپ کا اعتراض صرف اس کی زبان پر ہے تو اسے ڈرافٹنگ کمیٹی درست کر لے گی ۔

میاں محمد شفیع :جب پنجاب یونیورسٹی کا کوئی لا گریجویٹ کسی عدالت میں یہ فقرہ پڑھیگا تو یقین رکھیئے کہ مجسٹریٹ یا سول جج فقرہ ختم ہونے سے پہلے ہی چکرا کر کرسی سے نیچے گر پڑیگا ۔ (قہقہے اور قطع کلامیاں) ۔

صاحب سپیکر : اگر آپکا اعتراض صرف لفظوں اور عبارت پر ہے تو ڈرافٹنگ کمیٹی انہیں ٹھیک کر لیگی ۔

Mian Muhammad Shafi : Sir, it is not the point. We are discussing on the floor of the House a statuate which is to be enacted into law in two days' time. If you want to leave it to the Drafting Committee, in my humble opinion, this sentence would not be understandable. You can see this sentence.

Sir, you are a great grammarian. Why this para could not be split into sentences without introducing these complex sentences.

وزیر مال (عزت مآب مسٹر مظفر علی خاں قزلباش) :جناب والا میں صرف اتنا عرض کرنا چاهتا هوں که اس دن میں نے اس بل کا جو مقصد عرض کیا تها موجوده کلاز اسکا زیاده سے زیاده ثبوت مهیا کرتی هے ۔ خیال یه هے که اس بل کے بعد ٹهیکیداران آگے آئینگے جن کا مقصد اس کام کو بطور کاروبار کرنا هوگا۔ وه آگے ان زمینوں پر مزارعین یا مزدور لگائینگے اس کلاز میں یه گنجائش رکهی گئی هے که جو شخص اس زمین کو ٹهیک کریگا اگر وه اسکا مستقل مزارع بننا چاهے تو بن سکے گا۔ اسے وه تمام مراعات حاصل هونگی جو دوسرے مزارعین کو حاصل هیں ۔ اور وه جو کنٹریکٹر بیچ میں هے یه سب کچھ اسے نکالنے کیلئے کیا گیا هے ۔ تا که وه جو درمیانی کڑی هے وه دس سال کے بعد نکل جائے اور وه مزارع جس نے اس زمین پر اصل کام کیا هے وه وهاں رهے ۔ یه هے هماری کوشش میں نهیں سمجهتا که وه کیوں اس کلاز کی مخالفت کر رهے هیں۔ پهلے دن جو بات میں نے کهی تهی یه کلاز اسکے لئے زبردست دلیل مهیا کرتی هے۔

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 21 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 22

چودهری محمد افضل چیمه (لائلپور۔ ۹ ۔ مسلم) :حضور والا۔ اس کلاز کا منشا یه هے که اس قانون کے ماتحت کلکٹر صاحب ضلع کو اختیارات تفویض کئے جائینگے اور وه اس امر کے مختار اور مجاز هونگے که اپنے ان اختیارات کو اپنے ماتحت افسران کے ذریعه سے استعمال کریں ۔

حضور والا اس قانون کے عملی نفاذ و اطلاق کے سلسله میں یهاں تین قسم کی با اختیار اتهارٹیز هونگی ۔ سب سے پهلے گورنمنٹ جسکے مظهر وزیر انچارج هونگے۔ اسکے بعد کمشنر صاحبان بهادر ڈویژن۔ اسکے بعد کلکٹر صاحبان ضلع ۔ اسکے بعد انکا ماتحت عمله ۔ حضور والا میں شروع سے محسوس کرتا تها که چونکه هم ایک سفارشی دور سے گزر رهے هیں اسلئے تا وقتیکه آپ مختار افسروں یا حکام کے اختیارات قانونی کو شکنجوں میں اچهی طرح کس کر بالکل غیر مبهم اور واضح نه بنا دینگے اور انهیں شدت سے اس کا پابند نه کر دینگے که وه ان اختیارات کو پوری صحت سے استعمال کریں اس وقت تک همیں آپکا مقصد حاصل هوتا نظر نهیں آتا ۔ اب یهاں پر کلکٹر صاحبان کے اختیارات کو جو پهلے هی بهت وسیع هیں اس

قانون کی رو سے وسیع تر بنا دیا گیا ہے۔ میں یہ عرض کرونگا کہ عملاً اب انکے زیادہ مضر ہونے کا احتمال اور اندیشہ ہے۔ اگر ہم یہ مان لیں کہ وزیر انچارج بڑے عدل و انصاف سے کام لینگے یا کمشنر صاحبان بہادر پورے انصاف سے کام کرینگے یا بغرض محال کلکٹر صاحبان ضلع بھی بالکل عدل و انصاف کو ملحوظ رکھینگے تو پھر بھی ہمارا مشاہدہ اور تجربہ ہمیں کسی طرح یہ فرض کرنے کی اجازت نہیں دیتا کہ کلکٹر صاحبان کے جو ماتحت افسران ہیں وہ بھی اس قسم کی دیانتداری سے اپنے فرائض منصبی کو پورا کرینگے۔ اس قانون کے عملی نفاذ کے تمام اختیارات تحصیلداروں نائب تحصیلداروں، قانونگوؤں اور پٹواریوں کے پاس ہونگے۔

وزیر مال- پھر کسکو یہ اختیارات دئے جائیں ؟

چودھری محمد افضل چیمہ : حضور والا یہ ایک مسلمہ ہے اور انسانی فطرت کے عین مطابق ہے کہ نسبتاً بڑے افسروں سے خفیف حرکتیں سرزد نہیں ہوتیں۔ کم از کم ان سے توقع بھی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مرتبہ کو ملحوظ رکھینگے۔ یہ الگ بات ہے کہ بعض لوگ بڑے ہو کر بھی خفیف حرکتوں سے باز نہیں آتے۔ (قہقہہ) اور عدل و انصاف سے کام لینگے۔ اگر آپ نے کلکٹر صاحبان کے اختیارات اس حد تک غیر محدود نہ کئے ہوتے تو اس صورت میں شاید یہ ممکن ہوتا کہ اگر انکے ماتحت عملہ میں سے کوئی قانون سے ہٹ کر یا اس سے گریز اور فرار کی راہ اختیار کرکے کوئی کارروائی کرتا تو اسے فوراً گرفت میں لایا جا سکتا۔ میرا اعتراض اس طرح اختیارات تفویض کرنے پر ہے کہ حکومت افسروں کو وسیع تر اختیارات دے کر اور پھر ان پر کوئی پابندی عائد کئے بغیر انہیں یہ مزید اختیار دیتی ہے کہ وہ ان اختیارات کو آگے اپنے ماتحت اور ادنے ملازمین تک منتقل کر سکیں۔ ایسا کرکے حکومت نے رشوت کا ایک اور بہت بڑا دروازہ کھول دیا ہے۔ بے دخلیوں کا سوال ہوگا۔ قبضے لینے ہونگے۔ لگان کا تعین کرنا ہوگا۔ جرمانے مقرر کرنے ہونگے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ یہ ادنیٰ ملازمین ہر چیز کو نظر انداز کرکے اپنے فیصلے صادر کرینگے۔ اگر یہ اختیارات صرف کلکٹر صاحب تک محدود رہتے تو ان سے ہم یہ توقع کر سکتے تھے کہ شاید وہ دیانتداری کو ملحوظ رکھیں گے۔ لیکن انکے ادنیٰ افسروں سے آپ کسطرح یہ توقع رکھ سکتے ہیں ؟ اگر کوئی آدمی قانون سے ادھر ادھر ہٹ کر کوئی خلاف قانون بات کرتا ہے۔ کسی کی حق تلفی کرتا ہے یا انصاف کا خون کرتا ہے تو اس کلاز کے ماتحت کوئی قانون حربہ یا ہتھیار نہیں جو اختیار کیا جا سکے اور اس کی اس بے انصافی کو روکا جا سکے۔

حضور والا — میں فی نفسہ Delegation of Powers پر معترض نہیں ہوں۔ بلکہ میرا اعتراض صرف یہ ہے کہ اگر آپ پہلی کلازوں کی روشنی میں اس کلاز کا مطالعہ کریں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ جو کچھ میں عرض کر رہا ہوں وہ حقائق پر مبنی ہے اور عین انصاف کے مطابق ہے۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری نمبر ۷ - مسلم - مخصوص نشست) حضور والا - مجھے اس کی شق نمبر ۲ پر اعتراض ہے۔

حضور والا—جیسا کہ آپ کو معلوم ہے۔ اب یہ چند دن کی بات ہے کہ مغربی پاکستان ایک Unit بننے والا ہے۔ جہاں نہ کوئی علیحدہ صوبہ ہو گا اور نہ کوئی ریاست - اس Unit میں جیسا کہ کہا جاتا ہے چار کمشنر یا گورنر ہونگے -

Mr. Speaker : It is irrelevant.

میاں محمد شفیع : حضور والا - اس کلاز کے ماتحت انہوں نے کلکٹر کو بے پناہ اختیارات دے دئے ہیں۔

جناب والا—میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ نماز کا وقت ہو چکا ہے (قہقہہ) -

صاحب سپیکر : آپ اپنا وقت ضائع نہ کریں - مجھے نماز کے وقت کا پتہ ہے۔

میاں محمد شفیع : حضور والا - میں یہ عرض کرنا چاہتا کہ جو اختیارات کلکٹر کو دئے گئے ہیں وہ بہت زیادہ ہیں - یہ اختیارات بانٹ کر اسسٹنٹ کلکٹر اور دیگر ماتحت افسروں کو دئے جانے چاہئیں۔ یہ ضروری نہیں کہ سب اختیارات ایک ہی افسر کے پاس اکٹھے کر دئے جائیں -

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 22 stand part of the Bill.
The motion was carried.

The Assembly then Adjourned for Asar prayers.

The Assembly re-assembled after Asar prayers. Mr. Speaker in the chair.

Clause 23.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور نمبر ۹ مسلم)—حضور والا - عزت مآب وزیر مال صاحب نے ابھی ابھی حذب اختلاف کے ارکان کو دعوت چائے دی ہے۔ اس چائے نوشی کے اثر کے ماتحت میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ کم از کم اس کلاز کی مخالفت ترک کر دی جائے

خواجہ غلام سدیدالدین۔کیا چائے کی دعوت رشوت کی ذیل میں نہیں آتی ؟ (قہقہہ)۔

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 23 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 24.

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 24 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 25.

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 25 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 26.

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 26 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 27.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور۔ ۹ ۔ مسلم) حضور والا۔ اس چائے میں نمک نہیں تھا۔ تا ہم حق نمک ادا ہو چکا ہے (ایک آواز : اب چینی شوگر کا حق ادا کیجئے) (قہقہہ)۔

کلاز ۲۷ کا منشا یہ ہے کہ عدالت ہائے دیوانی کو اس قانون کے ماتحت جسقدر تنازعات ہوں گے انہیں سننے کا حق نہیں ہوگا عام طور پر دیوانی عدالتوں کو اس قسم کے تنازعات کا حق سماعت ہوتا ہے مگر جہاں تک اس قانون کے ماتحت تنازعات پیدا ہونے کا تعلق ہے ان کے سلسلے میں دیوانی عدالتوں کو تنازعات سننے کا حق نہیں دیا گیا۔

حضور والا۔ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں ہم حکومت کے طرز عمل سے اور طریق کار سے اختلاف رکھتے ہیں۔ حکومت اپنے بعض مخصوص مصالح کے پیش نظر عدالتوں کے اختیارات محدود کر دیتی ہے بعض امور و معاملات کو عدالتوں کے حیطہ اختیار سے بالاتر اور مستثنےٰ قرار دے دیتی ہے۔ ہم اس کو ایک غلط طریق کار سمجھتے ہیں کیونکہ یہ اسلامی نظام حکومت کی سپرٹ اور روح کے خلاف ہے۔ اگر آپ کو اپنی عدالتوں پر پورا پورا اعتماد نہیں تو پھر ملک کا خدا حافظ۔ اگر آپ یہ انوکھا طریق کار استعمال کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے جوڈیشری کی دیانت آپ کی نظروں میں نعوذباللہ مشکوک ہے۔ یا اسکی لیاقت معاذاللہ محل نظر ہے تو اس صورت میں آپ کو اپنی جوڈیشری کو replace کر دینا چاہئے۔ یہ کسطرح

جائز ہے کہ بعض خاص حالات میں تو خاص مقدمات کا حق سماعت عدالتوں سے چھینا جا سکتا ہے۔ مگر یہاں تو آپ ہو بہو اور سو فیصدی عدالتوں کے حقوق سماعت چھین رہے ہیں۔

حضور والا ! جو چیز میری مخالفت کی محرک ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ بعض دفعہ غیر ضروری طوالت سے اور قانونی مجبوریوں اور پیچیدگیوں اور delay سے بچنے کے لئے حکومت دیوانی عدالتوں میں آنے سے پرہیز کیا کرتی ہے لیکن یہاں میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت اپنے کلکٹر صاحب بہادر کو ایسے اختیارات تفویض کر رہی ہے جن میں اپیل اور نگرانی کا اہتمام بھی نہیں کیا گیا اور دیوانی عدالتوں کو بھی حق سماعت سے محروم کیا گیا ہے کہ وہ مالی مقدمات کو سن ہی نہ سکیں۔ حالانکہ مقدمات مال میں بڑی بڑی مالی رقوم involve ہوتی ہیں جن کا صحیح تصفیہ دیوانی عدالتوں میں ہی ہو سکتا ہے۔ محکمہ مال کا طریق کار عام طور پر محض اجمالی نوعیت اور سرسری قسم کا ہی ہوتا ہے وہ case کے merit یعنی معاملہ کے حسن و قبح پر چنداں گہرے غور و فکر سے کام نہیں لیتا اسلئے بالاخر دیوانی عدالتوں میں معاملات کا تصفیہ ہوا کرتا ہے۔ محکمہ مال میں تو summary طریق پر کام ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آخر مالی امور میں عدالت دیوانی سے فتویٰ لینے کی نوبت آیا کرتی ہے۔ اور عدالت ہائے دیوانی سے ہی رجوع کرنا پڑتا ہے کیونکہ واقعات کے اصل merits and demerits پر کما حقہ بحث ہوتی ہے۔ یہاں پر عظیم مفادات اور بہت وسیع قسم کے اور بڑے بڑے مالیاتی معاہدات involved ہوتے ہیں۔ اس لئے ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ اراضیات کے پٹے جن میں ہزاروں اور سینکڑوں بلکہ لکھوکھہا روپیہ کی مالیت کے امور اور معاہدات زیر تصفیہ آئیں گے جن کا صحیح فیصلہ کما حقہ دیوانی عدالت میں ہی ہو سکتا ہے۔ ان تمام مقدمات کی سماعت کا اختیار دیوانی عدالتوں سے کیوں چھینا جا رہا ہے؟ اس صورت میں خفیف سے خفیف معاملہ سے لیکر بڑے سے بڑے مالی امور تک محکمہ مال کے سرسری طریق کار کی نذر ہو جائیں گے اور واقعات بھی مسخ شدہ صورت اختیار کر لیں گے۔ اس لئے میں استدعا کروں گا کہ آپ اپنی دیوانی عدالتوں پر پورا پورا اعتماد کرتے ہوئے ان کے اختیارات بدستور قائم رکھیں خصوصاً جب کہ اس قانون کے ماتحت مزارع پر بڑے مظالم ہونے کا امکان بلکہ یقین ہے۔ لہذا میں گذارش کرونگا کہ اس کلاز کو حذف کر دیا جائے۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری ے مسلم)

وہ نالہ دل میں خس کے برابر جگہ نہ پائے
جس نالے سے شگاف پڑے آفتاب میں !

حضور والا ہم داستان ہائے غم سناتے ہیں تو دوسری طرف سے ان پر قہقہوں کے گلدستے نچھاور ہوتے ہیں لیکن میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ دن دور نہیں جب ان کا دامن ہو گا اور ہمارا ہاتھ۔ حضور والا یہ مارشل لاء نہیں تو اور کیا ہے کہ آپ کو اپنی دیوانی عدالتوں پر اعتماد نہیں۔ آپ اپنے لوگوں پر . . . . .

صاحب سپیکر—معزز ممبر صاحبان کو اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ وہ کسی ایسی دلیل کی تکرار نہ کریں جو کسی اور صاحب نے پیش کی ہو۔ جو دلیل مسٹر چیمہ پیش کر چکے ہیں آپ اس کی تکرار نہ کریں۔

میاں محمد شفیع—ہم دلیلیں آسمان سے لائیں ؟ بہر حال میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ لوگ جو مارشل لاء کی پیداوار ہیں وہ مارشل لاء کو زندگی کے ہر شعبہ میں جاری و ساری کرنا چاہتے ہیں۔ آپ ہم پر دیوانی عدالتوں کا دروازہ بند کرکے یہ چاہتے ہیں کہ ہم اپنے اس مطالبہ کو جو جائز ہے کسی کورٹ میں نہ لے جا سکیں۔ حضور میں آپ سے پوچھتا ہوں کیونکہ آپ بھی اس ہاؤس کے ایک ممبر ہیں اور اس ہاؤس نے آپ کو یہ امانت بخشی ہے کہ آپ اس کے سپیکر ہیں جب یہ لوگ اپنی دیوانی عدالتوں پر اعتماد نہیں کرتے اور لوگوں کو موقع نہیں دیتے کہ وہ ان کے ذریعہ سے اپنے جائز حقوق کا تحفظ کر سکیں تو کیا یہ اس امر کے مترادف نہیں ہے کہ وہ ہر معاملہ میں مارشل لاء والا طریق کار اختیار کرنا چاہتے ہیں؟ حضور والا ان مختصر الفاظ کے ساتھ میں وزیر مال سے درخواست کرتا ہوں کہ جو معروضات ہم نے پیش کی ہیں ان پر وہ غور فرمائیں۔

وزیر مال—عزت مآب مسٹر مظفر علی خاں قزلباش) جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میاں محمد شفیع صاحب ضرور تقریر کرنا چاہتے ہیں خواہ اس میں کوئی نیا نکتہ ہو یا نہ۔ سوال یہ ہے۔

میاں محمد شفیع—جناب والا میں آپ کی توجہ ضابطہ کی طرف منعطف کراتا ہوں۔ کیا صاحب سپیکر کے علاوہ بھی کوئی اور معزز رکن یہ کہنے کے مجاز ہیں کہ کی گئی تقریر متعلقہ تھی یا غیر متعلقہ ؟

صاحب سپیکر—نہیں کوئی اور ایسا کہنے کا مجاز نہیں ہے۔

وزیر مال—میں نے تو وہی کچھ کہا تھا جو سپیکر صاحب نے آپ کو کہا تھا۔ بہر حال میں یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ بہت ضروری کلاز ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ سول کورٹس کا دروازہ بند کر دیا جائے بلکہ ہم کو معلوم ہے کہ جس وقت ہم کوئی زمین لینا چاہیں گے تو مالکان اس میں ضرور رکاوٹیں پیدا کریں گے کہ اس میں زیادہ سے زیادہ دیر ہو تا کہ وہ زمین ہم اس سے نہ لے سکیں۔ لہذا ہم نے یہ کہا ہے کہ انہیں یہ اختیار نہیں ہو گا کہ وہ اس کے بارہ میں سول کورٹس میں دعوی دائر کر دیں تاکہ ہم ایسی زمین کو جلد از جلد ٹھیکہ پر دیکر کاشت شروع کروادیں۔ اگر ہم یہ دروازہ کھلا رکھیں تو پھر یہ جھگڑا دس برس تک چلتا رہے گا اور ہم اس کی زمین کبھی بھی حاصل نہیں کر سکتے۔ اس چیز کو روکنے کیلئے ہم نے یہ کہا ہے کہ کوئی شخص کورٹس میں نہیں جا سکے گا۔ اب جو طریق کار کورٹس میں زمین لینے کا ہو سکتا ہے وہ تو باقی رہیگا۔ یہ کہ ملکیت کس کی ہے۔ تو جس کی ملکیت ہے اس کی رہے گی۔ اس وقت ہم نے صرف یہ کیا ہے کہ جس وقت گورنمنٹ یہ زمین لے لیتی ہے تو اس کے بارہ میں ہم نے یہ شرط رکھی ہے کہ یہ زمین اسی شخص کو واپس کر دی جائیگی جس سے ہم نے قبضہ لیا۔ اس لئے یہ چیز مزارع کیلئے نہیں بلکہ مالک کے لئے ہے۔ اب فرض کیجئے کہ کسی ایسی زمین کا قبضہ لینے کیلئے کلکٹر صاحب کسی کو نوٹس جاری کرتے ہیں اس کے بارہ میں اگر یہ کلاز نہ رکھی ہوئی ہو تو کوئی دوسرا شخص یہ دعوی دائر کر سکتا ہے کہ یہ زمین تو فلاں کی نہیں بلکہ فلاں کی ہے اور یہ کہ یہ نوٹس غلط دیا گیا ہے اس طرح کلکٹر وہ زمین حاصل نہیں کر سکیگا۔ اس وجہ کے پیش نظر یہ کیا گیا ہے اور جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ وہ لوگ یہ کوشش کریں گے کہ وہ زمین کلکٹر کے سپرد نہ کی جائے سو اس کا تدارک کرنے کیلئے یہ کلاز رکھی گئی ہے اور باقی رہی یہ بات کہ ہم نے سول کورٹس کی جیورسڈکشن میں کمی کر دی ہے اس کے ضمن میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بات درست نہیں ہے۔ ہم نے کتنے ہی قوانین پاس کئے ہیں جن میں ہم نے سول کورٹس کو زیادہ سے زیادہ اختیار دئے ہیں۔ میں بڑے وثوق سے یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ اگر کسی حکومت کو جوڈیشری پر پورا بھروسہ ہو سکتا ہے تو وہ یہی حکومت ہے۔ ہم نے بہت سی ایسی چیزیں جو ہمارے قبضہ میں

تھیں ان کو دیدیں ہیں۔ مثلاً ہم خود الیکشن ٹریبونل مقرر کر سکتے تھے ہم نے وہ اختیار بھی جوڈیشری کے سپرد کر دیا ہے۔ اس وضاحت کے بعد مجھے یقین ہے کہ میرے دوست اس کلاز کی مخالفت نہیں کریں گے۔

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 27 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 28

میاں محمد شفیع (منٹگمری ۷ مسلم) : جناب والا وزیر مال صاحب نے کلاز نمبر ۲۷ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کلاز نمبر ۲۸ کے متعلق ان کا کیا خیال ہے۔ میں اسے پڑھ دیتا ہوں۔

"No claim for damages and no prosecution or other legal proceedings shall lie against Government or against any of its officers or against any person authorised by Government or by any officer empowered by Government in this behalf for anything done in good faith in pursuance of this Act or any rules made thereunder".

حضور والا—وزیر مال صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ ہم نے بڑے زمینداروں کے لئے جن کی زمینیں ہم لے رہے ہیں کورٹس کا دروازہ اس لئے بند کر دیا ہے تا کہ وہ مقدمہ بازی نہ کر سکیں اور dilatry tactics بروئے کار نہ لا سکیں لیکن یہ جو شق ہے اس کے متعلق آپ کا کیا ارشاد ہے؟ کیا آپ مزارع کو اس کے اس حق سے محروم نہیں کر رہے ہیں کہ وہ کلکٹر کے خلاف اس امر کی بابت کوئی سول سوٹ دائر کر سکے کہ اس نے بددیانتی سے جو معاوضہ مقرر کیا ہے وہ بہت کم ہے؟ کیا آپ یہاں بھی مارشل لاء کا اطلاق کر رہے ہیں کہ جس طرح آئین ساز اسمبلی نے Indemnity Act پاس کیا تھا آپ بھی اس زیر غور بل میں Indemnity Act جیسی کلاز کا یہاں اضافہ کر رہے ہیں تا کہ آپ کے افسران کے خلاف جو بد دیانتی سے کام کر چکے ہوں کوئی عدالت کا دروازہ نہ کھٹکھٹا سکے؟ آپ اپنے ضمیر سے پوچھیں پولیٹیکل ضمیر سے نہیں بلکہ اخلاق ضمیر سے کہ آیا آپ یہ ٹھیک کر رہے ہیں؟

Minister of Revenue : Done in good faith.

Mian Muhammad Shafi : The onus is upon you.

جناب والا میں ان قانونی موشگافیوں کو خوب سمجھتا ہوں۔ کیا آپ نے ان الفاظ کو یہاں رکھ کر اپنے ملازمین کے خلاف چارہ جوئی کے حق کو لوگوں سے چھین نہیں لیا؟

وزیر مال—ہر ایک قانون میں افسروں کو یہ تحفظ دیا جاتا ہے۔ اگر افسروں کو اپنے سرکاری فرائض کی انجام دھی کے بعد عدالتوں میں

مارا مارا پھرنا پڑے تو کوئی افسر اپنے فرائض کی انجام دھی میں کوشش نہیں کریگا۔

میاں محمد شفیع—مثلاً فرض کیجئے کہ کسی زمین کے ٹھیک ہو جانے کے بعد کلکٹر اسکی شرح فی مرلہ یا فی کنال ایسی مقرر کرتا ہے جو متعلقہ شخص سمجھتا ہے کہ اس ملک کے معاشرتی حالات کے مطابق نہیں ہے تو کیا اسکے لئے حکومت نے کوئی قانونی راستہ چھوڑا ہے؟

وزیر مال—آپ کلکٹر کو کیوں اتنا بد دیانت سمجھتے ہیں ؟

میاں محمد شفیع—حضور والا۔ اراکین وزرات سے میری استدعا صرف اتنی ہے کہ وہ اس مسئلہ پر غور فرمائیں اور لوگوں کو اس حق سے محروم نہ کریں اگر وہ سمجھیں کہ انکے ساتھ انصاف نہیں ہوا تو وہ عدالت کا دروازہ کھٹکھٹا سکیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور۔ ۹ ۔ مسلم) : حضور والا میرا خیال کچھ عرض کرنے کا نہیں تھا۔ لیکن جب عزت مآب وزیر مال نے یہ ارشاد فرمایا کہ یہ کلاز رسمی طور پر ہمیشہ ہر قانون میں شامل ہوتی ہے اور ہر حکومت اپنے افسران کی سرگرمیوں کو قانونی تحفظ دیتی ہے اور اس لحاظ سے وہ ایک مروجہ طریق کار کے مطابق اس کلاز کو یہاں رکھ رہے ہیں تو مجھے خیال ہوا کہ میں اسکے متعلق کچھ عرض کروں۔

حضور والا۔ جو مثالیں اور نظائر آنریبل وزیر مال کے پیش نظر ہیں وہ در حقیقت انگریزی دور حکومت کی باقیات السیئات ہیں۔ انگریز کو اس ملک کے اندر اپنے مخصوص سامراجی اور نوآبادیاتی مفادات کے تحفظ کیلئے ہر قانون میں اس قسم کی کلاز خواہ مخواہ شامل کرنی پڑتی تھی تاکہ وہ اپنے حکام و عمال کی ہر قسم کی جائز اور ناجائز کارروائیوں کو قانونی گرفت سے بالا کر دیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اب قیام پاکستان کے بعد ہماری نظر و فکر اور ذہنیتوں میں کچھ تبدیلی آنی چاہیئے۔ آخر حکومت اب کن لوگوں پر مشتمل ہے ؟ یہ لوگ ہم میں سے ہیں۔ اگر وہ آج وزارت اور صدارت کی گدیوں پر تشریف فرما ہیں تو ہو سکتا ہے کہ کل وہ ان گدیوں پر تشریف فرما نہ رہیں اور پھر بحیثیت انسان اور بتقاضائے بشریت انہیں خطا و نسیان سے بالا تر بھی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ قانون کی نگاہوں میں یکسانیت اور مساوات ہی عدل و انصاف کی سب سے پہلی ضمانت ہو سکتی ہے۔ عدل و انصاف کی گارنٹی تب ہو سکتی ہے جب اس جمہوری

———معاف فرمائیے گا غلطی سے جمہوری کہ دیا———جب

اس برائے نام اور نام نہاد اسلامی حکومت میں سب سے بڑی ایگزیکٹو اتھارٹی کو بھی قانون سے بالا تر تصور نہ کیا جائے۔ اور ہر معاملہ میں قانونی مساوات کے زرین اسلامی اصول کو ملحوظ رکھا جائے۔ میں اسکی تائید میں بے شمار تاریخی مثالیں اور واقعات پیش کر سکتا ہوں لیکن چونکہ مختلف موقعوں پر ایسی مثالیں اس ایوان میں کئی بار پیش کی جا چکی ہیں اسلئے اب پھر انکا ذکر کرنا ایک غیر ضروری تکرار ہوگا۔ بہر حال میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اراکین حکومت بدلتے ہوئے اور بدلے ہوئے حالات کی روشنی میں اپنی ذہنیتوں اور قلوب و اذہان میں تبدیلی کریں (ہیئر۔ ہیئر) اور ایک غلط قسم کی روایت کو اس قسم کی مداومت نہ بخشیں کہ جس سے عدل و انصاف کے پورا ہونے کا امکان باقی نہ رہے۔

وزیر مال (عزت مآب مسٹر مظفر علی خاں قزلباش) : جناب والا۔ میں تو صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک ایسی کلاز ہے جو ہر ایک گورنمنٹ ملازم کو وہ تحفظ مہیا کرتی ہے جو اسکا حق ہے۔ ورنہ وہ کوئی سرکاری کام کرنے پر آمادہ نہیں ہوگا۔ میرا سارا زور کلمہ ''نیک نیتی،، پر ہے۔ اگر وہ بے ایمانی سے کوئی کام کرتا ہے تو لا محالہ اسکا خمیازہ بھگتے گا۔ لیکن اگر وہ نیک نیتی سے اپنے سرکاری فرائض کی انجام دہی کے سلسلہ میں کوئی کام کرتا ہے تو اسے ضرور تحفظ حاصل ہونا چاہیئے ورنہ حکومت کا کاروبار چلنا مشکل ہو جائیگا۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس کلاز کی جو مخالفت کی ہے وہ بالکل ناجائز اور نا مناسب ہے۔

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 28 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 29.

Mr. C. E. Gibbon : Sir. I beg to move—
That in clause 29. sub-clause (1), after the word "Act", the full-stop be replaced by a comma and the following words be added :—
"and shall publish them in the Official Gazette".
The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 29 as amended stand part of the Bill.
The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—
That Preamble be the Preamble of the Bill.
The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker : The question is—
That Short Title be the Short Title of the Bill.
The motion was carried.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move—
That the Punjab Land Utilisation Bill, 1954, be passed.
Mr. Speaker : Motion moved is—
That the Punjab Land Utilisation Bill be passed.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور - ۹ - مسلم) : حضور والا - میں عزت مآب جناب وزیر مال کا نہایت مشکور ہوں کہ انہوں نے میری ترامیم پر غور کرنے کے بعد اصل بل پر دوبارہ غور فرمانے کی زحمت گوارا فرمائی - مجھے یقین ہے کہ جو گذارشات میں آپ کی خدمت میں پیش کرنے والا ہوں اگر وہ ان کی روشنی میں دوبارہ اصل قانون پڑھ کر اس پر غور فرمائینگے تو میری باقی ماندہ ترامیم بھی قابل قبول پائینگے - یہ الگ بات ہے کہ پھر اس معزز ایوان کے سامنے اس میں کسی قسم کی ترامیم پیش کرنے کا موقع میسر آنا ناممکنات میں سے ہے -

بہر حال حضور والا - اس قانون کے اغراض و مقاصد جن کی وجہ سے اسے ایوان میں پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی یہ ہے کہ بعض لوگ جو بے بضاعتی کی وجہ سے - مناسب ذرائع اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے - پوری اور مناسب دلچسپی نہ لینے کی وجہ سے یا اپنی غفلت شعاری کی وجہ سے اپنی زمینوں کو زیر کاشت نہ لائینگے تو ان سے اس طریق کار کے تحت جس کا تفصیلاً ذکر اس مسودہ قانون میں کیا گیا ہے تمام ایسی زمینیں لے لی جائینگی -

جہانتک اس مسودہ قانون کے تمام کسانوں پر اطلاق کا تعلق ہے وہ تجویز تو پیش ہو چکی ہے - میں امید کرتا ہوں کہ اب اس کے بعد عزت مآب وزیر مال اپنے مفروضے کے حق میں پیش کردہ دلائل پر دوبارہ غور فرمائینگے اور ان میں مناسب تبدیلیاں کرنے کی زحمت گوارا فرمائینگے - جناب وزیر مال کا مفروضہ یہ تھا کہ جو لوگ وسائل اور ذرائع میسر نہ آنے کی وجہ سے زمینیں زیر کاشت نہ لائینگے تو ان کی اراضیات بھی بعض دوسرے لوگوں کے سپرد کی جا سکینگی - میں ان کی خدمت میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عملاً یہ صورت حال کبھی پیدا ہی نہ ہوگی - اس کی وجہ یہ ہے کہ جن لوگوں کا واحد ذریعہ معاش کاشتکاری ہے اور ان کے پاس کچھ زمینیں ایسی ہیں جو آسانی سے زیر کاشت لائی جا سکتی ہیں اور مزروعہ بنائی جا سکتی ہیں اور پھر ان کی امداد کیلئے حکومت کی طرف سے ہر طرح کی سہولتیں مثلاً تقاوی قرضے اور Agricultural Loans Act کے ماتحت امداد و تعاون کا سامان بھی ہو تو پھر کیا وجہ ہے کہ وہ ان سے پورا پورا استفادہ نہ کریں - حضور والا - یہ تو ایک سیدھی سی اور موٹی سی بات ہے

کہ اس قسم کے کاشتکار ماسوائے کاشتکاری کوئی متبادل ذریعہ معاش اختیار نہیں کر سکتے۔ ان حالات میں جب ان کے پاس بنجر اور افتادہ زمین موجود ہو اور دیگر وسائل و ذرائع اپنی طرف سے مہیا کرنے کی ضمانت و کفالت حکومت اپنے ذمے لے اور کاشتکار اپنی استطاعت کے مطابق عمل پیرا ہو تو پھر اس قسم کے مفروضے اور خیال پر یقین کرنے کی کوئی وجہ باقی نہیں رہتی۔ لہذا ایسے ادنیٰ مالکان اراضی اور چھوٹے زمیندار ذرائع اور وسائل نہ ہونے کی وجہ سے اپنی زمینیں دوسرے لوگوں کو پٹے پر دینے کیلئے کیسے آمادہ ہو سکینگے؟ البتہ بالفرض اگر اس قسم کی کوئی عملی صورت پیدا ہوئی تو وہ بڑے مالکان اراضی کے سلسلے میں پیدا ہوگی۔

حضور والا۔ اس کے متعلق صورت حال یہ ہے کہ بلا شک و شبہ بڑے بڑے مالکان اراضی کے بہت سے وسیع رقبہ جات اس وقت بھی بنجر اور غیر مزروعہ پڑے ہیں۔ جن سے بعض ناگزیر مشکلات کے پیش نظر۔ تساہل۔ تغافل یا بعض نامعلوم وجوہات کی بنا پر فائدہ نہیں اٹھایا جا رہا۔ بڑے بڑے زمینداروں سے بھی یہ رقبہ جات لے کر دوسرے لوگوں کو انفرادی حیثیت سے یا فرموں کی حیثیت سے دینا تاکہ وہ کاروباری نقطہ نگاہ سے ان سے فائدہ اٹھائیں چنداں مفید ثابت نہ ہوگا۔ جیسا کہ وزیر مال صاحب نے فرمایا ہے۔ کاروباری قسم کے لوگ ایسے رقبہ جات کو بہت جلد زیر کاشت لا کر صوبے کی پیداوار میں کافی اضافہ کرنے کا موجب ہونگے۔ میرے نزدیک اس امر کا امکان بہت ضعیف و بعید ہے۔ کیونکہ ایک طرف تو وہ اس لمبے چوڑے اور پیچیدہ طریق کار کو اختیار کرنے سے گھبرائینگے جو خدا جانے ان کے نقطہ نظر سے کہاں تک جاذب نظر اور کشش کا باعث ہو اور دوسری طرف یہ کاروباری لوگ اس حد تک محتاط ہوتے ہیں کہ وہ سرمایہ لگانے سے پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ ان کا کاروبار کتنے عرصہ میں انہیں کیا return یا منافع دیگا۔ یعنی بالفاظ دیگر وہ نتائج کے اعتبار سے کاروبار میں سرمایہ لگاتے ہیں۔ میں جناب وزیر مال سے صرف یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ نے اس مسنودہ قانون کی تمام دفعات میں نا قابل عمل اور الجھا ہوا طریق کار تجویز کیا ہے تو پھر آپ کے منشا کے مطابق تو وہ بالکل بھولے بھالے اور سیدھے سادھے کاروباری لوگ ہونگے۔ جو آپ کی ان کڑی شرائط کو قبول کرینگے۔

حضور والا۔ بظاہر آپ کی منزل مقصود نیک اور مبارک ہے۔ مگر جو راستہ آپ نے اختیار کیا ہے اس پر چلنے والا مسافر حقیقت میں پشت بمنزل ہے یعنی اس نے جس طرف جانا ہے اسی طرف پشت کی ہوئی ہے۔

ترسم که به کعبه نه رسی اے اعرابی
این راه که تو می روی به ترکستان است

حضور والا ۔ بظاہر یہ ایک مناسب اور مبارک اقدام نظر آتا ہے لیکن جہاں تک عملاً اس کی افادیت اور اس کے نفع کا تعلق ہے اس میں مجھے شک ہے کہ اصل مقصد فوت ہو جائے گا ۔ اور آپ کی منزل اگرچہ آپ کے سامنے ہے لیکن آپ شاید کبھی بھی اس تک نہ پہنچ سکیں ۔

اس کے علاوہ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ان دفعات میں حکومت نے اس بات کی احتیاط ضرور کی ہے کہ کسی آدمی کے جائز حقوق ملکیت پر کوئی ناجائز اثر نہ پڑے اور نہ کوئی ضرب کاری لگے ۔ ذاتی حیثیت سے مجھے اس نظریہ سے اتفاق ہے ۔ لیکن میں لفظ ''جائز'' پر زور دینا چاہتا ہوں اور یہ بات عوت مآب وزیر مال صاحب کے ذہن نشین کرانا چاہتا ہوں کہ میری نظروں میں جائز حقوق ملکیت کا تصور ان کے ذہنی تصور سے بالکل مختلف ہے ۔ میں تمام موجودہ نام نہاد قوانین کے مطابق حقوق ملکیت کو ناجائز قرار دیتا ہوں ۔ ان کی پیشرو حکومت نے بعض ٹوڈی خوشامدی اور ضمیر فروش قسم کے لوگوں کو یعنی دشمن وطن اور غداران وطن کی خدمات کے عوض اور ان کی ضمیر فروشی کے صلہ میں اراضیات دی تھیں ۔ اس نسبت سے اگر آپ اس بات کی تحقیقات کریں کہ ایسے لوگ کون کون سے ہیں جو وطن دشمنی اور غداری کے صلے میں رقبہ جات اراضی کے مالک بنے بیٹھے ہیں تو آپ کو ہزاروں ایکڑ اراضیات مل سکتی تھیں جنہیں آپ ان غریب محتاج اور ضرورتمند لوگوں میں تقسیم کر سکتے تھے ۔ حضور ۔ جو لوگ اس طرح وطن دشمنی اور ضمیر فروشی کی قیمت حاصل کرتے ہیں وہ نہ تو دینی اعتبار سے منفعت حاصل کرتے ہیں اور نہ دنیاوی طور پر ۔

حضور والا ۔ ایک مرحلہ پر میں نے عزت مآب وزیر مال صاحب کی خدمت میں استدعا کی تھی کہ ایسی اراضیات لوگوں سے واپس لے لی جائیں تو انہوں نے فرمایا تھا کہ اس طرح سے "stability" باقی نہیں رہتی ۔ حقیقت میں انہوں نے stability کی کمزور آڑ لی ہے جو کسی طرح سے بھی درست نہیں ۔ میں بارہا عرض کر چکا ہوں کہ ایسے معاملات میں اور خصوصاً زرعی معیشت میں ایک انقلابی تبدیلی پیدا کرنے کی ضرورت ہے لیکن اس کے برعکس جو نقطہ نظر آپ دیکھ رہے ہیں وہ بالکل فرسودہ ہے اور پرانی ذہنیت کی پیداوار نظر آتا ہے ۔ اگر آپ تحقیقات فرمائیں تو ہم جانتے ہیں اس کی سب

سے بڑی زد آپ کے حواریوں پر پڑے گی جو آپ کی سیاسی مشکلات میں آپ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں اور ہر وقت امداد کے لئے حاضر رہتے ہیں لیکن اگر آپ دیانت داری سے اس قسم کے کام کو کار خیر سمجھ کر انجام دینا چاہیں تو اس تبادل تجویز پر آپ ضرور غور فرمائیں۔

حضور والا۔ یہ عرض کرنے کے بعد کہ عملاً خاص لوگ فائدہ اٹھا سکیں گے اور یہ عرض کرنے کے بعد کہ اس کی افادیت بہت محدود ہو جائے گی۔ میں ایک اور چیز عرض کروں گا اور وہ یہ ہے کہ آپ نے ایک ایسا طریق کار اختیار کیا ہے جس میں میرا اندازہ ہے کہ اگر کوئی بد قسمت بھولا بھٹکا آدمی جس کو اپنے سرمایہ کی investment کے لئے کوئی مقام نظر نہ آئے تو ایک مرتبہ وہ پھنس بھی جائے گا۔ پھر اس قانون کی رو سے جو حشر اور جو انجام اس کا ہوگا وہی سمجھ سکیگا۔ کیونکہ اس قانون کی حیثیت ہمیشہ کاغذی ہوگی۔ عملاً کوئی استفادہ نہیں ہو سکے گا۔ اگر اس میں آپ دوسری تمام خامیوں کے باوجود جن کا ذکر کیا گیا ہے افسران پر Rent تشخیص کرنے کے لئے پابندیاں عائد کر دیں اور بے دخلی کے معاملات میں ان پر حدود لگا دیں اور کاروباری نقطہ نگاہ سے ان ساری چیزوں کو دیکھیں تو ہو سکتا ہے عملاً اس سے فائدہ حاصل ہو۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری ۷ - مسلم - مخصوص نشست) :حضور والا - آنریبل وزیر مال نے نہایت شفقت سے لیڈر آف دی آپوزیشن مسٹر گبن صاحب - چیمہ صاحب اور مجھے چائے کی دعوت دی اور بل کی دو نہایت اچھی ترامیم منظور کر لیں۔

راہ پہ ان کو ابھی ہم تو لگا آئے ہیں
اور کھل جائیں گے دو چار ملاقاتوں میں

حضور والا۔ اس تمہید کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ جس اسلامک سوشلزم کا اتنا پرچار تھا۔ جس کا ایک ڈھانچہ ہمیں دیا گیا تھا اور جس کے متعلق تقریروں میں - تحریروں میں۔ جلسوں میں۔ جلوسوں میں - نعروں میں ہم نے دنیا کو بتا دیا کہ آئندہ ہم ملک کا بٹوارہ چاہتے ہیں۔

صاحب سپیکر : یہ بالکل irrelevant ہے۔

میاں محمد شفیع :حضور والا—اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک آیت پڑھ دوں۔ اور وہ یہ ہے کہ ''لما تقولون ما لا تفعلون،، یعنی ان کے قول و فعل میں تضاد کیوں ہے ؟

صاحب سپیکر : یہ بالکل غیر متعلقہ باتیں ہیں۔ آپ اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں ۔ میں صرف پانچ منٹ اور دوں گا۔

میاں محمد شفیع : حضور والا۔ اس قانون سے متعلقہ صرف تین اشخاص ہیں ۔ ایک مالک ۔ دوسرے سرکار۔ تیسرے prospective مزارع ۔ چنانچہ حکومت نے اس قانون کے ماتحت یہ بات پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ ان کے سیاسی حواریوں اور سرمایہ داروں کو زیادہ سے زیادہ آسانیاں میسر آ سکیں ۔ ان کے باپ دادا کی حلال یا حرام کی کمائی کی زمینوں کو مزروعہ کر سکیں ۔ حضور کو معلوم ہے کہ زمین کی کاشت وہی شخص کرتا ہے جس کے پاس ذرائع آمدنی کم ہوتے ہیں ۔ اس لئے وہ اپنی زمین کے ایک ایک انچ اور ایک ایک چپہ کو زرخیز بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ میں جالندھر کا رہنے والا ہوں مجھے معلوم ہے کہ وہاں جب کسی کی زمین بٹتی تو وہ لوگ ایک ایک انچ زمین زیر کاشت لاتے اور واقعی لٹریری معنوں میں ایک انچ زمین بغیر کاشت کے باقی نہ رہتی۔

انکی ہزاروں ایکڑ زمینیں بنجر پڑی ہیں ۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ اس ایوان کے ایک معزز رکن (پیر صاحب) ہیں جن کی ہزار ہا ایکڑ غیر مزروعہ زمین ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ Grow More Food کے تحت یہ ایک بڑا زمینداری ''تمغہ،، حاصل کر لیں گے ۔ یہ زمیندار کو کہینگے کہ دیکھو جو زمین سالہا سال سے بنجر پڑی ہے تم اسے قابل کاشت بناؤ۔ ہم نے تمہیں پورے دو سال دیئے ہیں ۔ وہ غریب کسان دو دن نہیں دو ہفتے نہیں دو مہینے نہیں بلکہ پورے دو سال اس میں ہل چلائے۔ یہ اس پر ظلم نہیں تو اور کیا ہے ؟ پھر وہ حکم کے مطابق زمین میں کاشت کرتا ہے۔ اسکے بعد کلکٹر صاحب بہادر تشریف لے آتے ہیں۔ اور notifications کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ اسکے بعد ان بھوکے ننگے لوگوں سے یہ مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ اس زمین کو دس سال کیلئے پٹے پر لے لیں ۔ حضور وزیر مال صاحب خدا کے فضل و کرم سے بڑے progressive قسم کے لینڈ لارڈ سمجھے جاتے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ دس سال کے عرصے میں زمین سونا بن جائے گی۔ حضور والا ۔ وہ زمین جو صدیوں سے قابل کاشت نہ ہو سکی آپ کہتے ہیں کہ اس پر مزارع کا ہاتھ لگ جانے سے وہ سونے میں تبدیل ہو جائے گی۔

وزیر مال : اگر ایسا نہیں ہوگا تو دس سال اور دیدینگے ۔

میاں محمد شفیع : اگر آپ یہ قبول کر لیں کہ جو Crown land آپ ٹیوب ویل مکیم پر دینگے وہ بیس سال کیلئے دیں گے تو اس سے یہ معلوم

ہوگا کہ آپکے پیش نظر عوام کا فائدہ ہے اور اگر آپ اس ترمیم کو تسلیم نہیں کرتے تو میں یہ سمجھنے پر مجبور ہونگا کہ آپ کی حکومت کے پیش نظر صرف اپنے رشتہ داروں اور بھائی بندوں کا مفاد ہے ۔ اسی خیال کا اظہار کرنے کی کوشش میں نے کل کی تھی تو حضور سپیکر صاحب چین بجبین ہو گئے تھے اور مجھے ہاؤس سے نکال دیا تھا ۔

حضور والا ۔ میں نہایت ادب سے عرض کرتا ہوں کہ اس قسم کے قانون بنا کر class war کی ابتدا کی جا رہی ہے ۔ لوگوں میں اس امر کا احساس پیدا ہو چکا ہے کہ آپ صرف دو فیصدی کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ آپ کوشش کیجیئے کہ جب آپ adult franchise کے اصول پر منتخب ہو کر یہاں آئے ہیں تو آپ میں ہر ایک ممبر ایک ایک لاکھ کی نمائندگی کریں ۔ اور آپ جو قانون بنائیں وہ کم از کم اکثریت کے فائدے کیلئے تو ضرور ہو ۔ پبلک کے فائدے کیلئے ہو نہ کہ اپنے بھائی بندوں کے فائدے کیلئے بنایا جائے ۔ اب اس صورت میں یہ ممکن ہے کہ اسکو ہائی کورٹ ہی *ultravires* قرار دیدے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مولوی محمد اسلام الدین (ملتان نمبر ۱۳ ۔ مسلم ۔ مخصوص نشست) : جناب والا ۔ میں مسودہ پیش نظر کے متعلق اپنی گذارشات تفصیلی طور پر اس ہاؤس کے سامنے پیش کرنا چاہتا تھا لیکن چونکہ نماز مغرب کا وقت قریب ہے اور آپوزیشن ——————

صاحب سپیکر : نماز زیر بحث نہیں ہے ۔

مولوی محمد اسلام الدین : جناب والا ۔ میں انکے اعتراضات کا جواب دینا چاہتا ہوں ۔ آپوزیشن نے اچھے یا برے جیسے بھی دلائل کے ذریعے اس مسودہ قانون کی مخالفت کی ہے اس سے قطع نظر میں چاہتا ہوں کہ میں اس مسودہ قانون کو وضاحت کے ساتھ قرآن و سنت کی روشنی میں ہاؤس کے سامنے پیش کروں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) اور قرآن و سنت کو پیش نظر رکھتے ہوئے انکے دلائل کا جواب دوں لیکن چونکہ وقت تھوڑا ہے نماز کا وقت قریب ہے اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ مجھے پانچ یا سات منٹ اور دیئے جائیں تا کہ وہ غلط فہمیاں ——————

صاحب سپیکر : آپ اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں ۔

مولوی محمد اسلام الدین : جناب والا ۔ اس طرف سے جو تقریر ہوتی ہے اس سے وقت ضائع ہوتا ہے اور جو تقریریں اس طرف سے ہوتی ہیں .....

صاحب سپیکر : اگر آپ نے غیر متعلق باتیں کرنی ہیں تو آپ بیٹھ جائیں ۔

مولوی محمد اسلام الدین : جناب والا ۔ میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپوزیشن نے فرمایا ہے کہ قانون شریعت کے مطابق تین برس کا عرصہ ہونا چاہیئے۔ (ایک معزز رکن حزب مخالف ۔ آپ غلط کہہ رہے ہیں ۔ question) جناب والا ۔ بنجر قسم کی زمینیں آباد کرنے کے متعلق اسلام نے ایک نظریہ قائم کیا ہے۔ اس نظریئے کو پیش کرتے ہوئے انہوں نے فرمایا کہ یہ قانون غیر اسلامی ہے۔ میں اسکے جواب میں جناب کی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اس حکومت نے محض زیادہ اناج اگاؤ کی سکیم کو پیش نظر رکھتے ہوئے پبلک کی فلاح و بہبود کی خاطر اور مالکوں کی ملکیت پر غاصبانہ تصرف نہ کرتے ہوئے اور بزرگان اسلام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے تین سال کے بجائے دو سال کا عرصہ مقرر کیا ہے (ہئیر۔ہئیر) اور حکومت اس امر کیلئے مبارکباد کی مستحق ہے (ہئیر ۔ ہئیر) جناب والا ۔ اسکے بعد انہوں نے فرمایا ہے کہ عوام الناس کو اس قانون میں ترمیم و تنسیخ کرنے کا حق ہونا چاہیئے تھا ۔

صاحب سپیکر۔ وہ مرحلہ گزر چکا ہے ۔ اب اسکے متعلق آپ کچھ نہیں کہہ سکتے ۔

مولوی محمد اسلام الدین : جناب والا ۔ اس قانون کا مقصد یہ ہے کہ مالکوں کے پاس جو زمینیں بنجر پڑی ہیں ۔ جو زمینیں سر سبز شاداب نہیں ہو سکیں حکومت نیک نیتی سے زیادہ غلہ اگاؤ کی سکیم کے پیش نظر ان کو مجبور کرے گی کہ وہ زمینیں کاشت کیلئے دیدیں ۔ حکومت کا یہ اقدام شریعت کے خلاف ہر گز نہیں ہوگا بلکہ پبلک کے اندر جو ایک قسم کا ہیجان و اضطراب پیدا ہو رہا ہے اسکے پیش نظر اور غلے کی کمی کے پیش نظر حکومت چاہتی ہے کہ اس قانون کو رائج کیا جائے ۔ یہ قانون حقیقت میں قابل تعریف ہے ۔ لہذا میں اسکی پر زور تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is —

That the Punjab Land Utitisation Bill be passed.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned till 1 *p.m. on Tuesday, the* 30*th November,* 1954.

55 PLA—450—6-12-55—SGPWP Lahore

PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

NINTH SESSION OF THE FIRST PUNJAB LEGISLATIVE ASSEMBLY

Tuesday, 30th November 1954.

The Assembly met in the Assembly Chamber, Lahore, at 1 p.m. of the Clock.
Mr. Speaker (The Hon'ble Dr. Khalifa Shuja-ud-Din) in the chair.

Recitation from the Holy Quran.

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

POLICE WELFARE FUND

***2978. Mr. C.E. Gibbon:** My question arises out of starred question No. 2674. Will the Honourable Minister be pleased to state the amount of money earned through voluntary fatigue and paid into the Welfare Fund from August to date, and 1947 how much of this was contributed by the present Inspector-General of Police.

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Ali): Sir, the answer to this question is the same which I gave yesterday.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Hon'ble Parliamentary Secretary be pleased to say that since this was the only amount paid into the Welfare Fund for the common good, how can other expenses be met which are to be utilized for the common good?

Parliamentary Secretary: I require fresh notice.

Mr. C. E. Gibbon: Arising out of the reply given to my starred question No. 2978, will the Hon'ble Parliamentary Secretary please tell us for what purposes the amount of the Welfare Fund is used.

Parliamentary Secretary: For the welfare of the Police.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Hon'ble Parliamentary Secretary please state one purpose for which it is being utilized?

Parliamentary Secretary: I cannot state off hand.

Mr. C. E. Gibbon: Can the Hon'ble Parliamentary Secretary say with certainty when this Welfare Fund was started.

Parliamentary Secretary: An enquiry will be made.

Mr. C. E. Gibbon: Is it a fact that this Welfare Fund was started with the object of covering up the illegal action of the Inspector-General of Police?

Parliamentary Secretary: No, it is wrong.

Question No. 2887. (*Left over from the List of Business for 29th November* 1954).

(*The required Goshwara was handed over to Ch. Muhammad Afzal Cheema*)

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : May I know Sir, what political considerations were kept in mind while granting these route permits to various societies?

Mr. Speaker : Disallowed.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Is it a fact, Sir, that route permits are granted on political grounds?

Minister of Public Works : Route permits are granted by the Regional Transport Authority. Government never give any direction to the Regional Transport Authority to grant permit to a particular individual or to any company. An appeal against the decision of the Regional Transport Authority lies with the Provincial Transport Authority.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Will the Hon'ble Minister of Public Works please state whether it is a fact that route permits were granted to some Muslim League M. L. As.?

Minister : I have no knowledge about it.

---

*2847. Not asked by the hon'ble member.

EXTENSION AND CONSTRUCTION OF TUBERCULOSIS HOSPITALS IN DIFFERENT CITIES IN THE PROVINCE.

***2980. Mr. C. E. Gibbon :** Arising out of the answer given to my starred question No. 2672, will the Honourable Minister of Health be pleased to state the progress made in the following works and schemes:—

(*a*) extension of the S. Muhammad Hussain T. B. Sanatorium, Samli;

(*b*) extension of the Government T. B. Hospital, Sargodha; and

(*c*) schemes for the construction of Government T. B. Hospitals at Lyallpur, Multan, Montgomery and Mianwali and T. B. Clinics at Jhang, Campbellpur and Jhelum?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani: (*a*) Government have sanctioned Rs. 11,49,500 for the expansion of the Tuberculosis Sanatorium, Samli. The construction work of the building of the Sanatorium has already been taken in hand by the Punjab, P. W. D., when the building is completed, the present number of 150 beds at the Sanatorium will be raised to 250.

(*b*) The building is almost complete and it is expected that the hospital will start functioning by 1st January 1955.

(*c*) Proposals for the construction of Government T. B. Hospitals at Lyallpur and Mianwali, and T. B. Clinics at Jhang and Campbellpur are under the consideration of Government. At Multan T. B. Wards are being provided at the Nishtar Hospital. A proposal to construct a T. B. Clinic at Montgomery is under examination and the suggestion for the construction of a T. B Clinic in the premises of the Civil Hospital, Jhelum, by the Red Cross Society, is also under consideration.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister be pleased to inform the House as to what has happened to the buildings of the Samli Sanatorium? Have they been demolished or have they been sold?

Minister : Some of them are demolished and others are there.

Mr. C. E. Gibbon : Can he inform the House whether he has paid to the donors, the amount of money received by him for the buildings of the Samli Sanatorium which have been sold or demolished?

Minister : I require notice.

Mr. C. E. Gibbon : Can he inform the House whether the Samli Sanatorium, its buildings and lands were given to the Government as a gift or whether Government paid for them?

Mr. Speaker : This question requires notice.

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask the Honourable Minister when was this amount of 11 lakhs of rupees sanctioned for the expansion of the Sanatorium?

Minister : Two years back.

Mr. C E. Gibbon : Arising out of the answer given to part (*b*) will the Honourable Minister please inform the House the number of beds which the T. B. Hospital, Sargodha is intended to hold?

Minister : I cannot give the exact number off-hand .

Mr. C. E. Gibbon: Is it a fact that since the Honourable Minister assumed office upto today, he has not visited Sargodha and has not got the faintest idea of it ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mr. C. E. Gibbon : Can the Honourable Minister inform the House whether or not he saw the plan for the construction of this hospital?

Mr. Speaker : No cross-question please.

Rana Gul Muhammad Noon : May I know when was the work actually started a this sanatorium after the funds were sanctioned?

Minister : Last year.

ADVERTISEMENT OF THE POST OF CLINICAL ASSISTANT, NISHTAR MEDICAL COLLEGE, MULTAN.

*3201. **Saiyed Amir Hussain Shah :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the post of Clinical Assistant (Ophthalmology), Nishtar Medical College, Multan, was advertised in August, last ;

(*b*) the qualifications and age limits laid down for candidates in the advertisement mentioned in (*a*) above ;

(*c*) whether it is a fact that the advertisement mentioned in (*a*) above was later withdrawn and; if so, the reason therefor ;

(*d*) whether the gentleman appointed to perform the duties of this post possesses the qualifications laid down in the advertisement ?

The Honourable Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : (*a*) Yes.

(*b*) A post-graduate degree in the Medical Faculty, i. e., M. S. (In Ophthalmology) or an equivalent qualification, i.e., F. R.C. S. (England or Edinburgh) in Ophthalmology. *Age*— Not more than 35 years on the Ist October, 1954, relaxable in case of candidates with special experience and outstanding qualification. Age limit does not apply to Government servants.

(*c*) Yes, in the interest of economy.

(*d*) No one has been appointed, so far.

Mian Muhammad Shafi : Is it a fact that the advertisement was later on withdrawn; if so, who was responsible for the loss of money to the exchequer ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Rana Gul Muhammad Noon : May I ask the Honourable Minister on whose suggestion the advertisement in the papers was withdrawn and what was the reason for it ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Syed Amir Hussain Shah : With regard to part (*d*), the Honourable Minister says that no one has been appointed so far. Is it not a fact that M. S., Multan has been appointed to this job in addition to his own duties ?

Minster : He is not appointed.

Syed Amir Hussain Shah : Am I to understand that his Press note is all wrong ?

Minister : May be.

Rana Gul Muhammad Noon : May I know whether it was on his own suggestion, in order to accommodate another person, that the advertisement was withdrawn ?

Mr. Speaker : Disallowed. Honourable members must remember that all those rules, which govern the admissibility of ordinary starred questions, also apply to supplementary questions, and according to the rule, no question can be asked which amounts to an insinuation.

Rana Gul Muhammad Noon : Sir, it is no insinuation, it is a fact.

Syed Amir Hussain Shah : Am I to understand that the official Press note which appeared in the Press saying that M. S., Multan has been appointed to this job in addition to his own duties was wrong ?

Mr. Speaker : I cannot allow any discussion on what has appeared in the Press.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister please inform the House whether this Doctor, who is the Clinical Assistant at the Nishtar Medical College, is personally known to him ?

Mr. Speaker : Disallowed.

Mian Muhammad Shafi : May I ask the Honourable Minister whether his conscience is satisfied that the withdrawal of this advertisement given to the papers has not involved the Provincial exchequer to any loss of money ?

Mr. Speaker : Disallowed.

APPOINTMENT OF MEDICAL SUPERINTENDENT, CIVIL HOSPITAL, MULTAN TO THE POST OF CLINICAL ASSISTANT, NISHTAR MEDICAL COLLEGE, MULTAN.

*3202. **Saiyad Amir Hussain Shah :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the post of Clinical Assistant (Ophthalmology), Nishtar Medical College, Multan, has been filled by the appointment of the Medical Superintendent, Civil Hospital, Multan, thereto ;

(*b*) the qualifications laid down by the Pakistan Medical Council for the incumbents of the posts of Clinical Assistant in the Medical Colleges ;

(*c*) the qualifications possessed by the gentlemen appointed to perform the duties of the Clinical Assistant, Ophthalmology, Nishtar Medical College, Multan and whether he comes up to the qualifications prescribed by the Pakistan Medical Council, for this class of post ;

(*d*) whether the gentlemen appointed to perform the duties of this post ever applied for similar post in any other Medical College of the Province and; if so, with what result ;

(*e*) whether it is a fact that the gentleman in question was thrice rejected by the Public Service Commission for a teaching job, because he did not possess the required qualifications ?

The Hon'ble Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : (*a*) No.

(*b*) A post-graduate degree in the Medical Faculty or an equivalent qualification in the particular subject. In case of Medical Jurisprudence Dermatology and Venereal Disease, a post-graduate degree in the Medical Faculty or a post-graduate qualification in the speciality or experience in the speciality for a period of 5 years.

(*c*), (*d*) and (*e*) Do not arise as no one has yet been appointed.

DIFFERENT DUTIES BEING PERFORMED BY MEDICAL SUPERINTENDENT CIVIL HOSPITAL, MULTAN.

***3203. Saiyad Amir Hussain Shah :** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the different duties being performed at present by the Medical Superintendent, Civil Hospital, Multan and pay and different allowances drawn by him per mensem ;

(*b*) whether it is also a fact that he will be teaching Medical Jurisprudence and Diseases of the Eye in the Nishtar Medical College, in addition to his other duties ;

(*c*) whether it is a fact that the Pakistan Medical Council has explicitly laid down that no person can combine two teaching jobs in a Medical College ?

(*d*) If answer to (*c*) above be in the affirmative, the reasons for allowing the Medical Superintendent, Civil Hospital, Multan, to combine two teaching jobs (i. e. Medical Jurisprudence and Diseases of the Eye) and then to combine two teaching jobs with his duties of looking after the health of Civil Servants, doing medico-legal work of the District, performing post-mortems, conducting Medical Examinations of new entrants to services and being the Eye-Surgeon, looking after the in-patients, out-patients and Operative Work in the Civil Hospital ?

The Hon'ble Makhdumzada Syed Muhammad Alamdar Hussain Shah Gilani : (*a*) *Duties—*

(*i*) Normal duties of Medical Superintendent of the Civil Hospital ;

(*ii*) Delivers lectures on Forensic Medicine to the students of the Nishtar Medical College, Multan ;

Pay—

(*iii*) Pay Rs. 600 per mensem.

Allowances—

(*iv*) Cost of Living Allowance Rs. 85 per mensem.

(*v*) Rs. 24 per lecture which he delivers to the students of the Nishtar Medical College on Forensic Medicine.

(*b*) He is likely to continue to teaching Medical Jurisprudence on the analogy of Medical Superintendent, Civil Hospital, Lahore, who delivers lectures on this subject to the students of the King Edward Medical College, Lahore.

(*c*) & (*d*) Do not arise as he is doing one teaching job, viz; teaching of Medical Jurisprudence to Nishtar Medical College, students.

Mr. C. E. Gibbon : Is it a fact that this Doctor was turned down three times by the Public Service Commission for any responsible post in the Health Department ?

Minister : I do not know.

Syed Amir Hussain Shah : Is he aware of the fact that when he was rejected by the Public Service Commission, their remarks were that he had no experience and he did not possess the requisite qualifications ?

Minister : I do not know.

Syed Amir Hussain Shah : May I know whether or not this Doctor is his family doctor ?

Minister : No.

Syed Amir Hussain Shah : May I know from the Honourable Minister whether it is a fact that the Chairman of the District Board, who is his brother, has set up a tent for this doctor to perform operations, because he had not been able to perform any operation inside the Nishtar Medical College ?

Minister : I do not know.

Mr. C. E. Gibbon : Probably the Honourable Minister does know that this Doctor has been boycotted by all the professors and lecturers in the College ?

Minister : I do not know.

Rana Gul Muhammad Noon. May I ask whether the Honourable Chief Minister would be prepared to appoint a Committee to enquire into corruption, inefficiency, nepotism, etc., in the Health Department ?

Mr. Speaker : That does not arise out of the answer given ; disallowed.

---

*3206. Not asked by the honourable member.

PRICE OF WHEAT, BAJRA, MAIZE, RICE AND GRAMS.

***2550. Chaudhri Muhammad Iqbal Cheema :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the price of the following foodgrains per maund in the first fortnight of November, 1953 ;—

(1) Wheat ;

(2) Bajra ;

(3) Maize ;

(4) Rice ;

(5) Grams ;

in the districts of Sialkot, Lahore, Lyallpur, Montgomery, Multan, Rawalpindi, Campbellpur, Gujrat, Gujranwala, Sheikhupura, Mianwali, Sargodha, Muzaffargarh and Dera Ghazi Khan ;

(*b*) the price per maund of foodgrains noted below for the first fortnight of November, of the years 1951, 1950, 1949, 1946 and 1945 :—

(1) Wheat ;

(2) Bajra ;

(3) Maize ;

(4) Rice;

(5) Grams;

in all the districts mentioned in (*a*) above ?

عزت مآب رانا عبدالحمید خاں— (الف) اور (ب) چاول کی کئی قسمیں ہیں اور ہر قسم کی علیحدہ علیحدہ قیمت ہے تاوقتیکہ معزز ممبر یہ نہ بتائیں کہ کون سی قسم کا نرخ درکار ہے چاول کے متعلق اطلاع دینا ممکن نہیں۔ باقی اجناس یعنی گندم باجرہ مکئی اور چنے کے متعلق نرخ حسب ذیل ہیں :—

(الف)—

اضلاع	گندم	باجرہ	مکی	چنے
۱. سیالکوٹ	۹ ۵ ۱۳	۰ ۸ ۱۱	۰ ۰ ۱۳	۰ ۱۲ ۱۷
۲. لاہور	۹ ۵ ۱۳	۰ ۸ ۱۱	۰ ۵ ۱۲	۰ ۶ ۱۶
۳. لائل پور	درج نہیں	۰ ۸ ۱۰	۰ ۰ ۱۱	۰ ۰ ۱۷
۴. منٹگمری	۶ ۵ ۱۳	۰ ۰ ۱۱	۰ ۰ ۱۲	۰ ۳ ۱۷
۵. ملتان	۹ ۰ ۱۳	۰ ۱۰ ۱۰	۰ ۰ ۱۱	۰ ۰ ۱۷
۶. راولپنڈی	۰ ۶ ۱۳	۰ ۸ ۱۰	۰ ۰ ۱۲	۰ ۰ ۱۷
۷. کیمبل پور	درج نہیں	۰ ۰ ۱۹	۰ ۰ ۱۳	۰ ۸ ۱۸
۸. گجرات	۰ ۸ ۱۲	۰ ۰ ۱۱	۰ ۰ ۱۲	۰ ۸ ۱۷
۹. گوجرانوالہ	۰ ۰ ۱۵	۰ ۰ ۱۹	۱۲ ۱۲	۰ ۰ ۱۸
	تا	تا	تا	تا
	۰ ۰ ۱۶	۰ ۰ ۱۴	۰ ۱۲ ۱۳	۰ ۸ ۱۸
۱۰. شیخوپورہ	۰ ۰ ۱۵	۰ ۸ ۱۱	۰ ۸ ۱۲	۰ ۰ ۱۹
۱۱. میانوالی	۳ ۵ ۱۴	۰ ۰ ۱۱	نایاب	۰ ۳ ۱۵
	۰ ۴ ۱۲ دیسی	۰ ۶ ۱۰	۰ ۴ ۱۱	۰ ۸ ۱۶
۱۲. سرگودھا	درج نہیں			
۱۳. مظفر گڑھ	۰ ۰ ۱۲	۰ ۰ ۲۰	۰ ۰ ۲۰	۰ ۰ ۱۹
۱۴. ڈیرہ غازی خاں	۰ ۰ ۱۵	۰ ۰ ۱۰	نایاب	۰ ۰ ۱۸

(ب)—

"گندم"

اضلاع	۱۹۵۱	۱۹۵۰	۱۹۴۹ء	۱۹۴۶ء	۱۹۴۵ء
۱. سیالکوٹ	درج نہیں	۰ ۱۲ ۱۸	۰ ۳ ۱۱	۶ ۱۱ ۱۱	۰ ۱۲ ۹
۲. لاہور	درج نہیں	۰ ۸ ۸	۰ ۳ ۱۱	۰ ۱۱ ۱۰	۰ ۶ ۹
۳ لائل پور	درج نہیں	درج نہیں	۰ ۸ ۸	۰ ۱۰ ۹	۳ ۹ ۹
۴. منٹگمری	درج نہیں	۰ ۱۲ ۷	۰ ۸ ۹	۰ ۸ ۹	۰ ۳ ۹
۵. ملتان	درج نہیں	۰ ۸ ۸	۰ ۰ ۱۰	۶ ۵ ۱۱	۰ ۸ ۹
۶. راولپنڈی	درج نہیں	۰ ۰ ۹	۰ ۳ ۱۱	۰ ۹ ۱۰	۰ ۴ ۱۰
۷. کیمبل پور	درج نہیں	۰ ۸ ۸	۰ ۰ ۱۰	۰ ۷ ۱۰	۰ ۱۲ ۹
۸. گجرات	۰ ۸ ۱۰	۰ ۸ ۸	۰ ۱۰ ۹	۰ ۱۲ ۱۰	۰ ۰ ۱۰
۹. گوجرانوالہ	۰ ۶ ۹	۰ ۰ ۷	۰ ۸ ۹	۰ ۴ ۹	,, ,,
	تا	تا			
	۰ ۸ ۹	۰ ۸ ۸			
۱۰. شیخوپورہ	۰ ۸ ۱۱	۰ ۰ ۹	۰ ۶ ۹	۰ ۸ ۹	۰ ۸ ۹
۱۱. میانوالی	۰ ۰ ۱۱	۰ ۴ ۷	۰ ۴ ۸	۰ ۰ ۱۰	۰ ۱۰ ۹
۱۲. سرگودھا	درج نہیں	۰ ۳ ۷	درج نہیں	۰ ۸ ۹	۰ ۶ ۹
۱۳. مظفر گڑھ	۰ ۰ ۱۰	۰ ۰ ۱۰	۰ ۰ ۱۰	۰ ۸ ۹	۰ ۸ ۹
۱۴. ڈیرہ غازی خاں	۰ ۰ ۱۱	۰ ۰ ۹	۰ ۸ ۹	۹ ۱۲ ۱۲	۰ ۶ ۹

باجرہ

۱. سیالکوٹ	۰	۳	۸	۰	۵	۸	۰	۰	۸	۰	۲	۷	۰	۰	۷
۲. لاہور	۰	۸	۷	۰	۶	۸	۰	۸	۷	۰	۱۳	۷	۰	۰	۷
۳. لائل پور	درج نہیں			۰	۱۰	۸	۰	۱۲	۵	درج نہیں			درج نہیں		
۴. منٹگمری	۰	۳	۷	۰	۰	۹	۰	۰	۱۰	درج نہیں			۰	۸	۶
۵. ملتان	۰	۰	۷	۰	۶	۸	۰	۸	۷	۰	۳	۷	۰	۲	۷
۶. راولپنڈی	۰	۰	۸	۰	۸	۸	۰	۸	۷	درج نہیں			۰	۰	۸
۷. کیمبل پور	۰	۰	۸	۰	۸	۸	۰	۱۲	۶	درج نہیں			۰	۸	۷
۸. گجرات	۰	۳	۸	۰	۰	۷	۰	۳	۷	۰	۸	۶	۰	۷	۶
۹. گوجرانوالہ	۰	۳	۸	۰	۰	۶	۰	۰	۳	۰	۱۰	۷	۰	۲	۷
	تا			تا											
	۰	۸	۸	۰	۰	۷									
۱۰. شیخوپورہ	۰	۱۲	۹	۰	۸	۹	۰	۰	۸	۰	۱۲	۷	۰	۸	۷
۱۱. میانوالی	۰	۰	۱۰	۰	۱۲	۶	۰	۰	۷	۰	۸	۷	۰	۸	۷
۱۲. سرگودھا	۰	۰	۸	۰	۸	۷	درج نہیں			۰	۴	۷	۰	۱۲	۶
۱۳. مظفر گڑھ	۰	۰	۱۰	۰	۰	۱۰	نایاب			۰	۱۴	۷	۰	۶	۹
۱۴. ڈیرہ غازی خان	۰	۸	۸	۰	۰	۷	۰	۱۰	۷	۰	۸	۷	۳	۶	۶

مکئی

اضلاع	۱۹۵۱ء	۱۹۵۰ء	۱۹۴۹ء	۱۹۴۶ء	۱۹۴۵ء
۱. سیالکوٹ	۰ ۸ ۱۱	۰ ۱۰ ۸	۰ ۹	۰ ۲ ۷	۰ ۰ ۷
۲. لاہور	۰ ۰ ۱۱	۰ ۸ ۸	۰ ۰ ۸	۰ ۱۳ ۷	۰ ۰ ۷
۳. لائل پور	۰ ۰ ۱۱	۰ ۴ ۷	۰ ۱۲ ۶	درج نہیں	درج نہیں
۴. منٹگمری	۰ ۶ ۱۱	درج نہیں	۰ ۰ ۷	۰ ۰ ۷	۰ ۰ ۷
۵. ملتان	۰ ۰ ۱۱	درج نہیں	۰ ۸ ۷	۰ ۰ ۷	۰ ۱۲ ۶
۶. راولپنڈی	۰ ۴ ۱۱	درج نہیں	۰ ۸ ۷	۰ ۰ ۸	۰ ۸ ۷
۷. کیمبل پور	۰ ۸ ۱۱	۰ ۰ ۸	۰ ۸ ۷	درج نہیں	۰ ۰ ۸
۸. گجرات	۰ ۰ ۸	۰ ۴ ۷	۰ ۰ ۷	۰ ۰ ۷	۰ ۸ ۷
۹. گوجرانوالہ	۰ ۸ ۸ تا ۰ ۴ ۹	۰ ۱۲ ۷ تا ۰ ۸ ۸	۰ ۴ ۹	۰ ۴ ۷	۶ ۱ ۷
۱۰. شیخوپورہ	۰ ۸ ۶	۰ ۴ ۷	۰ ۸ ۶	۰ ۰ ۶	۰ ۱۲ ۵
۱۱. میانوالی	نایاب	نایاب	نایاب	نایاب	نایاب
۱۲. سرگودھا	۰ ۰ ۱۱	۰ ۱۴ ۶	درج نہیں	درج نہیں	درج نہیں
۱۳. مظفر گڑھ	۰ ۰ ۲۰	۰ ۰ ۲۰	نایاب	نایاب	۰ ۱۲ ۰
۱۴. ڈیرہ غازی خان	نایاب	نایاب	نایاب	نایاب	نایاب

چنے

۱. سیالکوٹ	۰	۴	۷	۰	۸	۷	۰	۰	۶	۰	۸	۸	۰	۶	۸		
۲. لاہور	۰	۶	۸	۰	۴	۷	۰	۱۴	۵	۰	۲	۸	۰	۸	۸		
۳. لائل پور	درج نہیں			درج نہیں			۰	۱۲	۵	۰	۲	۸	درج نہیں				
۴. منٹگمری	درج نہیں			۰	۸	۷	۰	۶	۷	۰	۰	۸	۰	۱۰	۷		
۵. ملتان	۰	۱۲	۷	۰	۸	۷	۰	۴	۶	۰	۴	۸	۰	۱۲	۷		
۶. راولپنڈی	۰	۰	۹	۰	۱۲	۶	۰	۱۲	۵	۰	۱۰	۸	۰	۸	۸		
۷. کیمبل پور	۰	۰	۸	۰	۰	۱۰	۰	۰	۶	۰	۳	۸	۰	۲	۸		
۸. گجرات	۰	۱۰	۸	۰	۰	۹	۰	۸	۵	۰	۹	۹	۰	۴	۹		
۹. گوجرانوالہ	۰	۸	۸	۰	۱۲	۸	۰	۱۳	۵	۰	۰	۸	نایاب				
	تا			تا			تا										
	۰	۰	۹	۰	۶	۹	۶	۱	۶								
۱۰. شیخوپورہ	۰	۴	۸	۰	۰	۱۰	۰	۴	۶	۰	۸	۸	۰	۸	۷		
۱۱. میانوالی	۰	۰	۸	۰	۱۲	۶	۰	۰	۵	۰	۱۰	۷	۰	۱۰	۷		
۱۲. سرگودھا	درج نہیں			۰	۸	۶	درج نہیں			۰	۱۰	۷	۰	۱۰	۷		
۱۳. مظفر گڑھ	۰	۷	۱۱	۰	۷	۱۱	۰	۱۴	۷	۰	۱۴	۷	۰	۰	۱۶		
۱۴. ڈیرہ غازی خاں	۰	۰	۸	۰	۰	۸	۰	۸	۶	۱	۸	۶	۹	۹	۷		

STORAGE CAPACITY OF GOVERNMENT BINS

*2956. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state :—

(*a*) the total storage capacity of Government Bins in the Province ;

(*b*) the total quantity of wheat proposed to be purchased by Government in the year 1954;

(*c*) the quantity of wheat purchased by Government so far ?

Parliamentary Secretary (Mr. Shamim Ahmad Khan) (*a*) The total Government owned storage accommodation in the Province is :—

	Tons
(*i*) Bulk Storage Bins	166,000
(*ii*) House type godown	67,000
(*iii*) Transit (Lahore type) sheds	16,000
Total ..	249,000

(*b*) The total quantity of wheat proposed to be purchased by the Punjab Government in the year 1954 was :—

for Defence. 20,000
for N. W. F. P. 20,000
for Minfah. 110,000
for Punjab. 210,000

Total. 3,60,000

(*c*) The total purchases of wheat made up to-date are 3,03,200 tons.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : May I know whether this storage capacity of Bins is sufficient to meet all the requirements of the province

Parliamentary Secretary : I need fresh notice.

LEADING OF A PROCESSION BY HONOURABLE MINISTER OF INDUSTRIES, PUNJAB.

*3042. **Mr. C. E. Gibbon :** Will the Honourable Chief Minister be pleased to state the action, if any, taken against Honourable Sheikh Masud Sadiq, Minister of Industries, Punjab, for leading a procession in the walled city of Lahore on 20th July 1954, in violation of the restrictions imposed under section 12 of the Punjab Public Safety Act, if no action has been taken; the reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Ch. Sultan Ali) : The Honourable Sheikh Masud Sadiq, Minister of Industries, Punjab, did not lead any procession in the walled city of Lahore on 20th July, 1954, in violation of the restriction imposed under section 12 of the Punjab Public Safety Act. The correct position is that the Honourable Minister went to the interior of the city to see some Muslim League workers and while returning was surrounded by a few persons of the locality who dispersed at his request. As there was no contravention of the Punjab Public Safety Act, the question of taking action did not arise. The Honourable Minister for Industries had issued a press statement explaining his position.

Mr. C. E. Gibbon : May I know from the Parliamentary Secretary as to who were those persons who surrounded round the Honourable Minister of Industries when a restriction order was in force ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Sultan Ali : I do not know their names.

Mr. C. E. Gibbon : Is he aware of the fact that this order restricting the gathering together of more than 5 persons was in force; if so, what did the Honourable Minister say to those persons who had gathered round him ?

Minister of Industries : I sked them to disperse and they had dispersed.

Syed Amir Hussain Shah : Is it a fact that before the Honourable Minister of Industries asked the persons to disperse, the local Sub-Inspector of Police challenged him and the procession was dispersed after he had been challenged ?

Minister of Industries : No, it is untrue.

Syed Amir Hussain Shah: Is it a fact that the Sub-Inspector of Police who challenged him was later on punished on up charges.

Minister of Industries : Not to my knowledge.

Mr. C. E. Gibbon : Will the Honourable Minister of Industries inform the House that when he was addressing the gathering in the walled city and he requested the people to disperse the Police Sub-Inspector incharge of the Police Station came and said to him that his action was in contravention of the order ?

Mr. Speaker : That has been denied.

Mr. C. E. Gibbon : He has denied the presence of the Sub-Inspector.

Minister of Industries : I have denied it.

SUGARCANE FOR SUGAR MILLS, RAHWALI

Mian Muhammad Shafi: Are we protected against making speeches in the House which may amount to contempt of court ?

Mr. Speaker : I cannot give any assurance on that point. The honourable member must know to what extent the freedom of speeches in this House extends.

Chief Minister : Sir, with regard to the objection raised by Mr. Gibbon, I only wish to say that the Leader of the Opposition Party, Mian Abdul Bari, sent me a word, I am not quite sure whether it was in writing or whether it was verbal, and he assured me that he and his Party fully support this motion on One Unit in Western Pakistan.

Mian Muhammad Shafi : Who does not support it ; everybody does so.

Chief Minister : I am also glad to hear.....

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. The question whether Mian Abdul Bari has sent a letter to the Chief Minister or not or whether he supports it or not is not before us. But my point is this that in the light of the explanation of a substantive motion, we want time to consider the implications of this resolution.

Mr. Speaker : That has been refused by the House.

Chief Minister : Sir, I must say that the Honourable Acting Leader of the Opposition is acting in a manner which is never heard of in any legislature that the Leader of the Opposition jumps and prevents the Leader of the House from making a speech. Sir, in this matter I seek your protection. If I am not allowed to make a speech I will not make any. Every time I am being interrupted in my speech.

Sir, this is the biggest thing that can happen to our country. It is my personal dream as one of the millions who live in this part of the area and who think alike with me that there should be One Unit. The idea of One Unit has been acclaimed throughout this country. (*Cheers*). The argument was always raised that parts other than the Punjab would not like the 'One-Unit' idea. And I am glad to say that the Frontier Province was the first one to pass a resolution in favour of One-Unit. (*Cheers*). I believe that putting an end to Provincial barriers will weld us like brothers and friends working for the economic progress and social progress of our people. (*Cheers*). The removal of these barriers will enable the people of the Punjab to allow their wealth of their foodstuffs, economic wealth and intellectual wealth to flow into the backward areas of West Pakistan. (*Cheers.*). The One Unit idea is giving us an opportunity of proving to our brothers living in more unfortunate parts of this country, our sympathy for them and our love and affection for them as brothers. You have many difficulties if you have many Provinces. In the past even this Government has reviewed to put barriers on our frontiers to prevent the flow of wheat into the Frontier and Tribal Areas. Last year we removed those barriers which

helped trade in West Pakistan. In the same way, the best thing that can help the economic progress of our country is the free movement of our goods, our produce, our merchandise and our commerce. Raw sugar, cotton and ghee cannot go from one Province to another without permission. It can be stopped with the whim of anybody. If commercial barriers are removed the economy of West Pakistan will make quick strides and progress towards a better and greater State.

Sir, I do not wish to make a long speech on this subject because I know that the House is very keen that we should express our view on this subject as soon as possible. We can make speeches, long speeches. Everybody on this side of the House is impatient in expressing his views on the subject. In the end I would express the hope that soon, God willing, we shall be one, brothers of one family (*Cheers*).

Mr. Speaker: I should like that the amendments be considered first so that if these amendments are accepted they might be incorporated in the original resolution and the original resolution as amended could come up for discussion. Take up the amendment of Mr. Gibbon first.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I beg to move that the word 'historic' appearing in line two of para two of the motion be omitted.

Chief Minister : I accept that .

Mr. Speaker : The question is—

That the word "historic" appearing in line two of paragraph two of the motion be omitted.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I beg to move—

That for the word"population" occurring in line 15, the word "people" be substituted.

Chief Minister : Sir, I accept it.

Mr. Speaker : The question is—

That for the word "population" occurring in line 15, the word "people" be substituted.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I beg to move—

That the words "with a view to paving the way for the framing of the Federal Constitution by the representatives of East and West Pakistan and to the holding of early elections under the new Constitution" be omitted.

Sir, the Chief Minister, the Leader of the House, in his opening remarks was pleased to say that the One-Unit proposal was his personal dream.

Chief Minister : As one individual out of millions. It was everybody's dream. (*Cheers*).

Mr. C. E. Gibbon : That this proposal was everybody's dream, does not fit into past facts.

Chief Minister : It has been for years.

Mr. C. E. Gibbon : It does not fit into the facts as stated by no less a person than the Chief Minister himself. I may be permitted, Sir, to take your thoughts back when you sat behind the Prime Minister, Mr. Muhammad Ali, in the Constituent Assembly in April 1954 and there was a demand from one end of the country to the other that the Constituent Assembly, as it existed on that day, should be dissolved.

Mr. Speaker : How is it relevant?

Mr. C. E. Gibbon : The relevancy arises out of this fact that on the 4th April, to be more correct, on the 3rd April, 1954, the Prime Minister of Pakistan, who I have no hesitation in saying, is the least representative person in Pakistan.....

Mr. Speaker : I will not allow any remark to be made by any honourable member of the House about a person wch is not a member of this House I must say that I will not allow any Ministoof the Central Government to be brought under discussion or even an opinion expressed about him who is not here. (Voices from Treasury Benches : He must withdraw these remarks). Will the honourable member please withdraw these remarks?

Mr. C. E. Gibbon : Sir, this is my conviction.

Mr. Speaker : I ask the honourable member to withdraw these remarks and resume his seat.

Mr. C. E. Gibbon : I withdraw, Sir.

Mr. Speaker : The question is—

That the words "with a view to paving the way for the framing of the Federal Constitution by the representatives of East and West Pakistan and to the holding of early elections under the new Constititution" be omitted.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpure IX Muslim) : Sir, I beg to move.

That the following words be added at the end replacing the fullstop after the word 'constitution' by a Comma;

"Which should be strictly based on the Objectives Resolution as moved by the late Qaid-i-Millat on 12th March 1949 in the then Constistuent Assembly and adopted by the same".

جناب والا —

پیشتر اس کے کہ میں اپنی اس تحریک پر اظہار خیال کروں میں ایک چیز کی وضاحت کر دینا ضروری خیال کرتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ جب سے یہ اسمبلی معرض وجود میں آئی ہے اس وقت سے لے کر آج تک جس قدر امور اس میں زیر بحث آتے رہے ہیں ان کا تعلق صرف اس صوبے کے عوام سے ہی ہوتا تھا۔ لیکن آج ایک عظیم الشان مسئلہ جو اس اسمبلی کے زیر بحث ہے اس کا تعلق اس صوبے کے علاوہ مغربی پاکستان کے تمام صوبوں کے عوام سے یعنی تقریباً ساڑھے تین کروڑ کی آبادی سے ہے لہذا اس پر انتہائی سنجیدگی سے بحث ہونی چاہئیے جسکا یہ مسئلہ مستحق ہے۔ میں یہاں پر اس امکانی غلط فہمی کا شروع سے ہی ازالہ کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم جیسا کہ عزت مآب وزیر اعلی صاحب نے بھی فرمایا ہے جذب اختلاف کے قائد میاں عبدالباری صاحب کے ان خیالات سے پورا پورا اتفاق کرتے ہیں اور جہاں تک مغربی پاکستان کو ایک وحدت میں مد غم کرنے کا سوال ہے ہمیں آپ سے سو فی صدی اتفاق ہے۔ ہم تو صرف ان تفصیلی امور میں جن کا ذکر آپ نے اس قرار داد میں فرمایا ہے کچھ معمولی سا رد و بدل ایسے طریقے سے کرنا چاہتے ہیں کہ جس سے اصل مدعا پر کسی قسم کا مضر اثر نہ پڑے لیکن اگر اس کے بعد آپ غلط طور پر یہ الزام ہمارے ساتھ منسوب کر دیں کہ ہم خدانخواستہ ایک یونٹ کی اس قرار داد کی مخالفت کر رہے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی

نا انصافی ہو گی۔ حضورِوالا۔ یہ عرض کر دینے کے بعد میں اس قرار داد کے پیراگراف تین کے الفاظ پڑھنا چاہتا ہوں جن کے بعد میں نے کچھ الفاظ ایزاد کرنے کی استدعا کی ہے تاکہ میری ترمیم کو اسکے ساتھ ملانے کے بعد اصل مفہوم جو ہمارے پیش نظر ہے اس معزز ایوان کے سامنے آ سکے۔ اصل قرار داد کے الفاظ یہ ہیں۔

This Assembly trusts that early steps will be taken to implement this proposal in consultation with the representatives of the various Governments concerned with a view to paving the way for the framing of the Federal Constitution by the representatives of East and West Pakistan and to the holding of early elections under the new Constitution.

اس کا مطلب دوسرے الفاظ میں یہ ہے کہ اس اسمبلی کو مرکزی حکومت کے ارباب حل و عقد پر اس قدر اعتماد اور بھروسہ ہے کہ وہ مختلف صوبوں کی حکومتوں کے سربراہ اصحاب سے مشورہ کرنے کے بعد ایسے ذرائع اختیار کریں گے جن سے ایک وفاقی آئین کی ترتیب ہو سکے اور مشرقی اور مغربی پاکستان کے نمائندوں کے انتخاب کے لئے وہ انتخابات کا جلد از جلد اہتمام کریں گے under the new constitution یعنی جدید آئین مرتب کرنے کے بعد وہ مشرقی اور مغربی پاکستان کے نمائندوں کے انتخابات کا انتظام کریں گے۔ میں نے اس میں جو الفاظ ایزاد کئے ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ constitution (در حقیقت میرے الفاظ constitution کے لفظ کی وضاحت کرتے ہیں) کس نوعیت اور کس حیثیت کا ہونا چاہئے اور کن اصولوں پر مبنی ہونا چاہئے۔ میرے الفاظ یہ ہیں۔

"Which should be strictly in accordance with the Objectives Resolution moved by the late Quaid-i-Millat on 12th March 1949 in the Constituent Assembly and was adopted by the same".

یعنی وہ آئین جس کا آپ نے اس قرار داد میں ذکر فرمایا ہے ہے وہ اس قسم کا ہونا چاہئے جو بڑی سختی سے اور بڑی پابندی کے ساتھ قرار داد مقاصد کے اصولوں پر مبنی ہو۔ ان اصولوں پر مبنی ہو جن کا ذکر اور جن کا اظہار قائد ملت خاں لیاقت علی خاں مرحوم و مغفور نے سابقہ مجلس آئین ساز کے اجلاس منعقدہ ۱۲ مارچ ۱۹۴۹ء میں کیا تھا اور جس کو آئین ساز اسمبلی نے من و عن منظور اور قبول کر لیا تھا۔ حضور والا میں اپنے مافی الضمیر کی وضاحت کے لئے اولا اس معزز ایوان کے ممبران کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے نقطہ نگاہ سے ایک اسلامی طرز حکومت اور ایک مغربی جمہوری حکومت Western Democracy میں بنیادی اختلاف ہے۔ کچھ ایسے اہم معاملات ہیں جن میں ہم ان کے ساتھ نظر بہ نظر نہیں دیکھ سکتے اور ان کے ساتھ اتفاق نہیں کر سکتے۔

مثال کے طور پر میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مغربی جمہوریتوں میں legislatures اور مجالس آئین ساز کے اختیارات بالکل غیر محدود ہوتے ہیں۔ لیکن اس کے بر عکس اگر ہم یہاں پر اسلامی طرز حکومت اختیار کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ہماری legislatures اور ہمارے اختیارات قانون سازی پر کچھ پابندیاں اور قیود اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔ قرآن اور سنت کی رو سے عائد ہوتی ہیں۔ آپ اس کا اقرار زبان سے بھی کرتے ہیں اور آپ شاید قلوب و اذہان سے بھی اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ ہم نے قیام پاکستان کی تحریک کی بنیاد دو قوموں کے نظریہ پر اور اس مبارک اور اور نیک مقصد پر رکھی تھی کہ یہاں پر صحیح معنوں میں ایک اسلامی حکومت قائم کی جائے گی اور یہاں کے لوگوں کو انفرادی اور اجتماعی حیثیت سے قرآن اور سنت کی روشنی میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنی مقدس روایات کے مطابق زندگیاں بسر کرنے کے اختیارات دئے جائیں گے اور ان کو بسر کرنے کے قابل بنایا جائے گا۔ ظاہر بات ہے کہ ہم constitution کے لفظ کو اس طرح کھلا نہیں چھوڑ سکتے۔ constitution کے متعلق ہمیں بہر حال اس امر کی قطعی طور پر وضاحت کرنی پڑے گی کہ ہم کس قسم کی constitution چاہتے ہیں۔ جناب والا۔ میری نظروں میں قائد ملت خان لیاقت علی خان مرحوم و مغفور کا سب سے بڑا کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے اس وقت کی مجلس آئین ساز کے سامنے قرار داد مقاصد کو پیش کیا اور اسے اس سے پاس کروایا۔ حضور والا کی اجازت سے میں اس کا کچھ حصہ پڑھنا چاہتا ہوں۔

Minister of Revenue : I do not know if the honourable member is in order because he is suggesting what type of future constitution should be. This House is not concerned with this. To give direction to a body which is not in existence, in my opinion, is out of order.

Mr. Speaker : His amendment seeks that the Constitution should be in consonance with the principles of Objectives Resolution. I, therefore, cannot declare it out of order.

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا۔ مغرب زدہ معزز حضرات سے اس قسم کا اعتراض سن کر مجھے بالکل تعجب نہیں ہوا۔ جناب والا۔ اب میں یہ استدعا کروں گا کہ چونکہ یہ معاملہ نہایت سنجیدگی سے غور و فکر کرنے کا ہے اور نہایت اہم ہے اس لئے اس کو اس قدر lightly نہیں take کرنا چاہئے اور اس کو ایک معمولی سی بات تصور نہیں کرنا چاہئے۔ حضور والا میں قرار داد مقاصد کا کچھ حصہ جناب کی خدمت میں پیش کرنے والا تھا کہ آنریبل وزیر مال نے مجھے interrupt کر دیا

تھا لہذا اب میں اسے پیش کرتا ہوں۔ قرارداد مقاصد کے ابتدائی الفاظ یہ ہیں:—

"Where as sovereignty over the entire universe belongs to God Almighty alone and the a.thority which he has delegated to the State of Pakistan through its people for being exercised within the limits prescribed by Him is a sacred trust".

Mr. Speaker : I must interrupt the honourable member. The Objectives Resolution is not under discussion and I will not allow any discussion on that.

Revenue Minister : Neither the constitution is under discussion.

Mr. Speaker : It is open to the House to suggest that the constitution should be based on the Objectives Resolution but I am not going to allow discussion on the said Resolution.

چودھری محمد افضل چیمہ—میرے نقطہ نگاہ سے یہ نہایت ضروری ہے۔ قرار داد مقاصد میں یہ تسلیم کیا جا چکا ہے کہ حاکمیت صرف اللہ تعالے کی ہے۔ اسلامی حکومت کی یہی اساس و بنیاد ہے۔ . . . . .

Mr. Speaker : I cannot allow it.

اس وقت قرار داد مقاصد ہمارے زیر بحث نہیں ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا۔ میں بھی اس کا ذکر "محض" ہی کر رہا ہوں اس پر بحث تو نہیں کر رہا اور نہ ہی میں اسے موضوع بحث بنانا چاہتا ہوں۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ قرار داد مقاصد کے ذریعے ہم سب یہ تسلیم کر چکے ہیں کہ حاکمیت صرف اللہ تعالے کی ہے اور مملکت پاکستان کے عوام محض اس امانت کے امین ہیں۔

صاحب سپیکر—آرڈر۔ آرڈر۔ میں اس کی اجازت نہیں دے سکتا۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میری استدعا صرف یہ ہے کہ میں نے اپنی ترمیم میں کانسٹی ٹیوشن کا ذکر کیا ہے اور اب میں اسی کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

اب یا تو آپ میری ساری ترمیم کو سرے سے ہی ناجائز اور خلاف قاعدہ قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیتے یا اب جبکہ آپ اسے قبول کر چکے ہیں مجھے اسکی وضاحت کرنے دیجئے میں نے اس قرار داد میں قرار داد مقاصد کا ذکر لفظاً کیا ہوا ہے۔ اب معنا اسکی وضاحت کس طرح غیر متعلقہ قرار دی جا سکتی ہے؟

صاحب سپیکر—میں ہرگز ہرگز اس کی اجازت نہیں دے سکتا۔

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ تو پھر بہت بڑی زیادتی ہو گی۔

صاحب سپیکر—آرڈر۔ آرڈر۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میں ایک ہی فقرہ میں اسکی وضاحت کئے دیتا ہوں۔

صاحب سپیکر—آپ اپنا وقت خواہ مخواہ ضائع کر رہے ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—اچھا جتنا وقت آپ نے ضائع کیا ہے اسکی رعایت دے دیجئے گا۔

Mr. Speaker : Will you please withdraw the word "Zaia"?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, I withdraw.

میں بڑے شوق سے اسے واپس لیتا ہوں۔

صاحب سپیکر—آپ آئندہ بھی یہ لفظ استعمال نہیں کریں گے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—وہ تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا حضور والا۔ قرار داد مقاصد کے الفاظ یہ تھے کہ حاکمیت اللہ تعالے کی ہے اور یہ مملکت پاکستان اللہ تعالے کی تفویض کردہ ہے۔ ان تفویض کردہ اختیارات کو عوام اپنے نمائندوں کے ذریعے سے استعمال کریں گے۔ اس بنیادی بات کو ہم سب تسلیم کر چکے ہیں۔ اب اس ترمیم کے ذریعے سے میں یہ استدعا کر رہا ہوں کہ جمہوریت و عوام یا جمہور اس امانت کے امین ہیں۔ اسکی جگہ ڈکٹیٹر شپ یا آمریت نہیں لے سکتی اور نہ ہی آنی چاہئے۔ مجھے خدشہ ہے کہ عنقریب عوام اور جمہوریت کا نام لینا ہی جرم قرار دے دیا جائیگا اور آمریت جمہوریت کی جگہ لے لیگی۔ میں یہ استدعا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ قرار داد مقاصد کے الفاظ کو نگاہ میں رکھیں ان پر غور فرمائیں اور انہی کی روشنی میں آئندہ آئین وضع کرنے کی سفارش کریں ایسا نہ ہو کہ عوام کو دھوکہ دینے کے لئے جمہوریت کا نام تو لیا جائے مگر اسکے پردہ میں آمریت ملک پر مسلط کر دی جائے۔ اور اسی آمریت کے زیر اثر کوئی غیر اسلامی آئین عوام کے سر پر تھوپ دیا جائے۔ میں اسکے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہوئے یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ایسا آئین جو قرار داد مقاصد کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہوگا عوام کو ہر گز ہرگز قبول نہیں ہوگا اور عوام اسکے خلاف ایک متحدہ محاذ قائم کرنے پر مجبور ہو جائیں گے دوسری بات جو قرار داد مقاصد میں ہماری خاص توجہ کی مستحق ہے یہ ہے :—

"Wherein the principles of democracy, freedom, equality, tolerance and social justice as enunciated by Islam shall be fully observed".

"Wherein the Muslims shall be enabled to order their lives in the individual and collective spheres in accord with the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and the Sunna".

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اسلامی جمہوریت ، سیکولرزم سے یا مغربی جمہوریت سے بنیادی طور پر متفاوت ہے جہاں مغربی جمہوریت پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں ہوتی اور اسے محدود اختیارات حاصل ہیں وہاں اسلامی جمہوریت پر خدا اور رسول کے احکام کی پابندی عائد ہوتی ہے اور اسے غیر محدود اختیارات حاصل نہیں ہوتے۔ مغربی جمہوریت کو وسیع اختیارات حاصل ہیں مگر ہماری اسلامی جمہوریت اسلامی قوانین کے ماتحت ہو گی۔ اب میری استدعا یہ ہے کہ ہمارا آئین قرآنی اصول کے خلاف نہیں جا سکتا اور احکام الہی سے جو حدود متعین ہیں ان سے سر مو تجاوز نہیں کر سکتا۔ اگر اسکے خلاف کوئی آئین بنانے کی کوشش کی گئی تو آپ مسلم عوام کو اعلان بغاوت کی دعوت دے رہے ہوں گے۔ اس لئے میں ان الفاظ کی طرف خاص طور پر آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اور استدعا کرتا ہوں کہ اصل قرار داد میں میرے تجویز کردہ الفاظ ایزاد کئے جائیں۔ میں بلا خوف تردید ان مغرب زدہ لوگوں کو متنبہ کر دینا چاہتا ہوں جو اسلام کے نام سے بدکتے ہیں اور اپنی ذاتی مصلحتوں کے پیش نظر اور سیاسی مفادات کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسلامی نظریہ حیات اور اسلامی نظام حکومت کے دل سے مخالف ہیں۔ وہ نہ تو اعتقادی طور پر اور نہ ہی عملی طور پر اسلامی نظام حکومت کو قبول کرتے ہیں اور نہ ہی اسلامی نظریہ حیات کو اپنانے کے لئے تیار ہیں۔ اصل میں ہندوستان کی تقسیم اور پاکستان کی تخلیق اس نظریے پر مبنی تھی کہ مذہب اور سیاست الگ الگ نہیں بلکہ مسلمانوں کی سیاست اور مسلمانوں کے مذہب میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اب میں کسی کا نام لئے بغیر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بنیادی مسئلے کے خلاف یہ نعرہ لگایا جا رہا ہے کہ مذہب اور سیاست الگ الگ ہیں۔ یہ نعرہ وہ لوگ بلند کر رہے ہیں جو اسلام سے جاہل اور بے خبر ہیں۔ اس لئے خطرہ ہے کہ یہ لوگ آئین کا ایک ایسا ڈھانچا تیار کریں گے جو بظاہر جمہوری نظر آئے مگر حقیقت میں آمرانہ ہوگا اور طرح طرح کے ہتکنڈوں سے عوام پر ٹھونسا جائے گا ہمیں خدشہ ہے کہ ان آئین کو اسلامی تہذیب،اسلامی ثقافت اور اسلامی روایات سے بیزار مغرب زدہ لوگ تیار کریں گے جو اسلامی معتقدات پر یقین نہیں رکھتے اسلئے میں استدعا کروں گا کہ آئندہ انتخابات دھاندلی سے پاک اور مبرا رکھے جائیں اور عوام کو اپنے نمائندے منتخب کرنے کی آزادی اور سہولت دی جائے۔ ورنہ ایک نا قابل قبول اور غیر اسلامی آئین تیار ہوگا جس پر

اسلامی ٹھپہ لگانے کی کوشش کی جائے گی مگر وہ عوام کے لئے ہرگز ہرگز قابل قبول نہیں ہوگا۔ جس آئین کا ذکر قرار داد مقاصد میں کیا گیا ہے۔ وہ جمہوریت ۔ مساوات۔ رواداری اور عدل عمرانی کے مسلمہ اصولوں پر مبنی ہوگا۔ یہاں آپ جمہوریت کا سرے سے قلع قمع کرنا چاہتے ہیں۔

Mr. Speaker : I allowed the honourable member to speak. But I must point out at this stage to those who want to take part in the discussion later that this amendment, although I ruled it in order, ought to be according to the Rules, within the scope of the motion to which it is proposed. The objection raised was, of course, not correct and I over-ruled it.

But here it seems to me, particularly after hearing the speech of the mover of the amendment I cannot but conclude that the amendment is not within the scope of the motion to which it is proposed because it seeks to define the constitution.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order. When you have rejected the objection of the honourable member and allowed the mover of the amendment to speak, does it lie within the frame-work of the existing rules to say now that that amendment should not have been allowed ?

Mr. Speaker : I have said that the objection raised was not correct and I rejected it and allowed him to proceed. Since then I have been reading it, I have seen the rule and listened to the speech. The speech of the honourable member confirmed my view on that point.

Chaudhari Fazal Ilahi : On a point of order, Sir. The amendment moved by the honourable member is out of order on another ground also. The main resolution is with regard to the creation of One Unit in West Pakistan. The Objectives Resolution speaks of so many units in Pakistan.

Mr. Speaker : No, this is no point of order. The amendment must be within the scope of the motion. The scope of the motion is the creation of One Unit in West Pakistan and not the framing of constitution.

چودھری محمد افضل چیمہ—اس قرار داد میں جیسا کہ ابتداً اس معزز ایوان کے اراکین کو غلط فہمی ہوئی نہ صرف یہ کہ مغربی پاکستان کی ایک وحدت کا ذکر ہے بلکہ اس کے علاوہ اور بہت سے معاملات کا اس میں ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کا مرکزی موضوع بہت بڑی حد تک ایک وحدت کی تخلیق ہے لیکن اس کے باوجود انہوں نے اس میں بہت سی دوسری چیزوں کا ذکر فرمایا ہے۔ علاوہ دوسری چیزوں کے اس میں آئین کا۔ انتخابات کا۔ وفاقی طرز حکومت کا ذکر ہے۔ حضور ملاحظہ فرمائیں گے۔

Mr. Speaker : With a view to.

چودھری محمد افضل چیمہ—در اصل میں نے عرض کیا ہے کہ انہوں نے ذکر کیا ہے کہ۔ . . . .

صاحب سپیکر—آپ صرف یہ بتائیں کہ آپ کی ترمیم کس طرح یہ قواعد کو violate نہیں کرتی ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—اگر آنریبل وزیر اعلیٰ صاحب اس کو محدود رکھتے اور مختصر قسم کی قرار داد پیش کرتے جس میں ادھر ادھر کی باتیں نہ کرتے جس میں وہ آئین کا ذکر نہ کرتے انتخابات کا ذکر نہ کرتے جس میں وہ وفاقی طرز حکومت کا ذکر نہ کرتے تو اس صورت میں میری ترمیم کیلئے کوئی گنجائش نہ ہوتی۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جب ایک وحدت کا ریزولیشن پیش کرتے ہوئے وہ مرکزی حکومت کی خدمت میں یہ سفارش کرتے ہیں کہ وہ ایک خاص طرز حکومت یعنی فیڈرل قسم کا کنسٹیٹوشن بنائیں اور پھر وہ انتخابات کے انعقاد کی سفارش کرتے ہیں۔ اب جب انہوں نے آئین کا ذکر کیا ہے تو مجھے قواعد کی رو سے حق پہنچتا ہے کہ میں آئین کی وضاحت کر دوں کہ وہ آئین کس نوعیت کا ہونا چاہئے۔ میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ اسلامی کانسٹی ٹیوشن ہو۔

Minister of Revenue : Sir, I just want to clarify one point. What my point was and still is that we want the Constituent Assembly to be elected by us. I do not know to which body my honourable friend is giving his recommendations to frame the constitution in the way he wants. That body is not there. When it comes into existence then it is duty bound, but not now.

میاں محمد شفیع—(منٹگمری ے مسلم) حضور والا ۔ یہ ترمیم جو آنریبل مسٹر چیمہ نے انتہائی دیانتداری کے ساتھ پیش کی ہے۔

صاحب سپیکر—آپ اصل موضوع کی طرف آئیے۔

میاں محمد شفیع—حضور والا ۔ کنسٹیچوئنٹ اسمبلی کے اٹھارہ ممبر وہ لوگ ہیں۔

صاحب سپیکر—دیکھئے کنسٹیچوئنٹ اسمبلی کے ممبر زیر بحث نہیں ہیں۔ ان باتوں میں پڑ کر آپ اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں۔

میاں محمد شفیع—حضور والا ۔ اس ترمیم کا مقصد صرف اس قدر ہے کہ حکومت پنجاب حکومت اعلےٰ پاکستان کی خدمت میں یہ عرض کر سکیں کہ آپ کے یہ تمام اقدامات کنسیچوئنٹ اسمبلی کو توڑنا اور اس کے بعد ہمارے کانوں میں ایک یونٹ کا مصرع طرح ڈالنا اور صوبائی اسمبلیوں سے اس کی حمائت میں قرار دادیں پاس کرانا یہ سب کچھ اس لئے ہو رہا ہے کہ وہ ہم کو ایک ایسا آئین دینا چاہتے ہیں جو عوام کے منشا کے مطابق ہو۔ مسٹر چیمہ نے اپنی تقریر میں صرف یہ عرض کیا ہے کہ حکومت پاکستان کے بزرگوں کے کانوں تک یہ بات پہنچا دی جائے کہ جہاں آپ ایک طرف یہ انتظام کرنا چاہتے ہیں کہ حق رائے دہی بالغاں

*Uncorrected Speech.

کی بنا پر یا انڈائریکٹ الیکشنز کی بنا پر آئین ساز اسمبلی معرض وجود میں لائی جائے تو اس کے پاس ایک mandate بھی ہو اس ایوان کی طرف سے جس سے یہ سمجھا جائے کہ اس بارہ میں پنجاب کے عوام کا یہ مینڈیٹ mandate ہے کہ جو بھی آئین بنایا جائے اس کی بنیاد قرار داد مقاصد پر ہو جس پر جبکہ وہ پاس ہوا تھا تو تمام عالم اسلام کی طرف سے تحسین و آفرین کے ڈونگرے برسائے گئے تھے ۔ حضور والا ۔ یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ یہاں ایک جی حضوریوں کا ٹولہ ہے اور جس وقت مشرقی بنگال میں مسلم لیگ کو شکست فاش ہوئی تھی تو اس وقت یہ مطالبہ کیا گیا تھا ۔

Mr. Speaker: Do not be irrelevant.

میاں محمد شفیع—

Alright I will be relevant according to your desire.

حضور والا مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ جس وقت مشرقی بنگال کی طرف سے یہ مطالبہ ہوا تھا کہ کنسٹیچوئنٹ اسمبلی نمائندہ اسمبلی نہیں ہے اور اسے توڑ دیا جائے تو انہوں نے اس وقت یہ کہہ دیا کہ یہ ٹوٹ نہیں سکتی اور اب انہوں نے یہ کہہ دیا ہے کہ جو کچھ ہوا ہے ٹھیک ہوا ہے۔ میری درخواست ہے کہ ایسے لوگوں کا کیا اعتبار ہے۔ بہر کیف میری یہ عرض ہے کہ آنریبل لیڈر آف دی ہاؤس کو اس بات کے جواز میں دلائل دینے چاہیں کہ انہیں اس ترمیم کے ماننے میں کیا اعتراض ہے۔ اس وقت اس ترمیم میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ جو بھی آئین آپ بنائیں اس کی بنیاد اسلامی شرع پر ہو۔ ہم میں اب جو نئے نئے ایک خاص کلاس کے لوگ آ رہے ہیں اور جو مذہب اور سیاست کو علیحدہ رکھنا چاہتے ہیں ان کے خلاف ہم واضع بین اور صاف مینڈیٹ (mandate) دینا چاہتے ہیں۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ کوئی آنریبل ممبر اس ترمیم کی اس صورت میں مخالفت کر سکتا ہے۔

Chief Minister : (THE HONOURABLE MALIK MUHAMMAD FIROZ KHAN NOON): Sir, I am rather amazed at this amendment and the speeches made in favour of this amendment. The honourable mover of this amendment realises fully that the Objectives Resolution was passed by us, your representatives in Karachi, and the credit goes to the Constituent Assembly for having laid down rules on Islamic principles on which the constitution will be based. Sir, instead of the honourable member recognising the Islamic principles laid down by the members of the Constituent Assembly, your representatives from here, and saying that we are happy that they behaved like this, he cries hoarse as if he is the champion of the Islamic principles. It is just like going and borrowing sombody else's coat and walking in the street saying, 'what a gentleman

I am'. Their Constituent Assembly has already passed the Objectives Resolution which is according to the wishes of the people and there is no reason why those Islamic principles should not be carried out. Further more, they can take guarantee from their elected members. You can issue instructions to them that they have got to behave in such a manner. I am amazed at their ignorance when they talk of the existing members of the Central Government. They are not going to frame the constitution. They are not the Constituent Assembly. When you give your votes and when they are returned as members, then they have got their duty. With due respect to their wishes, I feel that this amendment is quite redundant and I hope that the House will not allow anybody to waste any more time on it.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور۔ ۹۔ مسلم)۔ حضور والا۔ وزیر اعلیٰ صاحب کے ارشادات سن کر مجھے وہ انگریزی محاورہ یاد آگیا ہے کہ بلی تھیلے سے نکل آئی۔ یعنی یہ کہ وہ ہمیشہ ہر کام کو کریڈٹ اور صلہ کے نکتہ نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور جب میں عمداً نہیں سہواً اس کارنامے کی تکمیل کے تذکرہ میں ان کا ذکر کرنے سے قاصر رہا تو انہیں دکھ ہوا۔

صاحب سپیکر—غیر متعلقہ باتیں نہ کیجئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا۔ میں تو صرف انکی باتوں کا جواب دے رہا ہوں۔ انکے ارشادات سن کر یہ معلوم ہو رہا ہے کہ وہ اخبارات کے ذریعہ اس بات کا اعلان کر دینا چاہتے ہیں کہ وہ لوگ جو اس قرار داد مقاصد کا سہرا مرحوم قائد ملت کے سر باندھتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ اس میں سب سے زیادہ حصہ عزت مآب وزیر اعلیٰ صاحب کا تھا۔ اگر اس وقت انہوں نے کسی اسلامی تصور حکومت کے ماتحت یا کسی اور جذبہ کے ماتحت اس قرار داد مقاصد کو پاس کیا تھا تو پھر میں حیران ہوں کہ وہ آج اس سے کیوں بدکتے ہیں؟ آج اسی قرار داد مقاصد کے الفاظ سے انہیں کیوں وحشت ہوتی ہے؟ اگر وہ کوئی ایسی بات نہیں جو انکے منشا کے خلاف ہو۔ اگر اسکے مفید ہونے کے متعلق انکے ذہن میں کوئی پیچیدگی یا الجھن نہیں تو وہ کیوں اسکے ذکر سے گھبراہٹ اور جھنجھلاہٹ کا اظہار کر رہے ہیں؟

حضور والا۔ قرار داد مقاصد تو ایک لمبی چوڑی چیز ہے۔ میرا مقصد صرف اتنا ہے کہ یہاں پر ایک اسلامی طرز کا آئین اور حکومت ہونی چاہئے۔ یا پھر یہ لوگ صفائی اور جرأت کے ساتھ اس بات کا اعلان کر دیں کہ وہ سیکولر سٹیٹ چاہتے ہیں۔ اسلامی حکومت نہیں چاہتے۔ اور انہیں تجربہ کے بعد یہ معلوم ہوا ہے کہ اسلامی حکومت قائم نہیں ہو سکتی۔ اسلئے اب انہوں نے اپنا نظریہ اور عندیہ بدل لیا ہے۔

Mr. Speaker : The question is—

That the following words be added at the end replacing the full stop after the word "constitution" by a comma :—

"which should be strictly based on the objectives Resolution as moved by the late Quaid-i-Millat on 12th March 1949 in the then Constituent Assembly and adopted by the same".

The motion was lost.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX Muslim): Sir, I beg to move—

That in line 1, paragraph 3, instead of the words "This Assembly trusts that early steps will be taken", the words: "This Assembly requests the Central Government to take early steps", be incorporated.

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ قرار داد کے پیراگراف اول کے آخیر کی ۴ سطروں کو حذف کیا جائے انکے الفاظ یہ ہیں :—

This Assembly had in December 1951 demanded the replacement of the old members of the constit ent Assembly by members who should be elected by the new Punjab Assembly which had been electe.. on the basis of adult franchise.

جیسا کہ عزت مآب صاحب صدر نے فرمایا کہ قرار داد کے اصل مقصد پر اور اسکے مرکزی خیال پر میری ترمیم کا کوئی اثر نہیں پڑتا بہر حال میں اپنی ترمیم پیش کرتا ہوں۔

ایک خاص چیز جو میں آپکی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آئین ساز اسمبلی جسکی رکنیت کا عزت مآب وزیر اعلیٰ کو شرف حاصل تھا اور جس میں وہ اپنی کارکردگی کا کریڈٹ آج وصول کرنا چاہتے ہیں اس میں وہ ہماری نمائندگی کا حق بھی نہیں رکھتے ہیں یعنی اس صوبے کی طرف سے جو بزرگ اور جو قائدین ایوان کی رکنیت کا فرائض انجام دے رہے تھے معلوم نہیں وہ اس صوبے کے صحیح نمائندے بھی تھے یا نہیں یا ان میں ایک بھی صحیح طور پر بغیر دھاندلی کے منتخب ہوا تھا یا نہیں۔ اسکے علاوہ انہوں نے فرمایا ہے کہ دسمبر ۱۹۵۱ میں بھی یہ بات اسمبلی ھذا نے کہی تھی کہ آئین ساز اسمبلی کے پرانے رکن اس ایوان کے نمائندے نہیں رہے اس لئے نئی اسمبلی کے نئے رکن چنے جائیں جو بالغان کے حق رائے دھندگی کے ذریعہ سے معرض وجود میں آئی ہے۔

حضور والا۔ میں صرف اس بات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ اگر واقعی آپ کا دل اس امر کی شہادت دیتا ہے کہ آپ اس ملک میں جمہوری نظام حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں تو ایک تو آپ قرار داد مقاصد کو جسکا

ذکر میں کر چکا ہوں ملحوظ خاطر رکھیں اور دوسرے آپ کو یہ اہتمام کرنا چاہئے کہ آئندہ اسمبلی کے انتخابات ہر قسم کی سرکاری مداخلت اور دھاندلی سے پاک رہیں جیسی مداخلت اور دھاندلی موجودہ اسمبلی کے معرض وجود میں آنے کے وقت کی گئی تھی۔

صادب سپیکر—انتخابات اور دھاندلی کا زیر بحث قرارداد کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

چودھری محمد افضل چیمہ—چونکہ اصل قرار داد میں کہا گیا ہے کہ اسمبلی ہذا نے دسمبر ۱۹۵۱ میں کہا تھا کہ آئین ساز اسمبلی کے پرانے ممبر پنجاب کے نمائندے نہیں رہے اسلئے موجودہ اسمبلی سے نئے ممبر چنے جائیں۔ اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس نئی اسمبلی کے انتخابات سرکاری مداخلت اور دھاندلی کے نتیجے سے ہی رونما ہوئے تھے اور میں اس سلسلے میں یہ اصول پیش کر رہا ہوں کہ آئندہ انتخابات اس قسم کی سرکاری مداخلت اور دھاندلی سے پاک و صاف ہونے چاہئیں۔ اور میں اس سلسلے میں یہ ثابت کرنے کے بعد کہ سابقہ انتخابات آزاد اور منصفانہ نہیں تھے یہ عرض کر رہا ہوں کہ دسمبر ۱۹۵۱ کا حوالہ دینے والے الفاظ کو اس قرار داد سے حذف کر دیا جائے۔

Chaudhri Sultan Ali : Sir, I move that the question be now put.

Mr. Speaker : The question is—

That in paragraph 1 of the motion, the words "The Assembly had, in December 1951.... .....franchise", be omitted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker : Now, I will put the main motion as amended before the House.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. You will very kindly see Rule 62. It says as follows :—

"At any time after a question has been proposed a member rising in his place may claim to move "That the question be now put," and unless it shall appear to the Chair that such motion is an abuse of the rules or an infringement of the rights of the minority, the question "That the question be now put" shall be put forthwith and decided without amendment or debate."

This Rule must also be read with part (2) which says :—

"When the motion "That the question be now put" has been carried, and the question consequent thereon has been decided, any further motion may be made with the assent of the Speaker which may be requisite to bring to a decision any question already proposed from the Chair, provided that such motion shall be put forthwith and decided without amendment or debate, but before putting the motion consequent on the closure the Speaker may allow any member any right of reply which he may have under the rules."

Mr. Speaker : The right of reply is on the Government side. 'Right of reply' means that when the House has passed the closure motion, then

before putting the question, the mover shall have the right of reply, which right in this case has been given to the mover.

Mr. C. E. Gibbon : The point is this that the very question "That the question be now put" is a motion in itself.

Mr. Speaker : The Rule says that the question shall be put forthwith and decided without amendment or debate. I have put the question "That the question be now put" and it has been decided. There should be neither amendment nor debate.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir. As you know, a very important issue is before the House. It has not been debated by this Assembly. You also know that a very short notice was given of this motion. It was only circulated today and we have not been given opportunity to support or to oppose it. You are depriving us, the tiny Opposition, from taking part in the discussion. You are supporting the Government in this respect.

Mr. Speaker: This is no point of order.

Chief Minister : On a point of order, Sir. This is a reflection on the Speaker. He must withdraw these words. The Speaker is fair to everybody.

Mr. Speaker: It is, no doubt, a reflection, but I treat it with the contempt it deserves.

Mian Muhammad Shafi : On a point of order, Sir. As the Speaker of the House is to assist the two wings of the House, we seek your protection in making our point of view on a issue which concerns not only our future but the future of our generations.

Mr. Speaker : There is no question of protection. I know that every member of the Opposition who took part in the debate, has expressed.....

Mian Muhammad Shafi: Not at all.

Mr. Speaker: Order, order. Please do not interrupt me. I know that every member of the Opposition, who took part in the debate on the amendments, has expressed his full approval of the main motion and, therefore, I cannot see any harm done to the rights of minorities by putting the question "That the question be now put". This is my ruling.

Mian Muhammad Shafi : Another point of order. Is the Honourable Speaker kindled with intuition to seek the hearts of the members ?

Mr. Speaker : This is an absurd point of order.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. Although the motion "That the question be now put" has been put by the member rising in his seat, and in view of the fact that the Speaker has exercised his discretion in the number of days allowed for admitting a substantive motion and the amendments thereto, still the discretionary clause is operative even at this stage so far as the substantive motion is concerned.

Mr. Speaker : I cannot receive amendments after the question has been put. Under what rule can I proceed with amendments.

Mr. C. E. Gibbon : Having once exercised your discretion both on the question of a substantive motion and allowing the member to rise in his seat to move the motion "That the question be now put", that has not taken away from the Speaker the right of his discretion to allow amendments to the motion to be put.

Mr. Speaker : I do not agree with that interpretation.

Mr. C. E. Gibbon : But even at this stage the Speaker 'may' give his assent. You can exercise your discretion.

Mr. Speaker : When I have put the question "That the question be now put" and it is decided, I cannot do anything.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir. While admitting this motion at a short notice, you have also exercised your discretionary powers to support the Government.

Mr. Speaker : I ask the honourable member to withdraw these words.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Which words ?

Mr. Speaker : That I am exercising my discretion in order to support the Government.

(Voices from Treasury Benches: *Withdraw, withdraw.*).

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, all that I meant was ..

Mr. Speaker : I do not want any explanation. Withdraw those words.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I have spoken so many words. Which particular word you want me to withdraw?

Mr. Speaker : The words which I have just repeated.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I will certainly withdraw, but.....

Mr. Speaker : Please withdraw those words before you proceed further.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : I am ready to withdraw.

Mr. Speaker : Please withdraw them straightway. Say, 'I withdraw'.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I withdraw, I withdraw. Another point of order.

Mr. Speaker : I am not going to allow any further point of order because I have seen that these points of order raised one after another are all frivolous and waste the time of the House.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : As a protest we walk out for one minute only.

At this stage the Opposition members walked out of the House.

Mr. Speaker : The question is—

"This Assembly places on record its profound sense of relief at the dissolution of the Constituent Assembly which had failed to perform the duties entrusted to it more than seven years ago and had tragically allowed itself to be torn asunder by provincial wranglings, sectional quarrels and group politics, and thus, constituting a grave threat to the unity, stability and soldarity of Pakistan. This Assembly had, in December 1951, demanded the replacement of the old members of the Constituent Assembly by members who should be elected by the new Punjab Assembly which had been elected on the basis of adult franchise.

Furthermore, this Assembly warmly welcomes the One-Unit Plan announced by Prime Minister, Muhammad Ali, in his broadcas on Monday, November 1954. This Assembly fully endorses the Hon'ble Prime Minister's Plan for the integration of West Pakistan into a single unifiedadministrative unit and for the formation of a Federal Government in the Centre comprising the two Provinces of East and West Pakistan on the basis of equal partnership. This Assembly is sincerely convinced that the merger scheme, if properly worked, would not only prevent the ugly manifestation of racial, tribal, provincial and parochial spirit but would create the proper national spirit which is vital for the future progress and prosperity of our Nation. Moreover, the integration of West Pakistan into one composite Province will reduce the cost of administration and will help in diverting larger funds for the development of economically and educationally backward areas with a view to bringing them in line with the more advanced and progressive sections of the people. Not the least heartening is the hope that the two units of the Pakistan Federation will function in unison and in a spirit of true and equal partnership for the progress, proseperity and greatness of Pakistan.

This Assembly trust that early steps will be taken to implement this proposal in consultation with the representatives of the various administrations concerned with a view to paving the way for the framing of the Federal Constitution by the representatives of East and West Pakistan and to the holding of early elections under the new Constitution.

The motion as amended was unanimously carried.

WILD BIRDS AND WILD ANIMALS PROTECTION BILL

Minister of Revenue : (THE HONOURABLE MR. MUZAFFAR ALI KHAN QIZILBASH): Sir, I introduce the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill.

I also move—

That the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill be taken into consideration at once.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill be taken into consideration at once.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX, Muslim): Sir, I beg to move—

That the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st January 1955.

حضور والا۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ مسودہ قانون تحفظ جنگلی پرندگان و جانوران کو استصواب رائے عامہ کیلئے یکم جنوری ۱۹۵۵ تک مشتہر کیا جائے۔

حضور والا۔ جب میں نے پہلے پہل اس مسودہ قانون کو دیکھا تو مجھے یہ گمان ہوا کہ شاید یہ وزیر جنگلات سے تعلق رکھتا ہے۔ کیونکہ اس میں جنگلات کا لفظ بھی تھا اور حیوانات کا ذکر بھی تھا۔ لیکن جب میں نے اسکے بیان اغراض و وجوہ کو دیکھا تو مجھے تو تعجب سا ہوا کہ وہاں عزت مآب وزیر مال کا نام نامی درج تھا۔ حضور والا۔ اگر آپ اسکے بیان اغراض و وجوہ پر غور فرمائیں تو اسکے الفاظ بڑے عجیب و غریب اور دلچسپ سے ہیں۔ وہاں اس بل کا مقصد یہ بیان کیا گیا ہے کہ تجربہ سے یہ بات بخوبی واضع ہو گئی ہے کہ قانون تحفظ جنگلی جانوران و حیوانات ۱۹۳۳ کے احکام صوبہ کے حیوانات کے مناسب تحفظ اور بقا کے سلسلہ میں نا کافی ثابت ہوئے ہیں۔ بالفاظ دیگر انکا مقصد یہ ہے کہ پرندوں اور جانوروں کے تحفظ اور بقا کیلئے مناسب انتظام اور اہتمام فرمایا جائے۔ اور پہلے قانون میں جو اسقام یا خامیاں رہ گئی ہیں انہیں موجودہ قانون کے ذریعے سے پورا کیا جائے۔

اب حضور خیال فرمائیں یہ کسقدر ستم ظریفی ہے۔ انکا خیال یہ ہے کہ انسانوں کے تمام حقوق کا مکمل طور پر تحفظ ہو چکا ہے۔ صوبہ کے عوام کی بنیادی ضروریات کما حقہ پوری ہو چکی ہیں۔ اس صوبہ کے

شہری مزدوروں اور دیہاتی مزارعین کے مسائل حل ہو چکے ہیں۔ اس صوبہ کی غذائی ضروریات کا مناسب انتظام کیا جا چکا ہے۔ اس صوبہ کے عوام کو علاج اور علم کی تمام سہولتیں میسر آ چکی ہیں۔ انسانوں کی تمام ضروریات کا مکمل انتظام کرنے کے بعد اب انکے جذبہ ہمدردی کا مرکز ثقل پرندوں اور درندوں پر منتقل اور مرتکز ہوا ہے۔ میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ قوم سے یہ کیا مذاق کر رہے ہیں۔

حضور والا۔ میں اس مسودہ قانون کو عوام کے سامنے لا کر اس حکومت کی ذہنیت کو بے نقاب کرنا چاہتا ہوں ۔ تاکہ یہ حضرات اور قائدین جو یہ سمجھتے ہیں کہ انسانوں کی ضروریات مکمل طور پر مہیا ہو چکی ہیں اور انکا مناسب انتظام کیا جا چکا ہے۔ اس بل کومشتہر کرنے سے عوام کو انکی اصلی ذہنیت کا پتہ چل جائے ۔ بچارے عوام کی تو یہ کیفیت ہے کہ —

ہو چکیں غالب بلائیں سب تمام
ایک مرگ ناگہانی اور ہے

اور یہاں پر پرندوں اور درندوں کے حقوق کا تحفظ کیا جا رہا ہے۔

حضور والا۔ میں جانتا ہوں کہ انسانی ہمدردی اور رقیق القلبی کا ایک تقاضا یہ ہے کہ جانوروں اور پرندوں سے شفقت اور رحمدلی سے پیش آیا جائے ۔ اور ان سے کسی قسم کے مظالم روا نہ رکھیں جائیں۔ لیکن میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ کیا یہ اسی ذہنیت کا اظہار نہیں جو تقسیم سے پہلے ہم دیکھا کرتے تھے کہ بعض ہندو سود خوار کیڑوں کے بلوں پر تو دانے ڈالتے تھے اور کووں کو روٹی کے ٹکڑے کھلاتے تھے مگر جہاں تک انسانوں کا تعلق تھا انکا خون بے رحمی سے چوستے تھے اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ پرندوں اور درندوں کے ساتھ اسطرح ہمدردی کرکے شاید وہ اپنی ان بد اعمالیوں کی تلافی کر رہے ہیں جو وہ انسانوں کے ساتھ روا رکھ رہے ہیں۔ اس طریق سے وہ لوگ ایک فریب نفس میں مبتلا رہتے تھے کہ وہ بہت نیک ہیں۔ حضور والا۔ میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا ہماری حکومت بالکل اسی قسم کی ذہنیت کا مظاہرہ نہیں کر رہی ؟ کیا انکے ضمیروں پر یہ چیز گراں نہیں گذر رہی کہ وہ غریب عوام کیلئے کچھ نہیں کر سکے اور اسلئے یہ جانوروں کے لئے ایسے قانون لا کر اپنے آپ کو کچھ تسکین دینا چاہتے ہوں ؟ حضور والا۔ ایک طرف تو انکا رویہ یہ ہے کہ جب کچھ دن پہلے اسی معزز ایوان میں یہ

سوال پوچھا گیا تھا کہ ضلع سیالکوٹ کی تحصیل شکر گڑھ میں خنزیروں کی تعداد بہت زیادہ ہو چکی ہے جو نہ صرف فصلوں کو بہت بری طرح تباہ و برباد کر رہے ہیں بلکہ انکی وجہ سے انسانی زندگیوں کو بھی خطرہ لا حق ہو گیا ہے تو اسکا جواب تسلی بخش طریق سے نہیں دیا گیا تھا میں اس ترمیم کے ذریعہ اس بل کو عوام کے سامنے لا کر اس حکومت کی ذہنیت کو بے نقاب کرنا چاہتا ہوں ۔ تاکہ انہیں معلوم ہو جائے کہ یہ قومی مسائل کا حل کس طریق سے کرتے ہیں۔ حضور والا۔ میں انہیں بتا دینا چاہتا ہوں کہ عوام انکے اس قسم کے قانونوں کو کوئی قومی کام تصور نہیں کرتے۔ پرندوں اور درندوں کے تحفظ کیلئے تو وہ اسقدر بے چین ہیں لیکن انسانی زندگیوں سے انہیں کوئی ہمدردی نہیں۔ انہیں وہ اسی طرح مصائب کے درمیان میں چھوڑ رہے ہیں۔

Mr. C. E. Gibbon : (Pakistani-Christian and Anglo-Pakistani, III) Sir, I beg to move—

That the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill, 1954, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 1st January 1955.

Sir, I have asked that the Bill be circulated for eliciting public opinion and the reason for that is very clear. Before I come to the main provisions of the Bill on which public opinion ought to be expressed I would like to direct the attention of the Minister-in-Charge to his statement of Objects and Reasons. Now, Sir, in this statement the reasons given are not for amending the old Act but for repealing the whole of the old Act. The old Act which was "The Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Act of 1953" is to be repealed, and it is to be substituted by this Act and it says that that Act was defective, that Act did not serve the purpose in as much as it was not effective in preserving the fauna of the Province. It must be, therefore, presumed that when that Act was brought before the House in 1933 the conditions which existed then were different from those which existed in 1953. That is over a period of twenty years. Now if you intend to repeal that Bill you should not have suggested any amendment to that Bill. Here is the new Bill and the reasons you have given for this new Bill are set out in the Statement of Objects and Reasons; that is, in a nut-shell, the Preservation of the fauna of the Punjab. I suppose it is not necessary for me to tell you, Sir, as a very old and experienced Parliamentarian on the one hand and one of the biggest land-lords on the other that there is a large section of people who subsist, who are compelled because of circumstances in the lands or territories in which they lived on fauna. There are certain territories in the Punjab where agricultural produce is not sufficient to keep body and soul alive. Moreover it has become a custom with them. They require it, they have got used to it. There are certain tribes and certain people who eat the flesh of this fauna. There are certain deficit areas in the Province where agricultural produce, say wheat rice, bajra or makkai, whatever it might be, is not sufficient to provide food for this particular type of people. No provision has been made for them in this Bill. I am one with you for the preservation of fauna. But, at the same time, you will please take into consideration the fact that a very large section of the people are dependent for their daily food on the flesh of wild birds and wild animals. Under this Bill, no provision whatsoever has been made to provide for the daily food of that particular type of people. But a Clause—Clause 7 if you would care to read, has been introduced which tends

to make one rather suspicious that the sole purpose is to help in the preservation of the fauna. Any one of the public reading this Bill might be perfectly convinced by what he reads in the statement of Objects and Reasons but when he casts his eye on Clause '7' he sees that here is where the rabit starts running. He immediately directs his eye not towards the preservation of the fauna but towards satisfying the ambitions or anticipations and expectations of the Shikari, like the Honourable Minister.

Sir, there are two things which I would request the Government to consider: one is to amend this Clause suitably so that suspicion will not arise that this Clause is there merely to satisfy the ambitions of Shikaris and the other is, to introduce a Clause somewhere, where it will satisfy the needs of a certain class of people who for generations subsist on the flesh of wild birds and animals.

Mr. Speaker : The question is—

That the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill, 1954, be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st January 1955.

The motion was lost.

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—(ڈیرہ غازی خاں نمبر ۷ مسلم) جناب والا ۔ میں اس بل کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں ۔

صاحب سپیکر—تحریک زیر غور یہ ہے کہ اس بل پر غور کیا جائے ۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین— جناب والا ۔ میں اصولی طور پر اس بل کی تردید کرنا چاہتا ہوں جس کی وجوہات یہ ہیں۔

صاحب سپیکر—اس مرحلہ پر آپ اس بل کے اصولوں پر بحث کر سکتے ہیں۔ قواعد کے مطابق اس کی مختلف کلازوں پر بحث نہیں کی جا سکتی ۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین— بہت اچھا جناب والا ۔ میں اس کے اصولوں پر بحث کرتا ہوں ۔ اس بل کی تعریف بالکل مہمل او، مبہم ہے۔ اس میں شکار اور قتل الموزی کو باہم ملا دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ یہ اس وجہ سے بھی مبہم ہے کہ کسی لغت یا اصطلاح میں قتل الموزی کو شکار نہیں کہا گیا ۔

جناب والا ۔ شکار پر کسی قسم کی پابندی لگانا اسلامی روایات کے خلاف ہے۔

وزیر مال—کیا آپ کا خیال ہے کہ لوگ ہر وقت شکار کھیلتے رہیں۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین— جناب والا ۔ ارشاد الہی ہے۔ واذ احللتم فاصادو پھر دوسری جگہ ارشاد باری ہے۔ ''احل لکم صید البحر،، ان آیات سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ رب العزت سبحانہ نے انسان کے لئے

جو اشرف المخلوقات ہے اعلےٰ سے اعلےٰ طعام یعنی لحم لطیر مہیا کیا ہے ۔ پھر تعجب ہے کہ آپ کس طرح اس حلال اور سیدالطعام کے حصول پر پابندی عائد کر سکتے ہیں! یہ ہرگز قرین قیاس اور قرین مصلحت نہیں بلکہ مخالفت فی الدین ہے اور اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ آپ انسان کو اس کے جائز حق سے محروم کر رہے ہیں۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ دنیا کے باقی تمام اسلامی ممالک کی نگاہ میں ایسے جانوروں کا شکار ممنوع نہیں مثلاً عرب۔ ایران۔ شام۔ مصر ۔اور افغانستان کسی ملک میں بھی ایسے جانوروں کے شکار کی ممانعت نہیں۔ اس لئے جہاں اور معاملات میں آپ ان ملکوں کی تقلید کرتے ہیں آپ کو چاہئے کہ ایسے جانوروں کے شکار کے لئے بھی ان کی تقلید کریں اور کسی قسم کی پابندی عائد نہ کریں۔

وزیرمال—آپ کو شاید پتہ نہیں ۔ عراق میں شکار کی ممانعت ہے۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—اس کے بعد حضور والا ۔ یہ بیان فرمایا گیا ہے کہ فلاں فلاں دن شکار کھیلنا ممنوع ہے۔ یہ تو بالکل سنت یہود کے مترادف ہے۔ جس طرح یہودی ہفتہ کے روز شکار نہیں کھیلتے اسی طرح آپ نے کیا ہے۔ پھر میں آپ سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ کس طرح کسی شکاری کے لئے شکار کی حد مقرر کر سکتے ہیں کہ وہ دو جانور مارے یا تین۔ جب وہ بندوق چلاتا ہے تو اس کے چھروں کا پھیلاؤ اتنا ہوتا ہے کہ بعض اوقات کئی کئی جانور ایک ہی فائر میں مر جاتے ہیں اس طرح آپ اس بات پر بھی پابندی عائد نہیں کر سکتے۔

ان حالات میں جناب چیمہ صاحب نے جو کچھ اس بل کے نقصانات کے متعلق فرمایا ہے اور جو دلائل انہوں نے پیش کئے ہیں ۔ میں ان کی تائید کرتا ہوں اور آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس بل کو واپس لے لیں اور اسلامی روایات کو قائم رکھتے ہوئے کسی قسم کی پابندی عائد نہ کریں ۔

ملک فتح شیر جھٹ۔ (میانوالی ۔مسلم) جناب والا ۔ میں جناب چیمہ صاحب کی تائید کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ اس بل کو عوام کی رائے دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔ میری گذارش ہے کہ یہ بل ایسے دماغوں کا بنایا ہوا ہے کہ مجھے اس میں خطرہ نظر آتا ہے اور اسی خطرہ کے پیش نظر میں نے کچھ عرض کرنا ضروری سمجھا ہے ۔

predecessors and create healthy conventions for the posterity. You deprived the Opposition yesterday of their views on such an important matter.

Mr. Speaker : I want to put the matter before the House.

Malik Ghulam Nabi : I am already going out. You have not been fair to the Opposition for all these years. This is my conviction.

Mr. Speaker : I want to move—

That Malik Ghulam Nabi shall withdraw from the House for the rest of the Session.

Chief Minister : Sir, I support the motion.

Mr. C. E. Gibbon : I oppose the motion.

Mr. Speaker : The question is —

That Malik Ghulam Nabi shall withdraw from the House for the rest of the Session.

The motion was carried.

Mian Muhammad Shafi : One a point of order. The honourable member on this side of the House has not refused to obey your orders.

Mr. Speaker : There is no point of order. He has definitely refused.

(Voices from the Treasury Benches : *Disgraceful*).

Malik Ghulam Nabi : You are a disgrace to the House, disgrace to the people and the Province you represent. You Jhonies are not ashamed of your conduct.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. You sought to put a motion to the House that an honourable member should stay away for the remain der of this Session and the Leader of House said that he supports that motion and I said that I oppose it.

Mr. Speaker : There is no question of a debate.

Mr. C. E. Gibbon : I know. But the point is that while the Chair puts such a motion to the House, there are certain conditions to be fulfilled. The first pre-requisite condition is that the Speaker may direct any member whose conduct is disorderly to withdraw from the House for the day's meeting.

Mr. Speaker : I did so.

Mr. C. E. Gibbon: You have first to declare that a member's conduct is disorderly.

Mr. Speaker : There is no question of declaration. I did ask him to withdraw from the House for the rest of the day and he refused. That is why I took the second action.

Malik Ghulam Nabi : I never refused.

Mr. Speaker : I said that I will not allow any further argument, but he persisted. Then I asked him to withdraw certain remarks, but he refused.

Malik Ghulam Nabi: This I did refuse. I was going to make a speech.

Mr. Speaker : I said I would not allow that :

Malik Ghulam Nabi : You say many things wihout meanings. It is a disgrace Sir, to sit in a House where you preside. If you desire that I should leave for the day, then I leave.

(*At this stage Malik Ghulam Nabi left the House*)

Mr. Speaker: I am afraid I will have to stick to my motion. I cannot allow any disorderly conduct in the House. I asked him three times not to argue, but he persisted on making a speech. Then I asked him to withdraw, he refused to withdraw. Then I am taking the third step which is the extreme step.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. May I draw your attention to Rule 77 which reads thus :—

"(1) The Speaker shall preserve order and have all powers necessary for the purpose of enforcing his decisions on all points of order.

" (1) The Speaker shall preserve order and have all powers necessary for the purpose of enforcing his decisions on all points of order

(2) He may direct any member whose conduct is, in his opinion grossly disorderly to withdraw immediately from the Assembly and any member so ordered to with draw shall do so forthwith and shall absent himself during the remainder of the days meeting. If any member is ordered to withdraw a second time in the same session, the Speaker may direct the member to absent himself from the meetings of the Assembly for any period not longer than the remainder of the session and the member so directed shall absent himself accordingly."

All I request you to do is to comply with the provisions of the Rule.

Mr. Speaker: I asked the honourable member more than once to withdraw.

Mr. C. E. Gibbon: That is quite true. He has withdrawn and has complied with your orders. It was the provocation from the Treasury Benches that he said something. The Rule is quite

Mr. Speaker : There is no point or order. I had asked him more than once.

Chief Minister : Will you kindly allow me to say something ? I have been noticing for a very long time that the honourable members of the Opposition continuously flout the authority of the Speaker every day. They have been often asked by you to resume their seats but they refuse. I do feel that the prestige of this honourable House is being ruined and the members of the Opposition are flouting the authority of the Speaker every day. I feel that in order to maintain the decorum and dignity of the House you should enforce the powers that are with you. You must take necessary action under the Rules to restore the respect of this House in the eyes of the public since it is now falling every day due to the unruly conduct of the honourable members of the Opposition.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. There is no provision whatsoever under the Rules that once the Speaker has given his decision under Rule 77 (1), any member of the House may address this House on the implications of the conduct of another member.

Mr. Speaker : In the first instance I pointed out to the honourable member concerned that his motion was not a privilege motion and that he could bring a no-confidence motion against the Speaker. Instead of accepting my ruling he started to argue. I asked him not to argue, but he persisted; I asked him to resume his seat, he refused to do so; I asked him to withdraw certain remarks, again he refused. Again I asked him to withdraw from the House, instead he continued his speech. Then under Rule 77 I moved that he shall not attend the session. Now, I order that he shall not attend the rest of the session.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order and it is this that in Rule 77 the words used are "if any member is ordered to withdraw a second time in the same session". The words used are not "in the same sitting." If the words had been "in the same sitting", then, of course, you are perfectly justified to ask him to withdraw for the rest of the session. But, Sir, it is specifically given there ; in the same session.' That clearly means that....

Mr. Speaker : The Honourable member is obviously under a misapprehension. The words primarily mean 'this sitting' and nothing else. The point of order is over-ruled.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Another point of order. You have just said that the word "session" means "sitting". In that case you should have not asked the honourable member to withdraw for the rest of the session. Do you mean to say 'for today's sitting' ?

Mr. Speaker : No, the words "in the same session" include "sitting".

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: In case if we bring to your notice similar incidents in which according to Parliamentary Practice the words "same session" have been held to mean "whole session of the Assembly" will you reconsider your ruling ?

Mr. Speaker : The honourable member can bring them to my chamber.

Mr. C. E. Gibbon : On a point of order, Sir. Can a precedent be quoted to you of your predecessors who adorned this Chair and who had allowed on many a occasion a recalcitrant member who had expressed his apologies.

Mr. Speaker : I am prepared to listen to the apologies when they come. The point of order is over-ruled.

Mr. C. E. Gibbon : Another point of order. I believe the full import of the word 'sessions' may be found in Section 62 of the Act. I think, that means the whole period of the session.

Mr. Speaker : I said that the word "session" includes "sitting". The Assembly is in session.

Mr. C. E. Gibbon : Sitting is not in session.

Mr. Speaker : Sitting cannot be in session.

Mr. C. E. Gibbon : Therefore, he is only sent out for today's sitting.

Mr. Speaker: No, for the rest of the session.

ADJOURNMENT MOTION

Interference of a Minister in the appointment of Secretary, District Board, Lyallpur

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, The direct interference of Government in the matter of appointmen of Secretary, District Board Lyallpur, especially the interference on the part of the Education Minister, Chaudhri Ali Akbar Khan who is going out of the way to support an unqualified and junior candidate of his own kith and kin on tribal and clanish considerations, exactly at the time when the 'One Unit' move aiming at complete extermination of such un-Islamic parochial prejudices is in full swing.

Mr. Speaker : The words 'direct interference' as they stand are vague. When did this thing take place.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Yesterday only. The Honourable Minister issued letters ? directives and instructions.

Voices : Where are those letters. (Interruptions).

Mr. Speaker : Order, Order. Did the Honourable Minister of Education issue ann letters to any of the people at Lyallpur in support of an unqualified and junior candidate of his kith and kin on tribal and clannish considerations.

Minister : This is absolutely wrong. I wrote letters to my friends, I belong to Lyallpur. Yes I belong to Lyallpur and I have every right to support my friends and the people who I think are the best suited for holding some job. So I wrote letters suggesting to my friends that they should support a certain man who is not at all related to me. He is a refugee and comes from East Punjab. I said that he would be suitable for the Secreteryship of the Board and they should support him.

Opposition Members : Self-condemned. He is related to him.

Mr. Speaker : He says, he is not related to him.

Minister : I challenge the honourable member, let him file an affidavit that he is related to me. The words used by him are 'of kith and kin'. What does it mean.

Mian Muhammad Shafi : That means the brotherhood, his Bratheri.

Minister : I am prepared to accept that challenge on the floor of the House.....(یہ ایوان سے باہر بات کر کے دیکھیں)

Mr. Speaker : Order, order. I hope the Honourable Minister will not go to that level.

Mr. C. E. Gibbon : I wish to raise a point of order. Don't you think the context of what the Honourable Minister has just now said constitutes disorderly conduct in the House. In other words he has thrown out a challenge to an honourable member of this House that he will beat him outside.

Mr. Speaker: What the Honourable Minister said was that the honourable member cannot be sued for any statement he makes in the House. But if he makes this statement outside it would be defamatory.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I wish to raise a point of order.

Mr. Speaker : What is the point of order.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, if the Honourable Minister has thrown a challenge at me I am prepared to accept it.

Mr. Speaker : That is not a point of order. I rule the adjournment motion out of order on the ground that the facts mentioned in the motion as worded are not correct.

Mian Muhammad Shafi : Sir, as a protest against the suppression of genuine opinion on the floor of the House by the Honourable Speaker I refuse to move my adjournment motion.

THE PUNJAB WILD BIRDS AND WILD ANIMALS PROTECTION BILL

Mr. Speaker : The House will now consider the Bill close by clause.

Clause 3

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX, Muslim): Sir I beg to move—

That in clause 3, the following definition be added namely :—

"(v) "*Bona fide* Collector" means a person who collects eggs for purposes of study instruction or scientific research."

Minister of Revenue : Sir, I have no objection to this amendment.

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 3, the following definition be added, namely :—

"(v) "*Bona fide* Collector" means a person who collects eggs for purposes of study, instruction or scientific research."

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 3, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور ۹ مسلم) حضور والا۔ میں اس کلاز کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں۔ کلاز ۳ میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ مختلف گوشواروں میں جو اس مسودہ قانون کے ساتھ

منسلک کئے گئے ہیں بعض پرندے اور جانور ایسے ہیں جن کے شکار کے لئے قطعاً ممانعت ہو گی۔ لیکن بعض ایسے پرندے اور جانور ہیں جن کے متعلق سال کے کچھ حصہ میں پابندی لگا دی ہے اور پھر شکار کے بعض طریقوں پر پابندی لگانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کے بعد اگر آپ کلاز ۴ کی ضمنی کلاز (۳) پر غور فرمائیں گے جس کے الفاظ یہ ہیں —

"It shall not be lawful to possess or use hawks for hawking the wild birds specified in Schedule II unless authorised by a special licence issued under this Act."

تو آپ کو معلوم ہو گا کہ کوئی آدمی عقاب کے ذریعہ اس وقت تک شکار کرنے کا مجاز نہیں ہوگا جب تک اس کو باقاعدہ طور پر لائسنس نہ ملے یا وہ لائسنس حاصل نہ کرے اس کو ایک سپیشل قسم کا لائسنس لینا پڑے گا جو عام لائسنس سے مختلف ہوگا۔

حضور والا۔ در اصل اس سارے موضوع کا تعلق امیروں کے طبقہ کے ساتھ ہے جو سگ نواز اور بٹیر باز قسم کے امیر ہیں۔ جن کو ایسے مشاغل کے لئے کافی فرصت ہے اور جو عیش و عشرت اور لہو و لعب کے معاملات میں دلچسپی لے سکتے ہیں اس لئے آپ کا طریق کار متضاد اور غیر معمولی ہو رہا ہے۔ کیونکہ آپ کے دل میں امیروں۔ سرمایہ داروں اور بڑے بڑے زمینداروں کے حقوق کے تحفظ کا اس حد تک شدت سے احساس ہے کہ آپ اس طریق کار کے بالکل بر عکس اور علے الرغم ان بیچارے امیروں پر لائسنس حاصل کرنے کی پابندی لگانا چاہتے ہیں جن کا بینک بیلنس لکھوکھا روپیہ تک پہنچ چکا ہے۔

Mr. Speaker : What has this to do with the clause ?

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا۔ دوسری بات جو اس سلسلہ میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ آپ نے اس ضمنی کلاز نمبر (۴) کے جو الفاظ درج کئے ہیں وہ یہ ہیں —

"It shall not be lawful to import into or export from the Punjab any wild bird or wild animal specified in Schedule II, whether dead or alive, except under a permit issued under this Act.

جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے یہ سارا معاملہ کچھ عجیب و غریب ہے اور میری سمجھ سے بالا تر ہے میں اپنی کمزوری اور لا علمی کا اعتراف کرتا ہوں لیکن یہ جو لائسنس اور پرمٹ کا ذکر کیا گیا ہے اس میں مجھے یک سقم اور خامی نظر آتی ہے کیونکہ جہاں کہیں لائسنس اور پرمٹ وغیرہ کا معاملہ ہو تو وہ مسلم لیگی حضرات سے مختص اور مخصوص کر دیا جاتا ہے اور اس میں ایسے لوگوں کا ذکر نہیں ہے کہ یہ لائیسنس اور پرمٹ کس طبقہ کے لوگوں کو عطا کئے جائیں گے۔ وہ لوگ تو ایسے لائیسنس اور پرمٹ خاص اپنا حق سمجھکر شیر مادر کی طرح حاصل کرنے

کے عادی ہیں اس لئے اگر آپ اس بات کی وضاحت فرمادیں کہ درآمدی لائسنس کن کو ملیں گے تو کم از کم آپ کی کلاز ۴ کے اس حصہ پر مجھے کوئی اعتراض نہ ہوتا۔

Mr. Speaker : The question is—
That clause 4 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 5

Mr. Speaker : The question is—
That clause 5 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 6

Mr. Speaker : The question is—
That clause 6 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 7

Mr. Speaker : The question is—
That clause 7 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 8

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ سلم)—حضور والا۔ میں اس کلاز کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں۔ اسکے الفاظ یہ ہیں —

Government may, by notification, declare any area whether it is Government property or not to be a sanctuary for wild birds or wild animals, or both, and it shall be unlawful for any person, to kill or capture any wild bird or wild animal, as the case may be, within such area at any time.

پہلی چیز جس پر مجھے اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ آپ حکومت کو اس کلاز کی رو سے جانوروں اور پرندوں کے متعلق غیر محدود اور وسیع اختیارات دے رہے ہیں اور جن کے استعمال سے وہ لوگوں کی نجی ملکیتوں پر بھی دست درازی کر سکیں گے۔ خیال فرمائیے کہ ایک سرکاری اعلان کے ذریعے سے کسی ایسے علاقہ کو جو سرکاری ہو یا غیر سرکاری جانوروں اور پرندوں کیلئے ایک مقدس جائے حفاظت یا جائے پناہ تصور کر لیا جائے اور اس پر قبضہ کر لیا جائے۔ میں حیران ہوں کہ حکومت کی طرف سے کس قدر متضاد قسم کے نظریات کا اظہار ہو رہا ہے۔ ایک طرف تو آپ لوگوں کے شخصی اور نجی حقوق ملکیت کا اس حد تک احترام کرنا چاہتے ہیں کہ کوئی آدمی سرکاری یا غیر سرکاری طور پر اس میں مداخلت نہ کر سکے اور دوسری طرف آپ اپنے آپکو ایسے خطرناک اختیارات سے مسلح کرنا چاہتے

ھیں کہ جب آپکا جی چاھے آپ دو سطروں کے ایک سرکاری اعلان کے ذریعے اس زمین پر قبضہ کر لیں۔

عزت مآب وزیر مال—کس کی زمین پر؟

چودھری محمد افضل چیمہ—آپکا منشا یہ ھے کہ اس خاص رقبے کو آپ جانوروں اور پرندوں کیلئے ایک مقدس پناہ گاہ بنانا چاھتے ھیں اور پھر وہ پناہ گاہ اس قسم کی ھو گی کہ اس میں صرف تقدس مآب بزرگوں اور عزت مآب وزرا کو اختیار ھو گا کہ وہ وھاں تشریف لائیں اور اگر شکار نہیں تو کم از کم پرندوں کی دیکھ بھال کا چسکا ھی پورا کر لیں۔

جناب والا—میرا دوسرا اعتراض یہ ھے کہ جب اسکو Sanctuary کہا جاتا ھے تو مجھے خواہ مخواہ یہ شبہ ھوتا ھے کہ شاید نعوذ باللہ من ذالک الکفر آپکی مراد اس ایوان سے تو نہیں۔ البتہ اس کے ساتھ اسکی مشابہت نظر آتی ھے۔ ویسے یہ ایوان اپنی تقدیس و تحریم کے لحاظ سے اپنا جواب نہیں رکھتا اور پھر اس میں کچھ ایسے لوگ بھی ھیں جو بھانت بھانت کی بولیاں بولتے ھیں (قطع کلامیاں)۔

یہ چمن یونہی رھے گا اور ھزاروں جانور
اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اڑ جائیں گے۔ (قہقہ)

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین (ڈیرہ غازی خاں نمبر ۷ مسلم)— جناب والا۔ میں محترم چیمہ صاحب کی تائید کرنا چاھتا ھوں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—On a point of order, Sir حضور والا۔ پوائنٹ آف آرڈر یہ ھے کہ حضور نے جو پانچ منٹ کے وقت کا تعین فرمایا ھے میں دیانتداری سے عرض کرتا ھوں کہ اتنے عرصے میں تو میرے خیالات میں روانی بھی پیدا نہیں ھوتی۔

صاحب سپیکر—یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے۔

خواجہ حافظ غلام سدیدالدین—میں آنریبل چیمہ صاحب کی تائید کرنا چاھتا ھوں۔ جناب والا۔ میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ خدا معلوم عزت مآب وزیر صاحب کو یہ کیا سوجھی ھے کہ اب انھوں نے خلق اللہ سے توجہ ھٹا کر حیوانات کی طرف توجہ دینی شروع کر دی ھے میں ان سے یہ پوچھتا ھوں کہ مجھے اس امر کا خطرہ محسوس ھوتا ھے کہ

تو بروں درچہ کردی کہ دروں خانہ آئی

مجھے اس امر کا خطرہ محسوس ھوتا ھے یہ کہیں اللہ تعالے کے معاملات میں بھی دخل دینا نہ شروع کر دیں۔

یہ بڑی زیادتی ہے کہ کسی جگہ کو حرم پاک کا درجہ دیدیا جائے۔ یہ اپنے لئے ایک حرم پاک بنانا چاہتے ہیں۔ میں ان کو متنبہ کرتا ہوں کہ یہ مسئلہ قرآت و سنت کا مسئلہ ہے۔

وما کان لشر کا ئیھم فھو لا یصل الی اللہ

وماکان للہ فھو یصل الی شر کا ئیھم

کسی شخص کو اس امر کا حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی جگہ کی حدیں مقرر کر دے اور اسے حرم پاک کا درجہ دیدے۔ حالانکہ قرار داد مقاصد پاس کردی گئی ہے جسکے تحت کوئی قانون قرآن و سنت کے خلاف نہیں بن سکتا۔ لیکن خدا معلوم انہوں نے کیوں اس قسم کے قانون بنانے شروع کر دیئے ہیں اور یہ سلسلہ لا متناہی کب ختم ہوگا۔ خدا کرے اسکا اختتام اس شق پر ہو جائے اور باقی شقیں بچ جائیں۔ ویسے وہ بچتی تو نظر نہیں آتیں۔ خدا معلوم انکی حرص کا شکار کیسے شروع ہوئی اور کب ختم ہو گی۔ کسی غریب کیلئے بھی کوئی چیز چھوڑیں گے یا نہ آپکو تو ہر چیز پکی پکائی من و سلویٰ خود بخود تیار ملتی ہے۔

Mr. Speaker : The question is—
That clause 8 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 9

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور- ۹ - مسلم)—حضور والا۔ میرا پہلا اعتراض اس کلاز ۹ پر ایک ٹکنیکل نوعیت کا ہے وہ یہ ہے کہ اس میں حضور آپ دیکھیں گے کہ گیم انسپکٹر کی ایک اصطلاح نئی آ گئی ہے حضور والا ہر مسودہ قانون میں ایک کلاز باقاعدہ طور پر اس کے ابتدائی حصہ میں توضیحی مقصد کے لئے درج کی جاتی ہے تا کہ اس خاص مسودہ قانون میں جو نئی اصطلاحات مستعمل ہوں ان کے متعلق کسی غلط فہمی کا امکان باقی نہ رہے۔ حضور والا سوال یہ ہے کہ تمام عہدے مثلاً گیم انسپکٹر گیم واچر لٹر پٹر۔(سرکاری بنچوں کی طرف سے شور) اگر آپ کا یہ مسودہ قانون محض ایک ترمیمی مسودہ قانون ہوتا اور آپ اس کے ما قبل تمام قوانین کو منسوخ نہ کرتے جن میں گیم انسپکٹر گیم واچر وغیرہ وغیرہ اس قسم کے الفاظ موجود تھے تو اس صورت میں تو آپ یہ کہہ سکتے تھے کہ یہ کوئی نئی اصطلاح نہیں ہے بلکہ ایک عام اور پرانی اصطلاح ہے لیکن آپ اس مسودہ قانون کے ذریعے The Punjab Wild Birds and Wild Animals اور Birds and Wild Animals Act 1912

Act 1933 کو قطعی طور پر منسوخ اور کالعدم قرار دے رہے ہیں۔ اگر فی الواقع ان قوانین میں اس قسم کا عہدہ موجود ہے (شور)

صاحب سپیکر—ان میں کسی میں بھی گیم انسپکٹر کی تعریف نہیں ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا آپ کے ارشاد کی رو سے میری دلیل کو تقویت پہنچتی ہے۔ آپ نے اس بل کی تعریفی کلاز میں کسی جگہ گیم انسپکٹر کے اختیارات کا کوئی ذکر نہیں کیا اور پھر سابقہ قوانین میں بھی اس کا کوئی ذکر نہیں ۔ اگر آپ نے سابقہ قانون کے ماتحت مرتب شدہ قواعد میں اس قسم کی آسامیاں پیدا کی ہیں اور جو آج موجود ہیں تو وہ سب کی سب سابقہ قانون کے منسوخ ہوتے ہی بیک وقت منسوخ ہو جائیں گی۔ اس لئے جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ گیم انسپکٹر کا لفظ یہاں پر بالکل اجنبی سا معلوم ہوتا ہے اس لفظ کے متعلق آپ نے اس بل میں یا اس کی تعریفی کلاز میں کہیں بھی کوئی ذکر نہیں کیا۔ حضور والا اس کے متعلق اس معزز ایوان کا کوئی معزز رکن کچھ نہیں کہہ سکتا کہ وہ کون صاحب ہوں گے ان کی qualifications ان کی علمی قابلیت کیا ہو گی اور ان کے اختیارات کیا کیا ہوں گے۔ حضور والا سابقہ قانون کے بارے میں جس کو آپ اس مسودہ قانون کی رو سے منسوخ فرما رہے ہیں میں اپنے ذاتی مشاہدہ اور ذاتی تجربہ کی بنا پر ایک چیز حضور کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ اس قسم کے گیم انسپکٹر اور گیم واچر اور چھوٹے چھوٹے عہدے داراں جو آپ کے حیوانات یعنی fauna کی نگرانی کرتے ہیں ان کے ذریعے سے گاؤں کے غریب لوگوں کو تنگ کیا جاتا رہا ہے۔ گوجرانوالہ میں میرے اپنے گاؤں میں ایسا ہوا کہ بعض لوگوں نے اس حلقہ کے ڈسٹرکٹ بورڈ کے امیدوار کو support نہ کیا اور اس کی امداد نہ کی۔ اس کی سزا کے طور پر ان غریب لوگوں کو جنکو کمیں کہا جاتا ہے ان گیم واچروں کے ذریعہ سے سخت تنگ کیا گیا (سرکاری بنچوں کی طرف سے شور)

Mr. Speaker : The question is—
That clause 9 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 10

میاں محمد شفیع (منٹگمری سے—مسلم—مخصوص نشست)— جناب والا کلاز ۱۰ کے الفاظ یہ ہیں۔

"All police officers shall, upon request made by any person employed under this Act, assist him in the due discharge of his duties under this Act."

حضور والا—آپ کے رعب کی وجہ سے میں کچھ زیادہ گذارشات نہیں کرنا چاہتا۔ یہاں پر اس ایکٹ کے مطابق جو چوکیدار بھی ہو گا اس کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ جب چاہے اور جس وقت چاہے دن رات کے چوبیس گھنٹوں میں پولیس کے ہر افسر کے پاس جسمیں انسپکٹر جنرل آف پولیس بھی شامل ہیں یہ بات جا کر کہہ سکتا ہے کہ آپ فلاں کام میں اس ایکٹ کے ماتحت میری امداد کریں تو انسپکٹر جنرل آف پولیس خواہ رات کے بارہ بجے ہوں

He is bound down by this clause to assist him. Sir I want to speak in English as this is a technical subject.

Mr. Speaker Will the Honourable Minister explain what does it refer to ?

Minister of Revenue : They are game inspectors or game wardens.

Mian Muhammad Shafi: Any category of persons appointed under this Act can go to the Inspector-General of police, knock at his door at midnight and the Inspector-General tell him 'why have you come to me at such an ugly time'. He can say to the Inspector-General 'under section 10 I order you to do so and so,' because under this clause he is bound down to obey his orders.

Mr. Speaker : Please speak in Urdu.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I declare that for the purposes of this Bill, which is technical, I can express myself better in English than in Urdu.

Sir, do you not see how incongruous this fact becomes when you enbable an ordinary man to call upon any officer of police. Any person appointed on Rs 25 per mensem may go at 2'Oclock in the morning to the house of a Superintendent of Police and request him to assist him because in such and such area Mr. A. is busy in shooting birds Cant' you see how enormous embarrassment this provision can cause to the officers of police all over the Punjab. Therefore, I appeal in the name of common sense, which I hope they possess, to delete this clause. If they do not want to delete, then they should qualify it with such a phase as to make it reasonable. This provision is very fantastic and unreasonable.

Mr. Speaker : The question is —

That clause 10 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 11

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : Sir, on a point of information. Suppose I move an amendment to a clause and it is lost, then in that case can I oppose the whole clause ?

Mr. Speaker : If the honourable member moves an amendment to a clause and that amendment is accepted and incorporated in the clause, then he cannot oppose the clause, But if the amendment falls, he can oppose the clause.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move—

That in clause 11, the words "Lambardar", "Zilladar" and "Qanungo" occurring in lines 1 and 2 be deleted.

حضور والا ۔ اس کلاز کا مفہوم یہ ہے کہ گاؤں کا ہر نمبردار اور ہر چوکیدار۔ نہری پٹواری۔ ضلع دار سول پٹواری اور قانون گو اس

کے لئے پابند ہوگا کہ وہ معقول وجوہ اور معقول بہانے کے بغیر گیم انسپکٹر کو بہر حال یا کسی پولیس افسر کو اس قانون کی خلاف ورزی کے متعلق اطلاع دے۔ اس کے آگے تفصیلات کا ذکر کیا گیا ہے کہ اس کے اپنے علاقہ یا اپنے گاؤں میں اس قانون کی فلاں دفعہ کی خلاف ورزی کی گئی ہے اور فلاں جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ حضور والا جن لوگوں کا یہاں ذکر کیا گیا ہے ان میں سے میں نے نمبردار۔ ضلع دار اور قانون گو کے الفاظ کو حذف کرنے کی استدعا کی ہے اور وہ اس لئے کہ بجائے خود یہ جو الفاظ ہیں in the absence of reasonable cause یہ غیر واضع اور مبہم قسم کے ہیں۔ یہاں پر ہر گیم انسپکٹر یا پولیس افسر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی آدمی کے خلاف ذاتی وجوہ یا انتقامی جذبہ کے ماتحت کاروائی کر سکے۔ یہ کسی طرح سے بھی مناسب نہیں ہے۔

حضور والا میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ ضلعدار اور قانون گو حضرات اس قسم کے افسران ہوتے ہیں کہ ان کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ یہ خاص طور پر اس امر کی تحقیقات فرمائیں کہ ان کے علاقہ میں اس گیم ایکٹ کے ماتحت کسی جرم کا ارتکاب ہوا ہے یا نہیں۔ ماسوائے اس کے کہ محض حسن اتفاق یا سوائے اتفاق سے کوئی ایسا واقعہ ان کے نوٹس میں آ جائے۔ اس لئے ان سے یہ توقع کرنا مناسب نہیں معلوم ہوتا بالخصوص ان حالات میں جبکہ آپ نے اس کو جرم قرار دیا ہے۔ اگر آپ کلاز ۱۲ کی ضمنی کلاز ۲ پر غور فرمائیں تو آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ وہ لوگ جو دفعہ ۱۱ کے ماتحت اپنے فرائض کی انجام دہی سے قاصر رہیں گے تو وہ سزائے جرمانہ کے مستوجب ہوں گے جو ۱۰۰ روپے تک ہو سکتی ہے۔ آپ نے یہاں اس قسم کی پینل کلاز رکھ دی ہے اور اس کے ساتھ in the absence of reasonable cause. کے مبہم قسم کے الفاظ شامل کر دئے ہیں۔ مجھے شبہ ہے کہ اس کا غلط استعمال ہو گا۔

اس کے علاوہ جہاں تک نمبردار کے لفظ کا تعلق ہے اس کے حذف کرنے کیلئے میں نے اس لئے استدعا کی ہے کہ میں خود ہی معمولی سا نمبردار ہوں اور میں نمبرداری کے فرائض کو بڑی اچھی طرح سے جانتا ہوں اور تو اور اس ایوان کے اندر بھی بمصداق نازک مزاج شاہاں تاب سخن ندارد میرے ادھر والے دوست کبھی غیظ و غضب کا اظہار کرتے ہیں اور ایک آنریبل وزیر تو چیلنج بھی کیا کرتے ہیں۔ تو ہو سکتا ہے کہ اگر کوئی ان کی گرفت میں آ سکتا ہو تو وہ اس قانون کی آڑ لیکر لوگوں

کو تنگ کرنے کی کوشش کریں جیسے کہ وزرا کرام ہمیں تنگ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is:—

That in clause 11, the words "Lambardar", "Zilladar" and "Qanungo" occurring in lines 1 and 2 be deleted.

خواجہ حافظ غلام سدید الدین—(ڈیرہ غازی خاں ے مسلم) جناب والا میں اس ترمیم کے سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ چوکیدار۔ ضلعدار اور نمبردار یہ تمام کائنات ہماری حکومت کی جن کا شیوہ اولیں پبلک کی ایذا رسانی ہے اس کو وہ از سر نو ایجاد کر رہے ہیں۔ اگر کسی نمبردار کو کسی معاملہ میں کسی منسٹر صاحب تک یا کسی اعلیٰ افسر تک رسائی نا ممکن ہو تو وہ کسی غریب کو جو نا کردہ مجرم ہو گا اس جرم کی آڑ میں ان تک پہنچا سکتا ہے کہ اس نے فلاں جرم کیا ہے یا فلاں احکام کی خلاف ورزی کی ہے۔ ہم آپکو اطلاع دیتے ہیں۔ اور اسے ماخوذ کرا سکتا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ انسان کو تکلیف دینے کیلئے اتنی بڑی کائنات کا انتظام حکومت نے کیوں پسند کر رکھا ہے۔ جس کا محض ایذا رسانی ہی مقصد ہے۔ خدا معلوم ان میں یہ شیوہ عقربی کہاں سے آگیا ہے۔ (خوب۔ خوب)۔

اور میں اسکے علاوہ آپکی توجہ مبذول کراتا ہوں الفاظ "جال لگانا،، پر۔ اس کا یہ مقصد ہے کہ نمبردار اور ذیلدار لوگوں کو پھنسانے کیلئے خود جال لگوائینگے۔ جو لوگ انکے کہنے پر شہادتیں وغیرہ دینے سے گریز کرینگے یا کسی اور طرح انہیں ناراض کرینگے انہیں وہ اس طرح پھنسا دیا کرینگے۔ یہ کہاں تک درست اور صحیح ہے کہ اس جال کیلئے اور جال لگایا جائے۔ (تالیاں)۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 11, the words "Lambardar", "Zilladar" and "Qanungo" occurring in lines 1 and 2 be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 11 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 12

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX Muslim) : Sir, I beg to move—

That in clause 12 Sub-clause 1 the word "six" occurring in line four the word "three" be substituted and for the figures five hundred, in line five, the figure "one hundred" be substituted.

حضور والا۔ میں در حقیقت اس ترمیم کے ذریعے قانون تحفظ جنگلی پرندگان ۱۹۳۳ میں مندرج سزا کو بحال رکھنے کی درخواست کر رہا ہوں۔ اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ مجھے ہمیشہ اپنی حکومت کے اس طرز عمل سے

اختلاف رہا ہے کہ وہ نئے نئے قانون بنا کر نئی نئی قسم کے جرائم وضع کر کے انکے لئے نئی نئی سزائیں تجویز کرتے رہتے ہیں۔ شاید ہم بارہا یہ بات کہنے کے باوجود اسے انکے ذہن میں اتارنے سے قاصر رہے ہیں۔ اگر وہ کسی غلط کارروائی کو روکنا چاہتے ہیں تو مناسب یہ ہے کہ وہ قانونی حربے اختیار کرنے کے ساتھ ساتھ ایسے ذرائع بھی استعمال کریں جن سے عوام انکے اس مقصد اور منشا کو سمجھیں اور یہ بات انکے ذہن نشین ہو جائے۔ انکے اندر احساس ذمہ داری پیدا ہو جائے تاکہ وہ قانون کے ڈنڈے کے بغیر فطری طور پر اپنے آپکو ان چیزوں کی پابندی پر مائل کر لیں۔ حضور والا میں وزیر مال کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کئی جرائیم ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے متعلق یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ

ع - بڑھتا ہے ذوق جرم یہاں ہر سزا کے بعد

اسلئے اگر آپ واقعی ان جرائیم کا انسداد کرنا چاہتے ہیں تو سزا میں یہ سختی تشدد اور شدت اختیار کرنے سے میں آپکو یقین دلاتا ہوں کوئی خاص فرق نہیں پڑیگا۔ جب تک کسی جرم کے اسباب و محرکات کو ختم نہیں کیا جائیگا اس وقت تک محض جرمانوں سے جرائیم کی تعداد میں کوئی کمی نہیں ہو گی۔ سزا کا خوف لوگوں کو جرائم سے باز نہیں رکھ سکتا۔ حضور والا میں دیانتداری سے عرض کرتا ہوں کہ میں اسکی اہمیت سمجھنے سے بالکل قاصر ہوں۔ کہ پہلے قانون میں جو جرمانے اور قید کی سزا موجود ہے اسے بڑھا دینے سے کیا فرق پڑتا ہے۔ میرے خیال میں اس سے چنداں فرق نہیں پڑیگا۔ میں بالکل سنجیدگی سے عرض کر رہا ہوں کہ اسکا یہ اثر ہو گا کہ دیہات کے غریب لوگوں کو خواہ مخواہ تنگ کیا جائیگا اور انہیں جعلی مقدمات میں پھنسایا جائیگا۔

Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III): I would direct the Honourable Minister's attention to what was many years ago considered to be just a proverb but what is an actuality today. It is this —

> "There was a big man who once said that we have Police and soldiers enough to kill us but no one to show us how to live."

You said, Sir in your opening speech on this Bill that the main purpose of the Bill was to preserve the fauna of the Province and in that we all agree with you. But, Sir, we cannot possibly agree with you if you turn this Bill into another ways and means of suppressing your countrymen. Knowing well the conditions in which they live and knowing well what goes on in the districts the deterrent punishment suggested in this Bill is quite out of proportion to the offence. After all if you could only educate yourselves that if instead of passing useless legislations you go to the country-side talking to them and teaching them there would be no necessity of this drastic form of legislation. Shake yourselves into some sort of energy and get nearer the hearts of people and teach them how to live and how to behave themselves as decent and respectable citizens.

These laws, Sir, which you are enacting today are not different to those which were enacted by the foreign ruler. You are just walking in his footsteps. What is that you have done different except this that while they ruled with a certain amount of liberality you rule with force, and that rule for all intents and purposes is mis-rule. And that is why you are not respected today. This is a suppressive Bill in as much as a man goes out and shoots a little pigeon on a roof and somebody does not like this he says, he has committed an offence and the Honourable Minister for Revenue brings forward a Bill. And the man who shoots a little pigeon may probably be a man who has not had a meal for three days because this Government has not been able to provide any food for the people. He might get six months imprisonment and fined up to Rs. 500. The purpose of the Bill has been defeated. I have told you time and again and you are experiencing it day in and day out that each time you try to force something on the people, the people are going to resist it. Each day you are walking slowly and slowly towards your doom, because you have applied measures of force as against the measure of love.

I request you, Sir, if you have eyes to see that this is not the way to educate the people into behaving as good citizens. This is only creating a larger force against you. But if you want to have it that way, have it that way.

Minister of Revenue (The Hon'ble Mr. Muzaffar Ali Khan Qazilbash): Sir, I

قاضی مرید احمد—جناب والا۔ حکومت کی بنچوں کی طرف سے جو حضرات بھی تقریر کرنے کیلئے اٹھتے ہیں وہ کسی قسم کا اعلان کئے بغیر ہی انگریزی میں تقریر شروع کر دیتے ہیں۔ مگر ایوان کے دیگر ممبران کو تقریر کرنے سے پہلے یہ اعلان کرنا پڑتا ہے کہ وہ کس زبان میں بہتر تقریر کر سکتے ہیں۔ لہذا میری گذارش ہے کہ وزرا صاحبان سے بھی تقریر کرنے سے پہلے اس امر کا اعلان کروایا جائے۔

وزیر مال—جناب والا۔ میں نے اپنی تقریر اس لئے انگریزی میں شروع کی تھی کہ گبن صاحب اردو نہیں سمجھتے۔ (آوازیں۔ وہ اردو چھوڑ پنجابی بھی سمجھ لیتے ہیں) بہر حال میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرا اس بل پر تقریر کرنے کا کوئی ارادہ نہ تھا۔ مگر چونکہ گبن صاحب نے اسے ایک ایسا قانون قرار دیا ہے جو ظلم و تشدد کا موجب ہوگا۔ اس لئے میں نے مناسب یہی سمجھا ہے کہ ان کی پیدا کردہ غلط فہمی کو رفع کر دوں۔ انہوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی غریب آدمی ایک کبوتر یا بٹیر ماریگا تو اسے پانچ سو روپے یا چھ ماہ قید کی سزا دی جائے گی۔ عرض یہ ہے کہ غریب لوگ جو بھوکے ہوتے ہیں۔ وہ تیتر یا بٹیر نہیں مارا کرتے۔ اور جو لوگ تیتر یا بٹیر مارتے ہیں وہ غریب اور بھوکے نہیں ہوتے۔ چنانچہ اس بل میں ایسے لوگوں کے علاج کیلئے اور بغیر اجازت شکار کرنے کی عادت کو ختم کرنے کی غرض سے مناسب تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ ایسے شکاریوں میں بعض اوقات بڑے بڑے لوگ اور حکومت کے بڑے بڑے افسر بھی ہوتے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ دو

تین سال قبل ایک جگہ ایک Game Watcher نے ایک شخص کو جو خلاف قانون شکار کھیل رہا تھا روکا۔ جس پر اس نے اسے مارا۔ اور اس کے بعد کہا تیری ایسی تیسی۔ تو ہوتا کون ہے ہمیں روکنے والا۔ میں خود میجسٹریٹ ہوں۔ جا جس کے پاس تیرا جی چاہے میری رپورٹ کر دے۔ اسی طرح ہمارے پاس اور بھی دو تین شکایتیں پہنچیں۔ میں اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے یہ بھی عرض کر دوں کہ شکار کیلئے ہمارے اگزکٹو انجینئر۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر اور دیگر افسران بلکہ ڈپٹی کمشنر صاحبان تک جاتے ہیں۔ اور بعض اوقات قانون شکنی بھی کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک دفعہ دو تین ایم۔ ایل۔ اے صاحبان نے بھی قوائد و ضوابط کی خلاف ورزی کی۔ جب ان کی توجہ اس امر کی طرف دلائی گئی تو انہوں نے کہا کہ ہم کسی کی کوئی بات ماننے کے لئے تیار نہیں۔ ہم افسر متعلقہ کے سامنے پیش ہو کر جو پانچ دس روپے جرمانہ ہوگا ادا کر دینگے۔ اس کے علاوہ اس قسم کے اور کئی واقعات ہیں جو میں نے خود دیکھے ہیں۔ میں نے ان میں کوئی آدمی ایسا نہیں دیکھا جو بھوک سے مرنے کی وجہ سے شکار کرنے یا کسی جانور کو مارنے پر مجبور ہوا ہو۔ اگر یہ صورت نہیں تو پھر ظلم و تشدد کا سوال کیسے پیدا ہوتا ہے۔

حضور والا—ذرا ملاحظہ فرمائیں۔ جن لوگوں کا یہ ذکر فرماتے ہیں ان کے پاس بندوقیں نہیں ہیں۔ بہر صورت اس بل کا مقصد سابقہ قانون سے بالکل مختلف ہے۔ اس قانون کے ماتحت بندوقوں کی تعداد بہت کم تھی اور شکار بہت عام تھا۔ مگر اب حالت اس کے بالکل برعکس ہے۔ پاکستان بننے کے بعد بندوقوں کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے شکاری جانوروں اور پرندوں کی تعداد روز بروز کم ہو رہی ہے۔ اس امر کے پیش نظر چکوروں اور تیتروں کے شکار کرنے کی تعداد جس پر پہلے کسی قسم کی پابندی نہ تھی اب شکار کیلئے محدود کر دی گئی ہے۔ چنانچہ اس قانون کے ماتحت اب ہمارے بڑے افسر صاحبان و دیگر اصحاب کو معلوم ہو جائیگا کہ اگر وہ کسی قسم کی خلاف ورزی کرینگے تو ایک ایسا قانون موجود ہے جس کے تحت ان کے خلاف مناسب کارروائی کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ اب امید ہے کہ وہ بھی کسی قسم کی زیادتی سے گھبرائینگے اور ایسی بے قاعدگیوں سے باز رہیں گے۔

جناب والا—اس کڑی کلاز کو رکھنے کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ وہ تمام شکایات جو ہمیں موصول ہوتی رہی ہیں۔ اور وہ زیادتیاں جو ہم دیکھتے رہے ہیں دوبارہ پیش نہ آئینگی اور جب بڑے بڑے افسروں

کے خلاف اس قانون کے ماتحت مقدمے دائر ہونگے تو ہم ضرور ان کی پیروی کرینگے اور ان کے متعلق مکمل کارروائی کرینگے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور نمبر ۹۔ مسلم)—حضور والا۔ سب سے پہلی بات جو میں وزیر مال صاحب کے جواب میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ میں پورے یقین سے اور بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ امرا کے طبقے سے تعلق رکھنے والے کسی مجرم کے چالان کی صورت کیا ہوتی ہے۔

اول یہ کہ چالان تک نوبت ہی نہیں آتی۔ ننانوے فیصدی مقدمات میں اگر چالان تک نوبت آبھی پہنچے اور کسی خاص اہلکار نے خاص جرات کرکے چالان کر ہی دیا ہو تو یہ امرا پیسے دے کر چالان واپس کرا لینگے اور بالاخر بفرض محال اگر نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ عدالت تک جانا ہی پڑتا ہے۔ تو وہاں سفارش سے کام چل جاتا ہے۔ یہ تین منازل ہیں اور ان تینوں میں سے ہر ایک پر ان کے لئے فرار اور گریز کا راستہ موجود ہے۔

حضور والا—اس قانون کا اطلاق و نفاذ ہمارے صوبے کے بیشتر بیگناہ لوگوں پر ہو گا۔ اس سلسلے میں مجھے تین آدمیوں کے نام یاد ہیں جن پر ظلم و تشدد ہوا ہے۔ آپ بیشک لکھ لیں اور ان کے متعلق تحقیقات کریں۔

ایک تو محمد حسین نامی غریب سقہ ہے جو موضع کٹھور کلاں۔ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ کا ہے بات در اصل یوں ہوئی کہ اسے ڈسٹرکٹ بورڈ کے سرکاری امیدوار کو ووٹ نہ دینے کی پاداش میں اس ایکٹ کے تحت تین بار مبلغ پچاس روپے۔ سو روپے اور چالیس روپے جرمانے کی سزا دی گئی۔ اور لطف یہ ہے کہ نہ اس کے پاس کوئی بندوق۔ نہ اسے شکار کھیلنے کا شوق نہ اسکے پاس شکاری کتا نہ ہی اس بیچارے کا اس قسم کا کوئی شغف ہے۔ لیکن اس کے باوجود اسے سابقہ ایکٹ کے ماتحت victimize کیا گیا ہے۔

حضور والا—عرض یہ ہے کہ وہ واقعہ میں نے آپ کی خدمت میں مثال کے طور پر پیش کیا ہے ورنہ اس قسم کے سینکڑوں نہیں ہزاروں واقعات میرے علم میں ایسے ہیں جن کی تحقیقات اگر دیانتداری سے کرائی جائے تو آپ کے نوٹس میں عجیب و غریب قسم کی باتیں آئینگی۔ میں یہ درخواست کرونگا کہ سابقہ قانون کے تحت دائر شدہ میرے گاؤں کے مقدمات کی تحقیقات

لیفٹیننٹ کرنل راجہ محمد خان کے سپرد کی جائے ۔ اگر ان کی تحقیقات سے میری اس بات کی تصدیق نہ ہو تو میں اپنے آپ کو ہر سزا کے کیلئے پیش کرنے کو تیار ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That in clause 12 sub-clause 'one' the word six occurring in .line four the word "three" be substituted and for the figures five hundred, line five, the figure one hundred be substituted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 12 stand part of the Bill.

The motion was carried.

The Assembly, then, adjourned for Asar prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, with regard to the question as to whether a member of the Opposition has been asked to withdraw from this sitting, you said that you would give the matter your consideration. May I know whether you have given your consideration to the implications of that rule?

Mr. Speaker: I said the whole session. But if anything further happens, I will consider it and the honourable member can consult me in my chamber.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir. According to Parliamentary Practice and conventions of the House of Commons, Speakers have on several occasions thought fit to reconsider their rulings which they gave one way or the other and you yourself have done so many a time. My submission is that if you are prepared to listen, we can quote authorities.

Mr. Speaker: I have told honourable members that they can come to me in my chamber and discuss the matter. This is no point of order.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir, and it is this that as the action against this honourable member was taken while the House was in session, I think it would be in the fitness of things if you were to give this matter your consideration in the House and let us have your decision once for all.

Mr. Speaker: That is no point of order. The honourable member still thinks that the word "session" means "sitting". I said that it included "sitting".

Mr. C. E. Gibbon: Yes and therefore, the word "session" covers the word "sitting".

Mr. Speaker: This is no point of order.

Clause 13

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX, Muslim) : Sir, I beg to move—

That in clause 13, for the word "1st" in line 1, the word "2nd" be substituted.

Minister of Revenue : Sir, under clause 12, whoever commits a breach shall be punished with a fine of Rs. 500 and it has been adopted by the House. A 2nd class magistrate, as the honourable member wants to put in instead of a 1st class magistrate, cannot impose a fine of Rs. 500. Therefore this amendment is redundant.

Mr. Speaker: Yes, the amendment is ruled out of order.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, the Opposition has been placed at a great disadvantage to-day by your definition of the word session.

Mr. Speaker : I have told you I cannot consider that point now.

Mr. C. E. Gibbon : Section 62 (1) of the Government of India Act reads: It says, that the Legislative Assembly of each Province shall be summoned to meet once at least in every year and twelve months shall intervene between their last sitting in one session. Sir, I think it is very clear so far as the word session is concerned. I will, therefore, request you to reconsider your ruling.

Mr. Speaker : I have told you that I am not going to consider that point now.

Mr. C. E. Gibbon : That the Opposition is very small.

Mr. Speaker : That is not my fault. I have asked the honourable member to see me in my Office.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 13 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 14

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور- ۹- مسلم) : حضور والا۔میں اس کلاز کی سب کلاز (۲) کے جزو (ای) کی مخالفت کرتا ہوں۔ اس جزو کی رو سے حکومت کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ اس قسم کے قواعد مرتب کرے جن کی رو سے اسے یہ اختیار ہوگا کہ وہ ایسے لوگوں کو جو اس ایکٹ کے ماتحت حکام سے تعاون کرکے حکومت کی خدمت کریں یا کوئی ایسی کارروائی عمل میں لائیں جس سے اس ایکٹ کے عمل و نفاذ میں حکومت کو مدد ملتی ہو۔ انعام و اکرام دے سکے۔

حضور والا میں سمجھتا ہوں کہ یہ انعام و اکرام کا طریقہ اس ملک میں تمام خرابیوں کی جڑ ہے۔ انگریز نے سب سے پہلے یہاں اپنی طاغوتی اور باطل نظام کے قیام و تسلط کیلئے اس حربے کو استعمال کیا۔ کہ لوگوں کو انعام و اکرام دے کر انکو جاگیریں عطا کرکے انکو وسیع رقبہ جات اراضی بخش کر انکی ہمدردیاں اور ضمیر خریدے۔ ایسے لوگوں کو خطابات سے نوازا گیا۔ انہیں انعام و اکرام کے لالچ دئے گئے تا کہ وہ اپنے ملک اور ملت کے ساتھ غداری اور ضمیر فروشی کریں۔ حضور والا یہ وہ طریق کار ہے جسے یہ حکومت آزادی کے بعد——اس نام نہاد آزادی کے بعد اپنے صوبہ میں دوبارہ رائج کرنا چاہتی ہے۔ لیکن اب عوام اس بدعت کو زیادہ دیر تک برداشت نہیں کر سکتے۔ حضور کو معلوم ہے کہ کئی اسکے علاوہ بھی اس ملک میں کوئی ایسے قوانین موجود ہیں جن کے ماتحت اس قسم کے پیشہ ور گواہوں کو پیدا کرنے کیلئے اور انکی ایک ٹیم بہم

پہنچانے کیلئے انہیں اس قسم کے لالچ دے کر بعض بیگناہ لوگوں کے حقوق پر چھاپہ مارا جاتا ہے اور انہیں پا مال کیا جاتا ہے ۔

حضور والا ایکسائز ایکٹ کے ماتحت مقدمات میں بہت سے ایسے لوگ جنہیں عدالتیں بسا اوقات پیشہ ور گواہ ہونے کی سند دے چکی ہیں جا بجا پیش کئے جاتے ہیں ۔ میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ اگر وہ کوئی نیک کام کرنا چاہتے ہیں جو انکے خیال کے مطابق بالکل صحیح اور درست اور ضروری ہے تو وہ اسکے لئے یہ غلط طریق کار اختیار نہ کریں ۔ اس سے کئی لوگ اپنے پٹھوؤں کی ایک خاص تعداد کو ہر وقت اپنے گردو پیش رکھنے کا سامان مہیا کرینگے ۔ اور اسطرح ضمیر فروش آدمیوں کی وساطت سے بیگناہ اور معصوم لوگوں کو نقصان پہنچائینگے ۔ اگر یہ قانون انتہائی طور پر ضروری ہو اور اس سے اہم قومی مسائل حل ہوتے تو بھی انعام و اکرام کے ذریعہ سے لوگوں کو پیشہ ور اور سکہ بند گواہ بنانے کا یہ طریق کار جس سے ان سے رزیل قسم کی خدمات لی جائیں اور بیگناہ لوگوں کو سزا یافتہ کرایا جائے مناسب نہیں ۔

اس لئے میں آپ سے صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ کے سامنے اس قسم کے واقعات ہیں کہ یہ لوگ بہر حال حکومت کے بعض اہلکاروں کے تابع ہوتے ہیں ۔ یہ لوگ نہایت ادنے اور گھٹیا قسم کے لوگ ہوتے ہیں اور ان میں بیشتر چھوٹے طبقے اور اہلکاروں کے نجی ملازمین بھی ہوتے ہیں ۔ تو پھر اس علم کے باوجود یہ غلط طریقہ کیوں اختیار کرتے ہیں میں نے دیکھا ہے کہ ایکسائز انسپکٹر بسااوقات اپنے چپڑاسیوں یا نجی ملازمین کو اپنے مقدمات میں گواہ بنا کر عدالتوں میں پیش کر دیتے ہیں ۔ میری گذارش صرف یہ ہے کہ اب ہمیں اس قسم کی انگریز کی پیدا کردہ بدعتوں کو ختم کر دینا چاہیئے ۔ یہ عہد غلامی کی یادگار ہے جس سے لوگوں کی ذہنیت خراب ہونے کا اندیشہ ہے ۔

حضور والا ۔ میں آپ کی خدمت میں ایک حدیث پیش کرتا ہوں جس کے الفاظ یہ ہیں ۔

"کاد لفقر ان یکون کفرا"

یعنی غربت انسان کو بسا اوقات کفر کی حد تک لے جاتی ہے ۔ آپ غریب لوگوں کو خواہ مخواہ انعام و اکرام کا لالچ دے کر ان سے ان کے ضمیر خریدنا چاہتے ہیں ۔ مجھے اندیشہ ہے کہ آپ کے اس حربے سے وہ غریب

لوگ جن کا کوئی ذریعہ معاش نہیں پیشہ ور مخبر بن کر اسی کو ذریعہ معاش کے طور پر اختیار کرلینگے ۔ اس لئے آپ کی خدمت میں میری گذارش صرف یہ ہے کہ آپ اس مسودہ قانون میں سے اس قسم کے جزو کو فوری طور پر حذف کر دیں ۔ ورنہ آپ وہ دلائل اس ایوان کے سامنے پیش کریں جن سے حکومت کے منشا کے بارے میں معزز ممبران کی تسلی و تشفی ہو سکے ۔

وزیر مال (عزت مآب مسٹر مظفر علی خاں قزلباش) : حضور والا ۔ معزز ممبر نے جس شق پر بحث کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں ۔

14-E. To prescribe for giving rewards to persons who render help in ensuring the aims and objects of this Act.....

حضور والا ۔ معزز ممبر نے اس بل کی خامیوں پر بحث کے دوران میں اس کی مختلف شقوں میں نقائص بیان کرتے ہوئے کوئی خاص بات تو کہی نہیں البتہ جس بات پر ان کی نظر پڑی ہے وہ انگریزوں ۔ جاگیروں اور غلامی کے دور کی یادگاروں کی مثالیں ہیں ۔ میں نے دیکھا ہے کہ ان کی تمام تقریریں اسی groove پر چلتی ہیں ۔ بہر حال میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک خود مختار ملک میں جب کبھی اس قسم کا کوئی قانون بنایا جاتا ہے ۔ خواہ وہ ملک امریکہ ہو یا یورپ کا کوئی حصہ ۔ اس میں اس قسم کے انعام وغیرہ کیلئے ضرور گنجائش رکھی جاتی ہے ۔ ان ملکوں کے ایسے قوانین میں بھی یہ چیزیں موجود ہیں ۔ اور ہم نے بھی یہ انہیں سے لی ہیں ۔

جناب والا ۔ میرے معزز دوست نے فرمایا ہے کہ یہ انعام وغیرہ گواہوں کو دئے جائینگے ۔ اس کی صورت یہ ہے کہ ہم اس کے لئے پہلے قواعد مرتب کرینگے جو گزٹ نوٹیفیکیشن کے ذریعے شائع کئے جائیں گے ۔ ان قواعد کے تحت غالباً انعام وغیرہ صرف ان لوگوں کو دئے جایا کریں گے جو نقصان دہ جانوروں کو ماریںگے ۔ مثلاً گیدڑ وغیرہ ۔ یہ ایک ایسا جانور ہے جو گنے وغیرہ کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : گیدڑ بروزن لیڈر (قہقہہ) ۔

وزیر مال ۔ جی ہاں ۔ جیسے کہ آپ ہیں ۔ (قہقہہ) جناب والا ۔ اس انعام دئے جانے کی وجہ یہ ہے کہ کوئی شخص گیدڑ مارنے پر اپنا وقت اور کار توس ضائع کرنا پسند نہیں کرتا ۔ اس لئے ایک ایسے جانور کو جو گنے کی فصل کو نقصان پہنچانے کے علاوہ تیتروں اور چکوروں کے انڈے وغیرہ بھی کھا جاتا ہو ۔ مارنا کافی فائدے کا باعث ہوگا ۔ اور مارنے والے

کی حوصلہ افزائی کیلئے فی گیدڑ پانچ روپے یا اس کے لگ بھگ جتنا بھی مناسب سمجھا جائے دینا ہمارے اپنے ہی فائدے کیلئے ہے۔

حضور والا۔ گیدڑ کے بعد نیولہ بھی کافی نقصان دہ جانور ہے۔ (ایک آواز۔ وہ تو سانپ مارتا ہے) جی ہاں۔ تو اسے چھوڑ دیجیئے۔ اس کے علاوہ جنگلی بلے اور سور ہیں۔ (شور)۔

صاحب سپیکر۔ تعجب کی بات ہے کہ جب آپ تقریر کرتے ہیں تو تمام معزز ممبران بڑے آرام سے سنتے ہیں۔ مگر آپ ہر تقریر میں شور مچاتے ہیں۔

وزیر مال :(مسکراتے ہوئے) جناب والا۔ میرا خیال تھا کہ چار سال کے عرصہ میں انہوں نے کچھ ترقی کی ہوگی مگر افسوس کہ وہ ابھی تک وہیں کے وہیں ہیں۔ تو جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ جو reward یعنی انعام ہوگا تو یہ گواہوں کیلئے نہیں ہوگا۔ اس کے متعلق کلاز اس طرح پر ہے :—

To prescribe for giving rewards to..... اور پھر آگے ہے۔

persons who render help in ensuring the aims and objects of this Act.

لیکن وہ چیز جو انہوں نے بیان کی ہے وہ بالکل مہمل اور غیر متعلق ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں نے اس کا اصل مفہوم اور مقصد ایوان کو اچھی طرح سمجھا دیا ہے۔

قاضی مرید احمد (پوائنٹ آف آرڈر) : حضور والا۔ اس شق میں درج ہے کہ حکومت ان اشخاص کے لئے انعامات کا تعین کرے گی جو اس ایکٹ کے اغراض و مقاصد کے تحفظ کے لئے حکومت کی امداد کرینگے۔ عزت مآب وزیر مال نے فرمایا ہے کہ جو شخص ایک گیدڑ مار کر لائے گا اس کو بھی انعام دیا جائے گا۔ میں ان سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا کوئی مربع اس کو انعام میں دیا جائے گا۔

آنریبل وزیر مال : مربع تو نہیں البتہ مربہ ضرور دیا جائے گا۔

صاحب سپیکر : اس دفعہ میں لکھا ہے کہ جب قواعد بنیں گے تو ان کی منظوری سے پہلے انہیں آفیشل گزٹ میں چھاپا جائے گا۔ اس لئے اس وقت اس بحث کی ضرورت نہیں۔

قاضی مرید احمد : اس کی منظوری تو اس اسمبلی میں ہونی چاہئے تھی۔

Mr. Speaker : That we cannot discuss here.

Mr. Speaker : The question is—
That clause 14 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 15

Mr. Speaker : The question is—
That clause 15 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 16

Mr. Speaker : The question is—
That clause 16 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Schedule

Mr. Speaker : The question is—
That Schedule stand part of the Bill.
The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker : The question is—
That preamble be the preamble of the Bill.
The motion was carried.

Short title

Mr. Speaker : The question is—
That Short Title be the Short Title of the Bill.
The motion was carried.

Minister of Revenue : Sir, I beg to move :
That the Punjab Wild Birds and Wild Animals Protection Bill, 1954, be passed.

ملک فتح شیر جھمٹ (میانوالی م۔ مسلم) : جناب والا۔ میں نے اس بل کے متعلق کل بھی اپنی معروضات پیش کی تھیں ۔ جن کا مفہوم غلط لیا گیا تھا چونکہ اس بل میں متعدد نقائص ہیں اس لئے ضروری ہے کہ اس کو واپس لے لیا جائے ۔ اس بل کا نفاذ رؤسا اور امرا کے طبقے کے لئے تو اچھا ثابت ہو سکتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک غربا کا تعلق ہے ان کے لئے یہ ایک ظلم عظیم ہے ۔ کیونکہ یہ بات تجربہ اور مشاہدہ میں شب و روز آتی ہے ۔

آنریبل وزیر مال : مائیکروفون میں بولئے ۔ تاکہ میں آپ کی باتیں سن سکوں اور ان کا جواب دے سکوں ۔

ملک فتح شیر جھمٹ : بہت بہتر۔ اب میں اس انداز میں بولوں گا کہ آپ کے اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے ۔

جناب والا - جب شکار کی ممانعت کے لئے ایک قانون نافذ شدہ موجود ہے - (شور)

ایک آنریبل ممبر : ذرا اسے منہ کے سامنے رکھئے - (شور)

ملک فتح شیر جھوٹ : وہ ٹھیک کہہ رہے ہیں - میں منہ کے سامنے رکھوں گا اور وہ پیچھے رکھیں گے -

(مسلسل قہقہے)

غریب پرور : اس بل سے جو پیش کیا گیا ہے اور جس کو آپ قانون کی شکل دیں گے - قبل جو ایکٹ نافذ ہے اور جس کا استعمال روز و شب ہو رہا ہے اس کے متعلق میں چند گذارشات پیش کرنا چاہتا ہوں - میں جناب وزیر مال صاحب سے دریافت کرتا ہوں کہ آیا انہیں معلوم ہے کہ ہمارے صوبہ کے ہر ضلع میں آج تک اس ایکٹ کے ماتحت جتنے مقدمات رجسٹر ہوئے ان میں کتنے ہیں جن میں سزائیں ہوئی ہیں اور اس کا اطلاق زیادہ تر کس طبقہ پر ہوتا رہا ہے - مثال کے طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ میں نے تحصیل بھکر ضلع میانوالی کا سابقہ ریکارڈ دیکھا ہے جس کی تفصیلات میں وزیر مال صاحب کی خدمت میں بصد ادب پیش کرتا ہوں -

سال ۱۹۵۴ء تک تقریباً ۷۰۰ مقدمات شکار کے سلسلے میں عدالتوں میں پیش ہوئے - آپ یہ سن کر حیران ہوں گے کہ ان تمام مقدمات میں عدالتوں میں پیش کرنے کے لئے کسی ایک امیر کا چالان نہیں ہوا - (شیم - شیم کی آوازیں) -

Mian Muhammad Shafi : On a point of order Sir. The refusal of a worthy colleague of ours to obey your orders was only once and the punishment that could be given to him ought to be his withdrawal from the days sitting under Rule 77. The Chair took the extreme step of asking that honourable member not to attend the whole session. This step can only be taken when the member has been guilty of the same offence twice, I am fortified in this contention by the wordings of the Rule.

Mr. Speaker : That point was raised twice by Mr. Gibbon. I have already considered this point; I have also seen other books on the subject. I am definite that that honourable member refused to obey the orders of the Chair half a dozen times and I took the action under the Rule. Therefore, I see no reason to change my orders unless I see circumstances are changed.

Mian Muhammad Shafi : Here the circumstances are absolutely changed.

Mr. Speaker : That is enough. I will not allow any discussion on the point of order which is over-ruled.

Mian Muhammad Shafi : Another point of order, Sir. When the Chair fails to comply with the provisions of the Rules, what should we do ?

Mr. Speaker : The honourable member must be sure of one thing that so long as I occupy this Chair, I shall see that Rules are observed. If some honourable members think that a ruling given by the Chair is wrong, then the only way to challenge that ruling is to bring in a substantive motion against the Chair.

Mr. C. E. Gibbon : Sir, I have to draw your attention to page 444 of May's Parliamentary Practice, 14th Edition.

Mr. Speaker : Please give it to me.

Chaudhri Mhammad Afzal Cheema : On a point of order. Sir, you have been pleased to look to the Parliamentary Practice. I have got a reference here.

Mr. Speaker : It is no point of order. Give it to my Personal Assistant. I will see to it.

RESOLUTIONS

CHEAP FOODGRAINS AND FOOD CRISIS

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the *Resolution moved by Rana Ghulam Sabir Khan on Thursday last.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. Iam afraid, I am constrained to draw your attention to what I said last Thursday. That was about the theft of my resolutions. If you see the list of business for today, you will find that specially the resolution No. 5 standing in the name of Chaudhri Mehdi Ali Khan is exactly the same of which I had given notice.

Mr. Speaker: What does the honourable member want me to do ?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I want you to take suitable action against such honourable members.

Mr. Speaker : How can I presume anything as to the alleged offence ? As I explained the other day, I sent for the file and saw that the notices of those resolutions had been received by the office.

*This Assembly recommends to the Government to take immediate steps to :

(*i*) make food grains available to the public at cheap rates, and
(*ii*) obviate recurrence of a food crisis in the province in future.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور - ۹ - مسلم) : جناب والا میری استدعا یہ ہے کہ میری اور کئی قرار دادیں بھی چوری کر لی گئی ہیں - میں اب صرف یہ چاہتا ہوں اور ''میری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں،، کہ وہ معافی مانگ لیں - پچھلی دفعہ مجھے خیال تھا کہ شاید میری ان چالیس قرار دادوں میں سے صرف دس ہی چوری ہوئی ہیں مگر جناب والا آج بھی سارے کا سارا مال مسروقہ ہے - جہاں تک نواب زادہ صاحب کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں ان کی شان سے بعید ہے کہ وہ خود چوری کریں (شور) حضور یہ معاملہ تو رسہ گیری کا ہے -

Let them be sorry and I will be satisfied.

Mr. Speaker : I am not going to ask anybody to apologise.

چودھری محمد افضل چیمہ : جناب والا—

Mr. Speaker : I cannot allow the honourable member to go on like this. I have said that I canot take any action.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : It should not have been ended in smoke.

Mr. Speaker : Order please. Now, the House will resume discussion on the previous resolution. Is there any other honourable member who wants to speak on it ?

میاں منظور حسن (گوجرانوالا مسلم - حلقہ نمبر ۱) - جناب والا - رانا غلام صابر قابل صد مبارک باد ہیں کہ انہوں نے حکومت اور ایوان کی توجہ ایک ایسے معاملہ کی طرف دلائی ہے جو ہمارا ملی معاملہ ہے - یہ صوبہ جو تاریخ میں اس لئے مشہور تھا کہ یہاں ہمیشہ ہمیشہ سے شہد اور دودھ کی نہریں بہتی رہی ہیں غذائی قحط کی وجہ سے اس وقت ایک مستقل مصیبت سے دو چار ہے اور حالات اس قدر دگرگوں ہو چکے ہیں کہ شاید نصف سے بھی زیادہ آبادی کو دو وقت پیٹ بھر کر کھانا نصیب نہیں ہوتا - ممالک غیر کے مقابلے میں ہمارا غذائی مطالبہ نہایت ہی قلیل ہے - ہمیں خوب معلوم ہے کہ دوران جنگ میں بھی یورپی ممالک اپنی آبادیوں کی نشو و نما کے لئے غذائی چیزیں مثلاً انڈے پھل اور اسی قسم کی دوسری چیزیں ہزاروں قیمتی جانیں خطرے میں ڈالکر بہم پہنچاتے رہے اور انہیں ایسی غذائیں بہم پہنچاتے رہے جو ان کی مرغوب دل پسند ہونے کے علاوہ ان کی نشو و نما کے لئے نہایت ہی مفید تھیں لیکن ہمارا صوبہ جو ہے اس میں ہم اپنی حکومت سے زیادہ سے زیادہ دو وقت پیٹ بھر کر کھانے کے

لئے صرف اناج مانگتے ہیں ۔ ہمارے صوبے میں خوراک کی کمی کی دو وجوہات ہیں ایک تو منصوبہ بندی کا ناقص ہونا اور دوسرے دن بدن آبادی میں اضافہ ۔ روز افزوں آبادی کے مطالبات کو پورا کرنے کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ ہم سب مشکلات اور حقیقتوں کو سامنے رکھیں اور ان کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں ۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ قیمتوں پر کنٹرول کرنے کی بجائے ہمیں پیداوار پر کنٹرول کرنا چاہیئے ۔ چند سالوں سے اس صوبے میں Cash crops کی طرف رجحان بڑھ گیا ہے اس کو روکنا چاہیئے ۔ مزید برآں اناج اور غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اور غذائی پیداوار میں اضافہ کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ زمین قابل کاشت بنائی جائے ۔ ہمارے صوبے میں نصف کے قریب اراضی Erosion یا دوسرے لفظوں میں زمین کے کٹاؤ پھٹاؤ کی وجہ سے بیکار پڑی ہے اور روز بروز زیادہ بے کار ہوتی جا رہی ہے ۔ لہذا حکومت کے لئے واجب ہے کہ وہ کوئی ایسا منصوبہ فی الفور تیار کرے جس سے زمین کا کٹاؤ اور Erosion رک جائے ۔ سیم اور تھور بھی زرعی اراضی کو تپدق کی طرح کھائے جا رہے ہیں ۔ اگرچہ Land Reclamation کا محکمہ قائم ہو چکا ہے لیکن جسقدر اور جس درجہ ہماری بیماری ہے اسکے مطابق اسکا علاج نہیں ہو رہا بلکہ ابتدائی اور اضافی باتوں کی طرف زیادہ زور دیا جا رہا ہے ۔ نہری آبپاشی میں بھی اضافہ کرنا چاہیئے ۔ اور پانی کی کمی سیلابی پانی کو مصنوعی تالابوں میں جمع کرکے دور کی جا سکتی ہے ۔ بہم رسانی آب کے لئے بڑا شور سنتے تھے کہ ٹیوب ویلز اسقدر لگیں گے بلکہ لگ گئے ہیں کہ آبپاشی کی دقت رفع ہو جائیگی مگر حقیقت میں یہ بات درست نہیں نکلی لیکن ٹیوب ویلز لگانے سے پیشتر صحیح طور پر سب سائل واٹر Sub-Soil Water کا سروے Survey کرنے کی طرف کما حقہ توجہ نہیں کی گئی جہاں جہاں ٹیوب ویل لگے ہیں وہاں فائدے کی بجائے الٹا نقصان ہوا ہے ارد گرد کے کنوؤں کا پانی کم ہو گیا ہے اور دیکھا گیا ہے کہ چند دنوں کے بعد نہیں تو چند مہینوں کے بعد قریبی کنوئیں ناکارہ ہو جاتے ہیں ۔ بلکہ پانی کا تحت الارض ذخیرہ ختم ہو جانے کی وجہ سے ٹیوب ویلز کی خاصی تعداد بھی ناکارہ ہو چکی ہے ۔ اس لئے لازم ہے کہ تحت الارض پانی کی فوری طور پر مکمل سروے کی جائے ۔

جہاں تک قیمتوں کے کنٹرول کرنے کا تعلق ہے کنٹرول غذائی بحران کو روکنے میں ناکام رہا ہے کیونکہ اس بارہ میں کوئی صحیح منصوبہ بندی نہیں کی گئی ۔ زرعی پیداوار کو Subsidise نہیں کیا گیا ۔ غریبوں

کو آپ بے شک کم سے کم قیمت پر چیزیں دیں مگر کاشتکار کو اسکی محنت کی پوری اجرت دینے کے لئے زرعی پیداوار کی قیمت زیادہ ملنی چاہیئے۔ خوراک کی قیمتیں گرانے کی بجائے عوام کی قوت خرید میں اضافہ ہونا چاہیئے۔ نیز چھوٹی چھوٹی صنعتوں کے الگ الگ یونٹ بنا کر مناسب تحفظات بہم پہنچا کر ان صنعتوں کو فروغ دیا جائے۔

اسکے علاوہ ہمیں اپنی پیداوار کو ارضی اور سماوی نقصانات سے بھی محفوظ کرنا چاہیئے۔ سب سے زیادہ نقصان ہمیں غذائی اجناس کے لئے storage system کے نہ ہونے سے پہنچ رہا ہے اول تو ۲۰ فیصدی نقصان ہماری فصل کے پکنے سے پیشتر ہی ہو جاتا ہے ۱۵ فیصدی نقصان کیڑے مکوڑے چوہے وغیرہ پکی فصل کو کھا کر ہمیں پہنچاتے ہیں اسکے بعد سٹوریج (گودام وغیرہ) کے فقدان کے باعث یا گوداموں کے ناقص ہونے کے باعث مزید نقصان پہنچتا ہے۔ ذخیرہ اندوزی کا سائینٹیفک انتظام موجود نہیں۔ اصل میں ہماری حکومت نے عملی طور پر کوئی منصوبہ بندی کی ہی نہیں۔ خود حکومت کے گوداموں میں بھی غلہ ضائع ہو جاتا ہے۔ حکومت کا سٹوریج سسٹم بھی ناقص ہے اس میں مزید ۱۵ فیصدی تک نقصان ہو جاتا ہے۔ حکومت کو چاہیئے کہ وہ ذخیرہ اندوزی کی تینوں منازل یعنی زمینداروں کے ذخائر بیوپاریوں کے گوداموں اور خود حکومت کے گوداموں کے مناسب نمونے تیار یا تجویز کرکے اس قسم کے گودام تعمیر کرانے کی ترغیب دے۔

اسکے علاوہ سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ مزارع کو استقلال بخشا جائے تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ محنت اور زیادہ سے زیادہ توجہ کے ساتھ کاشت کا کام کرے۔ ان الفاظ کے ساتھ حضور والا میں اس قرار داد کی تائید کرتا ہوں جسکا مقصد یہ ہے کہ اناج سستے داموں مہیا ہو اور آئندہ غذائی بحران اور قحط کی سی صورت کو دوبارہ رونما ہونے سے روکا جائے۔

Sheikh Mahbub Ilahi (Lyallpur I, Muslim Reserved Seat): Sir, the resolution which has been put forward to the House reads thus:—

> "To make food grains available to the public at cheap rates, and To obviate recurrence of a food crisis in the Province in future."

Unfortunately I do not agree with the previous speakers that this resolution has come for the first time in this House. Resolutions of the same nature had been discussed in this House during the last many years and many times the result had been that they were discussed, debated and finished. To bring a resolution of this type and not taking action on it and not devising means to give it a practical shape will not serve any purpose. The problem has been the peaucity of food, what are its causes and how can they be

met. They have not been either described or put into a practical shape. About three years ago I wrote a note which was sent to the Ex-Honourable Minister for Revenue as well as to the Minister of Agriculture and food who was always very busy in growing more famine, and at the same time to his Secretary. But unfortunately no notice was taken of it. The heading of that note was "A Plea for the Preservation, re-organisation and improvement of the Agricultural Industry of Pakistan". That note covered about 20 pages. I would just read out here and there from that note.

> "The following few lines are the outcome of the writer's personal experience as one who was connected with the Punjab and Delhi Provinces before partition, firstly as Irrigation Engineer and subsequently as an Agriculturual Engineer. During the period of his service and after retirement he has been working as member of various Planning Committees set up to by Punjab Government and various Departments. The only appreciation of his humble efforts would be the recognition by the Government of the writer's point of view and the immediate steps for the preservation, re-organisation and improvement of Agriculture of Pakistan. Although the writer has at present been able to deal with the agriculture of West Pakistan alone, particularly Punjab, he will feel encouraged to develop the suggestions further, if the plea meets with approval of all concerned."

The result was that this note, which was sent to the various Ministers and their Secretaries, was probably just filed and thrown away. Somehow or other, His Excellency Mr. Chundrigar asked his Secretary to let him have a copy of it from me. He appeared to have read it out. He called and discussed it with me. Then this note was discussed in a Conferrence of Ministers where various other Secretaries were also present. In that Conference it was decided that for the poor peasants and zamindars, who are supposed to be 85 per cent and who are the backbone of the province, something must be done by which they could get certain advantages. But unfortnately it was also filed after it had been discussed in the Government House. No action was taken and probably what was discussed was entirely forgotten. The result has been that we are at same place where we were four years ago and the paucity of food is still there even today. No advncement has been made Unless we put into practical shape such resolutions, anothing can be done.

It was very good of the Honourable Minister of Revenue to bring up the Punjab Land Utilisation Bill. But I want to tell him that if they bring ten bills of the same kind in this House and if they are passed, zamindars cannot derive any benefit unless and until they give them assistance which is primarily necessary or provide them such facilities which are necessary for grow more food campaign or put his lands in order. These areas are lying waste and unless they are able to do something to put them in order, you cannot grow more food. The figures about the average yield have appeared on the 4th November, 1954, in the Pakistan Times which I will read out to you.

I pointed out that time that Pakistan has lowest yields of wheat and rice in the world, leaving aside various other crops.

I had a pleasant surprise to learn through a foreign expert who recently visited Pakistan that Punjab still has nearly two million acres lying uncultivated for want of irrigation facilities as this area could not be irrigated by canal water due to topographical and other geological conditions. It means we still have a huge acreage which can be brought under cultivation thus increasing food production by manifolds and incidently bringing everlasting prosperity to our country. Recently the Punjab Government have decided to lease out all the crown waste lands on the tube-well conditions. I personally think this is an excellent idea. In fact not only the crown lands but all the lands lying uncultivated should be brought under cultivation by sinking tube wells. There are two essentials before any such scheme

can be successful, one is land and the other a tube-well. As I have said, land we have in plenty but there is no proper facility for sinking tube-wells without which the scheme cannot be accomplished. To give a practical shape to this scheme, I, who have spent last 18 years of my life in this line, give my detailed suggestions as under :—

Total number of tube-wells required—If my information about the acreage (20 lakhs) is correct. I presume that only half of it i.e., about ten lakhs is fit for sinking of tube wells and the rest may not be suitable due to underground geological conditions. Taking ten lakhs acres as the basis, we will require in all about five thousand tube-wells at the rate of one tube-well for every 200 acres. Five thousand tube-wells cannot be installed in one year. I suggest that we should be able to complete this job in about ten to twelve years or so. This means we will command at the rate of one lakh acres per year and it can be done by installing at least five hundred tube-wells every year.

If we complete this job in about ten years or so (and there is no reason why we should not be able to do it) if proper facilities are provided, one can very well imagine the prosperity it will bring to the province. If we assume an average yield of about 12 maunds of wheat per acre on irrigated lands, we will be producing additional 12 lakhs maunds per year or nearly one crore and twenty lakh maunds of additional wheat after ten years when the scheme is completed. (If all this area is put under wheat). (If 50% is put under wheat, the increased product of wheat will be 6 lakh maunds and on the remaining area cotton, sugarcane, etc., will be grown). I am sure, if proper crop rotations and other improved agricultural methods are followed even much greater benefits could be achieved.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order. Sir, the honourable Member is reading out a written speech. (Interruptions).

Sheikh Mehbub Ilahi : Sir, this is a note prepared by me. I will just give it over. It will be seen that our yield is so low that this country has the lowest crop yield in the world. I will refer you to a booklet, "SEVEN YEARS OF THE PUNJAB 1947—54", compiled by our eminent Graduate of the Punjab University, Mr. Sarfraz Hussain, Director, Public Relations Department and his staff. But I feel the people who have supplied him the information, have given him the material which he compiled. They have kept back the desired information. It has been stated therein that the Agricultural land in the Punjab, has been found, to produce per acre 57 maunds of wheat, 200 maunds of gur and 60 tons of berseem fodder. The province, it may be mentioned, holds the world record in the per acre production of green fodder as also in fish production. About 3,000 lbs. of fish per acre are being obtained annually from a tank against 300 lbs. obtained from a tank of similar size in the United States of America.

Water for the irrigation of crops is the biggest problem that the Punjab has to face. One way of meeting this problem is to go in for percolation, and tube-wells. The Department since 1950 has bored 1,127 percolation wells, as against 277 in 1947-48, and 100 tube-wells in the last year against 29 sunk in 1949. In addition, a scheme for sinking 100 tube-wells is in hand, and necessary preparations have been made to go into action as soon as initial work regarding the execution of taccavi agreement bonds, etc., has been completed.

But Sir, nothing has so far been done in this respect.

We are not fit for mechanical cultivation. Mechanisation of agriculture is not practicable for us. I may read out to you the views of experts about the mechanisation of agriculture in our country. Agriculture experts hold the view that large-scale mechanisation of agriculture was not a practicable proposition

in the Punjab and East Bengal because of the great pressure of population on the land in these two provinces. The mechanised agriculture, they maintained, was a labour saving device and if introduced in these two provinces would create more complex problems than it would attempt to solve.

Nothing has been done so far to tackle this problem. Honourable Shamim Hussain Qadri moved a 'Resolution' on this subject and it was passed. It was on the Agenda of 23rd November 1953. It has remained a dead-letter up till now. There is no use of passing a Resolution or a Bill until and unless something practical is done to act upon its decision. With these words I oppose this Resolution. There is no use passing such resolutions when we are doing nothing for the poor zamindars. I, therefore, oppose this Resolution, and would recommend that it should not be passed.

لفٹننٹ کرنل سید عابد حسین شاہ (جھنگ - ۳ - مسلم) : صاحب صدر

یاراں تیز گام نے محمل کو جا لیا

ہم محو نالہ جرس کارواں رہے

جناب سب سے پہلے میں شکریہ ادا کرتا ہوں رانا غلام صابر صاحب کا کہ انہوں نے یہ ریزولیوشن پیش کرکے یا بقول چیمہ صاحب انکا اڑا کے ہاؤس کو اس ایک نہایت ہی اہم مسئلہ کی طرف توجہ کرنے کا موقع دیا جو میرے خیال میں ہر آدمی کے دل و دماغ پر چھایا ہوا ہے۔ اس ریزولیوشن میں انہوں نے دو مطالبے کئے ہیں۔ ایک یہ کہ نرخوں کی ارزانی ہونی چاہیئے۔ اور دوسرا یہ کہ تحفظ ہونا چاہیئے آئندہ اجناس خوردنی کی کمی کا۔

میرے خیال میں یہ بہتر رہیگا کہ ہم سب سے پہلے ان اسباب کی طرف توجہ کریں کہ کیا وجوہات ہیں کہ یہ صوبہ جو کسی زمانے میں تقسیم سے پہلے ہندوستان کا اناج گھر کہلاتا تھا اور اسکی پیداوار سارے ہندوستان کے کم پیداوار والے علاقوں میں جایا کرتی تھی آج وہ اپنے آپ اپنی آبادی کا پیٹ نہیں پال سکتا۔ اور ہمیں ایک نہایت ہی بے شرم طریقے سے دوسرے ملکوں کے سامنے ہاتھ پھیلانا پڑا ہے۔ جب تقسیم ہوئی اور پاکستان اور ہندوستان کے درمیان پنجاب تقسیم کیا گیا اس وقت ہم بڑے فخریہ طریقے سے کہتے تھے کہ پنجاب کا وہ حصہ پاکستان میں آیا ہے جو اناج کا گھر ہے اور اب شاید ہندوستان والے بھوکے مر جائینگے۔ لیکن آج سات آٹھ سال کے بعد پوزیشن کیا ہے؟ ہمارے ہاں اناج کی کمی ہے اور وہ خود مکتفی ہیں۔ میں نے شروع میں جو شعر پڑھا تھا اور جسکی طرف معزز رکن شیخ محمد امین صاحب پراچہ بڑے شوق سے متوجہ ہوئے تھے وہ انہی یاراں تیز گام کے متعلق تھا۔ انہوں نے سات سال محنت

سے کام کیا۔ پلیننگ کی طرف توجہ دی ۔ اپنے وسائل کو مرکوز کیا۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ آج اناج کے لحاظ سے خود مکتفی ہیں بلکہ ''سرپلس،، ہیں اور ہماری پوزیشن باوجود اس امر کے کہ ہمارے ہاں ۸۷ فیصد آبادی کا پیشہ زراعت ہے یہ ہے کہ ہم دوسرے ملکوں سے بھیک مانگ کے اور قرضہ لے کر اپنا پیٹ بھر رہے ہیں ۔ یہ ہے ہمارے سات سال سونے کا نتیجہ اور انکے سات سال محنت کرنے کا نتیجہ۔ میں حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اگر آج بھی وہ تہیہ کر لیں اور جانفشانی سے منصوبہ بندی کریں اور ان منصوبوں کو عملی جامہ پہنائیں جو غالباً کسی نہ کسی شکل میں کسی نہ کسی دفتر کی الماری میں پہلے پڑے ہونگے تو اب بھی ہماری پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے اور قیمتوں میں کمی ہو سکتی ہے ۔

ہمارے ہاں صرف اجناس خوردنی ہی گراں نہیں بلکہ باقی اشیاء کے نرخ بھی زیادہ ہیں ۔ بلکہ دوسری چیزیں بہ نسبت خوراک بہت زیادہ مہنگی ہیں ۔ یہ سوال ہے طلب و رسد کا۔ اور جونہی ہم زیادہ سے زیادہ مقدار میں غلہ پیدا کرینگے تو اسکا نرخ کم ہوتا جائیگا میں سمجھتا ہوں کہ ان دونوں چیزوں یعنی قحط کے تحفظ اور نرخوں میں کمی کا علاج در حقیقت زیادہ سے زیادہ پیداوار کرنے میں ہے ۔ ایک چیز میں ان دونوں مرضوں کا علاج موجود ہے ۔ اور زیادہ سے زیادہ پیداوار اسطرح کی جا سکتی ہے کہ ہم ہر ایک ٹکڑہ اراضی۔ ایک ایک انچ زمین پیداوار حاصل کرنے کے لئے استعمال میں لائیں ۔ اور ایسا یقیناً ہو سکتا ہے ۔ مجھے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کہنے کو تو ہم ایک زراعتی ملک ہیں اور ہماری آبادی کی غالب اکثریت زراعت پیشہ ہے لیکن ہم زراعت میں اس قدر پیچھے رہ گئے ہوئے ہیں کہ اس ملک میں جہاں تین چار دریا بہتے ہیں۔ نہریں ہیں۔ کنویں ہیں۔ ٹیوب ویل لگ سکتے ہیں۔ سیلاب کے علاقے موجود ہیں ۔ بارانی رقبے موجود ہیں ۔ پھر بھی یہاں آبکا نصف صوبہ غیر آباد پڑا ہوا ہے ۔ یہ کوئی اچھی منصوبہ بندی نہیں ہے۔ ہم لوگوں کو فوراً اپنی توجہ اسطرف مبذول کرنی چاہئے کہ ہم کسی نہ کسی طریق سے اپنی باقی نصف اراضی کو بھی آباد کر ہیں۔ ہمیں اپنے انجینیئرز سے مشورہ لے کر انکے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانا چاہئے ۔ مجھے یقین ہے کہ یہاں کوئی نہ کوئی اس قسم کی تجویز پہلے بھی ہو چکی ہے کہ بند باندھ کر اس پانی کو محفوظ کر لیا جائے جو گرمی کے موسم میں ہماری ضرورت سے زیادہ دریاؤں میں بہتا ہوا

سمندر میں چلا جاتا ہے۔ بند باندھ کر اسے سارا سال استعمال میں لایا جائے۔ تاکہ ہماری نہروں سے آبپاشی سو فیصدی ہو جائے۔ آپ یہ سن کر حیران ہونگے کہ اس وقت ہمارے ہاں تین قسم کی نہریں ہیں۔ ایک تو وہ جن میں ۷۰ فیصد آبپاشی ہے۔ ایسی نہروں پر ایک سو ایکڑ میں سے ہر سال ۶۵ ایکڑ آبپاشی ہو سکتے ہیں۔ باقی ۲۰ فیصد زمین خالی رہ جاتی ہے۔ دوسری اس قسم کی نہریں ہیں جن پر ۶۰ فیصد آبپاشی ہوتی ہے اور ۴۰ فیصد زمینیں خالی رہ جاتی ہیں۔ اور کئی ایسی بد نصیب نہریں بھی ہیں جن پر سارے سال میں صرف ۴۰ فیصد آبپاشی کی جاتی ہے اور ان پر ۶۰ فیصد رقبہ غیر آباد پڑا رہتا ہے۔ اسکا نتیجہ کیا ہوتا ہے؟ یہ کہ جو سخت زمینیں ہیں یا جو کلر والی زمینیں ہیں وہ اکثر ویسے ہی خالی پڑی رہتی ہیں۔ اور یہ ایک سائنٹفک اصول ہے کہ کلر والی زمین میں زیادہ سے زیادہ فصل کاشت ہو تو اسکا کلر اور شور نیچے دبا رہتا ہے۔ لیکن اگر ایسی زمینیں جزوی طور پر آباد ہوں یا غیر آباد رہیں تو وہ کلر ابھر آتا ہے اور انہیں بالکل ہی ناکارہ کر دیتا ہے۔ چنانچہ میں آپ کی توجہ اس ناکارہ رقبے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو میرے خیال میں ہر سال تقریباً چالیس ہزار ایکڑ سیم یا کلر کی وجہ سے تباہ ہو رہا ہے۔ اس کے انسداد کی بھی کوئی سبیل نہیں کی جارہی۔ یہ سبیل اس لئے نہیں کہ پانی کمیاب ہے اور پانی کی کمیابی کی وجوہات کسی سے چھپی ہوئی نہیں۔ اگر پانی دستیاب ہو تو Intensive Cultivation سے سیم اور کلر وغیرہ نیچے دبانے سے پیداوار میں کافی اضافہ ہو سکتا ہے۔ ایک طرف چالیس ہزار ایکڑ رقبہ ہر سال کلر کی نذر ہو رہا ہے۔ دوسری طرف اس صوبے کا نصف کے قریب رقبہ غیر آباد پڑا ہے۔ اور پھر اس پر طرہ یہ کہ پانی جو دریاؤں کے ذریعے ہمارے صوبے میں سے گذرتا ہے اس سے فائدہ اٹھائے بغیر ہی اسے سمندر تک پہنچنے دیا جاتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہماری حکومت کی توجہ اس طرف بالکل نہیں ہے۔

جناب والا۔ یہ کپڑا بننے اور دیگر اشیا تیار کرنے کے جو کارخانے آج جا بجا نظر آتے ہیں آپ کو معلوم ہے کہ ان کے اتنے قلیل عرصہ میں معرض وجود میں آنے کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ حکومت اور سرمایہ دار لوگوں نے اپنی توجہ زراعت سے ہٹا کر کارخانوں پر مرکوز کر دی ہے۔ کاش یہ سارا روپیہ اور یہ ساری توجہ زراعت پر مبذول کی جاتی جس سے ہماری زراعت کا معیار بلند ہو جاتا اور ہمارا شمار دنیا کے ترقی یافتہ ملکوں میں ہونے لگتا۔ (تالیاں) چاہئیے

تو یہ تھا کہ یہ خیال ہر وقت ہمارے پیش نظر رہتا کہ نہ ہم لوگ تجارت پیشہ ہیں اور نہ ہی کارخانہ دار بلکہ ہم زراعت پیشہ ہیں ۔ (تحسین و آفرین) اور ہم زراعت کو ہی ترقی دینے کی کوشش کرتے رہتے

جناب والا ۔ بدقسمتی سے ہماری حالت یہ ہے ۔ کہ

نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

زراعت میں ہم نے ترقی کرنے کی کوشش نہ کی اور کارخانوں میں خاطر خواہ ترقی ہو نہیں سکی ۔ بد قسمتی سے یا خوش قسمتی سے بعض کارخانہ دار تقسیم کے بعد واقعی ''بن،، گئے ہیں ۔ انہوں نے سمجھا کہ اگر وہ بن گئے تو سب کچھ بن گیا ۔ کاش انہیں اس امر کا احساس ہوتا کہ سب کچھ درست تو تب ہوتا جب ان کے ساتھ ملک بھی بن جاتا ۔ افسوس ملک نہ بنا ۔ عوام نہ بنے البتہ چند لوگ ضرور بن گئے ۔

جناب والا ۔ میں حکومت کی توجہ پھر اس امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں کہ ہمارے صوبے کی ۸۷ فیصدی آبادی کا دارومدار زراعت پر ہے ۔ اس صوبے میں زراعت کی حالت یہ ہے کہ صوبے بھر کی پچاس فیصدی اراضیات ابھی تک غیر آباد پڑی ہیں ۔ اگر اس غیر آباد رقبے کو آباد کیا جائے تو اس سے صوبے کی آمدنی میں سو فیصدی اضافہ ہو سکتا ہے ۔ اور اگر اچھے طریق سے آباد کرنے کا کوئی منصوبہ تیار کرکے اسے عملی جامہ پہنایا جائے تو پیداوار دگنی یا تگنی ہو سکتی ہے ۔ میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں اور مجھے امید ہے کہ میرے چچا جناب شیخ محبوب الہی صاحب بھی میرے خیال کی تائید فرمائینگے کہ اس تجویز پر عمل کرنے سے ہمارے صوبے کی آمدنی میں کم از کم تین چار سو فیصدی کا اضافہ ہو سکتا ہے ۔ حضور والا ۔ اگر ایسا ہو یعنی ہمارے صوبے کی آمدنی چار گنا ہو جائے تو ظاہر ہے کہ وہ اسی ۸۷ فیصدی آبادی میں تقسیم ہو گی جس سے ہمارے صوبے کی Purchasing Power بھی بڑھیگی اور ہمارے عوام میں اپنے پاؤں پر آپ کھڑے ہونے کی طاقت بھی آجائیگی ۔ وہ پیٹ بھر کر روٹی بھی کھانے لگیں گے اور اس کے ساتھ ہی وہ خوش حال اور فارغ البال بھی ہو جائینگے ۔ ان ۸۷ فیصدی کی خوشحالی کا نتیجہ یہ ہو گا اور میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ضرور یہ نتیجہ ہوگا کہ ہمارے صوبے کی باقی ماندہ ۱۳ فیصدی آبادی جو شہروں اور قصبوں میں رہتی ہے اور جن کی خوشحالی کا دارومدار

درحقیقت ان ۸۷ فیصدی لوگوں کی خوشحالی اور بہبودی پر ہے بھی خوشحال ہو جائے گی ۔ لیکن خدا نخواستہ اگر حالت اس کے بر عکس ہوئی یعنی ۸۷ فیصدی بھوکے ہونگے تو یہ ۱۳ فیصدی بھی بھوکے ہی رہ جائینگے۔ اگر ہمارے عوام اور بالخصوص دیہات کے ۸۷ فیصدی عوام خوشحال ہوگئے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ شہروں کے لوگ بھی اتنے ہی خوشحال ہو جائینگے ۔ کاروبار کو فروغ ہوگا اور کارخانوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہوگا۔ اگر اس ۸۷ فیصدی آبادی کی طرف کوئی توجہ نہ دی گئی اور انہیں بھوکا رہنے دیا گیا تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان ۱۳ فیصدی کی حالت بھی بہتر نہ رہے سکیگی۔

جناب والا — اس کے بعد میری گذارش یہ ہے کہ Consumer Goods یعنی روز مرہ کے استعمال کی اشیا ارزاں کی جائیں۔ بھیک مانگ کر نہیں منصوبہ بندی کی مدد سے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم اپنی Inherent strength کو بروئے کار لاکر اپنے ملک کی حالت بہتر بنانے کے در پے نہ ہونگے ہماری کوئی منصوبہ بندی کامیاب۔ مفید اور کار آمد ثابت نہ ہو سکے گی۔

جناب والا—میرے ایک فاضل دوست نے فرمایا کہ مزارعین کو Security of Tenure دی جائے تو پیداوار بڑھیگی ۔ ان کی خدمت میں میری گذارش یہ ہے کہ وہ تو آپنے دے کر دیکھ لیا ۔ زرعی اصلاحات سے جو جھگڑے پیدا ہوئے ان سے بھی آپ بخوبی واقف ہیں۔ جناب والا ۔ ان جھگڑوں کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ مالکان اور مزارعین کے درمیان ایک طبقاتی جنگ شروع ہو گئی۔ ذاتی طور پر میں Security of Tenure کے حق میں ہوں مگر اس کی صورت ایسی ہونی چاہئے جس سے طبقاتی جنگ کا اندیشہ باقی نہ رہے۔ ورنہ طبقاتی جنگ سے زرعی پیداوار میں اضافہ کی بجائے کمی ہو جائیگی۔

قاضی مرید احمد —(شاہ پور نمبر ۴ - مسلم — حضور والا ۔ آنریبل رانا غلام صابر صاحب نے مسئلہ خوراک کے متعلق یہ قرار داد اس معزز ایوان میں پیش کرکے ایک نہایت ہی اہم اور ضروری قدم اٹھایا ہے۔ میں بہت خوش ہوں کہ کیپٹن سید عابد حسین صاحب نے بھی اس سلسلے میں کچھ ترقی پسندانہ قسم کی باتیں پیش کی ہیں۔ لیکن افسوس کہ وہ صرف منصوبہ بندی کی الف بے تک پہنچ کر ہی رک گئے۔ آگے نہ بڑھ سکے۔

حضور والا—ایک واضح حقیقت ہے کہ پنجاب میں اناج زیادہ پیدا کرنے کی ضرورت ہے ۔ اناج پیدا کرنے کے وسائل زمین۔ پانی اور انسان ہیں۔ یہی تین وسائل اناج کی پیداوار کیلئے ضروری اور اہم ہوتے ہیں۔ الحمد للہ کہ پنجاب میں بہترین زمین اور بترین دریا موجود ہیں مگر زمین کا سینہ چیرنے والا اور اس کی آبیاری کرنے والا کسان جس رنگ میں زندگی بسر کر رہا ہے اس کے متعلق اگر میں کچھ عرض کروں تو بار خاطر ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ کسان جو قحط کو دور کر سکتا ہے جو پنجاب کی زمین کو سرسبز و شاداب بناتا ہے اس کے حقیقی مسائل کی طرف قطعاً توجہ نہیں کی جاتی۔ کہا جاتا ہے کہ ہندوستان نے منصوبہ بندی کی۔ ہندوستان نے یہ کیا وہ کیا لیکن جو حقیقت ہے اس کا ذکر تک نہیں کیا جاتا کیا ہندوستان نے سب سے پہلے صوبوں کے صوبوں سے پرانے زمینداره سسٹم اور انگریز کی بخشی ہوئی جاگیرداریوں کو ایک ہی جنبش قلم سے نیست و نابود نہیں کر دیا؟ آپ یوپی کی مثال دیکھ سکتے ہیں۔ انفرادی طور پر بھی مہاتما گاندھی کے چیلے نے پچھلے تھوڑے سے عرصہ میں چھ لاکھ ایکڑ زمین بڑے بڑے زمینداروں سے مفت حاصل کرکے ضرورتمند کاشتکاروں میں تقسیم کردی ۔ آپ نے بھی کاشتکار کی حالت زار کے متعلق کبھی سوچا؟

صاحب سپیکر—آپ زیر بحث ریزولیشن کی طرف آئیے۔

قاضی مرید احمد — میں اسی طرف آ رہا ہوں ۔ حضور والا— اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہاں پنجاب میں اناج کا قحط نہ ہو اور موجودہ مہنگائی دور ہو تو ہمیں اس کے حقیقی اسباب سے چشم پوشی نہیں کرنی چاہئے اگر ہم اصلی اسباب کی طرف توجہ دیں گے تو پنجاب کی زرخیز سر زمین سے کافی اناج پیدا کیا جا سکتا ہے۔ آج معاشی پریشانی کی وجہ سے ہماری یہ حالت ہے کہ ہم سیدھے ہو کر نہیں چل سکتے۔ بھوک افلاس اور مالی مشکلات کی وجہ سے ہم اس قدر تباہ ہو چکے ہیں کہ زمینوں کو آباد کرنے کے لئے سوچ بھی نہیں سکتے۔ دوسری بات یہ ہے کہ بڑے بڑے زمینداروں کی زمینیں بیکار پڑی ہیں اور انہیں محض گھوڑ دوڑ کے میدان بنایا ہوا ہے۔ یہ محض حکومت کی بے تدبیری ہے۔ کہ زمینیں گندم جو چنے یا باجرہ پیدا کرنے کے لئے استعمال میں نہیں لائی جا رہی ہیں۔

ایک آنریبل ممبر—پانی کہاں سے آئے گا۔

قاضی مرید احمد—پانی ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ آپ دیانتداری کے ساتھ کام کریں اور اس کسان کو جسے آپ ریڑھ کی ہڈی تصور کرتے ہیں۔ موقع دیں کہ وہ خوشحال ہو۔ اس کی صحت اور زندگی کو انسانی معیار پر لائیں۔ تاکہ خدانخواستہ اگر کسی طرف سے قحط یا کسی دشمن کا حملہ ہو تو وہ پوری طاقت سے دشمن کا مقابلہ کر سکے۔ یاد رکھو۔ نازک وقت پر بڑی بڑی زمینداریاں کام نہیں آئینگی۔ اس معزز ہاؤس کا فرض ہے کہ پاکستان کو سر سبز و خوشحال بنانے کے لئے سب سے پہلے ملک و ملت کے غداروں سے جنہیں انگریز کی غلط تقسیم کی وجہ سے بڑی بڑی جاگیریں ملی ہوئی ہیں۔ زمینیں واپس لے اور ان پر سرخ قلم سے خط تنسیخ کھینچ دے۔

اگر ہندوستان میں ایسے منصوبے بن سکتے ہیں تو آپ کیوں نہیں بنا سکتے—ہم دیکھتے۔ ہیں کہ یہاں صرف باتیں کی جاتی ہیں کام نہیں کیا جاتا۔ ایسے زمیندار جو تحت‌الشریعت خدا اور رسول کے احکام کے پابند ہونے کے مدعی ہیں جنہوں نے باپ دادا کی نیک کمائی سے زمین حاصل کی ہے بے شک ان سے کوئی طاقت زمین نہیں لے سکتی۔ لیکن جو لوگ ملک و ملت سے غداری کے صلہ میں لینڈ لارڈ بنے ہوئے ہیں۔ جنہوں نے دھلی کے تخت پر انگریز کو بٹھا کر بڑی بڑی جاگیریں حاصل کی ہیں وہ کس طرح قرآن اور سنت کی رو سے ان جاگیرداریوں کو حلال کہہ سکتے ہیں؟

صاحب سپیکر —یہ جاگیرداریوں کا موضوع نہیں۔ آپ اپنے موضوع سے دور جا رہے ہیں۔

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میں زیر بحث ریزولیشن کی تائید کرنا چاہتا ہوں

ملک فیض حسین — پوائنٹ آف آرڈر۔ آنریبل ممبر نے اپنی تقریر میں جو ارشاد فرمایا ہے اس کے متعلق میں عرض کروں گا کہ اب وقت نہیں رہا۔ وقت گذر چکا ہے۔

Mr. Speaker : The point of order is over ruled.

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ان زمینداریوں اور جاگیروں کو ختم کیا جائے۔

صاحب سپیکر—ریزولیشن یہ نہیں ہے۔

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میں عرض کروں گا کہ اناج سستا کرنے کے لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ اناج زیادہ پیدا کیا جائے اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جب کہ انگریز کی غلط تقسیم کی ہوئی زمینیں بغیر کسی معاوضہ کے حاصل کی جائیں اور ان لوگوں کے ہاتھ میں دی جائیں جو زیادہ سے زیادہ کاشت کر سکتے ہیں۔ یہاں زمین موجود ہے پانی موجود ہے اور بہترین کسان موجود ہے پھر کوئی وجہ نہیں کہ زیادہ اناج پیدا نہ ہو سکے۔

میں اس معزز ہاؤس میں مختصراً یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ ان بڑی بڑی جاگیروں ہی کی وجہ سے نت نئے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ جاگیروں کی حفاظت کے لئے مسلم لیگ کے اندر کبھی تحت‌الشریعت اور کبھی کوئی اور نئی جماعت بنتی ہے اور لیڈر کو دھمکی دی جاتی ہے کہ یہ مطالبہ تمہیں ماننا پڑے گا ورنہ ہم لیگ سے نکل جائیں گے۔ جب حکمران پارٹی کی حالت یہ ہو تو اناج زیادہ پیدا کرنے کی طرف کس طرح توجہ ہو سکے گی۔ دیانتداری اور ملکی مفاد کو ملحوظ رکھتے ہوئے اگر کام کیا جائے تو پنجاب میں اناج سستا ہو سکتا ہے۔

شیخ محبوب الٰہی— پوائنٹ آف آرڈر۔ حضور والا۔ میں آنریبل ممبر سے دریافت کرتا ہوں کہ اگر کسی ایک شخص سے زمین واپس لے کر دوسرے کو دی جائے تو کیا وہ حلال ہو جائیگی؟

Mr. Speaker : This is no point of order.

رانا گل محمد نون عرف عبدالعزیز نون—(ملتان ۴ مسلم) جناب والا۔ اس وقت جو موضوع اس معزز ایوان کے زیر غور ہے وہ یہ ہے کہ ہم کن طریقوں سے اناج کو سستا کر سکتے ہیں۔ جناب والا۔ ہم اناج صرف ایک ہی طریقہ سے سستا کر سکتے ہیں۔ کہ اناج زیادہ پیدا کریں۔ یعنی اوسط پیداوار فی ایکڑ بڑھائیں اور اخراجات پیداوار کو کم کریں۔ جناب والا۔ کاشتکاری کا دارومدار پانی پر ہے اور چونکہ مغربی پاکستان میں اور خاص طور پر ہمارے صوبہ میں بارش کی کمی رہی ہے۔ جس کے باعث ہماری فصل اچھی نہیں ہو سکی۔ اس وقت صوبہ کی جو حالت ہو رہی ہے وہ پانی کی سخت قلت کی وجہ سے ہے۔ بڑے بڑے رقبے پانی کی کمی کی وجہ سے خراب ہو رہے ہیں۔ یہاں جس قدر نہریں تھیں ان میں ہندوستان کی طرف سے پانی بند ہونے کی وجہ سے پانی

کم ہو گیا - پہلے تو ستلج اور راوی میں پانی بند کیا گیا اور بند باندھ کر دریاؤں کا پانی divert کیا گیا - اب چند ہفتے پہلے اخبارات میں یہ خبر شائع ہوئی تھی کہ چناب کا پانی بھی روک لیا جائیگا - اگر یہی صورت ہوئی تو جو علاقے اس وقت سر سبز شاداب اور زرخیز ہیں وہ بنجر ہو جائیں گے -

جناب والا - اس سلسلہ میں ہمیں کوئی منصوبہ بنانے کی ضرورت ہے - ہمیں یہ سوچنا ہے کہ ان حالات میں ہمارے پاس کونسے ذرائع ہیں جو اختیار کئے جائیں تا کہ پانی کی کمی پوری ہو جائے - اور بنجر رقبہ جات کو قابل کاشت بنا دیا جائے اور جو اس وقت آباد ہیں وہ بنجر نہ ہونے پائیں - اس کے متعلق میں نے مختلف ماہرین سے بہت دفعہ گفتگو کی ہے وہ صرف ایک ہی ذریعہ بتاتے ہیں - اور وہ ذریعہ یہ ہے کہ ہم اپنے surplus flood water کو کسی طرح تالاب بنا کر storage tanks میں جمع کریں تا کہ اسکو بوقت ضرورت استعمال کیا جا سکے - مگر اس کیلئے بھی سرمائے کی ضرورت ہے - امید ہے کہ ہماری حکومت ورلڈ بنک یا دوسرے ذرائع سے قرضہ حاصل کرنے کی کوشش کرے گی تا کہ آئندہ کیلئے صحیح lines پر منصوبہ بندی ہو سکے -

جناب والا - یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اس وقت ہمارے ملک کی اوسط پیداوار بہت کم ہے - چاول کی پیداوار جاپان کے مقابلے میں تیسرا حصہ ہے اور کپاس کی پیداوار مصر سے تقریباً تیسرا حصہ ہے - پچھلی گرمیوں کے موسم میں مجھے مصر جانے کا اتفاق ہوا - میں نے وہاں gricultare کو اپنا ایک موضوع بنا کر مطالعہ کیا - وہاں تقریباً دو کروڑ یا سوا دو کروڑ آبادی کا ذریعہ معاش صرف چالیس پچاس لاکھ ایکڑ اراضی کی کاشت پر ہے - دیکھنا یہ ہے کہ وہ کونسے طریقے استعمال کرتے ہیں - (ہیئر - ہیئر) جن سے وہ اپنی ضروریات پیدا کرسکتے ہیں - مصر کی economy کا انحصار زیادہ تر کپاس کی پیداوار پر ہے - وہاں کی اوسط پیداوار بیس پچیس من فی ایکڑ ہے - اس کے مقابلہ میں ہمارے ملک کی اوسط پیداوار صرف پانچ چھ من فی ایکڑ ہے - وہاں دو باتیں خاص طور پر میرے نوٹس میں آئیں - ایک تو یہ کہ وہ سوا سو ایکڑ پر ایک کیوسک پانی دیتے ہیں اور ہمارے ملک میں ۳۳۰ ایکڑ کیلئے ایک کیوسک پانی مہیا ہوتا ہے - اور اسی کا نتیجہ ہے کہ ہمارا بیشتر رقبہ زمین تھور کی زد میں آرہا ہے وہ علاقہ جات جو چند سال پہلے نہایت زرخیز تھے اب بنجر و ویران ہو گئے ہیں - میں پی - ڈبلیو - کے وزیر انچارج کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں

کہ وہ اس مسئلہ کی طرف اپنی خاص توجہ دیں ۔ اسکے متعلق جو سکیمیں حکومت کے زیر غور ہیں اگر ان پر عمل کیا گیا تو مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ بہت سے اور رقبہ جات بنجر و ویران ہو جائیں گے اور ہماری موجودہ پیداوار میں مزید کمی ہو جائے گی ۔ یہ ایک نہایت اہم مسئلہ ہے ۔ ہمارے صوبہ میں بارش کی کمی ہے اور پانی بھی ۳۳۰ ایکڑ کے لئے صرف ایک causes دیا جاتا ہے ۔ اس نہایت گرم و خشک آب و ہوا کی وجہ سے زمین کا نمک caplillary action سے اوپر آکر زمین کو thur بنا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ دوسری چیز جو وہاں میرے نوٹس میں آئی وہ یہ ہے کہ جہاں مغربی پاکستان میں اور بالخصوص ہمارے صوبے میں rotation of crops پر خاص توجہ نہیں دی جا رہی اسکے مقابلے میں مصر میں محکمہ زراعت اسپر جبراً عمل کراتا ہے ۔ ان کے زیر کاشت رقبے میں کم از کم تیس پنتیس فیصدی اور بعض مقامات پر پنتالیس فیصدی برسیم clover کاشت کی جاتی ہے ۔ اسکے علاوہ وہاں کپاس کا کوئی کھیت ایسا نہیں ملے گا جہاں وہ artificial manure استعمال نہ کرتے ہوں ۔ میں نے اسکے متعلق آج بھی ایک سوال وزیر زراعت سے پوچھا تھا کہ ہمارے لئے کس قدر chemical fertilizers اور artificial manure کی ضرورت ہے مگر وہ مجھے فی الفور جواب نہ دے سکے ۔ میں امید کرتا ہوں کہ وہ اس مسئلہ کی طرف توجہ فرمائیں گے ۔ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ artificial manure کو اگر چند حالات میں استعمال کیا جائے تو پیداوار میں سو فیصدی بلکہ ڈیڑھ سو اور دو سو فیصدی اضافہ ہو سکتا ہے اور خاص طور پر ان رقبہ جات پر جہاں پہلے اوسط پیداوار بہت کم ہے ۔ اور اگر وہ حالات موجود نہ ہوں تو پیداوار میں اس قدر اضافہ نہیں ہو سکتا جس سے ہم مطمئن ہو سکیں ۔ فصل کیلئے سب سے زیادہ فائدہ مند چیز ہمارے صوبہ کے حالات میں chemical fertilizers ہیں ۔

اس کے علاوہ دوسری چیز جو ہماری اوسط پیداوار میں کمی کا باعث بن رہی ہے یہ ہے کہ ہمارے farms بہت چھوٹے ہیں ۔ جو صرف دو دو اور چار چار ایکڑ کے رقبوں پر مشتمل ہیں ۔ وہاں آپ جدید قسم کے آلات استعمال نہیں کر سکتے ۔ جو کسان تین چار یا پانچ ایکڑ اراضی پرکاشت کرتا ہے اسکی economic power کسی حالت میں بھی اس امر کی مقتضی نہیں کہ اپنی روز مرہ کی ضروریات سے بالاتر ہو کر اپنے

farms میں improvement کر سکے اور بہتر ذرائع سے کاشتکاری کر سکے۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جسکے متعلق حکومت کو باقاعدہ قانون بنانا چاہیئے۔ کہ کوئی farm دس یا بارہ ایکڑ کے رقبے سے کم نہ ہو۔ بہر حال یہ موضوع اس وقت زیر بحث نہیں ۔ (قطع کلامیاں اور شور) ۔

I am not one of those capitalists who want to exploit the poor. I just want to tell the honourable member that I am always for the tenants. (Hear, Hear).

جناب والا ۔ اس دوران بحث میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اگر ٹیوب ویل لگا دیئے جائیں تو بنجر زمینیں آبپاش ہو جائیں گی۔ یہ کہنا آسان ہے لیکن اگر اس پر غور کریں تو ۔

صاحب سپیکر : آپکا وقت ختم ہو رہا ہے

رانا گل محمد نون المعروف عبدالعزیز نون : حضور والا مجھے پانچ سات منٹ اور دیجئیے ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو حضرات ٹیوب ویل لگا رہے ہیں وہ قوم کا روپیہ برباد کر رہے ہیں۔ یہ سکیم ill conceived اور haphazard ہے جب تک ہمارے صوبے کا hydrographic survey نہ ہو جو sub-soil water resources دریافت کرے اس وقت ہم اس مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ ہم جو اندھا دھند ٹیوب ویل لگا رہے ہیں اس کا نتیجہ وہی ہوگا جو کیلیفورنیا میں بہت سے مقامات پر ہو چکا ہے ۔ کہ جہاں پانی تیس چالیس پچاس فٹ کی گہرائی پر تھا وہاں پانچ سو فٹ چھ سو فٹ اور بعض مقامات پر ایک ہزار فٹ تک چلا گیا ۔ جناب والا ۔ پانی کے زمین میں موجود ہونے کی ایک وجہ تو ہوتی ہے بارش ۔ ایک ہے sewerage through rivers & canals اور scientists کا خیال ہے کہ بیشتر پانی جو زمین کے اندر موجود ہوتا ہے وہ glaciers preserves اور پہاڑوں پر بارش کی وجہ سے ہوتا ہے ۔ ہمیں دیکھنا یہ چاہیئے کہ ہم ٹیوب ویلز کے ذریعے سالانہ کتنا پانی pump out کرتے ہیں ۔ یہ پانی اتنا ہی ہونا چاہیئے ۔ جتنا مختلف ذرائع سے سالانہ زمین میں جا رہا ہے ۔ تاکہ ٹیوب ویلز لگانے سے قوم کا جو قیمتی روپیہ صرف ہو رہا ہے اسے بچایا جا سکے ۔ اسکے علاوہ اس سلسلے میں بہت سے حضرات کو جو مشکلات در پیش ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ ٹیوب ویلز کی مشینری کے spare parts نہیں ملتے ۔ اور اس وقت بیشتر ٹیوب ویلز ناکارہ ہو چکے ہیں ۔

جناب والا ۔ جو ٹیوب ویلز لگائے جا چکے ہیں یا جو مزید لگائے جا رہے ہیں مجھے افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس کے متعلق حکومت کی کوئی منصوبہ بندی نہیں ہے یہ سارے کا سارا کام بغیر کسی پلین کے ہو رہا ہے ۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایک ایسی اتھارٹی قائم کی جانی چاہیئے جو ٹیوب ویل sinking کے تمام کاموں کی نگرانی کرے اور اس پر پورا پورا کنٹرول کرے ۔ دوسرے اس کے علاوہ جہاں جہاں ٹیوب ویلز لگائے گئے ہیں یا مستقبل میں لگائے جائیں گے ان کی maintenance کا پورا پورا خیال رکھا جائے ۔ ان کے spare parts مہیا کرنے کا انتظام بھی کیا جائے ۔ جب ٹیوب ویلز خراب ہو جاتے ہیں تو ان کے spare parts دست یاب نہ ہونے کی وجہ سے وہ کئی کئی ماہ تک بند پڑے رہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ جن طریقوں سے ہم اپنے صوبے کی پیداوار کو بڑھا سکتے ہیں ان میں سے ایک طریقہ improved seed کا ہے ۔ میرے خیال میں حکومت کے لئے یہ امر نہایت ضروری ہے کہ improved seed کا استعمال کاشتکاروں کے لئے لازمی قرار دے ۔ جب تک ایسا نہیں کیا جائے گا اس وقت تک ہماری زرعی پیداوار میں اضافہ نہیں ہو سکے گا ۔

جناب والا ۔ دوسری قابل افسوس بات یہ ہے کہ کاٹن کنٹرول ایکٹ پر پوری طرح سے عمل نہیں ہو رہا ہے ۔ ہر جگہ عملہ کاٹن میں ملاوٹ کی جا رہی ہے ۔ میرے نزدیک یہ محکمہ زراعت کی نا اہلی کا ایک بین ثبوت ہے ۔ کاٹن کنٹرول ایکٹ پر عمل کرانے میں یہ محکمہ بالکل ناکامیاب رہا ہے ۔ میں یہ بات دعوےٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ ضلع ملتان ۔ منٹگمری ۔ مظفر گڑھ میں ہر جگہ کاٹن میں ملاوٹ کی جاتی ہے اور اگر وزیر زراعت کو یقین نہ ہو تو وہ میرے ساتھ ان اضلاع میں چلیں میں ان کو موقعہ پر یہ بات ثابت کر سکتا ہوں ۔ حضور والا ۔ کاشتکاروں کے اس عمل سے اور محکمہ زراعت کی نا اہلی کی وجہ سے غیر ملکی منڈیوں میں ہماری کپاس کی ساکھ کو بڑا زبردست دھکا لگ رہا ہے اور ہم غیر ممالک میں بہت بدنام ہو رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ زرعی پیداوار کو بڑھانے کے سلسلے میں میں ایک اور گذارش کروں گا ۔ وہ یہ ہے کہ improved seed کے استعمال کو لازمی قرار دینے کے علاوہ گورنمنٹ کے لئے یہ بھی اشد ضروری ہے کہ وہ کاشتکار کی روزی کو جو کہ precarious ہے بہتر بنائے ۔ غریب کاشتکار اپنی روزی حاصل کرنے کے لئے اپنی فصلات کو شروع شروع میں نہایت

ھی سستے داموں فروخت کر ڈالتے ھیں ۔ انکے لئے cheap credit کا انتظام کیا جائے ۔

صاحب سپیکر : آپ کتنا وقت اور لینا چاھتے ھیں ۔

رانا گل محمد نون : جناب صرف دو تین منٹ اور لوں گا ۔ حضور والا ۔ میں ایک اور موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاھتا ھوں جس پر بعض معزز ماھرین نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا ھے ۔ میں یہ بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ھوں کہ انھوں نے جو رائے دی ھے اس ملک میں کاشت کاری کے تجربہ کی بنا پر نہیں دی ۔ ممکن ھے کسی اور ملک میں انھوں نے تجربات کئے ھوں ۔ جہاں تک مجھے معلوم ھے کم از کم ھمارے ملک میں تو کوئی ایسا تجربہ نہیں ھوا ۔ میں حکومت کی خدمت میں اور اس معزز ایوان کی خدمت میں اپنے ذاتی مشاھدے اور اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر عرض کرنا چاھتا ھوں کہ جب تک آپ مشینوں کا استعمال نہ کریں گے اور ان جدید مشینوں کو اپنے کھیتوں میں استعمال نہ کریں گے جو غیر ممالک کر رھے ھیں آپ اپنے ملک کی اراضیات سے پورا پورا فائدہ نہیں اٹھا سکتے اور یقین جانیئے کہ آپ اپنی زرعی پیداوار کو بھی نہیں بڑھا سکتے ۔ Cost of Production اور کم نہیں کر سکتے ۔

(ایک آواز ۔ ایسا کرنے سے لیبر بیکار ھو جائے گی) ۔

رانا گل محمد نون : نہیں ایسا نہیں ھوگا ۔

I disagree with them entirely. Those who mantain that the use of machinery that is partial mechanization will result in unemployment. I entirely disagree with them.

جناب والا ۔ پھر ھمارے صوبہ میں machanized farm کے سلسلے میں ابھی تک کچھ نہیں کیا جا رھا ۔ اور کسی کو معلوم نہیں ۔ کہ mechanization سے کیا ھوگا ۔ مغربی پاکستان میں صرف ایک machanized farm ھے ۔

(ایک آواز ۔ وہ فارم کہاں ھے یہ بھی بتائیے) ۔

رانا گل محمد نون : حضور یہ فارم عیسیٰ خیل فارم ریاست بہاول پور میں ھے اور اگر آپ چاھیں تو جا کر وھاں دیکھ سکتے ھیں ۔ اس فارم میں ۲۰۳۰ مربعہ زمین ھے ۔ اس میں پانچ سو سے زیادہ مزدور کام کرتے ھیں ۔ اور پھر ان مزدوروں کی تنخواہ دوسرے مزدوروں سے دو گنا بلکہ تین گنا زیادہ ھے اور ان کی حالت نہایت ھی اچھی ھے ۔ وھاں labour کی employment میں کمی نہیں ھوئی ۔ جناب والا mechanisation سے اس فارم میں

کاٹن کی پیداوار اڑھائی من سے ۱۷ من فی ایکڑ ہو گئی ہے اورگندم کی پیداوار ۶ من سے بڑھکر ۲۱ من فی ایکڑ ہو گئی ہے ۔

جناب والا ۔ اناج کو بہت سستا بھی کیا جا سکتا ہے ۔ پیداوار کی اوسط کو بھی بڑھایا جا سکتا ہے ۔ اور co t of production کو بھی کم کیا جا سکتا ہے ۔ مگر افسوس ہے کہ ان امور کی طرف توجہ نہیں دی جا رہی ۔ اور تمام تر زور industrialization کی طرف دیا جاتا ہے ۔ میں اسکے متعلق اس موقعہ پر صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ عوام کی قوت خرید کو نہ بڑھائینگے تو وہ وقت عنقریب آ جائیگا جب آپکی industries کے product بھی نہیں فروخت ہو سکیں گے ۔ industry کو زندہ رکھنے کے لئے نہایت ہی ضروری ہے کہ آپ عوام کی قوت خرید کو بڑھائیں اور وہ صرف ''زیادہ پیدا کرو'' کے ذریعہ ہی ہو سکتی ہے ۔

The Assembly adjourned for Asr prayers the Assembly re assembled after Asr prayers.

وزیر زراعت (عزت مآب سردار عبدالحمید خاں دستی) : جناب والا ۔ یہ قرار داد نہایت ہی مستحسن قرار داد ہے ۔ اس لئے میں حکومت کی طرف سے اسے لبیک کہنے کیلئے اٹھا ہوں۔ اس قرار داد کی نہ تو افادیت میں شک و شبہ ہے اور نہ اس کی اہمیت میں ۔

جناب والا ۔ اس قرار داد کے حق میں ۔ اور اس کی اوٹ میں جسقدر تقریریں فرمائی گئی ہیں باوجود ان کی تلخیوں کے ان تمام میں ایک جذبہ کی کار فرمائی نمایاں تھی ۔ اور وہ تھا جذبہ خواہش اصلاح و ترقی ۔

دنیا کا دستور ہے ۔ اور قدرت کا یہ قانون ہے کہ جہاں کہیں یہ خواہش پیدا ہوئی وہاں ترقی کے ذرائع اور اسباب خود بخود پیدا ہونے شروع ہو جاتے ہیں ۔

جناب والا ۔ زیادہ اناج پیدا کرنے سے ہی حقیقتاً اناج کی قیمتوں میں کمی واقع ہو سکتی ہے ۔ اور زیادہ اناج پیدا کرنے کا انحصار دو عناصر پر موقوف ہے ۔ ایک حکومت پر دوسرے کاشتکاروں اور زمینداروں پر اور کچھ تاجروں پر ۔ جہانتک حکومت کا تعلق ہے ۔ میں حکومت کی طرف سے کوئی brief بے کر نہیں اٹھا ۔ لیکن جناب والا کسی اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین کی اطلاع کیلئے چند ایسے اقدامات کا بیان کرنا لازمی سمجھتا ہوں جو حکومت کی جانب سے عمل میں لائے گئے ۔ تاکہ ان اقدامات میں کمی یا اضافہ کے متعلق کوئی تجاویز مزید پیش کی جا سکیں ۔

جناب والا ۔ جہانتک زیادہ اناج پیدا کرنے کے سلسلے میں محکمہ زراعت کا تعلق ہے ۔ اس کی کار کردگی کا دائرہ عمل اس حد تک ہے کہ وہ کاشتکاروں کیلئے تجربات کرکے ان کو مطلع کرے کہ کون کونسا بیج کس کسی فصل کا زیادہ سے زیادہ پیداوار کا حامل ہوتا ہے ۔ کون کونسا طریقہ کاشت ہے جس پر عمل پیرا ہونے سے پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے ۔ نیز وہ کون کونسی کھاد ہے جس کے استعمال سے پیداوار معمول سے زیادہ ہو سکتی ہے ۔ یہ سب ایسے امور ہیں جن سے براہ راست محکمہ زراعت کا تعلق ہے ۔ لیکن ان مشوروں پر کار فرما ہونا یا انہیں بروئے کار لانا کاشتکاروں اور زمینداروں کا کام ہوتا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے کاشتکار اور زمیندار ابھی اتنے سلجھے ہوئے نہیں کہ وہ اپنی بہتری اور بہبودی کے صحیح جائزے کے ساتھ ساتھ مملکت کی بہتری اور بہبودی کو بھی ہر لحظہ پیش نظر رکھ سکیں ۔ بہر حال ہماری مساعی میں کمی نہیں ہونی چاہیئے ۔ اب میں ان تعمیری تجاویز پر مختصر الفاظ میں تبصرہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ جو مختلف اراکین کی جانب سے اس ایوان میں پیش کی گئی ہیں ۔ تخریبی اور محض تنقیدی گفتگو جو کی گئی اس سے اغماض ہی برتونگا ۔

جناب والا—معزز رکن شیخ منظور حسن صاحب نے چند ایک تعمیری تجاویز پیش کی ہیں جو فی‌الحقیقت نتیجہ فکر ہیں ۔ اور قابل تبصرہ ہیں ۔ انہوں نے پہلی تجویز یہ پیش کی ہے کہ cash crops میں کمی کی جائے اور غذائی crops میں اضافہ کیا جائے ۔ بڑی مستحسن تجویز ہے ۔ چنانچہ حکومت نے اسے بھانپ کر اس پر عمل جاری کر رکھا ہے ۔ اور نہ صرف اس کی تلقین تک اکتفا کیا گیا ہے بلکہ یہ رعایت دے دی گئی ہے کہ جو کاشتکار یا زمیندار غذائی فصلیں بونے کیلئے نو توڑ زمین زیر کاشت لائیگا اور جس قدر ایسا رقبہ زیر کاشت لایا جائیگا اس پر مالیہ اراضی اور آبیانہ وصول نہ کیا جائیگا ۔ اور نہیں کیا جا رہا ۔ مزید برآں اس نوتوڑ رقبے کو زیر کاشت لانے کیلئے اگر زائد آبپاشی کی سہولتوں کی ضرورت ہوئی تو حکومت نے وہ تمام سہولتیں مہیا کرنے کے احکام افسران متعلقہ کے نام جاری کر رکھے ہیں ۔ یہ ہیں وہ رعایات اور امدادی اقدامات جو کاشتکاروں کو غذائی فصلیں اگانے کے بارے میں حکومت نے جاری کر رکھے ہیں ۔ حقیقت الامر تو یہ ہے کہ جسطرف کاشتکار کو زیادہ منافع نظر آتا ہے وہ اس طرف مائل ہو جاتا ہے ۔ یہ بشریت ہے لیکن اگر اس میں اپنے صوبے کی مجموعی بہبودی کی خواہش کا بھی مادہ ہو تو اسے چاہئیے کہ وہ اس امر کی طرف بھی ہر وقت نگاہ رکھے کہ جب بھی صوبے

میں اناج کی قلت نظر آئے تو وہ فورا اپنی کاشت کو غذائی پیداوار کی طرف تیزی کے ساتھ تبدیل کر دے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ حضرات بھی اپنے اپنے دائرہ اثر میں تلقین و تبلیغ فرمائیں۔ کہ ہمارے کسان اور زمیندار غذائی صورت حال کو بہتر بنانے اور فصلیں اگانے میں زیادہ سے زیادہ توجہ مبذول فرمائیں۔ اور زیادہ سے زیادہ محنت و فراست کو عمل میں لائیں۔ پیداوار کے بڑھانے میں اچھے طریق کاشت اور اچھے بیج کے بعد artifical manure یعنی مصنوعی کھاد کا درجہ ہے۔ چنانچہ اس کے متعلق آج ہی وقفہ سوالات میں میں نے عرض کیا تھا کہ ہم ۷۰۰ ٹن سے لیکر چالیس ہزار ٹن تک مصنوعی کھاد کو صوبہ میں رواج دینے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ یعنی ۱۹۵۲ء میں فقط ۷۰۰ ٹن مصنوعی کھاد صوبہ کے مصرف میں لائی گئی اور امسال چالیس ہزار ٹن ہمارے کھیتوں میں یہ کھاد ڈالی جا چکی ہے۔ اس کھاد کے استعمال سے دس فیصدی سے بیس فیصدی تک کے اضافہ پیداوار کا اندازہ کیا گیا ہے جو کہ خاصہ تسلی بخش کہا جا سکتا ہے۔ زمین کی کاشت بڑھانے میں سب سے زیادہ ضروری اور لازمی چیز آبپاشی کے بہتر ذرائع ہوتے ہیں۔ جس قدر ان ذرائع کی فراوانی ہوگی اسی قدر پیداوار زیادہ ہوگی۔ معزز رکن سید عابد حسین شاہ جذبات کی رو میں بہہ کر چند ایک کلمات فرما گئے جو بعید از حقیقت ہیں۔ ان کو علم ہوگا کہ تقسیم ہند کے چند غیر منصفانہ طریقوں کی وجہ سے ہمارے دریاؤں کے منبعے بھارت کے قبضہ میں آگئے ہیں۔ ہماری بعض نہروں کے مخرج بھی انہیں کی عملداری میں ہیں۔ اور انہوں نے انتہائی بے معاملگی کا ثبوت دیتے ہوئے۔ معاہدوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے۔ ہمیں پانی کی بے انتہا تنگی کی مصیبت سے دو چار کر دیا ہے۔ چنانچہ یہ معاملہ ورلڈ بینک ہمارے اور بھارت کے درمیان چکا رہا ہے۔ اور ہمارے معزز رکن گرمئی تقریر میں حکومت کو مورد الزام بنانے کے جوش میں یہ فرما گئے کہ دریاؤں میں پانی کی کمی نہیں۔ حکومت کی منصوبہ بندی کی کمی ہے۔ اسی دھن میں وہ بھارت کی منصوبہ بندی کی تعریف کے شوق میں بھارت کی غذائی ترقی۔ ان کی بہتر منصوبہ بندی سے منسوب کر گئے۔ اور یہ بھول گئے کہ انہوں نے یہ ترقی ہمارے ذرائع آبپاشی پر ڈاکہ ڈال کر ہمارے حقوق آبپاشی کو غصب کر کے حاصل کی ہے۔ اور ہمیں ایک اور انتہائی مصیبت سے دو چار کر دیا ہے۔ ورنہ ان مشکلات کو نگاہ میں رکھتے ہوئے ہماری منصوبہ بندی بھی کسی طرح ہماری آنکھ نیچی نہیں ہونے دیگی۔ اس میں انکار نہیں کہ نظر بحالات موجودہ ہمارا معاشرہ ناعاقبت اندیشی و

نا فرض شناسی کی طرف راغب ہو گیا ہے۔ لیکن اسے ہم سب نے مل کر درست کرنا ہے۔ اور یہ فرض ہم سب پر عائد ہوتا ہے۔ بہر حال ان حالات میں آبپاشی کے ذرائع مہیا کرنے کے لئے آپ کی حکومت نے جو کچھ اس سے ہو سکا ہے کیا ہے ۔ یعنی جہاں جہاں سے پانی پہنچایا جا سکتا ہے پہنچایا ۔ لیکن ضرورت کا پانی سمندر تک جانے کے لئے نہیں چھوڑا ۔ موسم گرما میں ۵۰۰ کیوسک زیادہ پانی دریاؤں سے میسر آتا ہے چنانچہ وہ پانی زائد موگوں کے ذریعہ باغات کے لئے اور چاولوں کی کاشت کے لئے دے دیا جاتا ہے۔ اس میں کلام نہیں کہ پانی کی کمی کی مشکل سے ہم خاصے دو چار ہیں ۔ رانا گل محمد صاحب نون نے درست فرمایا ہے کہ مصر میں ایک سو ایکڑ زمین کے لئے ایک کیوسک پانی دیا جاتا ہے لیکن ہمارے ہاں ایک کیوسک پانی ۲۶۰ سے ۳۰۰ ایکڑ زمین تک کے لئے میسر آتا ہے۔ اس کی وجہ فقط یہی ہے کہ ہمارے پاس پانی کی کمی ہے ورنہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ حکومت پانی کی موجودگی میں ایسے حالات پیدا ہونے دے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے بعض ممبران کی جانب سے صحیح طور پر ٹیوب ویل لگانے کی تجویز پیش کی گئی ہے بلکہ اس ضمن میں حکومت پر تساہل کا الزام بھی عائد کیا گیا ہے۔ جیسا کہ شیخ محبوب الہی صاحب نے فرمایا تھا کہ ٹیوب ویل کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ نہیں دی جا رہی ۔ انہیں گلہ ہے کہ حکومت نے ان کی پیشکردہ سکیم پر مناسب غور ہی نہیں کیا ۔ ممکن ہے ایسا ہو۔ اس امر سے مجھے اتفاق ہے کہ اس سلسلہ میں ہم جس قدر بھی کوشش اور مساعی کریں کم ہیں۔ لیکن شیخ صاحب سے بہتر کوئی نہیں جانتا ۔ کیونکہ وہ تمام عمر اس محکمہ میں ملازم رہے ہیں۔ ان کو معلوم ہے کہ ٹیوب ویل لگانے اور جو لگے ہوئے ہیں ان کو چلانے اور بر قرار رکھنے کے لئے ہمارے پاس ذرائع ناکافی ہیں۔ بااین ہمہ جہاں تک اعدادو شمار کا تعلق ہے وہ بتلاتے ہیں کہ ان مشکلات کے باوجود اور اور نا مساعد حالات کے علی الرغم محکمہ زراعت کی طرف سے ۲۵۸۸ ٹیوب ویل لگے ۔ کواپریٹو سوسائٹیز کیطرف سے ۴۹ ٹیوب ویل لگے۔ اور محکمہ آبپاشی کی طرف سے سال رواں میں ۱۱۰۷ ٹیوب ویل لگائے گئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—رواں کتنے ہیں؟

وزیر زراعت—اس وقت ۶۰۰ ٹیوب ویل کام کر رہے ہیں۔ اور باقی تھوڑے عرصہ میں کام کرنے لگ جائینگے۔ اس میں شک نہیں کہ

Sir, my honourable colleague had pointed out that one of the main reasons which appealed to him as to why this Bill be circulated for eliciting public opinion was none other than this consideration before him. It requires no amount of vision or intelligence, and speaking from vast experience one can easily see that the Board as constituted under this Act is nothing but an appendage of the Government. It strives to regimentate education. I shall speake more about the question of regimentation of education and the gradual process of driving us towards a totalitarian regime when I come to speak on the University Bill. But from the fact that the Board is constituted of politicians, Government servants and paid employees, who are charged with the responsibility of regulating, developing and controlling, it can very well be presumed, if not taken for granted, that the development, regulation and control will be on the lines of the political party in power and that the education in our Secondary Institutions, if God willing that comes into existence, will be impregnated with the whims and fancies of the ruling clique.

Now, Sir, I do not know why the Honourable Minister of Education is so anxious that he should find a seat on this Board. I would not like to say that probably by being there he may be able to enlarge his education. But I do not think

that is the motive at all. I think the motive is to deprive the parents or guardians of the inherent right to educate their children according to their choice. I think this is a sinister move to segimentate education right from the primary schools up to the secondary schools and then when they come to the University state. With these remarks I move that this Bill be circulated for eliciting public opinion.

ملک فتح شیر جھوٹ (میانوالی نمبر۴۔ مسلم) : جناب والا—اس بل کے متعلق جو تحریک پیش کی گئی ہے کہ اسے عوام میں مشتہر کیا جائے ۔ میں اسے نہایت ضروری سمجھتے ہوئے اس کی حمایت کرتا ہوں ۔

حضور والا — اس بل کی ماہیت اور غرض و غایت تو تعلیم یافتہ طبقہ بہتر سمجھتا ہے ۔ مجھ جیسے ناخواندہ انسان کو اس میں جو کچھ دکھائی دیتا ہے وہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ ہر طرف سے روز و شب یہی فریاد سنائی دیتی ہے کہ ہمارا ملک غریب ملک ہے ۔ ہمیں حتی الوسع اپنے اخراجات میں کمی کرنا چاہیئے اور ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے ہمارے قومی اور ملکی مفاد کو تقویت پہنچے ۔ مگر افسوس تو اس امر کا ہے کہ اس سال غضب کی انتہا ہو گئی ہے ۔ جو بل بھی پیش کیا جاتا ہے وہ اقتدار پرستی اور خود غرضی کا مجسمہ ہوتا ہے ۔ اس سلسلے میں قبل ازیں بھی اخبارات میں یونیورسٹی کے متعلق بہت سے اس قسم کے مضمون نکلتے رہے ہیں کہ یونیورسٹی کے ممبران اور بزرگوں میں شدید قسم کے اختلاف پائے جاتے ہیں جن کو دور کرنے کیلئے گاہے گاہے مصالحتیں بھی ہوتی ہیں ۔ مگر حکومت خود اس وقت دو متضاد اور متوازی پارٹیاں پیدا کرنے کی محرک بنی ہوئی ہے ۔

جناب والا ۔ اس بل پر جہاں بھی نظر پڑتی ہے یہی دکھائی دیتا ہے کہ فلاں فلاں کمیٹیاں بنائی جائیں ۔ ان میں سے فلاں کو یہ اختیارات دئے جائیں اور فلاں کے سپرد وہ اختیارات کئے جائیں ۔ اس بل میں ہمیں کہیں اس قسم کی ضروری اور اہم چیز نظر نہیں آئی کہ نصاب تعلیم کے متعلق جو بالکل ناقص ہے اور جس کی اصلاح اشد ضروری ہے اقدامات کئے جائیں ۔ حضور والا ۔ حکومت کا اولین فرض اس سلسلے میں یہ ہونا چاہیئے تھا کہ نصاب تعلیم میں مناسب تبدیلیاں عمل میں لاتی ۔ مگر افسوس کہ اس کو کسی نے چھوا تک نہیں ۔ یہ لوگ تو اختیارات حاصل کرنے کے درپے ہیں ۔ جب بھی کسی کو اپنے اختیارات بڑھانے کا خیال آتا ہے ۔ وہ ایک بل اس ایوان میں لے آتا ہے جس میں کہا جاتا ہے کہ وزیر متعلقہ کے یہ اختیارات ہونگے ؟ اور فلاں فلاں کمیٹیوں کے یہ ۔ خدا جانے حکومت نے ایسی باتیں جن کو ثانوی تعلیم سے دور کا واسطہ بھی نہیں

اس بل میں کیوں شامل کر دی ہیں ۔ ظاہر ہے کہ صحیح مقصد کو چھوڑ کر اختیارات کا حصول اور کرسی کی سجاوٹ ہی ان کا نصب العین بن گیا ہے ۔

حضور والا ۔ اس بورڈ کے اختیارات کے علاوہ جن باتوں کا ذکر اس بل میں کیا گیا ہے ۔ ان میں سے ایک کے بارے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ مدتوں سے یہ کوشش کی جا رہی تھی کہ اس صوبے کی غربت اور افلاس کے باعث دیہاتی اضلاع کے لوگوں کی سہولیت کیلئے مختلف اضلاع کے صدر مقاموں پر کالج قائم کرنے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی جائے ۔ چنانچہ حکومت کی یہ جدو جہد بار آور ہوئی اور بعض اضلاع میں کالج قائم کئے گئے ۔ یہ محض اس لئے کیا گیا کہ وہ لوگ جو غربت اور افلاس کی وجہ سے لاہور ۔ لائلپور یا دیگر مقامات پر جہاں کالج ہیں تعلیم حاصل کرنے کیلئے اپنے بچوں کو نہیں بھیج سکتے اور دو دو یا تین سو روپے ماہوار کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے ۔ بآسانی اپنے ضلع کے کالج میں اپنی استطاعت کے مطابق ان کی تعلیم کا بندوبست کر سکیں ۔ میں مانتا ہوں کہ حکومت نے والدین کی یہ استدعا جو عرصہ دراز سے متواتر کی جا رہی تھی منظور فرما کر تقریباً ہر ضلع میں ایک کالج قائم کرکے اس صوبے کے غریب اور مفلس لوگوں پر بڑا احسان کیا ہے ۔

جناب والا ۔ پھر یہ میٹرک اور ایف ۔ اے کے کورسوں اور مدت میں تبدیلی اور بی ۔ اے کے تین سال کر دینے سے جو تکلیف دیہاتی اضلاع کو پہنچے گی وہ یہ ہے کہ اس نئی سکیم کو اپنانے میں ان غریب لوگوں کو بڑی زحمت کا سامنا ہوگا اور اس سے ان پر کافی بوجھ پڑیگا ۔ جب یہ لوگ اپنی تکالیف کے متعلق حکومت سے فریاد کرینگے تو اس پر کوئی کان ہی نہ دھریگا ۔

پھر جناب اس بل میں یہ کوشش بھی کی گئی ہے کہ جہاں میٹرک کے سکول موجود ہیں انہیں کم کرکے مڈل کا درجہ دیا جائے ۔ یہ بھی بڑی زیادتی ہے ۔

Saiyed Amir Hussain Shah (Gujrat No. IV, Muslim): Sir, it is a sad comentary on this cabinet in general and the Honourable Minister of Education in particular, that a legislation relating to University Reforms should have first been undertaken as an Ordinance and is now being rushed through this House in this manner. Sir, one would think we were enacting a Public Safety Act. The Muslim League Party finds it impossible to get over this pattern of working. Sir, Rather than take the public into confidence or allow the opposition to speak their minds on this vital matter, their effort is to hoodwink both the public and the opposition. Sir in 1950 a Commission was appointed to go into the matter of university reform and it submitted its report in 1952 but till the other day the honourable members of this legislature had not got copies of that report. That

report, Sir, was suppressed. It was dealt with by this Government in the same manner as they have dealt with the Liaquat Murder Inquiry Report or the Chichawatni Boat Disaster Report.

Sir, we requested the Honourable Chief Minister in his chamber the other day, that this Bill be circulated for elliciting public opinion thereon; but the Honourable Chief Minister was pleased to remark that much time had already been wasted and he did not want to delay it any further. Sir, may I know who has wasted this valuable time? It is the Government who have been sitting over this matter behind closed doors. It took them two years to consider the report. Now when it is the question of taking the public into confidence they have suddenly become conscious of the time that is being wasted. I will ask the Minister of Education what is the hurry after all. This University has been functioning for the last 70 years and it can easily carry on for a few months more. What crisis did the Honourabel Minister avert on the day when he had the Ordinance promulgated? What crisis does the Honourable Minister want to avert today by pushing through this Bill? Sir, he is hurrying not because the Honourable Minister is actuated by a laudable desire to reform the University. He is hurrying because he does not want to give an opportunity to the public to express their opinion on this objectionable piece of legislation (Interruptions).

Sir, the problem is how to raise the standard of Secondary Education with the view to developing the intellect and character of the students so that when they leave schools, they may be able to enter any walk of life or if they so desire, to go for higher academic education.

The Assembly then adjourned for Asar prayers.

The Assembly re-assembled after Asar prayers. Mr. Speaker in the Chair.

وزیر تعلیم (آنریبل چودھری علی اکبر خان) : جناب والا۔مجھے اس تحریک کو دیکھ کر سخت حیرانی ہوئی ہے ۔ اگر کسی بل کی مخالفت سیدھے طریقے پر کرنے کو دل نہ چاہتا ہو تو عموماً یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے ۔ کہ یہ تحریک پیش کی جائے کہ اسے بغرض حصول رائے عامہ مشتہر کیا جائے ۔ جناب والا میں تو یہ سوچ رہا تھا کہ مجھے اس بنا پر accuse کیا جائیگا کہ اس سیکنڈری ایجوکیشن کے بل کو بلد پاس کرنے کیلئے کیوں نہیں لایا گیا۔ لیکن میں اب سمجھا ہوں کہ اوپوزیشن اکثر اپنا یہ فرض سمجھتی ہے کہ جو بھی بل گورنمنٹ لائے اس کے پاس ہونے کی راہ میں روڑے اٹکائے جائیں اور ایسے طریقے اختیار کئے جائیں جن سے وہ قانون نہ بن سکے۔ حالانکہ اصل صورت حال یہ ہے کہ تمام دنیا میں صرف پنجاب ہی ایک ایسا صوبہ ہے جس کی یونیورسٹی کے پاس آج تک ایف ۔ اے اور میٹرک کے امتحانات رہے ہیں ۔ تمام دنیا اس بات کو قبول کر چکی ہے کہ یونیورسٹی کا کام یونیورسٹی میں تعلیم و تدریس کا منظم کرنا ہے اور اس قسم کے فرائض جو شروع شروع میں یونیورسٹی کے سپرد کئے گئے تھے آہستہ آہستہ اس سے واپس لے لئے گئے اور اس انتظام کو ان کے

اختیار سے علیحدہ کرکے ایک علیحدہ بورڈ قائم کر دیا گیا - ہماری یونیورسٹی کا ایکٹ ۱۸۸۲ء میں پاس ہوا تھا اور اس وقت تمام دنیا میں یہی ٹرنڈ تھا کہ یونیورسٹی انٹرنس - ایف - اے اور بی - اے کے امتحانات لیا کرے چنانچہ اس وقت ہماری یونیورسٹی کے سپرد بھی یہی کام کر دیا گیا - ۱۹۰۴ء میں انڈین یونیورسیٹیز ایکٹ پاس کیا گیا جس کے مطابق تمام یونیورسٹیوں مثلاً کلکتہ - بمبئی - مدارس اور لاہور وغیرہ کیلئے ایک قانون بنا دیا گیا - اس قانون کے ماتحت یہ تمام یونیورسٹیاں میٹرک - ایف - اے اور بی - اے کے امتحانات خود لیا کرتی تھیں لیکن جوں جوں تعلیم اور انتظام تعلیم کے متعلق نظریہ ترقی کرتا گیا اسی کے مطابق وہ یونیورسٹیاں ایسے قانون پاس کرتی رہیں - چنانچہ ۱۹۰۴ء کے ایکٹ کے ماتحت جو یونیورسٹیاں معرض وجود میں آئیں تھیں ان میں تھا ہندوستان میں سوائے ایسٹ پنجاب اور مدراس کے دو صوبوں کے جہاں یونیورسٹیاں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کا انتظام کرتی ہیں اس پر عمل کیا گیا - باقی ہر صوبے میں سیکنڈری تعلیم کیلئے بورڈ قائم کئے جا چکے ہیں - کسی کو ۱۰ سال کسی کو ۱۵ سال اور کسی کو ۲۰ سال قائم ہوئے ہو گئے ہیں اور وہاں اس نظریہ کو مکمل طور پر قبول کر لیا گیا ہے کہ سیکنڈری تعلیم کا انتظام یونیورسٹی کے پاس نہیں بلکہ یونیورسٹی کے باہر ایسے اشخاص کے پاس ہونا چاہیئے جو واقعی سکول کی تعلیم پر پوری توجہ دے سکتے ہوں - نہ صرف باقی یونیورسٹیوں بلکہ ہمارے اپنے صوبہ میں اکثر دفعہ گزشتہ ۲۵ یا ۳۰ سال میں ایسے اقدام ہوتے رہے ہیں کہ ہمیں اپنے نظام تعلیم کو درست کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے چنانچہ ۱۹۳۳ء میں جبکہ ہمارے عزت مآب لیڈر ملک فیروز خاں نون وزیر تعلیم تھے اس وقت پنجاب لیجسلیٹو کونسل میں یہ ریزولیشن پاس کیا گیا کہ ایک کمیٹی مقرر کی جائے جو کہ نظام تعلیم کا جائزہ لے کر رپورٹ کرے کہ کیا کرنا چاہیئے - چنانچہ اس کمیٹی نے بہت تحقیق کے بعد ایک رپورٹ پیش کی جو کہ اینڈرسن کمیٹی کے نام سے مشہور ہے اور تمام لوگ متفق ہیں کہ نہایت غور و خوض کے بعد اس کمیٹی نے اپنی تجاویز پیش کی تھیں - وہ واقعی بڑی بیش قیمت تجاویز ہیں - ان میں سے ایک تجویز یہ تھی کہ سیکنڈری بورڈ قائم کرکے سیکنڈری ایجوکیشن کے امتحانات اور ان کا انتظام و انصرام اس بورڈ کے سپرد کر دیا جائے اور یونیورسٹی ان سے اپنا تعلق نہ رکھے بلکہ وہ محض یونیورسٹی تعلیم کیلئے اپنا تمام وقت صرف کرے - میں ان تفاصیل میں جانا نہیں چاہتا کہ وہ کونسی وجوہ تھیں جن کی

بنا پر ۱۹۳۳ء سے لیکر ۱۹۳۹ء تک ان سفارشات کو جامہ عمل پہنایا نہ جا سکا بلکہ یہ criticism ہوتا رہا کہ کیوں اس رپورٹ کو طاق نسیاں پر رکھ دیا گیا ہے۔ ۱۹۴۱ء کے بعد جنگ کی وجہ سے وہ رپورٹ معرض التوا میں رہی لیکن پاکستان بننے کے بعد مسلمانوں نے نئے عزم اور نئے ولولے کے ساتھ دوبارہ اپنے نظام تعلیم کی تجدید کرنے کی ٹھانی۔ چنانچہ اس وقت جب عزت مآب سردار عبدالرب نشتر گورنر پنجاب تھے اور انہوں نے دفعہ ۹۲ الف کے گورنر ہونے کی حیثیت سے ایک کمشن مقرر کیا جس پر انہوں نے پاکستان بھر کے ماہرین تعلیم اکٹھے کر لئے۔ انہوں نے ڈیڑھ سال پورے غورو خوض کے بعد ایک رپورٹ پیش کی اور ان کی رپورٹ یہ تھی کہ سیکنڈری ایجوکیشن یونیورسٹی کے پاس نہ رہے بلکہ اس کے لئے ایک بورڈ کا قیام عمل میں لایا جائے۔ وہ رپورٹ فروری ۱۹۵۲ء میں ان کی طرف سے پیش کی گئی اور فروری ۱۹۵۲ء سے لیکر جولائی ۱۹۵۳ء تک وہ رپورٹ یونیورسٹی سنڈیکیٹ ۔ سینیٹ اور دیگر اتھاریٹیز کے زیر غور رہی۔ انہیں اس پر غور و خوض کرنے کا پورا موقعہ دیا گیا۔ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ رپورٹ کہیں گم کرکے رکھ دی گئی۔ جناب والا۔جب میرے دوست اور فاضل دوست تقریر کرنے پر آتے ہیں تو ایسی باتیں کہہ جاتے ہیں جن کو اگر میں بے ہنگم کہہ دوں تو بیجا نہ ہوگا مگر سینیٹ کے ممبران جو کہ واقعی یونیورسٹی تعلیم سے تعلق رکھتے ہیں اور اس میں پورا انٹرسٹ لیتے ہیں ان تمام کو اس کی کاپیاں مہیا کی گئیں اور ان کے علاوہ دیگر لوگ جو اس میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کو بھی اس کی کاپیاں مہیا کی گئیں چنانچہ بڑے غور و خوض کے بعد ۱۴ جولائی ۱۹۵۳ء کو اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹی کمیشن کی رپورٹ کی یہ شق قابل منظوری ہے۔ اس کے بعد یہ فیصلہ جب سینیٹ میں جاتا ہے تو سینیٹ نے ۱۸ جولائی ۱۹۵۳ء کو اپنی میٹنگ میں ان الفاظ کے ساتھ سینیٹ کے اس فیصلے کی منظوری دی۔

> "In order that the University should have full opportunity to devote itself to its proper sphere of education, a Board of Secondary Education should be established to take charge of pre-University education. The Board should be an autonomous body with adequate representation from the University and the Education Department."

چنانچہ سینیٹ نے یہ فیصلہ کیا۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اگر ۱۹۳۳ء میں کمیٹی مقرر ہوئی تو اس نے یہ فیصلہ کیا۔ اگر ۱۹۵۰ء میں کمیشن بنایا گیا تو اس نے یہ کہا۔ سنڈیکیٹ نے اسکے ساتھ اتفاق کیا۔ سینیٹ نے اسکی تصدیق کی۔ مشرقی بنگال میں ثانوی تعلیم کا بورڈ موجود ہے ہندوستان میں ہر جگہ ایسے بورڈ قائم ہیں۔ کراچی میں یہ بورڈ ہے۔ باقی

تمام دنیا میں کہیں بھی پہلے بارہ سال کی تعلیم یونیورسٹیوں کے پاس نہیں ہے بلکہ بورڈوں کے پاس ہے۔ یہ ہماری پنجاب یونیورسٹی جب معرض وجود میں آئی تو اسے لندن یونیورسٹی کے pattern (نمونہ) پرقائم کیا گیا ۔ ان دنوں لندن یونیورسٹی میٹرك کا امتحان لیا کرتی تھی چنانچہ پنجاب یونیورسٹی نے بھی یہ امتحان لینا شروع کردیا ۔ مگر کچھہ عرصہ بعد وہاں یہ قانون بنا دیا گیا کہ لندن یونیورسٹی میٹرك کا امتحان نہ ہے بلکہ تمام انگلینڈ میں ایک مشترکہ امتحان ہو جسکے بعد ایک جنرل ایجوکیشن سرٹیفیکیٹ دیا جائے ۔ جو لوگ اسے اعلیٰ معیار پر پاس کر لیں انہیں اگے کسی یونیورسٹی میں داخل ہونے کا حق حاصل ہو ۔ اسلئے میں عرض کرونگا کہ اگر اس بل کی نسبت یہ الزام لگایا جاتا کہ اس میں دیر کی گئی ہے۔ تساہل سے کام لیا گیا ہے تو بالکل بجا ہوتا ۔ لیکن یہ کہنا کہ اس میں جلدی کی گئی ہے یا اس میں ایسا منصوبہ پیش کیا گیا ہے جسکی کی کوئی مثال نہیں ہے۔ یا یہ کوئی انوکھی یا نئی چیز ہے۔ یہ درست نہیں ۔ یہ وہ چیز ہے جس پر دنیا بھر میں اتفاق ہے اور جو ہر جگہ کامیابی سے چلائی جا رہی ہے اور کہیں بھی اسکے متعلق دو رائیں نہیں ہیں اسکے متعلق یہ کہنا کہ یہ ہماری ایجاد ہے یا یہ کوئی انوکھی تجویز ہے جو یہاں یکلخت پیش کر دی گئی ہے کچھ عجیب سا معلوم ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ بھی انہوں نے بہت سی باتیں فرمائی ہیں جن کا مفصل جواب میں مناسب موقع پر دونگا۔ اس وقت میں صرف یہ عرض کرونگا کہ یہ تحریک کہ اسے رائے عامہ کیلئے مشتہر کیا جائے اسکا سوائے اسکے اور کوئی مقصد نہیں کہ اس کام کو .سے تمام دنیا تسلیم کر چکی ہے معرض التوا میں ڈالا جائے۔ اسلئے میں یہ چاہتا ہوں کہ اس تحریک کو جلد از جلد ایوان کے سامنے رائے شماری کیلئے پیش کیا جائے تاکہ دنیا کو معلوم ہو جائے کہ ہم صرف سوچتے ہی نہیں بلکہ اپنی تجاویز کو عملی جامہ بھی پہناتے ہیں۔ (تالیاں) ۔

آج پچیس سال کے بعد ایوان میں یہ تجویز پیش کی جا رہی ہے مگر وہ اسے عجلت کا نام دیتے ہیں ۔ پچیس سال سے یہ مسئلہ اخبارات کا موضوع بنا ہوا تھا اور کہا جا رہا تھا کہ اس قسم کی تبدیلیاں کیوں نہیں کی جاتیں ۔ اس عرصہ میں دنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی مگر انہیں ابھی اس کام میں عجلت نظر آتی ہے۔ اکثر لوگوں نے کہا ہے کہ انہوں نے وہ رپورٹ نہیں دیکھی ۔ اب میں نے اتمام حجت کیلئے اسکی کاپیاں چھپوا کر ہر ایک کو مہیا کر دی ہیں۔ حالانکہ مجھے یقین

ہے کہ یونیورسٹی کمیشن کی وہ رپورٹ سینیٹ کو دی گئی تھی۔ جس نے اس پر آئٹم بائی آئٹم بحث کی تھی۔ پھر کمیشن کی رپورٹ اور سینیٹ کی ترامیم ساتھ ساتھ یونیورسٹی گزٹ میں چھپ گئی تھیں۔ ایک طرف کمیشن کی سفارشات تھیں اور دوسری طرف سینیٹ کے فیصلے تھے۔ وہ گزٹ ہر ایک کو مل سکتا تھا بشرطیکہ کوئی اس میں دلچسپی لیتا یا کسی کو اسکا شوق ہوتا۔ ہر شخص آٹھ دس آنے خرچ کرکے اسے خرید سکتا تھا۔ کہا تو یہ جاتا ہے کہ علم اور واقفیت یا معلومات حاصل کرنے کیلئے اگر کہیں سے کہیں جانا پڑے تو جانا چاہئے لیکن عمل یہ ہے کہ ان حضرات نے اس رپورٹ میں اتنی بھی دلچسپی نہیں لی کہ اس گزٹ کو ہی منگوا لیتے۔ آج وہ کہتے ہیں کہ اس بل کو لانے میں بڑی جلدی کی جا رہی ہے۔ اگر وہ خود اس سے غافل رہیں اور اس میں دلچسپی نہ لیں تو اس میں گورنمنٹ کا کیا قصور ہے؟ اگر وہ یہ کہیں کہ دیکھئے انہوں نے ہمیں دس دن پہلے جگایا نہیں یا ہماری چار پائی کے پاس بیٹھ کر ہمیں کمیشن کی سفارشات پڑھ کر نہیں سنائیں تو اسکا ہم کیا جواب دے سکتے ہیں۔ اگر وہ مجھے ایسا کرنے کیلئے کہہ دیتے تو ذاتی طور پر تو میں اس حد تک بھی جانے کیلئے تیار تھا۔ ان گذارشات کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ بہتر تو یہ ہے کہ حزب اختلاف اس کام کو جسے پچیس سال کے بعد آج کیا جا رہا ہے معرض التوا میں ڈالنے کی کوشش نہ کرے بلکہ اچھی سپرٹ کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی اس تحریک کو خود ہی واپس لے لے۔ (طویل تالیاں)۔

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور۔ نمبر ۹ - مسلم) ضرور والا۔ مجھے عزت مآب وزیر تعلیم کے ارشادات گرامی سننے کا بڑا شوق تھا۔ جو تقریر دلپذیر انہوں نے اپنی زبان آنکھوں اور انگلیوں کی متحدہ مساعی سے اس ایوان کے سامنے پیش کی ہے اسکے متعلق اگر میں یہ کہوں کہ

ع—کچھ کذب و افترا تھا کچھ کذب حق نما تھا

تو یہ مبالغہ نہیں ہوگا۔ مثلاً انہوں نے یہ ارشاد فرمایا کہ ''اسکے متعلق کہیں بھی دو رائیں نہیں ہیں۔'' ''اس سے دنیا اتفاق کرتی ہے''۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کیا آپ نے اس صوبہ کے اخبارات میں اس چیز پر وقتاً فوقتاً سخت اور شدید قسم کی تنقید ملاحظہ نہیں فرمائی؟ کیا آپکو پنجاب یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر کے اس نوٹ کا علم نہیں جس میں انہوں نے غیر مبہم الفاظ میں اسکے خلاف ایک قرار داد پیش کی

تھی ؟ کیا لاھور کے مشہور و معروف روزناموں میں اسکے متعلق تنقیدی مضامین نہیں چھپتے رہے؟ حضور والا—جن اعتراضات کا ھم نے خاص طور پر ذکر کیا تھا عزت مآب وزیر تعلیم نے ان کے متعلق ایک لفظ بھی اپنی زبان سے ارشاد نہیں فرمایا ۔ البتہ انکی تقریر میں یہ باتیں ضرور تھیں کہ یونیورسٹی فلاں سال وجود میں آئی ۔ اینڈرسن کمیشن فلاں سال مقرر ھوا ۔ نشتر کیمشن نے یہ کہا ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ اس قسم کی تفصیلات میں وہ ضرور گئے ھیں لیکن جو اصل اعتراضات تھے انہیں چھٹوا تک نہیں گیا۔ میں پھر عرض کرنا چاھتا ھوں ۔

صاحب سپیکر—اعادہ نہ کریں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—جہاں تک اس اصول کا تعلق ہے کہ یونیورسٹی کو ان ذمہ داریوں سے نجات دے کر اسے تدریسی فرائض کی طرف توجہ دینے کا زیادہ اھل اور قابل بنایا جائے اس سے کس کو یا اتفاق نہیں ؟ سوال صرف یہ ھے کہ کمیشن نے ان سفارشات کو پیش کرتے ھوئے جن شرائط کا ذکر کیا تھا انہیں آپ نے یکسر اور قطعی طور پر نظر انداز کر دیا ھے۔

میں یہ عرض کرنے پر مجبور ھوں کہ آپ نے sense of time کا بالکل مظاھرہ نہیں کیا ۔ ھر کام کیلئے ایک وقت ھوتا ھے۔ موزوں اور مناسب طریق کار ھوتا ھے۔ مثال کے طور پر میں یہ عرض کرتا ھوں کہ One Unit Move کا جب انکشاف نہیں ھؤا تھا تو اس سے پہلے بھی بعض لوگ یہ محسوس کرتے تھے کہ ایسا ھونا چاھئیے ۔ مگر اب جب اس کا اعلان ھو چکا ھے تو ھر طرف سے لوگوں نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا ھے۔ جب حالات اس نظام کے مقتضی ھوں تو سازگار فضا اور ماحول میسر آنے پر اسے عملی جامہ پہنانے سے نتائج یقیناً امید افزا ھونگے ۔ مگر آپ نے اس بورڈ سے متعلق preliminaries اور وہ تمام ابتدائی چیزیں جن کا ذکر اس کمیشن نے اپنی رپورٹ میں کیا تھا نظر انداز کر دی ھیں ۔

اس کے علاوہ آپ کو یاد ھوگا کہ عبوری دور کیلئے بھی سفارشات آپ کے سامنے رکھی گئی تھیں ۔ لیکن آپ نے ان کی طرف توجہ نہیں کی۔

حضور والا—میں پھر اپنے وھی الفاظ دھرانے پر مجبور ھوں کہ یہ طریق کار اور یہ نامناسب مدت جو آپ نے اس تجویز کو عملی جامہ پہنانے کیلئے منتخب کئے ھیں مجرمانہ ذھنیت کی پیداوار ھے۔ اس سے آپکے حسن نیت کا کوئی ثبوت نہیں ملتا ۔ یہ سراسر ناانصافی پر مبنی

ہے ۔ جس قسم کے اختیارات آپ اپنے لئے مختص کررہے ہیں اور جو وسیع اور غیر محدود اختیارات آپ نے Education Secretary کیلئے مختص کئے ہیں وہ آپ کی نیت کی وضاحت کرتے ہیں اور اس امر پر دلالت کرتے ہیں کہ آپ کے ارادے کیا ہیں۔

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistani-Christian and Anglo-Pakistani III): Sir, there is an old adage in the English language which reads that "empty vessels make the most noise". (*Cheers from the Treasury Benches*). That was really a most appreciative cheer. I am so glad to see that instead of being hurt about where the shoe pinches, the Honourable Minister of Education feels happy and gloats about it. Sir, I have never heard a more uneducated speech in my life. I find it extremely difficult to define my thoughts between whether the Honourable Minister of Education is opposing my motion or in fact supporting my motion that the public opinion be sought on this retrograde step and I wonder why in support of his arguments he was unable to find any light in his education but has to rely on the oldreport of Anderson and still a less educated and less enlightened report of Nishtar. But since I happen to have read both these reports,he seems to have quoted wrongly from both. In the Anderson Report it is clearly said and the Honourable Minister must have read that report because he was any how or other connected with it that report says that it would be serious if a Board for Secondary Education was started without pre-requisite conditions, and one of the points which that Report stressed was reforms in primary, middle and high schools education. You completely ignore that side and you feel that you can throw dust in the eyes of the people by quoting the Anderson Report, the Nishtar Report or somebody else's report. But you are not talking to a lot of uneducated people on the floor of this House. All of us have gone through all of these stages and to say in conclusion, as you did say that you want to present something to the world which other people can say how progressive you are. May I conclude my remarks by just reading what a very enlightened and respected educationalist in the province has to say about your performance before the world. The gentleman is no less a person than Dr. Stewart, Principal of the Gordon College, Rawalpindi. In a report which is published in the Pakistan Times of the 3rd December, 1954 he says as follows :—

> "The attention of the Government was being focussed on the wrong place. The wastage at the Matric and Intermediate level was due to the weaknesses further down which the Bill would do nothing to cure".

Exactly the same thing appears in the Anderson Report.

> "Crores of rupees spent on new higher secondary schools would not stem the rot which had begun in the primary and middle schools.
>
> The proposed scheme would make the University and the Higher Secondary Board another Government department and would put politicians or friends of politicians at the helm of educational affairs as the real power would lie in the hands of Governor as Chancellor and the Minister as Pro-Chancellor".

I hope you have told the world.

Mr. Speaker : The question is—

> That the Punjab Secondary Education Bill be circulated for eliciting public opinion thereon by the 1st January 1955.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : (Lyallpur IX, Muslim); Sir, I beg to move—

> That the Punjab Secondary Education Bill be referred to a Select Committee consisting of the foillowing:—
>
> (1) The Honourable Minister of Education;
>
> (2) The Honourable Rana Abdul Hamid Khan;

(3) Mian Muhammad Shafi;
(4) Mr. C. E. Gibbon;
(5) Begum Jahan Ara Shah Nawaz;
(6) Begum Zeenat Fida Hassani and
(7) The Mover.

حضور والا ۔ مجھے یقین تھا کہ جو محرکات وزیر تعلیم صاحب کو تعجیل نازیبا اور اس feverish قسم کی سرگرمیوں پر مجبور کررہے تھے ان کے پیش نظر میری پہلی تجویز مسترد ہوجائیگی ۔ بہتر تو یہ تھا کہ وہ ٹھنڈے دل سے اس پر غور کرتے لیکن جب اس کا فیصلہ ہی ہو چکا تو اب میں ایک متبادل تجویز آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

حضور والا انگریزی کا ایک مقولہ ہے Better late than never

اب بھی اگر آپ تائب ہو جائیں تو میرے خیال میں کوئی حرج کی بات نہیں ۔

وزیر تعلیم—کیا آپ بھی کبھی ہونگے ؟

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا ۔ میں نے درخواست کی ہے کہ اس مسودہ قانون کو ایک مجلس منتخبہ کے سپرد کر دیا جائے ۔ اس میں جذبات کا احترام رکھتے ہوئے اور تعلیمی مسائل سے ان کی مکمل لاعلمی کا پوری طرح سے احساس و شعور رکھتے ہوئے میں نے ان کا نام رکھا ہے۔ اس کے علاوہ بعض دوسرے معزز ارکان کا ذکر کیا ہے۔ جو میری دانست میں تعلیمی مسائل سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ۔

حضور والا ۔ میں نے اس مسودہ قانون کے متعلق چند خدشات کا ذکر کیا ہے او میری زبان سے اگر آپ کو مناسب معلوم نہیں ہوتا تو میں اب حضور کی اجازت سے پنجاب سٹوڈنٹس فیڈریشن کی طرف سے جو خط تقسیم کیا گیا ہے اس کے چند اقتباسات پڑھ کر سناتا ہوں ۔ اگر وزیر تعلیم صاحب نے پڑھ لیا ہے تو پھر مزید ان کو ذہن نشین کرانے کے لئے پڑھنا چاہتا ہوں ۔

"ہمارے وزیر تعلیم جو کہ تعلیم کی بہتری کے بجائے اور زیادہ خرابی کا باعث بنے ہوئے ہیں ۔ اب اپنے لئے یونیورسٹی میں پرووائس چانسلر کا نیا عہدہ پیدا کر رہے ہیں ۔ تاکہ وہ پوری طرح سے اپنی من مانی کر سکیں" ۔

صاحب سپیکر—آپ غیر متعلقہ باتیں نہ کریں ۔ اس طرح ہاؤس کا وقت ضائع ہوتا ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ — جناب والا ۔ آج تو ساڑھے سات بجے تک بیٹھنا ہے۔ نیز ان باتوں سے ہاؤس کا وقت ضائع نہیں ہوتا۔ اس خط میں بزید لکھا ہے۔

''انہوں نے اپنے چند منظور نظر لوگوں کے لئے نئی آسامیاں پیدا کرنے کے لئے ایک بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن بنا کر یونیورسٹی کی مالی حالت اور کمزور کر دی ہے۔

حضور والا ۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس سے ان کی دکھتی ہوئی رگ کو چھیڑا گیا ہے اسی لئے وہ چراغ زیر پا ہیں ۔

حضور والا—جن خطرات کا میں نے شبہ کیا تھا وہی طلباء کے اس ادارے کی طرف سے ہوئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تمام غلط قسم کے خدشات تھے اگر آج پروڈا مرحوم زندہ ہوتے جیسا کہ حضور کو علم ہے کہ پروڈا کی شخصیت ایسی تھی جس سے ۔

Mr. Speaker: This is wholly irrelevant. PRODA is neither here nor there.

چودھری محمد افضل چیمہ—میں بھی یہی عرض کر رہا ہوں کہ پروڈا مرحوم اب نہ یہاں ہے اور نہ وہاں ہے۔

صاحب سپیکر—اس وقت یہ چیز زیر بحث نہیں۔ آپ کیوں غیر متعلقہ باتیں کرکے ہاؤس کا وقت ضائع کر رہے ہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میرا وقت بھی بڑا قیمتی ہے۔

حضور والا—پنجاب یونیورسٹی کمشن نے ثانوی تعلیم کے بورڈ کی تشکیل کے لئے لازمی شرط یہ رکھی ہے کہ فیڈر سکول تیار کریں ۔ اگر آپ یہ بات فراموش کر چکے ہیں تو میں آپ کی توجہ صفحہ ۲۹ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ اس میں یہ الفاظ درج ہیں ۔

"When a four year institution is set up, it should have a feeder school up to class VIII located separately but administered under the direct control of the Principal of the College".

اب میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ نے اس کی لازمی شرط کو پورا کیا ہے۔ اور اس وقت کتنے فیڈر سکول موجود ہیں۔ دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی یونیورسٹی کی اسی فیصدی آمدنی امتحانات کی فیسوں کے ذریعہ سے حاصل ہوتی ہے۔ جس سے آپ اسے محروم کر رہے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ثانوی تعلیم کے بورڈ کی تشکیل کے ذریعہ اس ضروری اور نہایت ہی اہم ذریعہ آمدنی سے محروم کرکے آپ یونیورسٹی کو براہ راست اپنے ناجائز غلبہ کے ماتحت لائیں گے۔ میں

سمجھتا ہوں کہ دارالعلوم کی آزادی اور خود مختاری ہر لحاظ سے ضروری ہے اور آپ کو اپنے سیاسی ہتھکنڈوں کی آماج گاہ دارالعلوم اور دیگر درس گاہوں کو نہیں بنانا چاہئے۔ آپ کو دارالعلوم سے باہر اس قسم کے کافی مواقع میسر آ سکتے تھے۔ ان کو اپنی دست برد سے محفوظ رہنے دیں۔

ہم نے ابھی تک وزیر تعلیم کی زبان سے کوئی لفظ نہیں سنا کہ وہ یونیورسٹی کے مصارف کو کس طرح پورا کرنے کا خیال رکھتے ہیں۔ پھر اس کے علاوہ ابھی تک اس بات کے متعلق ان کی زبان مبارک سے ایک لفظ ارشاد نہیں ہوا کہ جس قسم کے معیاری ثانوی سکولوں کا ذکر یہاں کیا گیا ہے۔ آپ کے پاس ایسے کتنے معیاری ثانوی سکول موجود ہیں۔

حضور والا--انہوں نے اس بات کو بھی ملحوظ خاطر نہیں رکھا کہ آپ اسی سالہ پرانے نظام تعلیم سے یکسر انحراف کر رہے ہیں۔ کیا آپ نے غور فرمایا ہے کہ جب آپ اصلاح احوال کے لئے مناسب اور موزوں تبدیلی کرکے ایک نئی قسم کے نظام تعلیم کو صوبہ کے عوام کے سامنے رکھنا چاہتے ہیں تو آپ کس طرح عوام کو برق رو کی طرح ایک دم switch over کر سکتے ہیں ؟ عبوری دور کی مشکلات آپ کے سامنے ہیں۔ جن کا بہت حد تک ذکر ہو چکا ہے مگر افسوس ہے کہ اس کی طرف آپ نے توجہ نہیں فرمائی۔

حضور والا--اس کے علاوہ سب سے اہم بات جو میں عزت مآب وزیر تعلیم کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ اس وقت تک آپ کے السنہ شرقیہ یعنی Oriental languages کے امتحانات یونیورسٹی لیا کرتی تھی اور ایسے امتحانات پاس کرنے کے بعد یونیورسٹی کی طرف سے سندات عطا کی جاتی تھیں۔ اس ناقدر شناس مارکیٹ میں ان کی تھوڑی بہت وقعت ہوتی تھی اگر آپ ان امتحانات کو اس ثانوی تعلیمی بورڈ کے ماتحت کر دیں گے جو کہ ادنیٰ نوعیت کا ادارہ ہوگا تو ان کی کیا اہمیت رہ جائیگی جب آپ یونیورسٹی سے ان امتحانات کا اہتمام چھین لیتے ہیں تو یونیورسٹی کو خواہ مخواہ درد سر ہوگا کہ السنہ شرقیہ کی تعلیم جاری رکھے ۔ السنہ شرقیہ (عربی اور فارسی) آپ کی تاریخ آپ کی مقدس روایات ۔ ثقافت اور کلچر کی ترجمان ہیں۔ ان پر آپ ایک ضرب کاری لگائیں گے۔

وہ طریق تعلیم جس کا مطالبہ انگریز کے دور میں ۱۸۸۲ یا غالباً ۱۸۶۸ء میں پیش کیا گیا تھا یہ تھا کہ اسلامی شریعت کی تعلیم و تدریس کے لئے دارالعلوم میں اہتمام ہونا چاہئیے۔ اس وقت لوگوں کو اس کی قدر و قیمت کا احساس تھا لیکن اب تو

ع—اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے۔

حضور والا—میں یہ چاہتا ہوں کہ جن امور کا میں نے ذکر کیا ہے عزت مآب وزیر تعلیم فرداً فرداً انکا جواب دیں۔ اسکے علاوہ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک السنہ شرقیہ کا تعلق ہے آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے ان میں ایم۔اے کی ڈگریوں کا اہتمام کیا ہے اور یونیورسٹی کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ ایم۔اے کے امتحانات کا اہتمام کرے اور اسکی تدریسی ذمہ داریاں برداشت کرے۔ یہ بات کسی وضاحت کی محتاج نہیں کہ جو لوگ مولوی فاضل کا امتحان پاس کرتے ہیں عربی میں انکی قابلیت کالجوں کے فارغ التحصیل ایم۔اے (عربی و فارسی) سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ تو آپ اس تبدیلی سے جسکو آپ اصلاح احوال کے طور پر پیش کر رہے اپنے خیال میں بڑا مفید اور ضروری سمجھتے ہیں، السنہ شرقیہ کی تعلیم پر نہ صرف زبردست ضرب کاری لگا رہے ہیں بلکہ میرے خیال میں اپنے ہاتھوں سے اس ضروری کام کو جسکا اہتمام اور جسکی تکمیل آپکے فرائض منصبی اور سب سے اہم فرائض میں سے تھی نظر انداز کر رہے ہیں۔

حضور والا—اس سلسلے میں میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب یہ ایک حقیقت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اور اس وزارت کی سعیٔ جمیلہ سے ایک یونٹ معرض وجود میں آ رہا ہے۔ یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ وزیر اعظم صاحب credit لینے کے بڑے خواہش مند واقع ہوئے ہیں۔ تو جب ایک یونٹ معرض وجود میں آ رہا ہے اور بطور ایک حقیقت الامر کے انشاء اللہ العزیز مستقبل قریب میں آ رہا ہے تو آپ اسکے متعلق کیوں اتنے زیادہ پریشان نظر آتے ہیں اور کیوں آپکو اتنی تشویش لاحق ہو رہی ہے اور تپ لرزان کی طرح آپ feverish قسم کی activities کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری نمبر ۷ مسلم۔ مخصوص نشست)۔ حضور والا۔ میں نے یہ عہد کیا تھا کہ میں تعلیم کے مسئلہ پر party-man کی حیثیت سے نہیں بلکہ اس صوبے کے ایک عام آدمی کی حیثیت سے اپنے خیالات کا اظہار کرونگا اور اس امر کی کوشش کرونگا کہ سرکاری بنچوں کا نقطہ نگاہ بھی اچھی طرح سے سمجھ سکوں۔ مجھے یہ ماننے میں تائل نہیں کہ Secondry Education Board کا قیام صحیح ہے۔ میرے خیال میں جیسا کہ وزیر تعلیم صاحب نے فرمایا انہوں نے اس بورڈ کو معرض وجود میں لانے کیلئے غیر معمولی کام کیا ہے۔ وہ اس بات

کو تسلیم فرمائیں گے کہ یونیورسٹی کمیشن کی رپورٹ پر جو بہت عرصے سے چھپ چکی ہے پچھلے سال اسی ایوان میں بہت سے دیے ہوئی تھی اور حکومت سے پوچھا گیا تھا کہ ابھی تک وہ کیوں پیش نہیں کی گئی۔ اسکا جواب یہ دیا گیا تھا کہ ہم اس پر غور کر رہے ہیں۔ بہر کیف مجھے یہ کہنے میں کوئی تائل نہیں کہ آپنے اس میں تاخیر کی۔

حضور والا—جہاں تک ثانوی تعلیم کو یونیورسٹی سے علیحدہ کرنے کا تعلق ہے آپوزیشن کو اصولی طور پر اس سے اختلاف نہیں۔ لیکن آپ اس مقصد عظیم کو حاصل کرنے کیلئے جس قسم کا آئین اس ایوان کے سامنے پیش کر رہے ہیں میرے خیال میں اس پر آپکو دوبارہ غور کرنا چاہئیے۔ میں یہ امر تسلیم کرتا ہوں کہ حضور وزیر تعلیم صاحب ایک بہت بڑے عالم ہیں اور ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ محکمہ تعلیم کے سیکرٹری واقعی بہت لائق آدمی ہیں۔ لیکن خدانخواستہ اگر کل تختہ سیاست الٹ گیا اور ہمارے قابل وزیر صاحب کی بجائے کوئی احمق آدمی آ گیا تو پھر کنٹرولنگ اتھارٹی وہ ہوگی۔ وہ اپنی مرضی اور اپنی پالیسی کے مطابق کام کرے گا۔ حضور خود ہی غور فرمائیں کہ اسکے کتنے برے نتائج ہو سکتے ہیں!

حضور والا—وزیر تعلیم صاحب نے تین چار کمیٹیوں کی تشکیل کا ذکر فرمایا ہے۔ مجھے یہ کہتے ہوئے انتہائی دکھ ہوتا ہے کہ ہمارے حاکم ہر جگہ اپنے عوام کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہیں اس امر کی کوشش کرنی چاہیئے کہ تعلیمی اداروں میں لوگ منتخب ہو کر آئیں۔ اس آئین میں آپ نے کہیں بھی انتخاب کا ذکر نہیں فرمایا۔ اور سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ کنٹرولنگ اتھارٹی Ex-officio منسٹر آف ایجوکیشن ہونگے۔ محترم چودھری علی اکبر صاحب جو میرے دوست ہیں بہت پڑھے لکھے آدمی ہیں اور بہت کامیاب وکیل بھی رہے ہیں اگر خدانخواستہ کل One-Unit میں انکی جگہ کوئی کم عقل اور کم علم آدمی آ گیا تو وہ بحیثیت کنٹرولنگ اتھارٹی اس بات کا مجاز ہوگا کہ وہ آپکے بورڈ اور تمام کمیٹیوں کی شکل بالکل بدل دے۔

حضور والا—میں دوسری بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کی خواہش یہ ہے کہ اس یونیورسٹی کو جسکے حضور خود تعلیم یافتہ ہیں اور جسکے تعلیم یافتہ حضور قائد ایوان اور حضور وزیر تعلیم ہیں، مجبور و مفلس کر دیا جائے تاکہ وہ آپکی ناپاک سیاسی اغراض کا آلہ کار بن سکے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی لندن یونیورسٹی اور دنیا کی تمام یونیورسٹیاں انڈیپنڈنٹ ہیں۔ وہ کسی پارٹی سے وابستہ نہیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Secondary Education Bill be referred to a Select Committee consisting of the following:—

(1) The Honourable Minister of Education,
(2) The Honourable Rana Abdul Hamid Khan,
(3) Mian Muhammad Shafi,
(4) Mr. C. E. Gibbon,
(5) Begum Jahan Ara Shah Nawaz,
(6) Begum Zeenat Fida Hassan, and
(7) The Mover.

The motion was lost.

Syed Amir Hussain Shah: (Gujrat IV, Muslim): Sir, I rise to oppose the consideration of this Bill.

Mr. Speaker: The honourable member should declare first that he cannot speak in Urdu.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I declare that I can express myself better in English.

Sir, I oppose this Bill because it defeats its own object. The idea is to set up a Board of Secondary Education which is going to look after Secondary Education, and which is going to regulate and control Secondary Education so that the standard of Secondary Education is raised and the students who graduate from schools are sufficiently developed both in intellect and in character to enter any walk of life or to take up higher academic education at the University. Now, Sir, this Bill has tried to achieve this object in a very funny way. I think only a star-studded Cabinet like the one sitting opposite could have thought of such a clever move. Sir, the Bill proposes first to include, F. A., and F. Sc. in this secondary stage. I must say it is a very stupid proposal. However I think we are fortunate that they have restricted themselves to the intermediate standard because if they had gone on to include B. A. and B. Sc. also in the secondary stage no one could have stopped them. Our Education Minister could very well have said that as our graduates are not much above the matriculates of other countries and since it is necessary to raise our matriculation standard let us enact that in future all the B. As. and B. Scs will be known as matriculates and had he given this measure a retrospective effect, You Sir would have been deprived of your hard earned degrees.

Secondly, they are trying to achieve the object of the Bill by setting up a separate Board known as the Board of Secondary Education. Now, Sir, the problem is not so simple as it appears to our simple minded Honourable Minister. The problem is not merely organisational; and by merely transferring authority from one body which is alleged to be corrupt to another body which is bound to be corrupt because it would be under the direct control and guidance of the Ministers belonging to the political party in power by transferring authority from one body to another you do not solve the problem. You cannot raise the standard of education merely by an administrative change. The standard of education can be raised by building better schools. better laboratories and libraries and by appointing qualified teachers to impart education and by stressing on character building and extra curricular activites. In fact Sir by recasting the whole system of education, so that the student can learn in ten years what he now learns in twelve or fourteen. So that when that student leaves the school he is fully mature intellectually as well as in character. We would have welcomed this Bill if it had contained the slightest indication that steps were going to be taken in that direction. As it is, there or no such indicatoion it deals only with the administrative aspect and leaves the basic malady untouched. Not only is the basic malady

left untouched but in fact made worse by appointing a Board of Education which is to consist of nominated members and by appointing as the controlling authority of that Board, the Minister of Education who is a member of a political party. The Honourable Minister of Education in his speech a moment ago said that the Senate at its meeting had approved of this legislative measure. Now, Sir, I am going to give you an example how a Government can interfere in the working of such bodies, bodies either nominated or consisting of officials. As a matter of fact we ought to have taken steps to make the University authorities and the authorities controlling our education more automous but we have taken a step backward. When the matter came before the Senate, the Director of Public Instruction under the orders of this Honourable Minister of Education, advised all official members of the Senate to vote against a motion which had been brought against this legi lative measures.

Minister of Education : Question. I am prepared to produce responsible witnesses here if you so desire. This Secondary Board of Education consisting as it does of officials is going to function in a like manner.

The Assembly then adjourned for Maghrib Prayers.

The Assembly re-assembled after Maghrib Prayers. Mr. Speaker in the Chair.

مولانا داود غزنوی (لاهور نمبر ۵ - مسلم-مخصوص نشست)-جناب والا میں اس بل کی مخالفت اس وجه سے کرنا چاهتا هوں که جب اس یونیورسٹی کی بنیاد رکھی گئی تھی تو اس وقت اس ملک کے نوابوں اور راجاؤں سے موثر مالی امداد حاصل کرنے کیلئے یه کہا گیا تھا که هم عربی فارسی اور سنسکرت کی زبانوں کو زنده رکھنے کیلئے یه یونیورسٹی قائم کر رهے هیں - میں سمجھتا هوں که جو مواعید عربی فارسی یا السنه شرقیه کے متعلق اس یونیورسٹی کی بنیاد رکھتے هوئے کئے گئے تھے اور جن مواعید کی بنا پر اس وقت بہت بڑی امدادی رقوم حاصل کی گئی تھیں سعادتمندی کا تقاضا یه هے که آج بھی انکو اسی طرح پورا کیا جائے - ان مواعید کو یونیورسٹی کے پہلے کیلنڈر میں دیکھا جا سکتا هے - ان مواعید کے پیش نظر اب یه نا مناسب هے که السنه شرقیه کو یونیورسٹی کے حیطه اقتدار سے نکال کر سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ کے سپرد کر دیا جائے -

دوسری وجه جسکی بنا پر میں اس بل کی مخالفت کرنا چاهتا هوں یه هے که السنه شرقیه میں سے خاص طور پر مولوی فاضل کے امتحانات کو یونیورسٹی کے حیطه اقتدار سے نکال کر سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ کے سپرد کرنا بھی صحیح نہیں - یه رجحانات کچھ اچھے نظر نہیں آتے - شعبه علوم اسلامیه کو بھی خراب کیا جا رها هے - یه ایک افسوسناك چیز هے - یونیورسٹی مختلف شعبه هائے علوم کا اعلیٰ انتظام کر رهی هے مگر شعبه علوم اسلامیه جو یونیورسٹی میں موجود هے اسے سرے سے ختم کر رهی هے - چونکه میں اس وقت یونیورسٹی بل پر بول نہیں سکتا اسلئے صرف اس چیز

کا حوالہ دے رہا ہوں۔ کہ مولوی فاضل میں جو عربی ادب کے متعلق کتابیں ہیں وہ ایم۔اے عربی کے پایہ کی ہیں۔ اگر مولوی فاضل کی کمتری کی وجہ یہ ہے کہ اس میں قرآن کریم کی بلند پایہ تفسیر بیضاوی ہے اور امام مالک کی حدیث کی اول طبقہ کی کتاب موطا ہے اور فقہ کی نہایت مستند کتاب ہدایہ ہے تو یہ افسوسناک بات ہوگی کہ اس بنا پر مولوی فاضل کے امتحان کا درجہ گرا کر اسے یونیورسٹی سے نکال کر سیکنڈری بورڈ کے سپرد کر دیا جائے۔ مجھے اس ایوان کے قائد محترم سے جو قرآنی سوسائٹی کے مؤسس ہیں یہ توقع ہے کہ وہ اپنے عہد میں ان خطرناک رجحانات کو نہیں پنپنے دینگے جن کی میں نشاندھی کر چکا ہوں۔ نہ تو یونیورسٹی کے حیطہ اقتدار سے مولوی فاضل کا امتحان نکالا جائیگا اور نہ شعبہ علوم اسلامیہ کو ختم کیا جائیگا۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Secondary Education Bill be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The House will not consider the Bill clause by clause.

New Clauses.

Sardar Muhammad Zafrullah: Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the following new clauses:—

That after clause 30, the following new clauses 31 and 32 be added, namely:—

"31. No member of the Board or Advisory Committees shall be appointed as an Examiner for any examination conducted by the Board or draw any fee or other remuneration in any capacity whatsoever from the funds of the Board or enter into any contract with the Board directly or through any other person in connection with the affairs of the Board.

Members prohibited from deriving monetary gains

32. No person who has any financial interest in any book prescribed by the Board as a course of study for any examination conducted by the Board or has a financial interest as a partner or otherwise in any firm which publishes, procures or supplies any such book, shall be eligible to become a member of the Board or Advisory Committees or continue as such for having acquired any such interest".

Bar against membership

The motion was carried.

Sardar Muhammad Zafarullah: Sir, I beg to move—

That the New Clauses be taken into consideration.

The motion was carried.

Sardar Muhammad Zafarullah: Sir, I beg to move—

That the New Clauses be added to the Bill.

The motion was carried.

Clause 2

Mr. C E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in sub-clause (*b*) of clause 2, the words "or an Intermediate College recognised by the Board as such" be deleted.

Sir, the clause as it reads at present is contradictory in terms. I have moved this amendment merely to remove this contradiction

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in sub-clause (*b*) of clause 2, the words "or an Intermediate College recognised by the Board as such" be deleted.

Minister of Education: Sir, I think that Mr. Gibbon will agree to the substitution of the words "and included" for the word "or". It will remove the contradiction.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I accept that suggestion.

Mr. Speaker: Now, I will put the amendment in the amended form. The question is—

That in sub-clause (*b*) of clause 2, the words "and included" be substituted for the word "or".

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That the clause 2 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Mr. Speaker: The question is—

That claus 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 4

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (*i*), for the existing part (*ii*), the following be substituted:—

"(*ii*) Chairman of the Public Service Commission (*ex-officio* Vice-Chairman)."

I do not want to say much on it. The object is to make this Board less official; although the Chairman of the Public Service Commission is also an official, at least he will not be nominated by the Controlling Authority. Then as the Chairman of the Commission, he is an experienced officer so far as judging the qualities of the graduates turned out from schools and colleges is concerned. His inclusion would therefore be useful.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 4, sub-clause (*i*), for the existing part (*ii*), the following be substituted:—

"(*ii*) Chairman of the Public Service Commission (*ex-officio* Vice-Chairman)".

The motion was lost.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-cualuse (*i*), for the existing parts (*iv*), (*v*) and (*vi*) the following be substituted:—

"(*iv*) 2 representatives of Teachers of Secondary Institutions in the Bahawalpur State to be elected by and from them.

(*v*) One representative of Teachers of Secondary Institutions of Baluchistan to be elected by and from them.

(*vi*) One representative of Teachers of Secondary Institutions in Azad Kashmir to be elected by and from them".

Sir, the object in moving this amendment is to make the Board more autonomous and more democrative. of all the freedoms, the freedom of education is the most basic and the most fundamental, because unless you have this freedom the other freedoms have no meaning. If you do not have the education of your choice and if your education is regimentated and controlled you lose the urge for other freedoms, the freedom of association, the freedom of movement or the

freedom of speech. While moving this amendment I have kept in mind the peculiar conditions of our country.....

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 4, sub-clause (i), for the existing parts (*iv*), (*v*) and (*vi*), the following be substituted:—

"(*iv*) Two representatives of Teachers of Secondary Institutions in the Bahawalpur State to be elected by and from them.

(*v*) One representative of Teachers of Secondary Institutions of Baluchistan to be elected by and from them.

(*vi*) One representative of Teachers of Secondary Institutions in Azad Kashmir to be elected by and from them".

The motion was lost.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in sub-clause (*vii*) of clause 4 (i), the words "University of the Panjab" be substituted for the words "Controlling Authority".

Sir, I think it would be in the interest of the Honourable Minister of Education himself if he accepts this amendment.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in sub-clause (*vii*) of clause 4 (i), the words "University of the Panjab" be substituted for the words "Controlling Authority".

Minister of Education: I am prepared to accept it if the words "Chancellor of the University" are substituted for the words "Controlling Authority".

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I accept it.

Mr. Speaker: So I will put the amendment in the amended form.

The question is—

That in sub-clause (*vii*) of clause 4 (i), the words "Chancellor of the University" be substituted for the words "Controlling Authority".

The motion was carried.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*vii*) for the words "nominated by the Controlling Authority" in line 2, the words "to be elected by and from them" be substituted.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, there is no quorum in the House (*bell rang*).

Mr. Speaker: The House is now in quorum.

Syed Amir Hussain Shah: : So far as the Principals of Colleges are concerned, I think the Honourable Minister should have no objection. At least the controlling authority should not grudge giving them this faculty.

Mr. Speaker: I am sorry I cannot allow the honourable member to move this amendment because No. 20, which stands against the name of Mr. C.E. Gibbon has agreed to substitute the words 'Chancellor of the University', so this amendment is out of order.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*ix*) for the words "nominated by the Controlling Authority" in lines 2 and 3, the words "elected by and from the Principals of Intermediate Colleges" be substituted.

Sir, I ask the Controlling Authority to divest himself of some of his wide powers in favour of the person whom you are nominating and I want that they should be elected.

Mr. Speaker: The motion is—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*ix*) for the words "nominated by the Controlling Authority" in lines 2 and 3, the words "elected by and from the Principals of Intermediate Colleges" be substituted.

The motion was lost

Khudeeja Begum G. A. Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*ix*) after the words "Intermediate College" in line 1, the words "or a Higher Secondary Institution" be added.

The motion was carried.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), for the existing part (*xi*), the following be substituted:—

"(*xi*) Three Headmasters; one from recognised Government High Schools; one from recognised High Schools maintained by local bodies and one from recognised High Schools other than those maintained by Government or local bodies, to be nominated by Director of Public Instruction, Punjab".

The motion was carried.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause, (1) in part (*xii*) for the words "one Headmistress" the words "Two Headmistresses" be substituted.

The motion was carried.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*xiii*) for the words "Two nominees of Government," the words "Two Senators of the Punjab University to be elected by and from them" be substituted.

Sir, all the appointments so far are to be made by the Government. Therefore, it is only fair to give the University some representation on this Board.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*xiii*) for the words "Two nominees of Government", the words "Two Senators of the Punjab University to be elected by and from them" be substituted.

The motion was lost.

Syed Altaf Mohy-ud-Din Qadri: Sir, I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), in part (*xiii*) after the word "Government" the words "representing Technical and Professional Education" be added.

The motion was carried.

Syed Altaf Mohy-ud-din Qadri : Sir I beg to move—

That in clause 4, sub-clause (1), after part (*xiii*), the following be added as part(*xiv*):—

"(*xiv*) One representative of Institutions recognised by the Board for preparing candidates for the Pakistan and Classical languages examination to be nominated by the Controlling Authority".

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور-۹- مسلم) : حضور والا ۔ میں کلاز ۴ کی مخالفت میں سب سے پہلی بات جو کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر آپ اس کلاز نمبر۴ کی اس شق کو کلاز نمبر ۱۱ کے ساتھ ملا کر پڑھیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ ناظم مختار کنٹرولر ایجوکیشن جن کی ولادت ابھی چند منٹوں میں مکمل ہو جائے گی اور جو فی الحال زیر ولادت ہیں— (شور) میں کہہ رہا تھا کہ اگر آپ کلاز ۱۱ کو کلاز ۴ کے ساتھ ملا کر پڑھیں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ حکومت تمام اختیارات وزیر تعلیم کو تفویض کرنا چاہتی ہے ۔ حضور والا اولاً یہ کہ وزیر تعلیم صاحب

کا تقرر عزت مآب وزیر اعلیٰ کے حسن انتخاب یا سوئے انتخاب پر مبنی ہے۔

Minister of Agriculture : The honourable member is irrelevant.

Mr. Speaker : We are not discussing the present Minister of Education.

چودھری محمد افضل چیمہ— ہرگز نہیں جناب والا—میں کنٹرولنگ اتھارٹی صاحب کے وجود باصفات پر بحث کر رہا ہوں۔ میرا روئے سخن آن کی طرف نہیں ہے۔ جیسا کہ حضور کو علم ہے کہ وزرا کا انتخاب نہ کسی علمی معیار کے مطابق ہوتا ہے اور نہ ذہنی یا علمی صلاحیتوں یا تجربہ کی بنا پر ہوتا ہے بلکہ اس کا فیصلہ سیاسی مصلحتوں پر مبنی ہوتا ہے اور اغلب ہے جیسا کہ ہمارے سامنے کئی مثالیں موجود ہیں کہ ایسے اشخاص کا انتخاب ہو جو اس کے لئے موزوں صلاحیتیں یا قابلیتیں نہ رکھتے ہوں۔ اس کے بعد صرف یہی نہیں بلکہ آپ نے اس کنٹرولنگ اتھارٹی کو نامزدگیوں کے اختیارات دیدئے ہیں۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ آپ اس طرح سے جہالت کو دوآتشہ یعنی جہالت در جہالت بنا کر بروئے کار لائیں گے۔ جناب والا—جہاں تک نامزدگیوں کا تعلق ہے اصولی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ جمہوری نظام اور جمہوری مملکت میں نامزدگیوں کا وجود بالکل ناقابل قبول ہے۔ یہ بجائے خود ایک بدعت اور لعنت سی محسوس ہوتی ہے جسے جلد از جلد ختم کرنا چاہیئے۔ اب بد قسمتی سے ہمارے سیاسی رہنما اور سیاسی طالع آزما اب تدریسی میدان میں بھی اپنا نظم و ضبط قائم کرنا چاہتے ہیں۔ ظاہر بات ہے کہ ان کی نامزدگیاں اپنے سیاسی اور مخصوص سیاسی مصالح پر مبنی ہوں گی۔ وہ جن لوگوں کو نامزد کریں گے وہ بالکل ایسے آدمی ہوں گے جیسے کہ وہ خود ہیں۔ جس طرح ان کا اپنا ذہن ہوگا اسی نوعیت کے وہ نام زد لوگ ہوں گے۔ اس لئے ایک تو میں اس کی اس وجہ سے مخالفت کرتا ہوں کہ یہ نامزدگیوں کا اصول یہاں بالکل ناجائز اور غلط ہے۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance, namely, the general and continued strike in Landa Bazar as a result of the arrest and sealing of shop of one Sh. M. Ibrahim, a Shopkeeper of that locality by the orders of a Lahore Magistrate M. Akram Qureshi on the formers refusal to accept back and cancel the bargain of a coat sold by him earlier today.

Chief Minister: Sir, my information is that the strike has been called off.

Mr. Speaker: Since the strike has been called off. I rule it out of order.

POSTPONEMENT OF LYALLPUR MUNICIPAL COMMITTEE ELECTIONS

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the House to dicuss a definite matter of urgent public importance, namely, the eleventh hour and fifth time postponement of long overdue Lyallpur Municipal Committee Elections by Government as a measure of political expediency.

Chief Minister: Sir, I might say something about it. There is One Unit coming into force. Therefore, it has been decided that the election should be postponed for the time being.

Mr. Speaker: This adjournment motion is disallowed.

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Speaker: I have received the following application from Nawabzada Mian Muhammad Saeed Qureshi, M. L. A —

> I am not getting on well, please extend my leave till the end of this Session and oblige."

Mr. Speaker: The question is—

That the leave asked for be granted.

The motion was carried.

SECONDARY EDUCATION BILL

Mr. Speaker: The House will now resume consideration of the Punjab Secondary Education Bill clause by clause.

Clause 13

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I would like to say something about sub-clause *(iv)* of this clause. How would it fit in with the new clauses 31 and 32. Under this clause, the Officers of the Board are Chairman, Vice-Chairman, Secretary and such other officers. That means that they will, whether honorary or not, come within the purview of clauses 31 and 32. But if you use the words "office bearers" it excludes them from the operation of this clause. If not, then this clause *(iv)* obviously excludes them. Kindly see the implications of clauses 31 and 32.

Minister of Education : Clauses 31 and 32 exclude the members from having any allotments or any other benefit from the funds of the Board. The list of the members is given in clause 4 which has been passed. Under this clause 13 those who are to be regarded to be the officers of the Board, their meanings are given. It does not mean that they discharged certain duties on behalf of the Board. They will act as officers of the Board; as members of the Board they will not. They are to be the officers of the Board and not to be the members of the Board. They are not to be affected by the operation of clause 32.

Mr. C. E. Gibbon: I quite see the point. But the whole clause will have to be redrafted, because if you give that explanation, then the "Chairman" and "Vice-Chairman" are completely excluded from being officers of the Board.

Minister of Education: We can define this term. I may put—

'As may be appointed by the Board'. I formally move—

That in clause 13, sub-clause (iv) for the word "prescribed", the words "appointed by the Board" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 13 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 14

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 14, sub-clause (4), for the words "and shall report the action so taken to the Board at its next meeting" occurring in lines 4 and 5, the following be substituted, namely :—

"In anticipation of the approval of the Board to be obtained at its next meeting".

حضور والا ۔ میرا سب سے بڑا اعتراض جو تھا وہ تو یہ ترمیم قبول کرنے کے بعد رفع کر دیا گیا ہے۔ اسکے بعد جو دوسری چیز میرے نقطہ نگاہ سے قابل اعتراض ہے یہ ہے کہ سب کلاز (۶) کی رو سے چیئرمین کو ایسے اختیارات بھی دے دئے گئے ہیں جن کی صراحت بعد میں کی جائیگی۔ میری گذارش یہ ہے کہ جب کسی عہدیدار کا تقرر کیا جاتا ہے تو اسکے تمام اختیارات فرائض اور حقوق کا مکمل اور واضع تعین ہونا چاہئے۔ یہاں پر کچھ اختیارات کا ذکر کرنے کے بعد آپ نے یہ فرما دیا ہے کہ صاحب صدر کو بعض ایسے اختیارات بھی حاصل ہونگے جسکی کی وضاحت بعد میں کی جائیگی۔

وزیر تعلیم—حضور اگر مجھے اجازت ہو تو میں اسکی وضاحت کر دوں۔ اگر معزز رکن دفعہ ۲۰ پڑھ لیں تو وہاں ان اختیارات کی صراحت کے اختیارات اسی بورڈ کو دئے گئے ہیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 14, sub-clause (4), for the words "and shall report the action so taken to the Board at its next meeting" occurring in lines 4 and 5, the following be substituted, namely :—

"in anticipation of the approval of the Board to be obtained at its next meeting."

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 14 as amended stand part of the Bill.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور-۹-مسلم)—حضور والا— میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چیئر مین صاحب کے اختیارات کی پوری پوری وضاحت ہونی چاہئے۔ ہم اس قسم کے اختیارات قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں جن کی وضاحت بعد میں کی جائیگی۔ ہو سکتا ہے کہ بعد میں انہیں اس قسم کے اختیارات تفویض کر دئے جائیں جو اس ایوان کیلئے قابل قبول نہ ہوں۔ یا اس ایوان کے معزز اراکین کے تصور میں نہ ہوں۔ آنریبل وزیر نے کلاز ۲۰ کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اسکی جزو (۲) کے الفاظ یہ ہیں۔

"بورڈ بعض دوسرے ایسے امور کے متعلق جن کی صراحت بعد میں کی جائیگی قواعد و ضوابط مرتب کریگا"۔

وہ کونسے امور ہونگے اسکے متعلق کچھ پتہ نہیں۔ ایک مبہم سی اصطلاح کے ذریعے آپ چیئرمین کو خوفناک حربہ سے مسلح کرنا چاہتے ہیں۔ یہ گول مول اور غیر واضح سی چیز ہے تاکہ اسکی آڑ میں چور دروازوں کی گنجائش باقی رہے۔ ویسے بھی یہ ایک متنازعہ فیہ صورت ہو جائیگی کہ آیا چیئرمین صاحب ان اختیارات پر عمل کرنے کے صحیح معنوں میں مستحق و مجاز بھی ہیں یا نہیں۔ اسلئے اگر مجھے معاف فرمایا جائے تو میں یہ عرض کرونگا کہ

ع۔ لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

آنریبل وزیر نے اس دفعہ کا حوالہ دے کر آپ ہی اپنی تردید کر دی ہے۔

ایک طرف تو انہوں نے بحیثیت حاکم مختار نعوذ باللہ من ذالک۔ نقل کفر کفر نہ باشد اپنے آپ کو بڑے خوفناک اختیارات سے مسلح کر لیا ہے۔ اور دوسری طرف سیکرٹری صاحب کو جو آپکے معتمد خاص اور رفیق کار ہونگے۔ انہیں بھی بڑے وسیع اختیارات دے دئے ہیں۔ اسکے بعد ایک ایسی مبہم سی کلاز بھی رکھ دی ہے جسکی آڑ میں دنیا جہاں کے اختیارات چیئرمین کے سپرد کر دئے جائینگے جو بصورت دیگر انہیں اس قانون کی رو سے حاصل نہیں ہیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That clause 14 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 15

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا - کلاز نمبر ۱۵ کے الفاظ یہ ہیں -

(1) The Secretary shall be a whole-time paid officer appointed by Government.

(2) The terms and conditions of service of the Secretary and his powers and duties shall be such as may be prescribed.

آپ دیکھینگے کہ یہاں پھر وہی دقت محسوس ہو رہی ہے- سیکرٹری صاحب بورڈ کے اہم ترین عہدیداران میں سے ہونگے- ان کے متعلق نہ کسی علمی استعداد کا ذکر ہے نہ Qualifications کا اور نہ ہی تجربے کا -

صاحب سپیکر—کل بھی آپ اس کے متعلق کچھ فرما رہے تھے -

چودھری محمد افضل چیمہ—وہ تو جناب یونیورسٹی کے متعلق تھا -

صاحب سپیکر—آپ اسی افسر کے متعلق ذکر کر رہے تھے - غالباً آپ بھول گئے ہیں -

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور میرا حافظہ اتنا کمزور نہیں - بہر صورت مجھے اس کلاز میں ایک بہت بڑا سقم نظر آتا ہے- میں کسی شخص کی ذات پر حملہ کرنا نہیں چاہتا- آخر انسان خطا و نسیان کا مرکب ہے- ایک چیز کا امکان ہو سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے بعض قائدین کی نیت کا جائزہ لینے کے بعد کسی صاحب نے کہا

وزارت ملے یا صدارت ملے
کوئی مال بہر تجارت ملے

تاوقتیکہ آپ مکمل طور پر ہر چیز کی وضاحت نہ کر دیں آپ کا یہ ابہام آپ کے حسن نیت پر دلالت نہیں کرتا- ہو سکتا ہے کہ آپ کسی خاص مقرب- عزیز یا دوست کو جسے تعلیمی مسائل کی کوئی واقفیت نہ ہو یا کسی ایسے شخص کو جسے تعلیمی مسائل کا ذاتی تجربہ نہ ہو بعض مصالح کے پیش نظر سیکرٹری کے منصب جلیلہ پر فائز کر دیں یا آپ محض اقربا نوازی اور دوست پروری کے ادنے جذبے کی بنا پر کوئی غلط حرکت کر بیٹھیں تو یہ چیز کسی حالت میں بھی قابل تعریف نہیں ہو سکتی- میں آپ کو اس قسم کے امکانی گناہ کے ارتکاب سے بچانا چاہتا ہوں- تاکہ آپ کا حساب عند اللہ اور عندالناس بالکل پاک ہو اور آپ اس قسم کے گناہ کے ارتکاب سے بچے رہیں -

حضور والا ۔ میں اس واقع پر ایک اور بات کی وضاحت کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں ۔ وہ یہ کہ ذاتی واقفیت کی بنا پر میں یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ آپ نے جس آدمی کو اس وقت عارضی حیثیت سے مقرر کر رکھا ہے۔

Mr. Speaker: I am not going to allow any remark about it.

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا ۔ سوال یہ ہے کہ یہاں اس کی علمی قابلیت اور استعداد کا ذکر ہو رہا ہے۔ اب یہاں پر ملازمت کی شرائط کی وضاحت نہ کرکے آپ نے کئی شکوک و شبہات پیدا کر دئے ہیں ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کسی ایسے قابل آدمی کو بطور سیکرٹری تعینات کر بیٹھیں جو آپ کے چشم ابرو کے اشارے پر رقص کرنے سے قاصر ہو ۔ تو اس صورت میں آپ خواہ مخواہ ایک اچھے خاصے مستحق آدمی کو اپنے فرائض منصبی بخوبی سر انجام دینے سے باز رکھینگے اور اس شخص کو اس کے حق سے محروم کرینگے ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کے لئے کوئی stability ہونی چاہیئے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 15 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 16.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslim): I oppose it.

حضور والا—اس ایکٹ کے تابع دوسرے افسران کے اختیارات اور فرائض اس نوعیت کے ہوں گے جن کی صراحت پھر کبھی کی جائے گی ۔

حضور والا— other officers کا ذکر سب سے پہلے کلاز ۱۳ میں آیا ہے اور پھر کلاز ۱۶ میں ۔ چنانچہ میں نے جناب وزیر تعلیم صاحب سے دریافت کرنے کی کوشش کی کہ آپ other officers کی وضاحت فرمائیں ۔ ان کی تعداد اور ان کے اختیارات اور ان کی استعداد کے متعلق کسی ایک بات پر روشنی ڈالیں مگر وہ کسی بات کی وضاحت نہیں کر سکے ۔ زبانی وضاحت کا تو کچھ مطلب نہ تھا لیکن افسوس ہے کہ زبانی طور پر بھی وہ میرا اطمینان نہ کر سکے ۔ یہاں پر if any کے الفاظ خاص طرر پر حضور کی توجہ کے محتاج ہیں ۔ such other officers سے ایسی باتوں کا امکان ہو سکتا ہے کہ دوسرے افسران کو سرے سے تعین ہی نہ کیا جائے ۔ if any یعنی ''اگر کوئی ہو،، یہ شکیہ قسم کے الفاظ ہیں ۔ ان کا ذکر کرکے یہاں پھر گمان ہوتا ہے کہ دوسری صراحتیں بھی معلوم ہوں ۔ اس سے پہلے تین افسروں کا ذکر کیا گیا ہے۔

۱—چیئر مین -
۲—وائس چیئر مین -
۳—سیکرٹری -

لیکن other officers کے الفاظ نے اس بات کو شک و شبہ میں ڈال دیا ہے کہ آخر آپ کا منشا کیا ہے۔ یا چنین کن یا چناں - میں یہ دریافت کرونگا کہ ان کی تعداد کتنی ہے ان کے اختیارات کیا ہوں گے -؟ یہاں پر ''اگر،، کتنی دفعہ آیا ہے۔ مثلا ''اگر،، کوئی افسر ہو گے - ''اگر،، آئندہ موقع ہوا تو ان کے حقوق کی وضاحت اور صراحت کی جائیگی - آپ یہ کہہ کر کہ as may be prescribed ان باتوں کو مستقبل کے سپرد کر دیتے ہیں - میں پھر حضور سے التماس کرتا ہوں کہ اس کی صراحت کی جا سکے یا کی جائے گی آپ اسے مستقبل میں کیوں ڈال رہے ہیں ؟ جس کا نہ ماضی سے تعلق ہے نہ حال سے - as may be کے الفاظ بجائے خود مشکوک ہیں اور ان میں صریحاً شبہ پایا جاتا ہے یا تو کہہ دیتے as described hereafter یا ان کی کسی دوسری کلاز میں صراحت کی گئی ہوتی تو ہم سمجھتے کہ یہاں قانون میں اسکی صراحت موجود ہے۔ اور کوئی ابہام نہ پایا جاتا - اب میں سمجھتا ہوں کہ افسران کا مقرر ہونا ان کا انتخاب سب مشکوک ہیں - ان کے فرائض اور حقوق کو مستقبل کے سپرد کر دیا ہے - چنانچہ میں یہ عرض کروں گا کہ drafting کے نقطہ نگاہ سے یا کسی اصول کے ماتحت legislation سے اس میں کسی قسم کا ابہام پیدا نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ آپ آنے والی دنیا کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتے - آپ کو معلوم نہ تھا کہ یہاں کتنے طوفان آئے اور کتنے سیاسی حوادث پیدا ہوئے ؟ آپ مستقبل کے متعلق کیا جانتے ہیں کہ کیا ہوگا ؟ اس لئے بہتر ہوتا اگر آپ یہاں اس کی وضاحت کر دیتے - آپ ہر بات میں as may be prescribed سے آتے ہیں - یہ کسی طرح بھی مناسب اور درست نہیں -

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 16 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 17

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور-۹ - مسلم) : حضور والا - آپ اس کی شق ۳ پر غور فرمائیں جس کے الفاظ یہ ہیں —

Such other Committees as may be prescribed.

تن همه داغ داغ شد پنبه کجا کجا نهم !

اگر آپ نے کسی ایک جگه هی prescribed لکھا هوتا تو بات بھی تھی اور آپ کا کوئی حرج نہیں تھا۔

میں سمجھتا هوں که اس قسم کے مہمل الفاظ کا تکرار قانون کے وقار کو گنوا دیتا ہے۔ یه ظلم پر تو هیں کا الفاظ هونے والی بات ہے یعنی adding insult to injury لیکن آپ هیں که وهی مرغے کی ایک ٹانگ۔

اس کے بعد میں حضور کی وساطت سے یه مطالبه کروں گا که یہاں جتنے prescriptions دئے هیں انکو یکجا جمع کر دیں کیونکه یہاں بے انداز اور بے شمار prescriptions جمع هو گئے هیں۔ خدا معلوم، یه کس قسم کے هونگے۔ کسی مرض کے لئے مفید ثابت هونگے یا مضر؟ اگر آپ نے اس کی وضاحت کر دی هوتی تو بہتر تھا۔ حضور والا۔ اس پر مزید بحث بخوف طوالت ترك کرتا هوں ورنه ایک ایک کرکے میں آپ کو اس مسوده قانون میں متعدد ایسے مہمل مقامات دکھا سکتا تھا۔

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 17 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 18

آنریبل وزیر تعلیم: اس کلاز کے متعلق آپ پھر وهی اعتراض کریں گے۔

چودھری محمد افضل چیمہ: جی هاں۔ لیکن آپ کو کوئی داد نه دے۔ آپ دائیں بائیں دیکھنے لگتے هیں۔

حضور والا۔ یہاں پھر وهی مرغے کی ایک ٹانگ والا معامله ہے۔ یعنی

The constitution, powers and duties of the Advisory Committees shall be such as may be prescribed.

اور یہاں پر بھی انہوں نے کلاز ۲۰ کا حوالہ دیا ہے میں حضور کی اجازت سے پڑھ دیتا هوں۔

The Board may make Rules consistent with this Act and the Regulations:

(i) to lay down the procedure to be observed at the meetings of the Board and its Advisory Committees and to fix quorum of the meetings of the Advisory Committees.

یعنی عزت مآب وزیر تعلیم کے نقطه نگاه سے جو کلاز بڑی جامع قسم کی ہے اس کے الفاظ پر غور فرمائیں۔

صاحب سپیکر: وہ کلاز تو زیر بحث نہیں - جس وقت زیر بحث آئے گی اس وقت فرما لیجئے -

چودھری محمد افضل چیمہ: یہاں پھر Advisory Committees shall be such as may be prescribed کے الفاظ درج ہیں یعنی ان کی تشکیل اور ان کے اختیارات اور فرائض کا تعین بعد میں ہوگا اور آئندہ اس بات کی مزید صراحت کی جائیگی -

صاحب سپیکر: معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے Advisory Committees کی تعریف شق (۲) میں کی جا چکی ہے -

جناب والا- prescription کے لفظ کی وضاحت کلاز نمبر ۲ میں کی گئی ہے- بعض ایسی prescriptions ہو سکتی ہیں اور بعض ایسے اختیارات ہو سکتے ہیں جو کہ Regulations کے بالکل متضاد ہوں- ان الفاظ پر غور فرمائیں -

"The Board may under rules consistent with this Act and the Regulations to provide for other matters which may be prescribed ?

حضور prescription کی اس وضاحت کو ملحوظ خاطر رکھیں جو کلاز نمبر ۲ میں کی گئی ہے اور پھر Regulations کی اس کلاز کو اس کے ساتھ ملا کر پڑھیں - الفاظ بالکل واضح ہیں- "to provide for other matters which may be prescribed."

Regulations ان امور کے متعلق ہیں جن کی صراحت ابھی کرنی ہے -

حضور والا- مجھے تو اس میں بہت تضاد نظر آتا ہے- اگر حضور کے خیال اقدس میں تضاد پیدا نہیں ہوتا تو اس حالت میں مطمئن ہو جاؤں گا-

صاحب سپیکر: میرا منصب ایسا نہیں کہ میں اپنی رائے ظاہر کر سکوں -

وزیر تعلیم عزت مآب چودھری علی اکبر خاں- حضور والا- اگر میں یہ کوشش کروں کہ میں چودھری محمد افضل صاحب چیمہ کو مطمئن کر سکوں تو مجھ میں اتنی ہمت نہیں - البتہ انہوں نے جو prescription کی رٹ لگائی ہے اسکے متعلق میں کچھ کہنا چاہتا ہوں- حضور والا - جب کبھی کوئی قانون بنایا جاتا ہے تو اس میں یہ تفاصیل نہیں لکھی جاتیں کہ فلاں افسر فلاں دن آئے گا اور فلاں نہیں آئے گا- فلاں کمیٹی کا quorum چھ آدمیوں کا ہوگا یا ایک تہائی ممبروں کا ہوگا- فلاں شخص امتحان لے گا اور اتنے سنیٹرز ہونگے اتنی کمیٹیاں ہونگی - کونسی کتابیں

ہونگی۔ انکی کون سفارش کرے گا اور انکو کون منظور کرے گا۔ کون لکھے گا اور انکا معیار کیا ہوگا۔ حضور والا ان تمام چیزوں کا فیصلہ بعد میں بتدریج ہوتا رہے گا۔ یہ کہنا کہ بورڈ کس طرح رولز بنائے گا؟ اسکے ممبر کون کون ہونگے؟ اسکے پاس کتنا کام ہوگا؟ ان تمام چیزوں کا فیصلہ تو بعد میں ہی ہو سکتا ہے۔ یہ تو بورڈ کا کام ہوگا۔ چودھری صاحب کے خیال میں سوائے از اپنی ذات کے کسی آدمی پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔ انکے خیال میں صرف وہی ہیں جن سے کسی قسم کا خدشہ نہیں ہو سکتا۔ حضور والا۔ میں اپنے آپکو انسان سمجھتا ہوں۔ میں غلطی کر سکتا ہوں۔ جب وہ بورڈ بنے گا تو وہ رولز بنائے گا اور اپنی مشکلات نگاہ میں رکھتے ہوئے کام کرے گا۔ اس وقت یہ ناممکن ہے کہ آج چودھری صاحب کے کہنے پر اس قسم کی تفاصیل ایکٹ میں لکھ دی جائیں۔ کسی ایکٹ میں ایسا نہیں ہوتا کہ اسکو پاس کرتے وقت اس میں یہ چیزیں درج ہوں کہ اتنے کلرک ہونگے۔ اتنے ایف۔ اے اور اتنے بی۔ اے ہونگے اور وہ اتنی اتنی تنخواہیں لینگے۔ یہ تمام چیزیں تو رولز میں آئیں گی۔ انکو ایکٹ میں شامل کرنا ناممکن ہے۔ البتہ اگر چودھری صاحب ایسا کر سکتے تو انہیں ترمیم پیش کرنی چاہیئے تھی۔ ہم اس پر بحث کرتے کہ فلاں ہونی چاہیئے اور فلاں چیز نہیں ہونی چاہیئے۔ ان کا مقصد تو ہر بات کی مخالفت کرنا ہے۔

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I quite understand the confusion that has arisen. I would like to clear it up. If the Honourable Minister will just try to qualify this word "prescribed" throughout by saying that 'wherever it appears as may be prescribed by rules and regulations as the case may be' the whole thing will be clear. As you go along right up to the end of clause 20 you are getting more and more involved by the word "prescribed". There are three things, Act, Rules and Regulations.

Mr. Speaker: It may go to the drafting committee.

The question is—

That clause 18 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 19

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور۔ ۹ ۔ مسلم) ۔ حضور والا۔ میں کلاز نمبر ۱۹ کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں۔ میری مخالفت اس بات پر مبنی ہے کہ جو دوسری proviso بعد میں مستزاد کی گئی ہے یہ مناسب نہیں ۔ اصل کلاز کے الفاظ یہ ہیں ۔

"The Board may make Regulations for carrying into effect the provisions of this act, provided that the Regulations shall not take effect until they are approved by Government which may approve or disallow or remit them to the Board with its recommendations for further consideration".

حضور والا - پہلی proviso کا منشا یہ ہے کہ بورڈ کے وضع کئے ہوئے اور مرتب کئے ہوئے ریگولیشنز اس وقت تک قابل عمل نہیں ہونگے اور زیر عمل نہیں لائے جائیں گے جبتک کہ حکومت اس پر مہر تصدیق ثبت نہ کر دے - میرا پہلا اعتراض یہ ہے کہ حاکم مختار خود گورنمنٹ کی مشینری کے اعضائے رئیسہ میں سے ہونگے اور خود سرکار دولت مدار ہونگے اور اسکے نمائندے کے حیثیت سے بطور حاکم مختار ثانوی تعلیم کے بورڈ میں اپنے فرائض انجام دینگے - ایک تو سرکار پہلے سے موجود ہے - اب اس دوسری سرکار کی کیا ضرورت ہے ؟ سرکار بذریعہ حاکم مختار سرکار بذریعہ معتمد تعلیمات ڈی پی آئی اور بحیثیت سیکرٹری -

جناب والا - پہلے بھی سرکار موجود ہے پہلے بھی سارا انہیں کا ظہور ہے تو اس کے بعد سرکار در سرکار اور سرکار بالائے سرکار یہاں پر لانے کی کیا ضرورت ہے ؟ اب میں حضور کے اس ارشاد سے فائدہ اٹھاتا ہوں کہ -

The Government means His Excellency the Governor when acting with the advice of his Ministers.

گورنمنٹ سے مراد ہے His Excellency گورنر بہادر جب وہ اپنے وزراء کے مشورے کے مطابق کوئی کام کریں - اس جگہ آپ دوسری گورنمنٹ جس کا مفہوم ذرا جداگانہ ہے کے سپرد سارا کام کرنا چاہتے ہیں - حضور کو یاد ہوگا کہ اسی بل کی دفعہ ۱۱ جس میں عزت مآب وزیر تعلیم صاحب کو بحیثیت Controlling Authority کے اختیارات تفویض کرنے کا ذکر تھا جب زیر بحث آئی تو میں نے اس وقت عرض کیا تھا کہ یہ اختیارات جو حاکم مختار کو دیئے جا رہے ہیں وہ ان کی بجائے آپ گورنمنٹ کو عطا کر دیں تو بڑے شد و مد کے ساتھ اس کی مخالفت کی گئی تھی - لیکن اب میں حیران ہوں کہ آپ کو پھر اس کلاز میں گورنمنٹ کی ضرورت محسوس ہوئی ہے - اب اگر آپ ذرا غور فرمائیں تو میری سابقہ تجویز کے ساتھ پورا پورا اتفاق کریں گے کہ آپ Controlling Authority ہوتے ہوئے شاید اس مسودہ قانون کے تمام تقاضوں کو پورا نہ کر سکیں گے کیونکہ آپ کے کندھوں پر وزارت تعلیم کا بار گراں بھی ہوگا - اگر آپ پہلے موقعہ پر گورنمنٹ کے لفظ کو پسند نہیں فرماتے تو یہاں پر اس کلاز میں آپ گورنمنٹ کے لفظ کو کیوں لا رہے ہیں - یہ regulations بنانے کا معاملہ ہے یہ پورے طور پر بورڈ کے سپرد ہونا چاہیئے - لہذا میں گذارش کروں گا کہ آپ بحیثیت گورنمنٹ کے بورڈ کے معاملے میں ناجائز مداخلت نہ کریں -

اب حضور والا میں اسی کلاز نمبر ۱۹ کی دوسری proviso کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اس کے الفاظ یہ ہیں ۔

"Provided further that the approval of Government shall also be necessary for any amendment in the Regulations."

یعنی ان Regulations میں کوئی ترمیم نہیں کی جا سکتی جب تک کہ گورنمنٹ سے اس کی منظوری نہ لے لی جائے ۔ اب سوال پھر وہی پیدا ہوتا ہے کہ گورنمنٹ کو آپ بار بار کیوں لاتے ہیں کیا آپ کے ذہن میں یہ بات ہے کہ آپ ہی بحیثیت گورنمنٹ کے یہاں کار فرما ہیں ۔

Mr. Speaker: The question is—

That clause 19 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 20

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۹ مسلم) : حضور والا ۔ اب اس معاملے میں میں آپ کی مداخلت ضرور چاہتا ہوں ۔ بات اصل میں یہ ہے کہ ۔

The Board may make Rules consistent with this Act and the Regulations;

(i) to lay down the procedure to be observed at the meetings of the Board and its Advisory Committees and to fix quorum of the meetings of the Advisory Committees;

(ii) to provide for other matters which may be prescribed.

اس میں پہلی تین باتوں کی وضاحت کر دی گئی ہے ۔ یعنی پہلی بات یہ کہ بورڈ کی meetings کے لئے طریق کار کس طرح کا ہونا چاہیئے اور دوسری بات یہ کہ جو مجالس مشاورت قائم ہوں گی ان کے اجلاس کیونکر ہوں گے اور تیسری بات یہ کہ ان مجالس مشاورت کے کورم کا تعین کس طرح ہوگا ؟ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ "to provide for other matters which may be prescribed". اب حضور والا ۔ اس بل میں prescription کا ذکر بھی آتا ہے اور Regulations کا ذکر بھی آتا ہے ۔ اس بل کی کلاز نمبر دو میں آپ نے لفظ prescribed کی جو تشریح کی ہے وہ یہ ہے "Prescribed" means prescribed by Regulations. یعنی "prescribed" کا مطلب یہ ہے کہ جس کی تشریح یا وضاحت ضوابط کی رو سے کی جائے گی ۔ اور اب وہ ضوابط کس معاملے کے متعلق ہونگے ؟ to provied for other matters which may be prescribed.

حضور والا ۔ میں یہاں تکرار سے بچنے کے لئے اور اپنا مفہوم واضح کرنے کے لئے ایک چھوٹا سا واقعہ بیان کرکے اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ میں ایک مرتبہ First-Aid کے لکچرز attend کر رہا تھا تو ایک ڈاکٹر صاحب دوران خون اور انسانی جسم کی ساخت پر لکچر دے رہے

تھے ۔ انہوں نے kidneys اور پھیپھڑوں کے سلسلے میں کہا کہ ان کے functions اور ان کے فرائض کا ذکر میں آئندہ کروں گا۔ وہ لکچر ختم ہو گیا تو دوسرے دن کہنے لگے کہ ان کا ذکر میں آئندہ کروں گا۔ حتےکہ چھ لکچر ختم ہو گئے۔ جب آخری لکچر شروع ہوا تو میں نے عرض کیا کہ ابھی kidneys اور پھیپھڑوں کی وضاحت باقی ہے تو انہوں نے کہا کہ وہ تو میں پہلے ہی کر چکا ہوں۔

یہاں پر بھی یہی کہا گیا ہے کہ لفظ "prescribed" کی وضاحت Regulations کریں گے اور Regulations کی وضاحت لفظ "prescribed" کرے گا۔ اس طرح سے ایک vicious سرکل انہوں نے بنا دیا ہے (قہقہے)۔

وزیر تعلیم: جناب والا۔ معزز رکن کی تقریر سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس بل کو پہلے نہیں پڑھا بلکہ اب ایوان کے اندر ہی اسکو پڑھ کر سمجھنے کی کوشش فرما رہے ہیں ۔ اسلئے میں ان کو ایسے کمزور اعتراضات پیش کرنے میں معذور سمجھتا ہوں۔

چودھری محمد افضل چیمہ: درست ہے ۔

وزیر تعلیم۔ حضور والا۔ اگر آپ غور فرمائیں تو آپ پر روشن ہو جائے گا کہ دو طریقے رکھے گئے ہیں جن کے ذریعے ثانوی تعلیم کا بورڈ قواعد بنائے گا۔ ایک طریقہ تو کاز ۱۹ میں درج کیا گیا ہے اور دوسرا دفعہ ۲۰ میں۔ اب جو قواعد زیر دفعہ ۱۹ وضع کئے جائیں گے ان کو تو Regulations کیا جائے گا اور جو قواعد دفعہ ۲۰ کے تحت بنائے جائیں گے انہیں رولز کہا جائے گا۔

حضور والا۔ لفظ prescribed کی تشریح کے سلسلے میں جو درج ہے کہ —

Clause 2 (e) "Prescribed" means prescribed by Regulations.

اس سے ظاہر ہے کہ دفعہ ۱۹ کے ماتحت جو ریگولیشن بنائے جائے ہیں وہ ایکٹ ھذا کے احکام کی تعمیل کے لئے ہونگے اور ان کے لئے گورنمنٹ کی منظوری لازمی ہوگی مگر دفعہ ۲۰ کے ماتحت جو رولز بنائے جائیں گے وہ بورڈ کے اجلاسات اور اسکی کمیٹیوں کے اجلاسات کے انضباط کیلئے ہونگے مثلاً کورم وغیرہ مقرر کرنے کے سلسلے میں کام آئیں گے اور یہ صرف انہی امور کے لئے بنائے جائیں گے جن کو ریگولیشنز میں Prescribed کیا گیا ہے ملاحظہ ہو دفعہ ۲۰ شق (دوم) 20 (i) To provide for the matters which may be prescribed اب معزز رکن چودھری محمد افضل چیمہ نے اسی prescribed پر pun کیا ہے حالانکہ اگر وہ بات کو سمجھ

گئے ہوتے تو اس میں استہزا کا کوئی پہلو نہیں نکلتا کیونکہ دفعہ ۲۰ کی شق دوم میں جو prescribed کا لفظ رولز کے سلسلے میں آیا ہے اس سے بھی ریگولیشنز کی رو سے prescribed امور مراد ہیں ۔ اور تشریحات کی شق (ای) میں جو لفظ prescribed درج ہے وہ بھی ریگولیشنز کی رو سے prescribed امور کو ظاہر کرتا ہے دونوں میں کوئی تضاد نہیں اگرچہ ظاہری طور پر ایک کا ذکر رولز کے سلسلے میں کیا گیا ہے اور دوسرے کا ریگولیشنز کے سلسلے میں مگر مقصود دونوں کا ایک ہی ہے یعنی وہ امور جو ریگولیشنز میں prescribed ہوں گے۔ گورنمنٹ کے تمام محکموں اور لوکل باڈیز میں اور دیگر جملہ نیم آزاد اداروں میں ایسے ریگولیشنز وضع کئے جاتے ہیں جن کی منظوری حکومت خود دیتی ہے ۔ اس لئے جناب والا اس لفظ prescribed کا تکرار جو دفعات ۱۹ اور ۲۰ میں ہے وہ ہرگز ہرگز قابل اعتراض نہیں بلکہ معزز رکن چودھری محمد افضل چیمہ کا اعتراض ان کی غلط فہمی پر مبنی ہے ۔

Mr. Speaker: The question is—
That clause 20 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 21

Mr. Speaker: The question is—
That clause 21 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 22

Mr. Speaker: The question is—
That clause 22 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 23

Mr. Speaker: The question is—
That Clause 23 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 24

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX Muslim) : I oppose

حضور والا—کلاز نمبر ۲۴ میں کہا گیا ہے کہ مسودہ قانون ثانوی تعلیم پنجاب کے ماتحت قائم کردہ بورڈ اور کمیٹیوں کے ارکان اور ان کے جملہ لواحقین و متعلقین یعنی ملازمین وغیرہ کو مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۱ کی رو سے پبلک سرونٹس کی حیثیت حاصل ہوگی ۔

اب حضور والا ۔ میرا پہلا اعتراض تو یہ ہے کہ ''پبلک سرونٹس،، یعنی پبلک کے خدام کو انگریزی دور میں ایک باطل اور مصنوعی سی

حیثیت دے دی گئی تھی اور ان کو ایک غلط قسم کا تفوق اور امتیاز بخشا گیا تھا جو کہ سراسر نا مناسب ہے۔ قانون کی نگاہ میں پبلک کے تمام لوگ یکسانیت اور مساوات کے مستحق ہیں۔ یہ ایک ایسا اصولی معاملہ ہے جسکی وضاحت کی چنداں ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔

عزت مآب وزیر تعلیم ایک نہایت ہی اعلیٰ درجہ کے تجربہ کار ایڈووکیٹ ہیں وہ جلد ہی میرے دلائل کی صداقت کا احساس کر لیں گے جن کی بنا پر میں ان غلط خیالات کا ازالہ کر دینا چاہتا ہوں جو پبلک سرونٹ کے متعلق قائم کئے جا چکے ہیں در اصل انگریز نے اپنے طاغوتی نظام حکومت کو بر قرار رکھنے کے لئے اور اپنے دبدبہ اور استبداد کو قائم رکھنے کے لئے اپنے حکام اور پبلک سرونٹس کو خاص قسم کی مراعات عطا کر رکھی تھیں۔ اگر پبلک سرونٹس سے کسی جرم کا ارتکاب ہو جائے یا انہیں خود کوئی شکایت پیدا ہو جائے تو ان کے ساتھ پبلک سرونٹ ہونے کی حیثیت میں دونوں صورتوں میں مراعات روا رکھی جاتی ہیں بلکہ مشفقانہ قسم کا سلوک کیا جاتا ہے۔ ہر جگہ ان کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے۔ حضور والا۔ اس معزز ایوان میں جب کبھی ہم نے کوئی ایسا سوال پوچھا ہے جسکا تعلق کسی ملازم سرکار سے ہو مثلاً محکمہ ٹرانسپورٹ کے ملازم سے ہی تعلق ہو تو فوراً جواب سے جواب دے دیا جاتا ہے۔ گویا ملازمین سرکار کو ایک autonomous and priviliged حیثیت حاصل ہے۔ براہ راست حکومت ان کے آڑے آ جاتی ہے اگرچہ اس کے ملازم کے جرم میں حکومت کا براہ راست کوئی دخل ہی نہ ہو۔ ایک طرف تو آپ ایک آزاد ادارہ قائم کرتے ہیں اور دوسری طرف آپ ان کو کسی باز پرس اور مواخذہ سے بالاتر قرار دے دیتے ہیں۔

اس کے بعد دوسری چیز یہ ہے کہ آپ ان کو دفعہ ۲۱ کے ماتحت مراعات بھی عطا کر دیتے ہیں۔ اصولی طور پر میں اس سے اختلاف کرتا ہوں ویسے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جو لوگ صاحب علم ہوں یا جو اعلیٰ تعلیمی اداروں کے ساتھ کسی نہ کسی طرح وابستہ ہوں وہ بیشک کسی حد تک ترجیحی اور امتیازی سلوک کے مستحق ہیں۔ (وزیر تعلیم۔ شکریہ) لیکن سوال یہ ہے کہ اگر میں اس مفروضہ کو قبول بھی کر لوں تو میری استدعا یہ ہے کہ جب خود ذات اقدس نے اپنی ذات کیلئے کسی ایسے قانون کا مطالبہ نہ کیا اور جب تاریخ اسلام میں ایسی کوئی نظیر نہیں ملتی تو پھر آپ غلط اور باطل قسم کے امتیاز کیوں قائم کرنا چاہتے ہیں۔

Mr. Speaker: The question is—
That Clause 24 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 25

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema :(LYALLPUR IX MUSLIM): I Sir, I beg to move—

That for the existing Clause 25, the following be substituted, namely :—

"No act or proceeding of the Board of any Advisory Committee shall be invalidated merely by reason of the existence of vacancies not exceeding 6 in the case of the Board and 2 in the case of any Advisory Committee."

Mr. Speker: Is it opposed.

وزیر تعلیم : جی ہاں۔

چودھری محمد افضل چیمہ : ہم کہیں گے حال دل اور آپ فرمائیں گے کیا۔ جناب والا اصل کلاز کے الفظ یہ ہیں ۔

No act or proceeding of the Board or of any Advisory Committee shall be invalidated merely by reason of the existence of a vacancy or vacancies on the Board or any Advisory Committee or by reason of any irregularity in the appointment of any member of the Board of the Advisory Committee.

جناب والا۔ میں اس ترمیم کو پیش کرکے اپنے دوست کو قانون کا احترام سکھانا چاہتا ہوں۔ اب آپ خیال فرمائیے کہ بورڈ میں ما سوائے ایک آدھ آدمی کے سب اسامیاں خالی ہیں یعنی اگر صرف ایک افسر اعلیٰ یا حاکم مختار صاحب تشریف فرما ہوں وہ دفعہ ۲۰ کے ماتحت مجبور نہیں ہیں ۔ کہ باقی تمام خالی آسامیوں کو فوری طور پر پر کریں اور وہ ان آسامیوں کو پر کئے بغیر کارروائی عمل میں لا سکیں گے۔ یہ بجائے خود ایک ایسی آمریت ہے جو ان کے شعور میں ''لا شعور میں نہیں '' کار فرما ہے ۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر کسی بورڈ میں ۱۰ یا ۱۵ آسامیاں خالی ہوں تو میں چاہتا ہوں کہ ان کے بارہ میں آپ اس قسم کی کوئی پابندی عائد کر دیں ۔ دیکھئے اگر تین چار یا پانچ ایسی اسامیاں وقتی طور پر خالی ہوں اور وہ فوری طور پر پر نہ ہو سکتی ہوں اور اس کے لئے وقت کی ضرورت ہو تو الگ بات ہے اگر آپ اس کلاز کو کلاز نمبر ۱۳ کی روشنی میں ملاحظہ فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ وہاں یہ درج ہے کہ کوئی ہنگامی صورت حالات پیدا ہو گئی ہے تو وہ بورڈ کا باقاعدہ اجلاس بلائے بغیر فیصلہ کر دیں گے ۔ اگر آپ ان دونوں کلازوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر پڑھیں تو میرے نقطہ نگاہ کی پوری وضاحت ہو جائیگی۔ وہاں پر بورڈ کی تشکیل مکمل ہونے کے بغیر اور کسی خالی آسامی کے موجود ہونے کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے ۔ اس طرح سے آپ نے اپنے آپ کو ممبران کی شمولیت سے مستثنیٰ کر لیا ہے بلکہ یہاں پر آپ نے اپنے گرد ایک فصیل سی قائم کر لی ہے کہ بورڈ کی کوئی کارروائی صرف اس بنا پر ناجائز نہیں قرار دی جائیگی کہ اس کی رکنیت میں ویکنسی یا ویکنسیاں ہیں ۔ اس لئے میں نے

یہاں پر کچھ کچھ اختیارات کو کم کرنے کی کوشش کی ہے اور اس کلاز کو زیادہ معقول بنانے کی کوشش کی ہے یہ الگ بات ہے کہ عقل سے کچھ اتنے مانوس معلوم نہیں ہوتے۔ بہر حال میں یہ عرض کرنے کے بعد ان سے یہ استدعا کروں گا کہ وہ میری ترمیم پر غور فرمائیں کہ بورڈ یا کسی مجلس مشاورت کی کوئی کارروائی صرف اس بنا پر غلط یا ناجائز قرار نہیں دی جائیگی کہ وہاں آسامیاں چھ سے زیادہ نہیں ہیں۔

existence of vacancies not exceeding six in the case of the Board and two in the case of any Advisory Committee. یعنی اگر ایڈوائزری کمیٹی میں دو آسامیاں ہیں تو پھر کوئی حرج نہیں۔ آپ ان کے موجود ہوتے ہوئے بھی ساری کارروائی کو جائز اور معقول قرار دے سکتے ہیں۔ اور اگر بورڈ میں چھ آسامیاں ہیں پھر بھی میرے نقطہ نگاہ سے کوئی حرج کی بات نہیں۔ لیکن یہ کہ تمام آسامیاں غائب ہوں یا آدھے سے زیادہ بورڈ غائب ہے یا تین چوتھائی غائب ہے اور صرف چند افسران موجود ہوں تو یہ درست نہیں۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ اس ترمیم پر اچھی طرح غور فرما لیں یہ آپ اپنے سوا کسی کو عقل مند ہی تصور نہیں کرتے یہ مناسب نہیں ہے۔

وزیر تعلیم: جناب والا چودھری محمد افضل صاحب چیمہ اپنے آپ کو بڑا عقلمند سمجھتے ہیں اور دوسروں کو عقل سے عاری تصور فرماتے ہیں لیکن اس وقت تو جن کو وہ عقل سے عاری سمجھتے ہیں وہی ان کو عقل سکھا رہے ہیں بہر حال جب کوئی کمیٹی مقرر کی جائیگی۔ تو اس کے لئے کورم ضرور مقرر کیا جائیگا۔ اور جب تک کورم نہیں ہوگا کوئی کام نہیں ہوگا اور کوئی میٹنگ نہیں ہو سکے گی اسلئے جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے اس کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جب کورم نہیں ہوگا تو کام نہیں ہوگا۔ جب رولز اور قواعد بنائے جاتے ہیں تو وہاں اس بات کا اہتمام کر دیا جاتا ہے اور ایسی باتیں ایکٹوں میں نہیں آیا کرتیں۔ وہ اپنے آپ کو بڑا عقلمند سمجھتے ہیں۔ انہیں یہ بات بھی سمجھنی چاہیئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ: برین عقل و دانش بہائید گریست۔

Mr. Speaker: The question is—
That Clause 25 stand part of the Bill.
The motions was carried.

Clause 26

چودھری محمد افضل چیمہ(لائل پور۔ ۹ ۔ مسلم) :حضور والا۔ یہاں جغرافیائی اعتبار سے اس بورڈ کے دائرہ عمل یا حیطہ اختیار کا ذکر کیا گیا ہے۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ پنجاب یونیورسٹی

ایکٹ ۱۸۸۲ یا یونیورسٹی ایکٹ ۱۹۰۴ کو ملحوظ خاطر رکھیں تو آپکو پتہ چل جائیگا کہ پنجاب یونیورسٹی کا دائرہ عمل کون کون سی جغرافیائی حدود سے متعلق ہے ۔ میرا اعتراض اس پر بھی وہی ہے کہ جب آپ دیکھتے ہیں کہ ساری چیزیں اس وقت بڑی غیر یقینی سی حالت میں ہیں ۔

صاحب سپیکر :۔ ایک کلاز کے متعلق وہ بات نہیں فرما سکتے جو آپ پہلے سارے بل کے متعلق کہ چکے ہیں ۔ آپکی یہ دلیل غیر متعلقہ بھی ہے اور اعادہ بھی ۔

چودھری محمد افضل چیمہ :اب میں اسکے جملہ شرطیہ کی طرف آتا ہوں ۔ حضور والا میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ جب ہمارے نظم و نسق میں تبدیلی ہونے والی ہے ۔

صاحب سپیکر :یہ بات پہلے ہو چکی ہے ۔

Mr. Speaker: The question is—
That Clause 26 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 27

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور ۔ ۹ ۔ مسلم)—حضور والا یہ کلاز کہتی ہے کہ اس ایکٹ کے شیڈول میں اس وقت جو ضوابط موجود ہیں انہیں دفعہ ۱۹ کے ماتحت بورڈ کے وضع کردہ ضوابط تصور کیا جائیگا ۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ہم اس شیڈول پر پہنچیں گے اس وقت ہماری ان ترامیم کو جن کا نوٹس ہم پہلے دے چکے ہوئے ہیں اس بنا پر تو پیش ہونے سے نہیں روک دیا جائیگا کہ کلاز ۲۷ کے مندرجات ایوان میں منظور ہو چکے ہوئے ہیں ۔ اگر صاحب سپیکر یقین دلا دیں کہ ایسا نہیں ہو گا تو پھر مجھے اس کلاز پر کوئی اعتراض نہیں ۔

صاحب سپیکر—گوشوارہ کی ترامیم پر اس کلاز کا کوئی اثر نہیں ہو گا ۔

Mr. Speaker: The question is—
That Clause 27 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 28

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور ۔ ۹ ۔ مسلم) — حضور والا ویسے تو ایک ہنگامی قانون یا آرڈیننس کی رو سے وہ پہلے ہی اس پر عمل پیرا ہیں ۔ اس کلاز میں یہ کہا گیا ہے کہ اس ایکٹ کے شائع ہونے کے فوراً بعد اور اس وقت تک جب تک کہ کم از کم اس بورڈ کے دس

ارکان کا انتخاب نہیں ہو سکتا ڈائرکٹر صاحب محکمہ تعلیم تنہا ان سارے فرائض کو انجام دینگے جو مجموعی طور پر بورڈ کے سپرد کئے گئے ہیں۔ وہ اس پر عمل کرنے کیلئے اس قدر مصر اور بے چین نظر آتے ہیں کہ بورڈ بنے یا نہ بنے۔ اسکی تکمیل ہو یا نہ ہو لیکن اس پر عمل ابھی سے شروع کر دیا جائے۔

اگر اس کلاز کو کلاز ۱۴ اور کلاز ۲۰ کے ساتھ پڑھا جائے تو معلوم ہو جائیگا کہ ڈائرکٹر صاحب ہنگامی حالات کا اعلان کر کے جو جی چاہے کر سکینگے۔ کیونکہ یہ کہ دیا گیا ہے کہ خواہ کتنی اسامیاں اراکین بورڈ کی خالی ہوں۔ کورم پورا ہونے کے بعد خواہ ممبران کی اکثریت غائب ہو جائے یا انتخاب عمل میں نہ آیا ہو اسکے باوجود وہ ساری کارروائی کو قانونی اور جائز سمجھینگے۔ یہاں آپ دیکھتے ہیں کہ ڈائرکٹر صاحب یہ تمام اختیارات سنبھال لینگے اور وہ تمام مراعات جن کا میں بارہا اس معزز ایوان میں ذکر کر چکا ہوں اور جن کے متعلق بڑا چرچا ہے انہیں تفویض ہو جائیں گی۔ اگر اس سلسلے میں میعاد مقرر کر دی جاتی تو زیادہ موزوں اور مناسب ہوتا اور اس سے ہر قسم کے شکوک و شبہات کا ازالہ بھی ہو جاتا۔ موجودہ صورت میں بورڈ کا تو محض ڈھونگ رچایا جا رہا ہے۔ در اصل اس کے متعلق بعد میں حاکم مختار اور ناظم مختار کے مابین کھسرپھسر کا سلسلہ جاری ہو جائیگا۔

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 28 stand part of the Bill.

The motion was carried.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the chair.

Clause 29

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 29 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 31

میاں محمد شفیع (منٹگمری - ۷ - مسلم مخصوص نشست)—حضور والا۔ میں اسکے متعلق کچھ زیادہ عرض نہیں کرنا چاہتا اسکے الفاظ یہ ہیں کہ حکومت یا حکومت کا کوئی فعل یا کارروائی جو بورڈ کی جانب سے یا صدر کی جانب سے یا اسکے افسران یا ملازمین کی طرف سے ایکٹ ہذا کے ماتحت تفویض کردہ اختیارات کی رو سے عمل میں آئے گی وہ

کارروائی یا فعل یا اسکا ارتکاب کنندہ شخص کسی عدالت میں مسئول و جواب دہ یا قابل گرفت و مواخذہ نہیں ہو گا۔

سوال یہ ہے کہ حکومت اس قانون میں بھی عدالتوں کے اختیارات حسب معمول چھین رہی ہے۔ حضور والا تعجب ہوتا ہے کہ اگر آپ خود ہی اپنی عدالتوں کا احترام نہیں کریں گے۔

صاحب سپیکر—آپ مجھ سے دریافت کرتے ہیں؟

میاں محمد شفیع—حضور والا۔ میں ان سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہ خود ہی اپنی عدالتوں کا احترام نہیں کریں تو پھر دوسرے لوگوں سے کیا توقعات کریں گے؟

وزیر تعلیم—(عزت مآب چودھری علی اکبر خان)—حضور والا۔ اصل میں اس دفعہ کا نہ کوئی فائدہ ہے اور نہ ہی نقصان۔ اسکی لیگل پوزیشن آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتا ہوں۔ عدالت ہائے دیوانی کے اختیارات واضح ہیں ان میں جو چیز within jurisdiction ہو گی وہ زیر سماعت آ جائے گی جو نہیں ہو گی وہ زیر سماعت نہیں آئے گی۔

Minister of Education : Sir, I do not want to have this clause.

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 30 stand part of the Bill.

The motion was lost.

Clauses 31-32C

Minister of Education : Sir, I move—

That clauses 31 and 32 as already adopted be re-numbered as 30 and 31.

The motion was carried.

SCHEDULE

Clause 1

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 1 of the Schedule stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 2

چودھری محمد افضل چیمہ۔ (لائل پور ۹ مسلم) حضور والا۔ اس سلسلے میں سیکرٹری محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کو مختار کل مقرر کیا گیا ہے حضور والا۔ یہاں پر جو بات کھٹکتی ہے وہ یہ ہے کہ اجلاس کا ایجنڈا تیار کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ سیکرٹری ہر item اور کارروائی کی ہر مد کو صاحب صدر کی منظوری کے ساتھ ایجنڈے میں رکھے گا۔ اصل الفاظ یہ ہیں :—

(4) All meetings of the Board shall be convened by the Secretary under the directions of the Chairman. While preparing the agenda for a meeting of the

Board the Secretary shall carry out the directions of the Chairman given in this respect and no item shall be placed on such an agenda or be considered in the meeting without previous permission of the Chairman.

اس کا مطلب یہ ہے کہ ایجنڈے کی ایک ایک شق سیکرٹری اور صاحب صدر کی اجازت سے آئے گی اور ایجنڈے کی ہر مد کے لئے سیکرٹری اور صدر کی منظوری حاصل کرنی پڑے گی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں تک سیکرٹری صاحب کے اختیارات کا تعلق ہے انہیں ایجنڈے کی ایک ایک item منظور کرنے کا اختیار ہو گا۔ اب مجھے یہ شبہ ہے اور محسوس ہوتا ہے کہ کوئی بات جو بورڈ کے ارکان کی اکثریت کو منظور ہو اس پر بھی جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا ہے خط تنسیخ کھینچا جا سکے گا کیونکہ اول تو سیکرٹری صاحب کسی مد کو اپنی مرضی کے بغیر ایجنڈے میں شامل نہیں کریں گے اور جو بات ایجنڈے میں شامل نہیں وہ صاحب صدر اجلاس کے دوران میں پیش نہیں ہونے دیں گے۔ خواہے ارکان کی اکثریت مقتضی ہو کہ وہ بات زیر بحث لائی جائے۔ بورڈ کے ممبر اس امر کے متمنی ہونے کے باوجود کہ اس پر بحث کریں اسے زیر بحث نہیں لا سکیں گے۔

وزیر تعلیم—یہ سیکشن (۲) سیکرٹری کو وسیع powers دینے کے لئے نہیں بلکہ اسکے اختیارات کو محدود کرنے کے لئے رکھی گئی ہے۔

Minister of Education: Sir, in this clause the powers of the Secretary are defined. The Secretary would not be able to do so. The Secretary cannot place anything on the agenda except with the permission of the Chairman.

چودھری محمد افضل چیمہ—اگر صرف اعتراض کی خاطر آپ یہ فرما رہے ہیں تو وہ اور بات ہے۔ ہمارا تو فرض ہے آپ کی رہنمائی کرنا اور آپ کا فرض یہ ہے کہ جو بات ہم کہیں ان کی روشنی میں مسودات قانون کے اسقام کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ بہر حال کلاز ۲ جیسا کہ وزیر تعلیم صاحب نے فرمایا ہے کا عنوان یہ ظاہر کرتا ہے کہ سیکرٹری صاحب کے فرائض کیا ہونگے۔

صاحب سپیکر—Technically وزیر تعلیم صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے وہ درست ہے۔ اس سیکشن میں وہ چیز نہیں آ سکتی۔

چودھری محمد افضل چیمہ—جہاں تک سیکرٹری صاحب کے فرائض کا تعلق ہے اس حد تک بیشک یہ مناسب ہے کہ وہ اپنی طرف سے کوئی ایسی بات ایجنڈے میں شامل نہیں کر سکتے جس کی منظوری صاحب صدر نے ان کو عطا نہ کی ہو لیکن یہاں پر جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں

ان سے سیکرٹری صاحب اور صاحب صدر کے باھمی تعلقات کی وضاحت نہیں ہوتی وہ الفاظ یہ ہیں—

No item shall be placed on such an agenda or be considered in the meeting.

اگر صرف یہ بات ہوتی کہ—

Secretary shall not place any item on the agenda except with the approval of the Chairman.

تو پھر بھی ہرج نہ تھا لیکن یہاں تو لکھا ہے—

Be considered without previous permission of the Chairman.

یعنی کوئی بات خواہ سیکرٹری صاحب کی طرف سے ہو یا کسی دوسرے آدمی کی طرف سے ہو جب تک چیئرمین صاحب اس کے پیش کئے جانے کی اجازت نہ دیں وہ زیر بحث نہیں لائی جا سکتی۔ اب ہو سکتا ہے کہ کسی اور کلاز میں اس کا ذکر ہو لیکن کسی اور کلاز میں اس کا ذکر مجھے ہیں ملا ایسے ہی کورم کے متعلق بھی کہیں ذکر نہیں کیا گیا۔

صاحب سپیکر—کورم کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—بہر حال اس کلاز سے جس شکل میں آپ نے اس کو پیش کیا ہے آپ نے چیئرمین کو بہت وسیع اختیارات دیدئے ہیں کہ اگر وہ چاہے تو وہ آپ کے بورڈ کے دیگر تمام ممبران کی متفقہ رائے کے خلاف کسی item کو ایجنڈا پر درج کرنے سے باز رکھ سکتا ہے۔ اگر میرے یہ خدشات کسی غلط فہمی پر مبنی ہیں تو وزیر تعلیم صاحب اٹھ کر ارشاد فرمادیں تا کہ میری غلط فہمی رفع ہو جائے و گرنہ وہ خود اپنے طور پر یہاں پر مناسب ترمیم کر لیں۔

وزیر تعمیرات عامہ—سیکشن ۹ میں یہ بات آ جاتی ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—یہ کس قدر غلط فہمی ہے۔ جناب والا آپ وزیر تعلیم صاحب کو اجازت دیں وہ اپنی طرف سے ترمیم پیش کر سکتے ہیں۔

Mr. Speaker : The question is—

That Clause 2 of the Schedule stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: (Lyallpur IX Muslim): Sir, I beg to move—

That in Clause 3 of the Schedule, in sub-clause (*iv*), for the existing words "Two nominees of the Controlling Authority" the words "Two nominees of the Punjab Government to be experts in matters of finance" be substituted.

حضور والا—یہ جو فنانس کمیٹی ہوگی اس کے ایک رکن تو صاحب صدر صدر ہوں گے اور اس کے بعد حکومت کے محکمہ مالیات سے ایک نمائندہ لیا جائیگا اور اس کے بعد چیئرمین صاحب کے علاوہ بورڈ کا ایک نمائندہ ہوگا اور اس کے بعد حاکم مختار صاحب کے دو نامزدہ نمائندے ہوں گے۔

صاحب سپیکر—آپ اپنی ترمیم پر بحث کیجئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میں نے جو متبادل صورت پیش کی ہے اس سے نہ حاکم مختار کی حاکمیت میں کوئی فرق پڑتا نہ اختیارات میں کوئی فرق پڑتا ہے۔ بات اصل یہ ہے کہ ان کو گورنمنٹ کہہ دیا جائے یا کنٹرولنگ اتھارٹی کہہ دیا جائے یا حاکم مختار کہہ دیا جائے اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ میں نے تو ان پر تھوڑی سی پابندی لگائی ہے تاکہ ان کا یہ حق انتخاب بالکل غیر محدود اور وسیع نہ ہو بلکہ وہ اپنی نامزدگیوں کو صرف ان لوگوں تک محدود رکھیں جنہیں مالیات کے مسائل سے کچھ واقفیت ہو۔ جو فنانس کی اچھی خاصی معلومات رکھتے ہوں۔ یہ کہنا کہ حکومت کے فنانس ڈیپارٹمنٹ کا ایک نمائندہ پہلے ہی وہاں موجود ہو گا درست نہیں۔ کیونکہ صرف وہی لوگ فنانس کے ماہر نہیں ہیں جو اس وقت حکومت کی ملازمت میں ہیں۔ ہو سکتا ہے کوئی ایسا ریٹائرڈ آدمی ہو جسکی قابلیت اس بارہ میں مسلمہ ہو۔ یوں بھی ریٹائرڈ ادمیوں کو دوبارہ ملازمت میں لینا ان کا شیوہ ہو چکا ہے۔ اسلئے اگر وہ اپنی نامزدگی کو ان لوگوں تک محدود کر دیں جو فنانس کے ماہر ہوں تو اس میں انکا کیا حرج ہے؟

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 3 of the Schedul stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 4

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 4 of the Schedule stand part of the Bill.
The motion was carried.

Claus 5

Mr. Speaker : The question is—
That Clause 5 of the Schedule stand part of the Bill.
The motion was carried.

Camble

Mr. Speaker : As the House has already agreed to the substitution of the words "all examinations pertaining to Secondary Education", for the words and classical", there is no need for Mr. Gibbon to move his amendment. The preamble shall be amended accordingly.

Mr. Speaker: The question is—

That Preamble as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Minister of Education: Sir, I beg to move—

That the Punjab Secondary Education Bill as amended be passed.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the Punjab Secondary Education Bill as amended be passed.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور ۹ مسلم)حضور والا۔ پیشتر اس کے کہ حضور کو اس امر کی یاد دھانی کرانی پڑے کہ تیسری خواندگی پر بحث کا دائرہ بہت محدود ہوتا ہے میں خود ہی کوشش کرونگا کہ یہ اصول تقریر کے دوران میں ہر وقت پیش نظر رہے۔

حضور والا—اصولی طور پر ہمیں اس مسودہ قانون کی بہت سے باتوں سے اتفاق تھا۔ لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ تعلیم کو دو حصوں یا منزلوں میں تقسیم کر دیا جائے یا اس کے دو سمیز اور منفرد درجے قائم کئے جائیں۔ یہ ایک نہایت ضروری اور مفید اقدام ہے۔ اس سے پیشتر ہمارا طریق تعلیم ایک پیہم اور مسلسل قسم کا تھا۔ جس میں طلبا بلا امتیاز یونیورسٹی میں داخل ہو کر اعلے تعلیم حاصل کرنے کی کوشش کیا کرتے تھے۔

حضور والا—اس میں شک نہیں کہ اس مسودہ قانون کی رو سے اس چیز کا اہتمام کیا گیا ہے کہ ثانوی تعلیم ایک مکمل نوعیت کی تعلیم بنا دی جائے تا کہ اس کی تکمیل کے بعد فارغ التحصیل طلبا آسانی سے دنیاوی زندگی کے فرائض انجام دینے کے قابل ہو سکیں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ چند منتخب طلبا جو اپنے رجحان طبع۔ دماغی صلاحیتوں اور ذہنی استعداد کی بنا پر اعلے تعلیم کے اہل ہوں تو صرف وہی اعلے تعلیم حاصل کریں تا کہ دارالعلوم سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد وہ اپنے فرائض مفید اور مناسب طریق پر انجام دے سکیں۔ حضور والا۔ یہ اصول کوئی نیا اصول نہیں۔ سوال صرف یہ ہے جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے ان اصلاحات سے متعلق تجاویز مناسب اور موزوں طریق پر اس معزز ایوان میں پیش کی جانی چاہئیے تھیں۔ اولاً یہ کہ یہ تمام اصلاحات حاکم مختار کے بغیر بھی نافذ ہو سکتی تھیں۔ اس مسودہ قانون کی رو سے Controlling Authority کے اختیارات سے وزیر تعلیم صاحب کی اہم ذمہ داریوں میں بہت زیادہ اضافہ کیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی گران باریاں زیادہ نہیں سمجھی گئیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی مصروفیتوں میں اضافہ کرنا مناسب

سمجھا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ اہم فرائض کسی ایسی qualified ۔ مناسب اور موزوں شخصیت کو عطا کئے جاتے جس کی قابلیت کے سب قائل ہوتے تو شاید آپ اپنے مقصد میں زیادہ کامیابی حاصل کرتے اور آپ کے مقصد کا حصول زیادہ مستحسن اور مکمل طریق سے ہو سکتا۔ اس کے متعلق اولاً میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہ وزرائے کرام سیاسی قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ پھر یہ سیاسی قسم کے حضرات بڑے عدیم‌الفرصت اور کثیرالمشاغل ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں ہوتا جس میں وہ ان اہم اور سنجیدہ قسم کے تعلیمی مسائل کی طرف توجہ کر سکیں۔ اگر آپ خود غرضی سے کام نہ لیتے اور Controlling Authority کو تفویض شدہ اختیارات کے متعلق کوئی بہتر اور متبادل صورت اختیار کرتے تو آپ اس نیک مقصد کو زیادہ آسانی سے اور بہتر طریق پر حاصل کر سکتے تھے۔

حضور والا—پھر ان کی عدیم‌الفرصتی کے علاوہ ان کو نامزدگی کے جو اختیارات دئے گئے ہیں میں نے ایسی ہر کلاز کی ہر منزل اور ہر موقع پر مخالفت کی ہے۔ یہ نامزدگیوں کا سلسلہ لوگوں کو ان کے جائز حقوق سے محروم کرنے کا ایک حربہ ہے۔ حضور ملاحظہ فرمائیں کہ بورڈ کا سب سے پہلا رکن بھی نامزد رکن ہے اور اس کے بعد کلاز نمبر ۴ کی شق نمبر ۸ اور ۹ کے الفاظ یہ ہیں۔

(*viii*) One Principal of a College affiliated to the University, to be nominated by the Controlling Authority.

(*ix*) One Principal of an Intermediate College, to be nominated by the Controlling Authority.

اور اس کے بعد چند بڑے بڑے اور فاضل لوگوں کو نامزد کرنے کا تعلق ہے۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی کلازوں سے ان کا مقصد ایسے اختیارات محفوظ کرنا ہے۔ جن کی رو سے اعلےٰ قسم کے ماہرین تعلیم کے دل و دماغ پر سیاسی تسلط قائم کیا جائے۔ تاکہ وہ من حیث الجماعت ہر لحظہ ان کی خوشنودی مزاج کا خیال رکھیں اور ان کے چشم و ابرو کے اشارہ پر رقص کریں۔

حضور والا—یہ نامزدگیوں کا سلسلہ انہوں نے یہیں تک محدود نہیں رکھا بلکہ اس کے اطلاق کو وسعت دے کر Finance Committee اور Advisory Committees اور معلوم نہیں کن کن کمیٹیوں تک پہنچا دیا ہے۔ یہ طریق نامزدگی کسی طرح بھی مستحسن نہیں۔ آپ نے دو تین مقامات پر اپنے اختیارات میں اضافہ کرنے اور ان کا ناجائز استعمال

کرنے کی کوشش کی ہے۔ بفرض محال اگر آپ اختیارات کے متعلق اتنے طامع اور لالچی ہیں تو کیا بحیثیت وزیر تعلیم آپ کو کم اختیارات حاصل ہیں؟ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو بحیثیت وزیر پہلے ہی بڑے وسیع اختیارات حاصل ہیں۔ جیسا کہ میں پہلے کسی موقع پر عرض کر چکا ہوں۔ بالفعل اس بورڈ میں آپ کا کوئی منصب حاصل کرنا آپ کے شایان شان نہیں۔ آپ خود ہی فرمائیں کہ آپ کی شخصیت اور آپ کا رعب داب جب بحیثیت وزیر پہلے ہی کافی موثر ہے تو اب اس بورڈ کے سلسلے میں صادر کردہ احکام کی تعمیل سے کس کو انکار ہو سکتا ہے؟ اگر آپ لالچ اور طمع کی وجہ سے ایسا کرنے پر مجبور ہی تھے تو پھر اس نامزدگیوں کے سلسلے کو اڑا دینے میں کیا حرج تھا؟ اگر اسے اختیار کیا ہی تھا تو اسے غیر معمولی وسعت دینے کی کیا ضرورت تھی؟

حضور والا ۔اس کے بعد میں ضمناً یہ بھی عرض کر دوں کہ ڈی۔ پی۔ آئی صاحب جناب وزیر تعلیم کے سیکرٹری بھی ہونگے۔ میری مراد کسی خاص آدمی یا شخصیت سے نہیں۔ ہم باسانی تصور اور قیاس کر سکتے ہیں کہ ڈی۔ پی۔ آئی کے عہدہ پر بہتر اور فاضل ترین لوگ فائز ہونگے جو سیرت۔ کردار اور قابلیت کے اعتبار سے بڑی اعلے شخصیت کے حامل ہونگے۔

سوال تو امکان کا ہے کہ ڈی پی آئی صاحب کے اختیارات کو وسیع کر دیا ہے۔ کیونکہ وہی چیئرمین ہوں گے اور وہی سیکرٹری ہونگے۔ اس طرح یہ معاملہ domestic یعنی گھریلو قسم کا بن کر رہ جائے گا۔

چیئرمین صاحب کو اختیار ہے کہ اس بورڈ کی تکمیل سے پیشتر غیر معین عرصہ کے لئے جو ہم قیاس کر سکتے ہیں کافی لمبا ہوگا۔ وہ خود ذاتی حیثیت سے سارے بورڈ کی نمائندگی فرمائیں یعنی جتنے اختیارات بورڈ کو حاصل ہیں وہ ذاتی حیثیت سے استعمال کریں۔ اس کا پہلا ثبوت یہ ہے کہ آپ نے انہیں یہ عہدہ تفویض کیا ہے۔ دوسرا ثبوت یہ ہے کہ کلاز ۱۴ میں آپ نے انہیں ہنگامی اختیارات دئے ہیں۔ جن سے وہ بلا اجلاس خود کوئی کارروائی کر سکتے ہیں۔ پھر کلاز ۲۸ اور شیڈول کی کلاز ۲ جو ابھی زیر بحث آئی ہے ان کو سامنے رکھیں تو آپ دیکھینگے کہ ایک شخص کو صحیح معنوں میں حاکم و مختار اور دوسرے کو ناظم و مختار بنایا ہے اب حاکم اور ناظم آپس میں مل کر خدا جانے کیا مصیبتیں اور نظام تعلیم کے لئے کیا کیا مشکلات پیدا کریں گے۔

حضور والا—اس کے بعد تیسری بات اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ان کی ایک حیثیت تو معتمد محکمہ تعلیمات عامہ ہوگی۔ ایک حیثیت ڈی پی آئی کی ہوگی اور ایک حیثیت میں وہ بطور چیئرمین بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کام کریں گے۔اب یا تو میں سمجھنے سے قاصر ہوں یا عزت مآب وزیر تعلیم کسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ ایسی شخصیت کس طرح اپنے کام کو بخوبی انجام دے سکیگی جس کے پاس اس سے پیشتر ڈی پی آئی کا عہدہ ہے جو بجائے خود بے انداز بے شمار اور گران بار دفعہ داریوں کا حامل ہے؟ پھر وہ معتمد کی حیثیت سے کام کریں گے - پھر اس کے ساتھ ہی آپ نے انہیں بورڈ کے چیئرمین کا عہدہ دے دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اور مجھے احساس ہے کہ اس سے آپ نے ان کی کمر توڑنے کی کوشش کی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ اختیارات کا لالچ اور حاکمیت کا تصور ان ذمہ داریوں کا احساس پیدا ہی نہ ہونے دے۔ لیکن اگر ان تینوں مناسب کی اہمیت اور گران بار ذمہ داریوں کو وہ سامنے رکھیں گے تو نظم و نسق تباہ ہو جائے گا اور وہ کہنے پر مجبور ہوں گے کہ صاحب یہ میرے بس کا روگ نہیں۔ آپ مجھے مجبور کرتے ہیں اور کتنا بوجھ ڈال رہے ہیں اگر آپ مجھے دیانتداری سے اور کماحقہ فرائض منصبی انجام دینے پر مجبور کرتے ہیں تو پھر یہ ایک آدمی کا کام نہیں - لیکن جب آپ اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے تو بہت سی دشواریاں پیش آئیں گی۔ ایک ڈی پی آئی کون کونسے دھندے کرے گا اور کون کون فرائض انجام دے گا؟

تیسری بات آپ نے وائس چانسلر کے متعلق فرمائی ہے۔ یہاں پر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس بلند درجہ عہدے اور اس جلیل القدر آسامی کی اہلیت کے مستحق صوبہ میں چند گنے چنے لوگ تھے لیکن اس قحط الرجال کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا جاتا۔ اگر اس آسامی کی غیر معمولی اہمیت کا تصور ہمارے ذہن میں آ جائے تو اس کے بلند تعلیمی معیار پر سارے صوبہ میں صرف ایک دو آدمی پورے اترنے کے قابل ہوں گے۔ لیکن یہاں پر آپ اس کو نسبتاً نہایت inferior اور گھٹیا آدمی بنا دیتے ہیں۔ اگر واقعی اس کی حیثیت اس ادارے میں موثر رکن کی سی ہوگی تو لامحالہ یہی نتیجہ ہوگا کہ یہاں پر بد نظمی اور بد عملی پیدا ہو گی اور یہ آویزش اور کش مکش کا اکھاڑا بن جائے گا۔ آپ نے محض ان کے پاس خاطر اور ان کی عظمت اور وقار کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان کو یہاں چمٹا دیا ہے۔ اگر ان کو رکھنا تھا تو انہیں با اختیار حیثیت عطا

کرتے اور پھر ایسے انداز اور ایسے طریقے سے رکھتے کہ کسی سے clash ہونے کا امکان باقی نہ رہتا یہ تیسرا اعتراض تھا۔

اس سلسلہ میں چوتھی بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اصلاح کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ اصلاح ہمیشہ نیچے سے کی جاتی ہے اور بتدریج کی جاتی ہے یہ ایک ارتقائی عمل ہوتا ہے ہر کام کا مناسب اور موزوں طریقہ یہی ہوتا ہے مگر جو طریقے آپ نے اختیار کئے ہیں وہ تو اٹکل پچو قسم کے طریقے ہیں۔ یہاں پر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ نظام تعلیم میں جس طرح تبدیلی کرنے کی کوشش کی ہے۔ آپ نے نیچے سے فساد کی جڑ کو اکھاڑنے کی کوشش نہیں کی بلکہ درمیان میں سے اچانک آغاز کر دیا ہے۔ اس سے مفید نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔ اصلاح کا طریقہ یہ کہ اسے ابتدائی مراحل اور منازل میں ہی پاک و صاف کرتے۔ اس مسودہ قانون جس کا تعلق ثانوی تعلیم سے ہے۔ سے پہلے ابتدائی تعلیم کی مناسب طریقوں سے اصلاح بھی کرتے اور جہاں کہیں نقائص معلوم ہوتے اس کی تکمیل بھی کرتے۔ تو یہ زیادہ اچھا ہوتا۔

میں حضور کی توجہ ایک خاص چیز کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ کیا آنریبل وزیر تعلیم نے اختیارات میں یہ نہیں پڑھا کہ راولپنڈی میں ایک قصائی نے ایک سکول کھول رکھا ہے اور وہیں سامنے دکان میں جانور ذبح ہوتے ہیں۔ خیال فرمائیے کہ بوچڑخانے یا مکتب کے ان بچوں کی ذہنیت کیسی ہو گی۔

حضور والا--میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ واقعہ ایک معمولی واقعہ نہیں ہے بلکہ اس سے درد ناک حقیقت کا اظہار ہو رہا ہے کہ ہمارے صوبے کی حالت جسکی تعلیمات کے سربراہ عزت مآب وزیر تعلیم خود ہیں اتنی درد ناک اور افسوسناک ہے۔ اس لئے میں عرض کر رہا تھا کہ بجائے درمیان سے اصلاح کرنے کے آپ نیچے سے اصلاح کرنے کی کوشش کریں اور پھر بتدریج اوپر آئیں۔

حضور والا-اسکے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپنے السنہ شرقیہ کے امتحانات کو اپنی تحویل میں لینے کی کوشش کی ہے۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں آپکو پندرہ روزہ سرکاری رسالہ ''پنجاب،، میں وائس چانسلر میاں افضل حسین صاحب کے بیان کا ایک اقتباس پڑھ کر سناتا ہوں۔ وہ فرماتے ہیں کہ ''تجویز یہ تھی (یہ ۱۸۶۵ء کا ذکر ہے) کہ السنہ شرقیہ اور دیسی زبانوں کی ترقی کیلئے ایک مستقل اورینٹل

یونیورسٹی قائم کی جائے،، ۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب انگریز شروع شروع میں آئے۔ اس وقت یہ مطالبہ کرنے والے کون تھے؟ یہ وہی لوگ تھے جو اس وقت کی حکومت کے ساتھ تعاون اور اشتراک کرتے تھے لیکن علم دوستی کی وجہ سے انہوں نے اس بات کو محسوس کیا کہ مشرقی علوم کا رائج کرنا لازمی ہے۔ اور ان غیر ملکی حکام نے جو اس صوبے کے کلچر کی اہمیت شاید ہم سے زیادہ محسوس کرتے تھے اس کو ملحوظ خاطر رکھکر اورینٹل یونیورسٹی کے وجود کا مطالبہ تو منظور نہ کیا البتہ ایک کالج کے وجود کو تسلیم کر لیا اور وہ کالج آج تک مسلسل ۸۰ سال سے گراں مایہ خدمات انجام دے رہا ہے اور بڑے احسن طریق سے انجام دے رہا ہے۔

صاحب سپیکر—اس کالج کو بند کرنے کا کوئی ذکر نہیں ہے

چودھری محمد افضل چیمہ—اسکا لا محالہ نتیجہ یہی ہوگا۔

صاحب سپیکر—ضروری نہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—تو حضور والا ۔ اب وہ السنہ شرقیہ اور ورنیکلر جنکے امتحانات کا اہتمام اس سے پیشتر یونیورسٹی کیا کرتی تھی ان امتحانات کا اہتمام یہ نام نہاد بورڈ کرے گا۔ تو خیال فرمائیے کہ اسکی سندات کی اہمیت اور انکی مارکیٹ value کیا رہ جائے گی۔ کیا اس سے انکی تعلیم و تدریس کا معیار پست نہیں ہو جائے گا اور کیا جو لوگ اس ناقدر شناسی کے دور میں بعض مقدس جذبات کے ماتحت السنہ شرقیہ کی تعلیم حاصل کرتے اور امتحانات پاس کرتے ہیں اسکے بعد ان کیلئے کونسی کشش باقی رہ جائے گی؟

صاحب سپیکر—اب نماز مغرب کیلئے اجلاس اسمبلی پندرہ منٹ کیلئے برخاست ہوتا ہے۔ پانچ بجکر ۲۰ منٹ پر اجلاس پھر شروع ہو گا۔

The Assembly then adjourned for Maghrib Prayers.

The Assembly re-assembled after Maghrib Prayers. Mr. Speaker in the Chair.

میاں محمد شفیع (منٹگمری ۔ ے ۔ مسلم ۔ مخصوص نشست) حضور والا ۔ ہمارے محترم دوست فاضل چیمہ صاحب نے اس بل پر سیر یہ حاصل بحث کی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی تقریر کے بعد مجھے تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں کیونکہ انہوں نے نہایت تفصیل کے ساتھ اس پر تنقید کی ہے۔ میں صرف اپنے نقطہ نگاہ سے بعض اہم پہلوؤں

پر روشنی ڈالنا چاہتا ہوں ۔ اس بل کے سلسلے میں میرے شکوک و شبہات کی قوی بنیاد ایک تو اس امر پر موقوف ہے کہ میٹرک انٹرمیڈیٹ اور السنہ شرقیہ کے امتحانات کو یونیورسٹی سے لے لینے کے بعد حکومت نے یونیورسٹی کو ایک عظیم مالی نقصان پہنچایا ہے ۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ ان امتحانات سے یونیورسٹی کو ۸۰ لاکھہ کے قریب آمدنی ہوتی تھی (یا بہ الفاظ صحیح تر یونیورسٹی کی ۸۰ فیصدی آمدنی اسی مدرسے وصول ہوتی تھی)۔ کیا اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حکومت نے اسطرح یونیورسٹی کے بازو کاٹ دینے کی کشمکش کی ہے۔ غالباً حکومت نے اس مسئلہ کے جملہ پہلوؤں پر کما حقہ غور و خوض نہیں فرمایا ۔

دوسری بات جو میرے دل میں کھٹکتی ہے یہ ہے کہ آپ نے اپنی وزارت اور پارٹی کو تعلیمی میدان میں لا کر تعلیم کے مسئلہ کو پارٹی بازی کو اکھاڑا بنانے کی کوشش کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ ایسے شخص کو اس ادارہ کیلئے کنٹرولنگ آتھارٹی منتخب فرماتے جو غیر جانب دار ہوتا جیسے چیف جسٹس آف دی ہائی کورٹ یا سپیکر آف دی اسمبلی یا چیئرمین اف دی پبلک سروس کمشن ہیں تو یہ بہتر ہوتا ۔ اس طرح تو ایجوکیشن بھی پارٹی بازی میں ملوث ہو جائیگی ۔ حضور والا حکومت کے ہر قانون میں سقم ہوتے ہیں اور یہ ضروری نہیں ہے کہ ان کے یہ اقدام الہام پر مبنی ہوں لیکن اگر وہ اس قانون کے متعلق Opposition کے خدشات کو دور کر سکتے اور ان کا اعتماد حاصل کر سکتے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اچھی بات ہوتی ۔ لیکن حکومت نے اکثریت کے بل پر اور (brute majority) کے زور پر اس بل کو پاس کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کرنا چاہتی ہے کہ وہ اکثریت کے بل بوتے پر کیا کچھہ نہیں کر سکتے۔

حضور والا—آخر میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ کے سامنے صرف یہی مقصد تھا کہ آپ نے یونیورسٹی کو بے دست و پا بنانا تھا تو غالباً آپنے اس بات کو محسوس نہیں کیا کہ آپ ایک ایسی چیز کی بنیاد رکھ رہے ہیں جو بالاخر پنجاب یونیورسٹی کے مکمل طور پر منتشر ہونے پر منتج ہوگی ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی مخالفت کرتا ہوں ۔

ملک فتح شیر جھمٹ (میانوالی—مسلم) : جناب والا۔ کسی تحریک کے تاثرات ہمیشہ اس طبقہ کے لوگوں پر ہوا کرتے ہیں جس طبقہ کا میں ایک فرد ہوں۔ اس بل کی اہمیت جو کچھہ میں سمجھتا ہوں وہ ہے ایک

چیز کا دوسری جانب منتقل ہونا ۔ تعلیم جس کے نقائص کو محسوس کرتے ہوئے ہماری حکومت نے یہ اقدام کیا ہے اور اس اقدام سے عوام کو مفاد پہنچانا مقصود ہے لیکن اس بل کی رو سے عوام کو جو مفاد حاصل ہوگا وہ ہمیں نظر نہیں آتا ما سوائے اس امر کے کہ ابتدا سے ہمارے لوگوں میں جو اقتدار پرستی اور حصول اقتدار کا مرض چلا آتا ہے یہ بل بھی اسی مرض پر مبنی ہے ۔ یہ امر کہ حکومت اس میں دخل انداز ہوگی ایک حقیقت ہے اور محکمہ تعلیم کے تمام اختیارات اپنے ہاتھ میں لے کر اسے سیاست کا اکھاڑا بنایا جا رہا ہے اور اس سے عوام کو جو مفاد پہنچنے کی توقع کی جا سکتی تھی وہ بالکل مفقود ہے ۔

صاحب سپیکر : ملک صاحب جو دلیلیں پہلے پیش کی جا چکی ہیں ان کا اعادہ نہ کیجئے ۔

ملک فتح شیر جھوٹ : بہت اچھا جناب۔ اس بل سے ہمیں جو توقع تھی وہ یہ تھی کہ نصاب تعلیم کے نقائص دور کرنے کیلئے اور اس کی اصلاح کی طرف کوئی اعلیٰ دماغ اور قابل شخص توجہ دینگے ۔ مگر اس کی طرف توجہ دینا تو در کنار اب بالکل اس بل کی رو سے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔ غریب پرور اتنی اہمیت کے بل کو عوام کی رائے حاصل کرنے کیلئے مشتہر نہ کرنا ——————

صاحب سپیکر : اس وقت اسے رائے عامہ حاصل کرنے کیلئے مشتہر کرنے کا سوال نہیں ہے ۔ آپ اس مرحلہ پر جو بل کہ پاس ہو چکا ہے اس پر بحث کر سکتے ہیں ۔ آپ رائے عامہ کا ذکر کر رہے ہیں ۔ یہاں رائے عامہ کا ذکر نہیں ہو سکتا ۔

ملک فتح شیر جھوٹ : اس بل کے ذریعہ ہمیں تعلیم کے بارہ میں مفاد پہنچنے کی توقع تھی مگر بجائے مفاد پہنچنے کے ہمیں سراسر نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔ اس کی غرض و غایت حصول اقتدار کے مرض کا بڑھانا اور تعلیم جس کے ذریعہ سے عوام کو کوئی مفاد پہنچ سکتا تھا اس کو سیاسیات کا اکھاڑا بنانا ہے ۔

صاحب سپیکر : آپ سیاسیات کے اکھاڑا کا پہلے بھی دو دفعہ ذکر کر چکے ہیں ۔

ملک فتح شیر جھوٹ : جناب والا۔ میں تو مجموعی طور پر عرض کر رہا ہوں کہ اس بل کے ذریعہ بجائے فائدہ پہنچنے کے نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔

Minister of Development : The question be now put, Sir.

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

وزیر تعلیم (آنریبل چودھری علی اکبر خان): حضور والا۔ حزب مخالف کی طرف سے اس بل کی مخالفت کرتے ہوئے جو چیزیں بحث میں لائی گئی ہیں ان میں سے سب سے پہلی یہ ہے کہ اس بل کو پاس کرنے کا مقصد یونیورسٹی کو اس کی آمدنی سے محروم کرنا ہے۔ میں اس منطق کو سمجھنے سے بالکل قاصر ہوں کہ گورنمنٹ جس کا فرض ہے کہ وہ ثانوی تعلیم کا انتظام کرے تو یونیورسٹی کے اخراجات کی بھی وہ ذمہ دار ہے اس لئے یہ کہنا کہ یونیورسٹی کو اس کی آمدنی سے محروم کرنے کیلئے یہ بل پاس کیا جا رہا ہے عجیب سی بات معلوم ہوتی ہے ورنہ اس مسئلہ پر کمشن نے جو دلیلیں دی ہیں اور خود میرے فاضل دوست بلکہ اکثر دوستوں نے جو اوپوزیشن میں بیٹھے ہیں یہ تسلیم کیا کہ یونیورسٹی کو اپنا فرض ادا کرنے کا موقع مہیا کرنے کیلئے اس سے اس کا یہ فرض لے لیا جائے (میاں محمد شفیع Question) کمیشن نے یہ رپورٹ کی ہے کہ یونیورسٹی امتحانات کا انتظام و انصرام کرنے میں مصروف رہتی ہے آپ اندازہ فرمائیں کہ ۵۰ ہزار کے قریب طلبا میٹرک کے امتحان کیلئے آتے ہیں۔ ۱۲ یا ۱۳ ہزار ایف۔اے کیلئے آتے ہیں اور ان ساٹھ یا ستر ہزار طلبا کے امتحان کا انتظام کرنا اتنا بڑا کام ہے کہ ہر شخص کو شکایت ہے کہ وائس چانسلر کا اکثر وقت۔ رجسٹرار کا اکثر وقت اور دیگر یونیورسٹی کے افسران کا وقت امتحانات کی دیکھ بھال میں گذر جاتا ہے اور شعبہ ہائے تحقیق و تدریس کی نگرانی کرنے کیلئے انہیں فرصت نہیں ملتی۔ گذشتہ سات سال کا ریکارڈ بتا رہا ہے کہ ریسرچ کا کام بالکل نہیں کیا گیا۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ انکے سپرد اتنے زیادہ کام تھے کہ وہ اپنے اصل فرائض کی طرف توجہ ہی نہیں دے سکتے تھے۔ کمیشن نے یہ رپورٹ کی ہے۔ سینیٹ نے خود اسے مانا ہے کہ یونیورسٹی کو اسکے اصلی فرائض ادا کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ یہ امتحانات بورڈ کے سپرد کر دئے جائیں۔ اگر یونیورسٹی اپنے ذریعہ آمدنی کیلئے ایسے کام کو اپنے پاس رکھے جسکی وجہ سے وہ اپنے فرائض سے غافل ہو جائے تو یہ کونسی اچھی بات ہے؟ اگر وہ حکومت کو اس بات کا الزام دیتے کہ یونیورسٹی اپنی آمدنی قائم رکھنے کیلئے ایسا کام اپنے ذمہ لینے پر مجبور ہے جو اسکے فرائض میں داخل نہیں ہے۔ گورنمنٹ کیوں اسے مالی امداد دے کر اس سے نجات نہیں دلاتی تو یہ کوئی بات بھی ہوتی۔

لیکن یہاں تو الٹا یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی کو اسکے ذریعہ آمدنی سے محروم کیا جا رہا ہے۔ اگر انہوں نے کبھی یونیورسٹی کے مسائل میں دلچسپی لی ہوتی تو انہیں معلوم ہوتا کہ گذشتہ سات سال کے عرصہ میں گورنمنٹ یونیورسٹی کو ایک کروڑ روپیہ دے چکی ہے۔ اگر یونیورسٹی آمدنی کے اس ذریعہ سے محروم ہو جائیگی تو اسکے بعد اسکے اخراجات پورے کرنا گورنمنٹ ہی کے ذمہ ہوگا اور انشا اللہ یونیورسٹی کے تمام جائز اخراجات پورے کئے جائینگے۔ اس بات کا انہیں کوئی غم نہیں ہونا چاہیئے۔

دوسری بات جو چودھری محمد افضل صاحب چیمہ کو سب سے زیادہ کھٹکتی رہی ہے اور جسکی تائید دبی زبان سے آنریبل ممبر مسٹر محمد شفیع نے بھی کی ہے وہ وزیر تعلیم کے کنٹرولنگ اتھارٹی ہونے کے متعلق ہے۔ چودھری صاحب موصوف نے اس بل پر کل اور آج جو بحث فرمائی ہے اس میں زیادہ تر اسی خدشے کا ذکر تھا۔ میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اگر موجودہ وزیر تعلیم کو کنٹرولنگ اتھارٹی نہ بنایا جائے تو پھر وہ ہی کسی ایسے شخص کا نام پیش کر دیں جو اس منصب کیلئے موزوں ہو۔ میرے خیال میں چودھری محمد افضل صاحب چیمہ پنجاب بھر میں صرف اپنے آپ کو ہی دیانتدار سمجھتے ہیں۔ اسلئے میں یہ چاہتا ہوں کہ اس منصب کیلئے وہ اپنا نام پیش کر دیں۔ اگر وہ ایسا کرینگے تو میں اسے خوش آمدید کہونگا۔ میں ان سے درخواست کرونگا کہ وہ ہمارے محترم لیڈر کو جس پر صوبہ کے عوام الناس نے اعتماد کا اظہار کیا ہوا ہے۔ جو عوام کے نمائندوں کے لیڈر ہونے کی وجہ سے یہاں کے وزیر اعلیٰ ہیں۔ (تالیاں)۔ اگر چودھری صاحب انہیں اپنی وفاداری کا یقین دلا دیں تو میں یہ تجویز پیش کر دونگا کہ یہ فرائض پیشک انکے سپرد کر دئے جائیں۔ لیکن جب میں نے اسکے متعلق انکی تجویز کو دیکھا تو مجھے سخت حیرانی ہوئی۔ وہ کہتے ہیں کہ کنٹرولنگ اتھارٹی وزیر تعلیم نہ ہو بلکہ گورنمنٹ ہو۔ حالانکہ اگر وہ غور فرماتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے مطابق۔ جسکے ماتحت آجکل یہاں نظام چل رہا ہے۔ منسٹر گورنمنٹ ہوتا ہے۔ یہ تو وہی بات ہوئی جیسے وہ کہیں کہ انہیں محمد افضل نہ کہا جائے بلکہ چیمہ کہا جائے۔ ہمارے قانونی مشیر کی یہ رائے ہے کہ لفظ گورنمنٹ سے vagueness آ جائیگی۔ جسطرح لفظ چیمہ vague ہے کیونکہ اور بھی کئی چیمے موجود ہیں۔ لیکن اگر چودھری محمد افضل کہ دیا

جائے تو اس سے صرف وہی مراد لئے جا سکتے ہیں ۔ اسی طرح لفظ منسٹر سے یہاں definiteness آ جاتی ہے ۔

اسکے علاوہ محترم چودھری صاحب نے جو اعتراضات فرمائے ہیں انہیں دیکھ کر یوں معلوم ہوتا ہے کہ وہ اوپر نیچے اور درمیان کے پھیر میں پڑ گئے ہیں۔ جہاں تک پرائمری تعلیم کا تعلق ہے حکومت اسکے متعلق اپنی ذمہ داری سے پوری طرح آگاہ ہے اور اسے صوبہ بھر میں ایک نظام میں منسلک کرنے پر غور کیا جا رہا ہے ۔ حکومت صرف ثانوی تعلیم ہی کو مضبوط نہیں کرنا چاہتی بلکہ وہ پرائمری تعلیم پر اس سے زیادہ توجہ دینا چاہتی ہے اور یونیورسٹی تعلیم پر اس سے بھی زیادہ توجہ دینا چاہتی ہے اسلئے چودھری صاحب اس پھیر میں نہ پڑیں ۔ نیچے کی تعلیم کو بہتر اور مضبوط بنانے کی بھی کوشش کی جائیگی ۔

مولانا داؤد غزنوی صاحب نے بھی بعض خیالات کا اظہار فرمایا ہے ۔ مولوی صاحب میرے لئے قابل احترام ہیں ۔ میں انہیں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ انکے شک و شبہات درست نہیں ۔ علوم شرقیہ کے متعلق میاں محمد شفیع صاحب نے بھی بعض خدشات کا اظہار کیا ہے ۔ میں انکی اطلاع کیلئے عرض کر دوں کہ یونیورسٹی کمیشن نے اپنی رپورٹ میں علوم شرقیہ کا خاصہ ذکر کیا ہے ۔ انکی یہ رائے ہے کہ اس وقت یہاں علوم شرقیہ کی تعلیم کا پورا انتظام نہیں۔ پاکستان بننے کے بعد بالخصوص ان علوم کی ترویج پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے ۔ اگرچہ سینیٹ نے یہ پاس کر دیا ہے کہ منشی فاضل اور مولوی فاضل کے امتحانات یونیورسٹی سے لے لئے جائیں لیکن اسکا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ان علوم کو پس پشت ڈال دیا جائے ۔ ثانوی بورڈ کے سپرد صرف یہ امتحانات ہی نہیں کئے جائینگے ۔ بلکہ اس بورڈ کو خاص طور پر یہ اختیار دیا گیا ہے بلکہ اسکی یہ ذمہ داری قرار دی گئی ہے کہ وہ صوبہ کے ان تمام سکولوں یا اداروں کو جن میں منشی فاضل یا مولوی فاضل یا ادیب عالم کی تعلیم دی جاتی ہے آرگنائز کرے ۔ ان کے لئے نصاب مقرر کرے انکے اساتذہ کیلئے قابلیت کی شرائط متعین کرے ۔ اور شرائط کی پابندی کرنے والے اداروں کو مالی امداد دے ۔ سارے پنجاب میں اس وقت صرف ایک اورینٹل کالج ہے ۔ اور یہ تمام صوبہ کی ضروریات کیلئے کافی نہیں ۔ اسلئے ضروری ہے کہ اس قسم کے باقی تمام اداروں کو منظم کیا جائے ۔ اور باقاعدہ

بنایا جائے ۔ آئندہ کسی تعلیمی ادارے کو کمرشل ادارہ نہیں بننے دیا جائیگا ۔

جہاں تک مولانا داؤد غزنوی صاحب کے خدشہ کا تعلق ہے اسکے متعلق یہ عرض ہے کہ پہلے بھی یونیورسٹی منشی فاضل اور مولوی فاضل کے امتحانات کی ڈگری نہیں دیتی تھی صرف انکا ڈپلومہ دیا جاتا تھا ۔ لیکن یونیورسٹی انکی تعلیم کی طرف پوری توجہ نہیں دے سکتی تھی ۔ لیکن اب یہ بورڈ ان علوم کی تعلیم کو بہتر طور پر منظم کریگا ۔ اسلامیات کی فیکلٹی کو یونیورسٹی سے نکال دینے کے متعلق بھی انکی اطلاع صحیح نہیں ۔ یہ فیکلٹی بدستور رہیگی بلکہ اسے اور زیادہ مضبوط بنانے کی کوشش کی جائیگی ۔ یہ بل جو آپ کے سامنے پیش کیا گیا ہے ان اصلاحات کا پہلا قدم ہے جن کے مطابق پوری تندہی سے قوم اور ملک کے تعلیمی نظام کو سدھارنے اور بہتر بنانے کیلئے جلد از جلد کوشش کی جائیگی ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : On a point of Order, Sir.

جناب والا ۔ میں نے نہایت صبرو و سکون اور برداشت سے کام لیتے ہوئے ''اصلاحات،، اور ''حساب،، کے الفاظ جناب وزیر تعلیم کی زبان سے سنے ہیں ۔

This is more than man can hear.

وزیر تعلیم : چودھری محمد افضل چیمہ صاحب کو اپنی لیاقت اور قابلیت پر بڑا مان ہے ۔ وہ واقعی بڑے قابل آدمی ہیں اور ان کا تلفظ بھی اچھا ہے ۔ اگر میرے کسی لفظ کے غلط تلفظ سے ان کے کان کو ضعف پہنچایا ان کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے تو اس کے لئے میں ان سے معافی مانگتا ہوں ۔ مگر افسوس اس امر کا ہے کہ وہ سارا دن اس معزز ایوان مین بین بجاتے رہے اور ہم سنتے رہے ۔ (قہقہہ) مجھے ان کی قابلیت مین کوئی شک و شبہ نہیں ۔ جو بین انہوں نے بجائی وہ نہایت سریلی اور ثقیل الفاظ پر مشتمل تھی ۔ انہیں اپنی بین سنانے میں بہت لطف آیا ۔ میں نے جو کچھ سنا اس کا جواب اپنی استعداد کے مطابق دینے کی کوشش کی ہے ۔ مجھے امید ہے کہ چیمہ صاحب ان باتوں سے درگذر کرتے ہوئے مجھے معاف فرمائینگے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ—معاف کر دیا —

وزیر تعلیم ۔ چنانچہ جو موٹے موٹے اعتراضات تھے ان کا میں نے جواب عرض کر دیا ہے ۔ اس کے علاوہ بعض چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جن کے متعلق باہمی سمجھوتے سے فیصلہ ہو چکا ہے ۔ ان کے متعلق میں مزید

کچھ عرض کرنے کی ضرورت نہیں سمجھتا ۔ اس سلسلے میں صرف ایک بات ہی ضرور عرض کرونگا جو یہ ہے کہ حزب مخالف کے معزز ممبران کی طرف سے جتنی معقول ترامیم پیش کی گئیں وہ میں نے نہایت خندہ پیشانی سے قبول کیں ۔ اب انہیں اس بارے میں یہ شکایت نہیں ہو سکتی کہ ان کی کوئی ترمیم جو معقول معقولیت پر مبنی ہو اسے قبول نہ کیا گیا ہو۔ ان الفاظ کے ساتھ میں امید کرتا ہوں کہ یہ معزز ایوان اس بل کو منظور فرمائیگا ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Secondary Education Bill, 1954, as amended be passed.

The motion was carried.

THE PUNJAB UNIVERSITY BILL.

Minister of Education: Sir, I beg to introduce the Punjab University Bill.

Minister of Education: Sir, I beg to move—

That the Punjab University Bill be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: There are three motions before me asking that the Bill be circulated for eliciting public opinion. Will Mr. C. E. Gibbon move his motion first ?

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistan-Christani and Anglo-Pakistani III): Sir, I beg to move—

That the Punjab University Bill, 1954, be circulated for the purpose of eliciting public opinion thereon by the 1st January 1955.

Sir, I would not like to go into much of the details of the observations made by the Honourable Minister of Education where he tried to interlace the provisions of the University Bill *viz-a-viz* that of the Secondary Education Bill. But in passing I might here observe that when I was listening to him expounding on the Secondary Education Bill.

Mr. Speaker: That has been passed and cannot be brought under discussion now.

Mr. C. E. Gibbon: I am talking about where he made observations about the University Bill. The impression created in my mind was that he has not the finest idea of University, and the reason for that is the manner in which he described the functions of the University *viz-a-viz* the functions of the Secondary Board. This has left me, at least, with no doubt in my mind that when he last entered and left the portals of a University seems to have been at a time when he was still in swaddling clothes. What has been the result of his not knowing just what a University stands for ? The result has been disasterous. They have just by a brute majority passed a legislation.

Mr. Speaker: I have told the honourable member not to discuss any determination of the House.

Mr. C. E. Gibbon: I am not criticising that Bill. I am stating a fact.

Mr. Speaker: Facts or no facts; that Bill has been passed and therefore it cannot be brought under discussion.

Mr. C. E. Gibbon: I am mentioning a fact that we have just passed a piece of legislation, which, I can assure you, this. Government is going to regret in a very few days that it has left at its disposal. The proof of the pudding lies in the eating of it. If this Government really feels that in bringing forward these two bits of legislation they have with them the entire support of their own organisation.

Mr. Speaker: Kindly give reasons why it should be circulated for public opinion.

Mr. C. E. Gibbon: I am coming to that. Please do not interrupt.

Mr. Speaker: I must, if the honourable member is irrelevant.

Mr. C. E. Gibbon: They are carrying with them, as they say, representations of the people.....

Mr. Speaker: I want the honourable member to give the reasons for circulation of the Bill and not what the Government feels about it.

Mr. C. E. Gibbon: I am not concerned with what they feel about it. You can have the feeling about something when you know something.

Mr. Speaker: I want the honourable member kindly to confine himself to his reasons for circulating this Bill. I will not allow any irrelevant talks. If the honourable member persists in doing so, I will have to ask him to resume his seat.

Mr. C. E. Gibbon: That will not be necessary. I shall show you that every word which I shall state is based on direct as well as indirect learnings of my mind that this Bill be circulated for eliciting public opinion.

Now, sir, we have been told that the persons who represent public opinion today are the elected representatives of the people, so we are told; whether it is a fact or not, that is not for me to say. But the fact is that these persons who represent public opinion are so anomalous about the progress of this Bill that they are conspicuous by their absence. This was to be the great reform in education; this Ministry was going to turn the tables on the world, they were going to pull down the screen, as we were told yesterday, so that the eyes of the nation should be directed towards the reforms in education in a tiny little province of Pakistan, called the Punjab, and the great architects of this reform, the Muslim League representatives of the people are going to change the whole phase of education in this province.....

Mr. Speaker: I have so far not heard one word about the reasons for the circulation of this Bill.

Mr. C. E. Gibbon: The reasons for circulation are apparent. You can see, an ocular demonstration, that more than half of the Treasury Benches are vacant. Does it not strike you that in this House, alone, it does not matter what happens outside, there is a disinterested position to the introduction of this measure of a reform?

Mr. Speaker: I cannot form that conclusion.

Mr. C. E. Gibbon: That is the observation which I have been pleased to make.

Mr. Speaker: I will not allow irrelevant talk.

Mr. C. E. Gibbon: I may draw your attention to the third para of the Statement of Objects and Reasons. It reads as follows:—

"The present legislation is mainly based on the recommendations of the Commission which were also approved by the Senate of the University of the Punjab"

Under the existing University Act—I do not think you will say that I am so impertinent if I were to observe this the Senate as it exists at present is nothing but the handmaid of the Government and, therefore, to bring here the Senate as being one of the authorities who have given their assent to this bit of legislation is the height of impertinence. It would have been far better if they had left this paragraph out, because this Senate, as at present constituted, is nominated more or less by the Ministerial group.

Mr. Speaker: It is the Chancellor.

Mr. C. E. Gibbon: You have taken me into a field which I tried to avoid.

Mr. Speaker: I cannot allow any unnecessary speech.

Mr. C. E. Gibbon: Do you not see that the Chancellor is the mouth-piece of the Government?

Mr. Speaker: The honourable member cannot discuss the Chancellor.

Mr. C. E. Gibbon: This Senate does not represent public opinion. Whether it is nominated by the Chancellor, whether it is nominated by the Minister of Education, whether it is nominated by A, B or C, this Senate is the most unrepresentated body in the whole of the province. Therefore, to bring this paragraph here is a sort of certificate of health that everything is O. K. because the Senate have said it is O. K. It takes all the wind out of the sails of his Bill. What else does it do? It blows up with the underlying motive of the Bill and the underlying motive of the Bill is for the Government to take complete control of education and what little semblance of autonomy there is in the University today under the old Act has been taken away. I feel that the old Act ought, to a certain extent, be amended and brought and in line with modern thought and modern working of universities. But this Bill tends to a very greater extent with all its wonderful phraseology that they be elected by single transferable vote and so on and so forth. What it tends to do is to help the Government to get a grip on education. One of the most invedious clauses that has been brought in is to introduce the post of Pro-Chancellor. Whether they intend to retain it or not, I do not know. I have been given to understand that the section which is not represented in this House today has told them that they could not support this Bill as long as this clause was there.

Minister of Education: It is absolutely wrong.

Mr. C. E. Gibbon: I am glad to hear of the pressure that has been brought on him. My whole object in asking that this Bill be circulated for eliciting public opinion is based on two premises. One is that you took a mighty long time to release the report of the Commission. You have not given the public an opportunity to read it and digest it and to comment on it. As a matter of fact you have not given even the members of this House an opportunity to read this voluminous report. It was given to us a few days ago. It is terribly and awefully cyclostyled. In a number of copies several pages are missing. In other copies the last page comes first and first page comes last. Inspite of the fact that I have endeavour to apply myself, as much as I possibly can at night, and after I have tried to digest it for nearly 8 hours I was able to get through half of the Commission's report.

Now, Sir, the second premise is the over-all control that the Government seeks to introduce on University eudcation through this Bill. It is a most preposterous piece of legislation and I can assure you, that even if you pass it, as you are certainly going to do, you are not going to have an end of the trouble in this University. It is coming. Take it.

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment move is—

That the Punjab University Bill, 1954, be circulated for the purpose of eleciting of public opinion thereon by the 1st January 1955.

مولانا داود غزنوی (لاهور - ه - مسلم - مخصوص نشست) : جناب والا - میں مسٹر گبن کی تجویز کی تائید کیلئے کھڑا ہوا ہوں - میرے نزدیک اس بل کی اشاعت اس لئے ضروری ہے کہ اخبارات میں اور عام مجمعوں میں اس بل کے متعلق مسلمان بڑی پریشانی اور اضطراب کا اظہار کر رہے ہیں - پہلی چیز وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ یونیورسٹی میں جس قدر faculties رکھی گئی ہیں ان میں شعبہ علوم اسلام کا کہیں ذکر نہیں ہے - میرے محترم دوست اٹارنی جنرل وزیر تعلیم نے جو ارشادات فرمائے میرے نزدیک ان کی

بڑی قدر ہے ۔ لیکن آج یہ بل جو میرے پاس ہے یہ انکی تائید نہیں کرتا ۔ اس میں یہ تو بے شک ہے کہ یونیورسٹی میں یہ تمام faculties ہونگی ۔

Faculty of Agriculture. Faculty of Animal Husbandry, Faculty of Commerce, Faculty of Dentistry, Faculty of Education, Faculty of Engineering and Technology, Faculty of Humanities and Social Sciences, Faculty of Languages, Faculty of Law, Faculty of Mathematics and Natural Sciences and the Faculty of Medicine.

مگر اسلام بے بس اور مجبور و مظلوم اسلام کے لئے علوم کے لئے اس یونیورسٹی کے پاس کوئی faculty نہیں ہے (حزب مخالف کی طرف سے آوازیں ۔ شیم ۔ شیم) جناب والا ۔ میں نے ساری کلاز اس لئے پڑھی ہے کیونکہ مجھ سے پہلے آنریبل وزیر تعلیم نے جو ارشادات فرمائے ہیں یقین جانیئے کہ ان کے فرمانے سے میں مطمئن ہو گیا تھا کہ واقعی یہ بات میرے علم میں نہیں آئی ہوگی اور جناب وزیر تعلیم صاحب کی معلومات بہر حال مجھ سے بہت زیادہ ہیں ۔ لیکن میں نے اسے دوبارہ دیکھا اور اپنے حافظے پر پورا زور دیا تو مجھے faculty of Islamiat کہیں نظر نہ آئی ۔ اس لئے میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ مسلمان یہ محسوس کر رہا ہے کہ موجودہ بر سر اقتدار طبقہ اسلام کو آہستہ آہستہ اپنے تمام سرکاری اداروں سے نکال رہا ہے (عزت مآب وزیر اعلیٰ اور دیگر ارکان حزب حکومت ۔ "question") ابھی تک اس ملک میں وزیر داخلہ کا بیان گونج رہا ہے جس میں اس نے کہا تھا کہ مذہب کو سیاست سے الگ کر دیا جائے گا ۔ وزیر داخلہ کا بیان بہت اہمیت رکھتا ہے ۔

صاحب سپیکر : وزیر داخلہ کے متعلق یہاں بحث نہیں ہو سکتی ۔

مولانا داود غزنوی—بہت اچھا میں نے جناب کی توجہ اس لئے اس طرف دلائی کہ مجبور مسلمان یہ سمجھ رہا ہے کہ موجودہ برسراقتدار طبقہ اسلام کو اس ملک سے رخصت کررہا ہے ۔ جس اسلام کے طفیل اور جس اسلام کی برکت سے یہ ملک حاصل ہوا تھا یہ طبقہ اس اسلام کو اپنے سرکاری اداروں سے نکال رہا ہے ۔ وہ قرار داد مقاصد جسکی اس ملک میں دھوم مچی تھی آج اس قرار داد مقاصد کو جرم سمجھا جاتا ہے یا کم از کم اسکو نا پسند کیا جاتا ہے ۔ اس لئے جناب والا — میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کو ضرور شائع کیا جائے اور رائے عامہ معلوم کی جائے ۔ اگر اس بل کے خلاف یہ احساس صحیح ہے کہ علوم اسلامی کو اس یونیورسٹی سے نکالا جارہا ہے تو یقیناً عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ اسکو مسترد کر دیں ۔

Minister of Education : There is absolutely no intention of excluding the Faculty of Islamiat.

مولانا داود غزنوی:- اس وقت علوم اسلامیہ کی faculty موجود ہے لیکن اس مسودہ قانون میں اسکو نکال دیا گیا ہے ۔

آنریبل وزیر تعلیم:- میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ کسی کی یہ خواہش نہیں ہے کہ اسلامیات کی faculty کو نکال دیا جائے ۔ مولانا نے جس کلاز کا حوالہ دیا ہے اس میں لکھا ہے The University shall include such faculties as may be prescribed by the statutes. یہاں جو لسٹ دی گئی ہے اس میں واقعی Faculty of Islamiat نہیں ہے ۔ لیکن یہ لسٹ مکمل نہیں ہے ۔ اس لئے میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو اسکو اسی وقت شامل کر لیں ۔

مولانا داود غزنوی: جزاك اللہ میں آپکا شکر گزار ہوں ۔ حضور والا میں وزیر تعلیم صاحب کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے فیکلٹی آف اسلامک لرننگ leciring کو اس بل میں شامل کر لیا ہے ۔ جناب عوام کے احساسات اس سلسلے میں کیا ہیں (شور) جناب والا فیکلٹی زراعت ۔ فیکلٹی دندان سازی فیکلٹی قانون وغیرہ وغیرہ کو تو اس بل میں شامل کر لیا گیا ہے مگر۔

صاحب سپیکر: میری عرض سنیئے ۔ آپ کی خواہش کے مطابق فیکلٹی اسلامیات کو بھی وزیر صاحب نے درج کر لیا ہے اب آپ اور کیا چاہتے ہیں ؟

مولانا داود غزنوی: جناب والا ۔ فیکلٹی السنہ بالکل الگ چیز ہے (شور) حضور میں آپ سے درخواست کروں گا کہ مجھے تسلسل سے تقریر کرنے کی اجازت دی جائے ۔ جناب والا ۔ اس اعلان کے بعد میں محترم وزیر تعلیم سے امید رکھتا ہوں کہ وہ فیکلٹی اسلامیات کو اس بل میں شامل کر لیں گے ۔ (آوازیں ۔ فیکلٹی اسلامیات کو اس بل میں شامل کر لیا گیا ہے) (شور) جناب والا دوسری چیز جو میں اس بل کے متعلق کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ یونیورسٹی کا جو بر سر اقتدار طبقہ ہے اس کا سلوك عربی ۔ فارسی اور اردو کے ساتھ نہایت ہی غیر ہمدردانہ ہے ۔ خاص طور پر عربی کے ساتھ ایسا سلوك کیا جا رہا ہے جس سے عربی کو اس کے بلند اور ارفع مقام سے گرا کر ایک ادنے مقام پر رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔

حضور والا ۔ یہ وہ زبان ہے جسکی برکت اور جسکے فیض سے ہم نے مملکت پاکستان حاصل کی ہے (شور) حضور والا ۔ مجھے افسوس ہے کہ مجھے تسلسل کے ساتھ تقریر کرنے کا موقعہ نہیں دیا جاتا ۔ جناب والا یہ کہا گیا ہے کہ مولوی فاضل ۔ منشی فاضل وغیرہ کا انتظام بہتر نہیں تھا اس

لئے اس انتظام کو بہتر بنانے اور اس کی اصلاح کرنے کے لئے یونیورسٹی نے اسے اپنے حلقے سے نکال کر Secondary Education Board کے سپرد کر دیا ہے۔ یہ مرض کا مناسب علاج نہیں ہے۔ اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ مولوی فاضل۔ منشی فاضل اور دیگر کلاسوں کا انتظام بہتر نہیں تھا تو ایسے اقدامات کئے جا سکتے تھے جن سے ان کی اصلاح ہوتی۔ مگر افسوس کہ اس کا علاج یہ کیا گیا ہے کہ یونیورسٹی نے اس کو اپنے کندھے سے اتار پھینکا ہے اور اس کو Secondary Education Board کے سپرد کر دیا ہے جناب والا۔ ایف اے۔ یا اس سے کم تر امتحانات کو مذکورہ بالا بورڈ کے سپرد کرنا تو میرے خیال میں درست اور مناسب ہے کیونکہ میٹرک اور ایف اے کے امتحانات سے یونیورسٹی کو نجات دلانا یونیورسٹی کے اصل کام کے لئے بہت ممد و معاون ہے۔ لیکن مولوی فاضل۔ منشی فاضل کے امتحانات کو بورڈ کے سپرد کرنا میرے نزدیک بہت بڑی ناانصافی اور زیادتی ہے۔ دوسرے اس بل میں مولوی فاضل کو ایف اے اور میٹرک کے برابر جو درجہ دیا گیا ہے میرے نزدیک علوم اسلامیہ کی توہین کی گئی ہے۔ اب دیکھئے جناب والا۔ ایم۔ اے عربی میں جو عربی ادب کا نصاب ہے اس کا معیار مولوی فاضل کے نصاب سے کوئی بڑا نہیں ہے بلکہ کم ہے۔ میں پورے یقین کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ مولوی فاضل پاس جو عربی کی استعداد رکھتا ہے وہ ایم اے عربی نہیں رکھتا۔ مولوی فاضل کی درسی کتابوں میں قرآن حکیم کی تفسیر بیضاوی کا مقام سب سے بلند ہے۔ ایسے ہی فقہ کی کتابوں میں ہدایہ کا مقام سب سے بلند ہے۔ آپ کے خیال کے مطابق مولوی فاضل میں یہی کمتری ہے کہ اس کے کورس میں قرآن کریم کی مستند تفسیر اور فقہ کی مستند کتابیں شامل ہیں۔ میں پوچھ سکتا ہوں کہ کیا آپ اسی وجہ سے مولوی فاضل کو میٹرک اور ایف اے کے برابر درجہ دے رہے ہیں؟ میرے خیال میں آپ عربی کے ساتھ ایسی ناانصافی کر رہے ہیں جو آج تک کسی نے نہیں کی میں آپ کو یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ آج ہمارے عوام میں آپ کے اس قدم کی وجہ سے ایک ہیجان اور اضطراب پایا جاتا ہے اور عوام بہت پریشان ہیں۔

حضور والا — ان معروضات کے بعد میں گذارش کرتا ہوں کہ اس بل کو پاس کرنے سے پہلے مشتہر کیا جائے اور اس پر رائے عامہ معلوم کی جائے وہ رائے عامہ جسکی بنا پر دستور ساز اسمبلی کو توڑا گیا ہے (شور)۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور۔ ۹۔ مسلم) — حضور والا میں یہ استدعا کرتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کو رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے۔ مجھے تعجب ہے کہ عرصے سے مسلسل اور پیہم اس

قانون کے خلاف عوام کی طرف سے صدائے احتجاج بلند کی جا رہی ہے اور دوسرے مسلم لیگ کے ۱۵ سے لیکر ۲۰ ارکان اسمبلی نے جن کے نام آج میں نے اخبارات میں دیکھے ہیں اس طریقے کے سخت خلاف ہیں جس طریقے سے اس بل کو پاس کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے حکومت سے استدعا کی ہے کہ موجودہ طریق سے اس اہم بل کو پاس نہ کیا جائے بلکہ فی الحال اسے واپس لے لیا جائے۔ ان تمام واقعات کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس امر میں کسی شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی کہ یہ مسودہ قانون اس صورت میں عوام کے لئے قابل قبول نہیں ہے اور عوام اس کو ہرگز ہرگز برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اگر ہمارے بزرگان یہ بات تسلیم کرتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک معزز رکن اس صوبے کی ایک لاکھ آبادی کی نمائندگی کا حق ادا کر رہے تھے تو پھر اگر بیس آدمی ان کی اپنی جماعت مسلم لیگ کے اس بل کے خلاف صدائے احتجاج بلند کر رہے ہیں تو میں پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ صرف اسی بنا پر ۲۰ لاکھ افراد آپ کے اس مسودہ قانون کے خلاف ہیں۔ عزت مآب وزیر تعلیم صاحب کو اگر اس چیز کا علم نہیں تو میں ان کی یادداشت کو تازہ کرنے کے لئے ان کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ اس صوبے کے طلبا کی مجالس اور طلبا کی انجمنیں اور ان کی مختلف organizations جن سے اس بل کا براہ راست تعلق ہوگا آپ کے اس مسودہ قانون کی بڑی شدت سے مخالفت کر رہی ہیں۔ انہوں نے اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرنے کے لئے ایک دستی چٹھی ہم سب کو ارسال کی ہے۔ اگر حضور اجازت دیں تو میں اس کا ایک مختصر سا اقتباس وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں پیش کروں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ ''یہ مسئلہ پاکستان کے مستقبل کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ کتنے افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے وزیر تعلیم جو کہ تعلیم کی بہتری کی بجائے اور زیادہ خرابی کا باعث بنے ہوئے ہیں اب اپنے لئے یونیورسٹی میں بھی پرو وائس چانسلر کا عہدہ پیدا کر رہے ہیں''۔

حضور والا—اس کے علاوہ اس کی اور وجوہات بھی ہو سکتی ہیں لیکن سر دست میں ان دلائل اور واقعات اور ناقابل تردید حقائق کے پیش نظر پورے وثوق سے یہ عرض کرتا ہوں کہ آپ کے اس صوبے کے عوام موجودہ صورت میں آپ کے اس مسودہ قانون کو قابل قبول نہیں سمجھتے ہیں اور اس کو کسی صورت میں بھی قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ اگر آپ کے دل میں عوام کے جذبات کا تھوڑا سا بھی احترام ہے اور اگر آپ کے دل میں اپنے رفقا کے جذبات کا احترام ہے تو آپ کو اب بھی اس جلد بازی اور غیر ضروری تعجیل سے باز آ جانا چاہئے۔

حضور والا—اس کے علاوہ میرے پاس اور بھی کئی وجوہات ہیں جنکی روشنی میں میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ اس بل کو استصواب رائے عامہ کے لئے مشتہر کرنا نہایت ضروری ہے۔ آپ کا یہ مسودہ قانون آپ ہی کے ارشاد کے مطابق آپ کی یونیورسٹی کمشن کی رپورٹ پر مبنی ہے۔ اس رپورٹ کے صفحہ ۱۷ پر مختصراً تعلیم کا مقصد اور اس کا نصب العین جو کسی درسگاہ یا کسی دارالعلوم کے سامنے ہونا چاہئے یوں بیان کیا گیا ہے :—

"It is usual with University Commissions to preface their reports with a chapter dealing with the aims and objects of University education. We have not followed this procedure, because we feel that a great deal has been written on this subject before. The Islamic idea of a dynamic and all-embracing society, knowing no recial or geographical bounds, and knit together by a sense of universal brotherhood based on spiritual, moral and economic values, requires for its realisation not the pursuit of any fixed or rigid aims, but the observance of equally dynamic and all-embracing principles of human life. The creation and maintenance of such a social order require women of a high intellectual and moral calibre-men of thought and action, inspired by but not resting content with the achievements of the past, ever looking ahead and striving to reach greater heights of knowledge and wisdom, and imbued with the spirit of service and sacrifice for every noble cause. The dominant aim of University education should be to provide every facility and opportunity for the creation of such men".

حضور والا—اسلامی Idea of Education کا ایک خاص تاثر ہم پر ہونا چاہئے جس کے ماتحت ہمیں اپنی درسگاہوں اور دارالعلوم کا قیام عمل میں لانا چاہئے۔ ہمارا اپنا ایک خصوصی نصب العین ہے جسکے مطابق ہمیں اپنے درسگاہوں کی تاسیس اور اپنے مقصد کے حصول کا اہتمام کرنا ہے۔ جیسا کہ عزت مآب مولانا غزنوی نے ابھی ابھی فرمایا ہے مجھے آپ کے اہل علم پر تعجب ہے کہ جب پاکستان کا قیام ہی ایک اسلامی نظریہ حیات کے نقطہ نگاہ سے عمل میں آیا تھا تو پھر آپ اسلامی نصب العین کے مطابق اسلامی تعلیم کی تشکیل و تاسیس اسی خصوصی نقطہ نگاہ سے سے کیوں نہیں کرتے ؟ اسکے علاوہ میں یہ چاہتا ہوں کہ اس سر زمین پاکستان میں ایسے فارغ التحصیل ادیب و فاضل لوگ تیار کئے جائیں۔ جو علمی تحقیقات ۔ عمل اور تجربے کے اعتبار سے قلب و نظر کی وسعت اور بلندی کے لحاظ سے اسلامی سانچے میں ڈھلے ہوئے ہوں اور جو اسلام کے شاندار ماضی کو از سر نو بحال کرکے اسلام کے نشاۃ ثانیہ Renaissance کا موجب بنیں جناب والا اب بھی یہاں ایسے ایسے ماہرین علوم و ماہرین فن تعلیم موجود ہیں جن کے تبحر علمی کو دنیا مانتی ہے ہم عزت مآب وزیر تعلیم سے استدعا کریں گے کہ وہ ان ماہرین کی رائے سے استفادہ کریں ۔ ہمارے نظام تعلیم کی اصلاح کے سلسلے میں ڈاکٹر اشتیاق

حسین قریشی نے مورخہ ۲۳ جنوری کو پاکستان سائنس کانفرنس میں جن خیالات کا اظہار کیا تھا ان میں سے ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیے۔

"Pakistan came into existance with a definite purpose to find out a homeland for the Muslims of undivided India where they could live according to the Islamic ideals and work freely for their propagation".

اسکے بعد انہوں نے فرمایا :—

"This object could be achieved only when there was a better understanding among the people of the ideals and the principles for which they got their homeland."

اسکے بعد انہوں نے فرمایا ہم اس مقصد کے حصول اور فرائض کی بجا آوری کس طرح سے کر سکتے ہیں :—

"A better understanding of the islamic principles and ideals could be created by working on the minds of the children at an early age, when their minds are 'impressionable'. Clear minds were more responsive and could have better impressions of the things they were taught. This problem could be solved by giving Islamic bias to education. In the United States of America and the United Kindgom there was a bias towards Christianity."

اگر میں مذکورہ بالا خیالات کا اظہار کرتے وقت ڈاکٹر صاحب کے نام نامی کا تذکرہ نہ کرتا اور انہی خیالات کو اصل مفکر کا اسم گرامی بتائے بغیر بیان کرتا تو ہماری وزراتی پارٹی کے لوگ ان خیالات کو کسی مسجد کے ملا یا دقیانوسی مولوی کے نام سے منسوب کرکے اسکی تہمت ملائیت کے علمبرداروں کے نام عاید کرتے۔ اب حضور والا ڈاکٹر محمود حسین جو پہلے پاکستان کے وزیر تعلیم رہ چکے ہیں کے خیالات ملاحظہ فرمائیے۔

"Mere introduction of "Theology" in educational curricula was not sufficient for achieving the objects for which the State was created. The present system of education had no aim. The present educational system should be reorientated in a manner that would provide with an aim and object. In Pakistan the teachings of Islam were already known and could be followed in the educational system. Therefore the fundamental aim of education in Pakistan should be to build up an Islamic society and to raise individuals to the status prescribed by Islam. It was wrong to say that Islam or Quran did not give a complete code of life. It was true that Islam did not give ideas to mathematicians, but the fundamentals of life were prescribed by Islam. All fundamentals required for individuals and good society were present in the Quran. If the people accepted the fundamentals of Islam and practised them in their daily life, there would remain "no evil", because Islam preached the principles of brotherhood and equality of men and freedom. These principles covered all good political, social and economical systems. Above all, the conception of "tauheed" restrained people from indulging in "evil". For giving an Islamic colour to the minds of the people, it was necessary to introduce Islamic principles in the curricula and to create an Islamic atmosphere in the educational institutions. The process should begin from the school stage."

حضور والا —اسکے بعد انہوں نے بالاخر جو کچھ فرمایا اس کا لب لباب یہ ہے کہ ہم بظاہر تعلیم کو صحیح معنوں میں اسلامی رنگ میں رنگ دیں۔ ہمارا مقصد اسلامی نظر یہ حیات ہے ہم دین کے تقدس میں یقین رکھتے ہیں اسکے لئے ہمیں کوشاں رہنا چاہئیے تاکہ منزل مقصود تک پہنچ سکیں۔ اسلئے نظام تعلیم میں جب تک بنیادی تبدیلیاں نہ کی جائیں گی

حصول مقصد محال ہے۔ ہم لوگ انگریزوں کی قائم کردہ درسگاہوں کی پیداوار ہیں اور اس لحاظ سے انگریزی مصنوعات کا نمونہ ہیں ہم پر غیر ملکی اور غیر اسلامی تمدن کا غلبہ اور تسلط ہو چکا ہے ۔ ذہن و قلب دونوں بدل چکے ہیں ہمارا نقطہ نگاہ یکسر بدل چکا ہے اور اس پر ملحدوں اور زندیقوں کے الحاد و زندقہ کے پردے پڑے ہوئے ہیں۔ اب اس قسم کے لوگ اگر زبان پر اسلام کا نام لاتے ہیں تو ان کے دل تصدیق نہیں کرتے مگر اسلام کی شرط اقرار باللسان و تصدیق بالقلب ہے مذہبی سوسائٹی کے تذکرہ میں جو لوگ کہتے ہیں

Give unto God what is God's but also
Give unto Ceasoor what is Ceasoor's

ان کے سامنے مذہب کا نام لینا رجعت پسندی کی دلیل سمجھا جاتا ہے ۔ حضور والا میں چاہتا ہوں کہ ہم قابل فخر اور شاندار اسلامی روایات کو از سر نو زندہ کریں اور تمام لا دینی رجحانات کو خارج کر دیں جو کہ جگہ جگہ ابھر رہے ہیں۔ میں عزت مآب وزیر تعلیم کی خدمت میں محکمہ تعلیم کے سیکرٹری اس سرکلر کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو انہوں نے کچھ عرصہ پیشتر دینیات کے مضمون کو رواج دینے کے وقت جاری کیا تھا ۔

Mr. Speaker: Is it relevant.

چودھری محمد افضل چیمہ— مولانا داؤد غزنوی صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ لوگ اسلام سے بے بہرہ ہیں ان کو ان خیالات سے بالاتر ہونا ہے ۔

قاضی مرید احمد— (شاہ پور—نمبر ۴— مسلم) حضور والا — میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ :—

''مسودہ قانون پنجاب یونیورسٹی کو رائے عامہ دریافت کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے اور تین ماہ کے اندر ایوان ھذا میں دوبارہ پیش کیا جائے ''—

صدر محترم — اس تھوڑے سے عرصے میں یونیورسٹی کمشن رپورٹ بالکل نہیں دیکھی جا سکتی کیونکہ یہ رپورٹ چار پانچ سو صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس لئے اگر میں یہ کہہ دوں کہ رائے عامہ کو بے رحمی کے ساتھ ٹھکرا دیا گیا ہے تو یہ مبالغہ نہیں ہوگا ۔

حضور والا ۔ اسمبلی کے ممبران— پنجاب کے اخبارات ۔ وکلا ۔ علماء اور طلبا نے نیو پڑھے لکھے تمام طبقات نے یہ مطالبہ کیا ہے کہ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے مشتہر کیا جائے ۔ یہاں تک کہ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی میں میں نے اور چند دیگر معزز اراکین نے پرزور مطالبہ کیا

کہ یونیورسٹی بل ہماری آنے والی نسلوں پر اثر انداز ہوگا اس واسطے اس پر زیادہ سے زیادہ غوروخوض کیا جائے۔

صاحب سپیکر— مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کی کاروائی کو زیر بحث نہ لائیں۔

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میں نے مسلم لیگ اسمبلی پارٹی میں اسی بل کے متعلق ہی احتجاج کیا تھا کہ اسے پارٹی میں کیوں پیش نہیں کیا جاتا۔

صاحب سپیکر—میں نے کہا ہے کہ کس پولیٹیکل پارٹی میں جو چیز ہو اس کے متعلق یہاں بحث نہیں ہو سکتی۔

قاضی مرید احمد—حضور والا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی نظروں میں مسلم لیگ اسمبلی پارٹی بھی ناقابل اعتبار ہے۔

صاحب سپیکر— پارٹی میں جو کارروائی ہو آپ اس کو یہاں زیر بحث نہیں لا سکتے۔

قاضی مرید احمد—میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے اس بل کو متداول کرنے کا مطالبہ ایک جائز مطالبہ تھا (رانا غلام صابر—گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے)۔

Minister of Education: On a point of order, Sir. This fact is wrong and at the same time the honourable member cannot be described the proceedings of the Assembly Party.

Mr. Speaker: The honourable member should not discuss what happend in the Party.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir, The Honourable Minister of Education raised a point of order and tried to intimidate the honourable member not to say certain things. My point is this that you have not given your decision whether that was a point of order or not. Was it not a frivolous point of order?

Mr. Speaker: The point of order was correct.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. Am I to understand that no reference should be made to a political party?

Mr. Speaker: The objection was taken to the honourable member saying something about what had happened in a political party and I said that that matter could not be brought under discussion here.

Mr. C. E. Gibbon: Suppose there is not only one political party, but there are so many political parties in the country, then even no reference can be made to any party.

Mr. Speaker: The honourable member can express his own opinion.

Mr. C. E. Gibbon: He cannot talk about his party, but he can say that some other party has done so and so.

Mr. Speaker: I have ruled that the honourable member cannot discuss what happened with regard to this Bill or any other bill in his party.

قاضی مرید احمد—میں یہ کہہ رہا تھا کہ جس طرف سے بھی خواہ وہ لیگ اسمبلی پارٹی تھی یا کوئی اور ادارہ یہ مطالبہ کیا گیا کہ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے متداول کیا جائے اس سے بلا وجہ گریز کیا جاتا رہا یہاں تک کہ آج آخری سٹیج پر بھی اس سے گریز کیا جا رہا ہے۔

صاحب سپیکر—آپ اس کا ذکر نہ کریں۔ پارٹی میں جو کچھ ہوا ہے میں اس کو زیر بحث لانے کی ہرگز اجازت نہیں دوں گا۔

قاضی مرید احمد—جناب والا میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ جہاں تک مذہب اور ہماری قومی زبان اردو کا تعلق ہے ان کے ساتھ جناب وزیر تعلیم نے جس بے رحمی اور بے دردی کا سلوک کیا ہے وہ ایک سوتیلی ماں اپنے سوتیلے بیٹے کے ساتھ بھی روا نہیں رکھتی۔ (شیم۔ شیم) جس نعرے اور جس اسلام کے مقدس نام پر یہ ملک حاصل کیا گیا آج اسی اسلام کو حقیر سمجھا جا رہا ہے اور جس زبان کو متحدہ ہندوستان میں قومی زبان کا درجہ حاصل تھا وہی زبان آج پاکستان میں ایک اجڑے ہوئے مہاجر کی طرح بے یارو مدد گار نظر آتی ہے۔ (وزیر زواعت -- Question) اگرچہ یونیورسٹی میں انگریزی۔ ڈاکٹری اور (جیسا کہ مولانا داؤد غزنوی صاحب نے فرمایا ہے) دندان سازی تک کا تو اہتمام کیا گیا ہے لیکن اردو اور مذہبی تعلیمات کو ثانوی بورڈ میں ثانوی حیثیت دیکر ایک دم چھلے کی طرح لگا دیا گیا ہے۔ یعنی مذہبی تعلیم اور اردو زبان کو ایسے مقام پر رکھا گیا ہے جہاں انہیں ثانوی حیثیت حاصل ہو گی۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ انگریزی کو مقام اولین حاصل ہے، فلسفے کی اولیت تسلیم کر لی گئی ہے یہاں تک کہ دندان سازی کو خاص درجہ نصیب ہو سکا لیکن اگر کوئی مقام اور حیثیت حاصل نہیں تو مذہب اور اردو کو حاصل نہیں۔ مجھے شرمندہ ہو کر یہ کہنا پڑتا ہے کہ اسلامی تعلیم اور اردو زبان کو غیر ضروری سمجھا گیا ہے اور جس مقام کے وہ مستحق تھے انہیں نہیں دیا گیا۔

پھرتے مہ خوار کوئی پوچھتا نہیں

حضور والا — دینی تعلیم کے متعلق مولانا داؤد غزنوی صاحب نے جو کچھ فرمایا ہے کوئی شخص ان سے اختلاف نہیں کر سکتا اور میں خوش ہوں کہ جناب وزیر تعلیم نے مولانا داؤد غزنوی صاحب کا یہ مطالبہ زبانی طور پر تو تسلیم کر لیا اور وعدہ بھی فرمایا کہ اسلامی تعلیمات کو وہی مقام دیا جائیگا جو دیگر مضامین کو دیا گیا ہے

اگرچہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وعدہ انشاءاللہ تعالیٰ معشوقانہ وعدہ ہی ثابت ہوگا (خوب ۔ خوب) حضور والا— میں جناب وزیر تعلیم اور مسلم لیگ اسمبلی پارٹی سے یہ گذارش کروں گا کہ انہیں چند مہینوں کے بعد عوام کے سامنے پھر بھی جانا پڑیگا لیکن کیا بات ہے کہ ہر معاملے میں عوامی مطالبات سے گریز اور انتہائی راز داری اختیار کی جاتی ہے ۔ فروری اور مارچ سے لیکر آجتک جناب وزیر تعلیم سے ہم یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ یونیورسٹی بل جو خدا جانے کس بل میں گھسا ہوا ہے عوام کے سامنے لائیں لیکن ہر مرتبہ یہی کہا گیا کہ وہ عنقریب آپ کے سامنے آ جائیگا ۔ وعدوں پر وعدے ہوتے ہیں لیکن ''وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو گیا'' حضور والا آج یہ بل ہمارے سامنے لایا گیا ہے میں پوچھتا ہوں کہ کون آدمی ہے جو چند گھنٹوں میں ۵۰۰ صفحات کی رپورٹ کو از بر کر لے ۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمیں دیدہ دانستہ اس پر غور کرنے کیلئے وقت ہی نہیں دیا گیا اس لئے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ ممبران اسمبلی کی حق تلفی کی گئی ہے اور جہاں تک عوام کا تعلق ہے ان سے پردہ داری کر کے ایک بہت بڑے جرم کا ارتکاب کیا گیا ہے عزت مآب وزیر تعلیم اس بل کو جلدی سے پاس کرانا چاہتے ہیں اس لئے وہ اسے ایسے رنگ میں لے آئے ہیں جیسے چور چوری کرتے وقت خفیہ اور فوری اقدام کرتا ہے ۔ ہم یقیناً عوام کے نمائندے ہیں اور جس مسئلہ پر بحث کرتے ہیں کھل کر کرتے ہیں۔ عوام مطالبہ کرتے ہیں۔ ممبران اسمبلی پکار پکار کر کہ رہے ہیں۔ علماء طلبہ اور اخبارات اصرار کر رہے ہیں کہ یونیورسٹی بل ہمارے سامنے لایا لایا جائے لیکن ساری قوم کے جائز مطالبہ کو سر پائے استحقار سے ٹھکرا دیا جاتا ہے اور اس بل کو بیچ در بیچ بلوں میں گھسیڑ دیا جاتا ہے ۔ جناب والا مجھے جناب وزیر تعلیم کی نیت پر کوئی شبہ نہیں لیکن ان کے طریق کار سے عوام کو کم از کم ان کی نیت پر ضرور شبہ ہے۔ حضور والا سوالات کے گھنٹے میں یہاں چھوٹے چھوٹے معاملات آتے ہیں جن کے متعلق یہ کہہ دیا جاتا ہے کہ ان کا جواب دینا مفاد عامہ کے خلاف ہے۔ گویا مفاد عامہ کا بڑا خیال رکھا جاتا ہے۔ لیکن اخبارات اور عوام پکار پکار کر کہتے ہیں کہ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے مشتہر کیا جائے تو مفاد عامہ کے نگہبان ٹس سے مس نہیں ہوتے اور جیسے مداری کے پٹارے سے کوئی چیز نکلتی ہے یونیورسٹی بل جھٹ سے نکال لیا جاتا ہے۔ میں جناب وزیر تعلیم سے یہ کہوں گا کہ اگر عوام کے اس مطالبہ کو تسلیم کرکے اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے

کیلئے مشتہر کر دیا جائے تو اس سے کوئی پہاڑ نہیں ٹوٹ پڑے گا۔ دو تین مہینوں کے بعد اگر اسمبلی قائم رہی تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ عوام کی حمایت کے ساتھ ساتھ ہماری تائید بھی انہیں حاصل ہو گی۔ ہم حزب اختلاف کی طرح ہر چیز کی مخالفت نہیں کریں گے۔ جو چیز اچھی ہوگی اس کی سو فیصدی تائید ہمارا فرض ہوگا ۔ حضور عربی صلعم کے ارشاد کے مطابق کہ جہاں جھوٹ کا سر اونچا ہو رہا ہو اور صداقت کو چھپایا جا رہا ہو تو اس وقت خاموش بیٹھنے والا شیطان اخرس ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ معزز ممبران اسمبلی کا یہ فرض ہے کہ جب صداقت کو چھپایا جا رہا ہے تو وہ خاموش نہ رہیں تاکہ حضور عربی صلعم کے قول کے مطابق وہ شیطان اخرس نہ بنیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں یہ گذارش کروں گا کہ اس مسودہ قانون کو تین ماہ کیلئے بغرض حصول رائے عامہ مشتہر کیا جائے ۔

میاں محمد شفیع— (منٹگمری - ۷ - مسلم مخصوص نشست) - جضور والا۔ میں اس ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرنے کیلئے کھڑا ہوا ہوں کہ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے ۳۱ مارچ ۱۹۵۵ء تک مشتہر کیا جائے۔ حضور والا میں آپکو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ میری مخالفت برائے مخالفت نہیں۔ بلکہ میں آپوزیشن کو ایک مقدس فریضہ سمجھتا ہوں۔ میں اس ایوان کے معزز اراکین کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ یہاں صرف صوبہ کے ایک سیکشن ہی کے نمائندے نہیں بلکہ اس صوبے کی تمام آبادی کی نمائندگی کرنا آپکا فرض ہے۔ جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم تو اپنی صوابدید کے مطابق آپکی خدمت میں اپنی معروضات پیش کرتے ہی رہینگے ۔

حضور والا۔ پچاس سال کے بعد ۱۹۰۴ء میں پنجاب یونیورسٹی ایکٹ پیش ہوا تھا آج پھر پچاس سال کے بعد یہ مقتدر ایوان دوبارہ اس قانون پر غور کرنے کیلئے مجتمع ہے۔ اور اسکی ترمیم کا مسودہ اسکے سامنے پیش ہے۔ حضور والا آپکو معلوم ہے اور قائد ایوان کو معلوم ہے کیونکہ وہ خود اس صوبے کے وزیر تعلیم رہ چکے ہیں کہ صوبے میں ایک سرے سے دوسرے تک ایک شور مچا ہوا ہے۔ اخبارات کے کالم ہوں یا پبلک کے ملازمین۔ یونیورسٹی پروفیسر ہوں یا سٹوڈنٹس فیڈریشن کے اراکین ۔ علما حضرات ہوں یا اس مقتدر ایوان کے ممبران ۔ ان سب کا یہ متفقہ مطالبہ ہے کہ اس قانون کو ایسی صورت دی جائے کہ اب پھر پچاس سال کے بعد ہی اس میں کوئی ترمیم کرنے کی ضرورت پیدا ہو۔ میں سمجھتا ہوں حضور والا کہ انکا یہ

مطالبہ اس قدر معقولیت پر مبنی ہے کہ ایوان کو اس پر ضرور غور فرمانا چاہئے ۔ مجھے ذاتی طور پر تو اسکا علم نہیں لیکن میرا قیاس یہ ہے کہ پنجاب اسمبلی ابھی نہیں ٹوٹے گی ۔ اسلئے ہمیں اس بل کے سلسلہ میں کسی نا روا عجلت کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہئے بلکہ اس پر ٹھنڈے دل سے غور کرنا چاہئے ۔ بلکہ صوبہ کے سنجیدہ طبقہ کو موقع دینا چاہئے کہ وہ اس پر اپنی آرا کا اظہار کر سکے ۔ کیونکہ جس صورت میں یہ بل اس وقت ہمارے سامنے پیش ہے یہ ایک شاہکار ہے آمریت کا ۔ یہ ایک شاہکار ہے ان شکوک وشبہات کا جو ہمارے حکمران طبقہ میں عوام کے خلاف پائے جاتے ہیں آپکو معلوم ہے کہ آج سات سال کے بعد پاکستان ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں سے آمریت اور جمہوریت کے راستے پھوٹتے ہیں۔ ایک راستہ آمریت کی طرف نشاندھی کرتا ہے اور دوسرا جمہوریت کی طرف ۔ حضور والا میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس بات کیلئے جوابدہ اور مکلف ہیں کہ جمہوریت کا راستہ اختیار کیا جائے کیونکہ وہ دین مقدس جسکے ہم نام لیوا ہیں اسکے مقتضیات یہی ہیں۔ وہ دیکھیں کہ وہ اس بل میں کس قسم کی باتیں لا رہے ہیں ! اس میں جو پرو وائس چانسلر کا عہدہ بنانے کی کوشش کی گئی ہے اسکے نتائج کتنے خطرناک ہو سکتے ہیں ۔ علاوہ ازیں حضور والا آپ دیکھینگے کہ یونیورسٹی کیلے جو اتھارٹیز مقرر کی گئی ہیں ان میں نامزد گیوں کی بھرمار ہے۔ انتخابات کا ذکر کہیں نہیں۔ وہ سینیٹ ہو یا سنڈیکیٹ ۔ اکیڈیمک کونسل ہو یا ڈسپلینری کمیٹی ۔ سب میں اکثریت ان اراکین کی ہے جو نامزد کئے جائینگے ۔ انہیں عوام پر جو بے اعتمادی ہے اسے وہ تعلیمی اداروں میں بھی بے جا رہے ہیں۔ یہ چیزیں ہمیں آمریت کی طرف لے جائینگی اور ہم ہی نہیں بلکہ ہماری آنے والی نسلیں بھی ہماری بے علمی کا ماتم کرینگی ۔ اس قانون کو منظور کرنے میں ہماری عجلت ایک ایسے اصول کو ترویج دیگی جو ہماری قومی زندگی کے منافی ہے ۔ اسکے مقابلے میں حضور والا بعض دیگر ممالک میں ــ میں یہ نہیں کہتا سب ممالک میں ــ عوام پر یہاں تک اعتماد کیا جاتا ہے کہ وہاں چانسلر کو بھی طلبا' خود منتخب کرتے ہیں۔ لیکن یہاں پر چانسلر ہمارے صوبہ کے گورنر ہونگے ۔ انکے اختیارات غیر محدود ہیں ۔ وہ جیسے جی چاہے یونیورسٹی کے معاملات میں دخل دے سکتے ہیں۔ وہ اپنے اختیارات پرو چانسلر کو منتقل کر دینگے اور پرو چانسلر صاحب سینیٹ اور سنڈیکیٹ کو اپنے ارادے اور خیال کے مطابق تشکیل دینگے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دیکھئے

آپ دوسرے اسلامی ملکوں کیلئے ایک شمع لے کر کھڑے ہوئے ہیں۔ دوسرے اسلامی ممالک ہماری طرف دیکھ رہے ہیں کہ یہ ملک اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا۔ اسلئے ہمیں اپنے آپ کو ایک مثالی اسلامی ملک بنانا چاہئے۔ ہمیں اپنے طلبا کو ذمہ دار سمجھ کر یہ موقعہ دینا چاہئے کہ وہ اپنی یونیورسٹی کے معاملات کو خود چلائیں۔

15	Khalid Mahmood Shafi	Ch. Muhammad Shafi ..	District Panchayat Officer, 30-G Block, Model Town, Lahore.	13-10-39	501
16	Qamarul Zaman Khan ..	Khan Faiz Muhammad Khan.	Addl. Deputy Commissioner, Montgomery ..	2-10-39	495
17	Jahangir Malik ..	Abdul Hamid Malik ..	Public Prosecutor, 72, Mozang Road, Lahore ..	30-9-37	484
18	Muhammad Aslam Raja	Raja Abdul Majid ..	Compulsory Education Officer, D. I.'s Office, Jhelum.	3-11-38	466
19	Shaja Ahmed Mirza ..	Mirza Abdul Hamid ..	C/o R. S. Mirza, C. H. V. Health Centre, Campbellpur.	10-4-39	469
20	Sajjad Ahmad Nazim	Sardar Muhammad Nazim.	Tehsildar, Chiniot, (District Jhang)	26-2-38	444
21	Muhammad Iqbal ..	Malik M. Ramzan ..	Suraki, Bhakkar, District Mianwala	7-1-38	442
22	Ijaz Ahmad Khan ..	K. B. Capt. Noor A. Khan.	4, Mozang Road, Lahore	23-8-38	433
23	S. Zakir Hussain Shah	S. Abbas Ali Shah ..	133, Bakery Road, Rawalpindi Cantt.	1-11-39	418
24	Muhammad Khan ..	Sub. Maj. Ali Akbar ..	Village and P. O. Naushahra, Tehsil Khushab, District Sargodha.	1-1-39	416
25	Zafar Habib ..	Shaukat Habib ..	C/o Sh. Muhammad Siddique, Khizri Street, Inside Sheranwala Gate, Lahore.	10-3-39	398
26	Muhammad Saeed Rathore.	Ghulam Rasul Rathore	House No. M-4/1029, Hazro (Distt. Attock) ..	11-1-38	398
27	S. Dilawar P. Gilani ..	R. B. Balwal Shah ..	Amarpura, M/996, Rawalpindi City	6-1-39	455
28	Arif Hamid ..	Mian Hamid-ud-Din ..	Advocate, 8, Fane Road, Lahore	21-11-38	435
29	Monawar Khan ..	Malik Maula Bakhsh ..	63/1, Railway Station Road, Civil Line, Sargodha	1-10-37	500
30	Mir Saadat Ullah ..	Mir Abdur Rahman ..	Superintending Engineer, No. 6, Indus Road, Wah Cantt.	9-2-38	364
31	Ghulam Hassan ..	Ghulam Rasul ..	Malik Ghulam Rasul, Grain Market, Phullarwan, District Sargodha.	1-3-39	428
32	Sarfraz Ahmed Usman	Ch. Muhammad Sadiq Cheema.	Spl. Tehsildar, Sohadra, Tehsil Wazirabad, Distt. Gujranwala.	6-11-38	445

STATEMENT SHOWING NAMES OF SCHOLARSHIP HOLDERS IN THE 8TH CLASS PUNJAB CADET COLLEGE, HASAN ABDAL

Serial No.	Name of Cadet	Father's Name	Address	Monthly income of the father or guardian	Amount of Scholarship sanctioned for the year	Remarks
				Rs. Per mensem	Rs. Per annum	
1	Abdul Ghafoor ..	Tufail Muhammad Awan	General Staff Branch (S. D. 4), G. H. Q., Rawalpindi	184	1,200	
2	Ashfaq Ali ..	Syed Mashooque Ali ..	House No. O/429, Mohalla Kartarpura, Rawalpindi	100	1,200	
3	Javed Akhtar (II) ..	M. Muammad Yaqoob Khan	Teacher, Pakistan Model High School, Lyallpur	150	1,200	
4	Sikandar Hayat ..	Abdul Hafiz Khan	Kothi Baradari, Qila Sheikhupura ..	200	1,200	
5	Zia-ur-Rehman ..	Malik Faiz Rasul Kulvi	Namburdar Chak No. 42/E. B., Tehsil Pakpattan, District Montgomery	300	1,200	
6	Shamsul Haq ..	Khan Imdad Hussain ..	Jhall Khana, Satiana Road, Lyallpur ..	109	1,200	
7	Khazar Hayat ..	Nawab Khan ..	Village and P. O. Dharobi, Tehsil Chawal District Mianwali.	400	1,200	
8	Muhammad Zarif ..	Major Ghulam Hussain	House No. J-309, Talain Shahan, Murree Road, Rawalpindi	336	1,200	
9	Nisar Ahmed ..	Rashid Ahmad Zahid ..	Senior Auditor, Punjab Civil Secretariat, Lahore	380	900	
10	Amir Ali Khan ..	Muzaffar Ali Khan ..	Barkat Shah's Haveli, Mohallah Chah Pichwara, Mozang, Lahore ..	375	900	
11	Naseem Ahmad Khan ..	Mr. Mushib-ud-Din ..	Professor, Punjab Agricultural College, Lyallpur	390	900	
12	Hashim Masood ..	Masood Alam Khan ..	Station Supply Depot, Rawalpindi ..	450	900	
13	Javed Hamid ..	Abdul Hameed Khan ..	C/o Steward Welfare Centre, Chaklala ..	200	900	
14	Jahangir Khan ..	Dr. Mrs. Hafiz Chaudhry	32, Gulberg Colony, F. C. C. P. O. (Lahore) ..	500	900	
15	Qamar Manzoor ..	Manzooruddin Ahmed ..	Secretary, Textile Mills, T. D. A. Bhakkar, District Mianwali	400	900	
16	Saeed Mehdi ..	Mr. Ali Ahmed Jaffery	20, Rajgarh Road, Lahore ..	555	600	
17	Masood Akhtar ..	Capt. Fazal Aleem Khan	22, Lawrence Road, Lahore ..	700	600	

STATEMENT SHOWING NAMES OF SCHOLARSHIP HOLDERS IN THE 9TH CLASS PUNJAB CADET COLLEGE, HASAN ABDAL 1954

Serial No.	Name of Cadet	Father's Name	Address	Monthly income of the father or guardian	Amount of scholarship sanctioned for the year	Remarks
				Rs. per mensem	Rs. per annum	
1	Syed-ul-Zaman Cheema	Ch. Barkat Ali ..	Village Begowala, Tehsil Daska, District Sialkot ..	225	1,200	
2	M. Ghulam Samdani ..	Rehmat Ali ..	Mohalla Ashraf Din, Rahim Yar Khan, P. O. Bahawalpur State.	200	1,200	
3	Arif Ali ..	Sh. Zafar Ali ..	House No. 8, Mubarak Manzil, Mubarak Park, Poonch Road, Lahore.	253	1,200	
4	Mansoor Mahmood ..	Sh. Inayat Ullah ..	House No. 8/15 D, Block, B, Samnabad, Lahore ..	250	1,200	
5	Ahmed Zaman Khan ..	Nasir-ud-Din Khan ..	38, Hospital Road, Sialkot City	280	1,200	
6	Jamil Ahmed Shahid ..	Muzaffar Hussain ..	Railway Quarter 33/A, Railway Station, Pakpattan ..	205	900	
7	Samiullah ..	Zakaullah Khan ..	C/o Lt. Col. Raja M. Abdullah, M. L. A., Member, RPAF Board of Governors, Wazirabad.	500	900	
8	Omar Khan ..	Dr. Mrs. Hafiz Ch. ..	C/o A. M. Malik, 32, Gulberg Colony, P. C. C. P. O. Lahore.	500	900	
9	Muhammad Pervaiz ..	M. Fazal Elahi ..	House No. 10, Mayo Road, Muhammad Nagar, Street No. 8, Lahore.	500	900	
10	Nayyar Manzoor ..	Manzoor-ud-Din Ahmed	Secretary, Textile Mills, T. D. A. Bhakkar (Distt. Mianwali).	500	900	
11	Iqtidhar Ahmed ..	Ch. Nisar Ahmed ..	Addl. Revenue Assistant, Pillar Palace, City Road, Sialkot.	650	600	
12	Agha Karar Ali ..	Agha Iftikhar Ali ..	New Zealand Insurance Co., P. O. Box No. 155, Lahore.	600	600	
13	Aitzaz-ur-Rashid ..	Abdur Rashid Khan ..	Punjab Agricultural College, Layllpur	550	600	
14	Muhammad Daud ..	Muhammad Khalil ..	38, Iqbal Park Street, Saadi Park, Mozang, Lahore ..	1,500	600	

STATEMENT SHOWING NAMES OF SCHOLARSHIP HOLDERS IN THE 10TH CLASS, PUNJAB CADET COLLEGE HASAN ABDAL 1954

Serial No.	Name of Cadet	Father's Name	Address	Monthly income of the father or guardian	Amount of scholarship sanctioned for the year	Remarks
				Rs. per mensem	Rs. per annum	
1	Muhammad Ikram Ullah	Ch. Feroze Din ..	Chief Parcel Clerk, Railway Station, Sialkot City ..	130	1,200	
2	Abid Mahmood ..	Sh. Karm Elahi ..	Village Saman, P. O. Hazro, District Attock ..	56	1,200	
3	Zubair Masood ..	Pirzada Muhammad Din	1, Sundamn Street, Sant Nagar, Lahore	150	1,200	
4	Muhammad Shaiq ..	Mr. Maqsood Ahmad ..	11/A, Plaza Cinema Premises, The Mall, Rawalpindi..	240	1,200	
5	Zafar Hussain Naqvi ..	Muhammad Razi Naqvi	F/269, Bhabra Khana, Rawalpindi	207	1,200	
6	Qayyum Akhtar ..	Dr. Chiragh Ali ..	E/160, South Circular Road, Rawalpindi.. ..	300	1,200	
7	Muhammad Aijaz Akhtar	Capt. Fazal Elahi Khan	Coloyana Estate, P. O. Tehsil Okara, District Montgmery.	195	1,200	
8	Shamim Akhtar Tariq ..	Ch. Nazir Ahmad ..	Lecturer, Government College, Sargodha ..	450	900	
9	Pervaiz Hamid ..	Abdul Hameed Khan ..	C/o Steward Welfare Centre, Chaklala	200	900	
10	Tariq Muhammad Amin	Muhammad Amin ..	Asstt. Secy. 4339, Gowalmandi Road, Rawalpindi ..	415	900	
11	Aftab Hussain ..	Sajjid Ashfaq Husain ..	Teacher, Cantt. Public School, Peshawar ..	355	900	
12	Rashid Latif ..	Mrs. Majid ..	Mrs. E. A. Hameed, Steward Welfare Centre, Chaklala	200	1,200	
13	Javed Rasool ..	Ghulam Rasul ..	Secretary, The Gujrat Central Co-op. Bank, Gujrat ..	700	600	

STATEMENT SHOWING NAMES OF SCHOLARSHIP HOLDERS IN THE I YEAR CLASS PUNJAB CADET COLLEGE, HASAN ABDAL, 1954

Serial No.	Name of Candidate	Father's Name	Address	Monthly income of the father or guardian	Amount of scholarship sanctioned for the year	Remarks
				Rs. Per mensem	Rs. Per annum	
1	Abdul Mannan Khan ..	Abdul Malik ..	House No. 43, Abdul Karim Road, Qilla Gujjar Singh, Lahore.	185	1,200	
2	Mian Abdus Sami ..	Mian Abdur Rashid ..	8, Chamba House Lane, Golf Road, Lahore ..	*Nil*	1,200	
3	Javed Iqbal Raja ..	Raja Ghulam Abbas ..	10, Sanda Road, Krishan Nagar, Lahore ..	58-11-0	1,200	
4	Mazhar Hussain Kawish	Muhammad Sarwar ..	Head Octroi Office, Sialkot Cantt. ..	90	1,200	
5	Khalid Latif ..	Kh. Abdul Latif ..	Contractor, Rangpura, Sialkot City ..	260	1,200	
6	Muhammad Nasir Chohan	Muhammad Hussain ..	Accounts Clerk, Quarter No. 873, Poonch Road, Samnabad, Lahore.	80	1,200	
7	Muhammad Naeem Khan	M. Bashir Ahmad Khan	House No. P-688, Ahmadpura, Saidpura Road, Rawalpindi.	220	1,200	
8	Akhtar Abbas ..	Lt. Col. Abbas Khan ..	Rtd. Army Officer, Chakwal, District Jhelum ..	227	1,200	
9	Muhammad Aslam Raja	Raja Abdul Majid ..	Compulsory Education Officer, D. I's. Office, Jhelum.	180	1,200	
10	Shuja Ahmad Mirza ..	Mirza Abdul Hamid ..	C/o R. S. Mirza, C. H. V. Health Centre, Campbellpur.	*Nil.*	1,200	
11	Muhammad Iqbal ..	Malik Muhammad Ramzan Suraki.	Bhakkar, District Mianwali ..	230	1,200	

Serial No.	Name of Candidate	Father's Name	Address	Monthly income of the father or guardian	Amount of scholarship sanctioned for the year	Remarks
				Rs. Per mensem	Rs. Per annum	
12	Muhammad Khan ..	Sub. Major Ali Akbar ..	Village & P. O. Naushahra, Tehsil Khushab, District Sargodha.	220	1,200	
13	Zafar Habib ..	Shaukat Habib ..	C/o Sh. Mohd. Siddique, Khizri Street, Inside Sheranwala Gate, Lahore.	190	1,200	
14	Muhammad Saeed Rathore.	Ghulam Rasul Rathore	House No. M-4/1029, Hazro, District Attock ..	135	1,200	
15	Syed Dilawar Pervez Gilani.	R. B. Balawal Shah ..	Amarpura, M/996, Rawalpindi City ..	200	1,200	
16	Agha Mohsin Abbas Shah	Athar Abbas Shah ..	G-242, Liaqat Road, Rawalpindi ..	25	900	
17	Khalid Mahmood Shafi ..	Ch. Muhammad Shafi..	District Panchayat Officer, 30-G, Block, Model Town, Lahore.	290	900	
18	Syed Shah Babar ..	S. S. Inayat ..	Kot Shah Walayat, P. O. Garh, District Lyallpur.	420	600	
19	Arshad Naseer Virk ..	Ch. Naseer Ahmad ..	Deputy Director, Revenue Academy, Gujrat ..	750	600	
20	Aftab Ahmad Khawaja	Khawaja Aziz Ahmad	C/o Kh. Aziz Ahmad, P.S.E., S.D.O., Hydel Project, Gujranwala.	495	600	

CANCELLATION OF DECLARATION OF "TARJUMAN-UL-QURAN"

*3183. **Chaudhri Muhammad Afzal Cheema:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state whether the declaration of "Tarjuman-ul-Quran", a monthly publication of the Jamaat-e-Islami, has been cancelled ; if so, when and the reasons thereof?

Parliamentary Secretary (Khudeja Begum G. A. Khan): The declaration of Urdu monthly "Tarjuman-ul-Quran" has not been annulled and so the question of giving reasons does not arise.

FILM CENSOR BOARD

*3258. **Mr. C. E. Gibbon** : Will the Honourable Minister of Education be pleased to state the names of persons nominated to serve on the Punjab and N.-W. F. P. Joint Film Censors Board, for a period of 3 years from 1st January, 1954 ?

Parliamentary Secretary (Khudeja Begum G. A. Khan): The names of persons nominated to serve on the Punjab and N.-W. F. P. Joint Board of Film Censors, are given below. The members appointed by name will hold office for three years with effect from the 1st January, 1954 :—

NAME OF MEMBERS

Officials—

(1) Chief Secretary to Government, Punjab (*President*)

(2) Director Public Relations, Punjab (*Secretary*)

(3) Director Public Instruction, Punjab.

(4) Mirza Fazl-e-Rehman, Member Punjab and N.-W. F. P. Joint Public Service Commission. (As representative of N.-W. F. P. Government.)

(5) Home Secretary to Government, Punjab.

(6) Inspector-General of Police, Punjab.

(7) Director of Industries, Punjab.

(8) Deputy Commissioner, Lahore.

(9) Lt. Col. Mahmud Jan (Army representative).

(10) Mrs. Henry Lal, Principal, Lahore College for Women, Lahore.

(11) Malik Iftikhar Ali, Assistant Director, Public Relations.

Non-Officials—

(1) Captain M. Bashir, Registrar, Punjab University.
(2) Syed Imtiaz Ali Taj, Abbot Road, Lahore.
(3) Begum Jahan Ara Shah Nawaz.
(4) Begum Salma Tassaduque Husain.
(5) Allama Alla-ud-Din Siddiqi, M.A., LL. B.
(6) Mirza Khair-ud-Din Khurshid Jan, 78-C, Model Town, Lahore.
(7) Begum G. A. Khan.
(8) Sahibzadi Mahmooda Begum.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Hon'ble Minister of Education please say what is the criteria for the selection of non-officials to the Board of Film Censors?

Minister: There is no special criteria for this selection but certain eminent people who take interest in films and are able to give sound opinion, are selected.

Mr. C. E. Gibbon: Will the Hon'ble Minister of Education please refer to the list of non-officials and say whether at least three Hon'ble Lady Members of this House are nominated on the Board of Film Censors and none of them is from the Opposition?

Minister: Whenever a vacancy occurs we will appoint a lady member from the opposition.

PROMOTION OF ORIENTAL LANGUAGES

*3340. **Maulvi Muhammad Zakir:** Will the Honourable Minister of Education be pleased to state:—

(*a*) the steps taken by the Education Department since the Partition for the popularisation of instruction in and the promotion of Oriental Languages and in particular the promotion of the Islamic Arts, Sciences and Culture ;

(*b*) whether the Department has any plans for the future in this regard?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خدیجہ بیگم جی - اے - خان)—(الف) و (ب)— تقسیم سے انٹرمیڈیٹ اور ڈگری ہر دو جماعتوں میں اسلامیات کو بطور اختیاری مضمون رائج کرنے کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی کی سرپرستی میں اسلامک سٹڈیز ڈیپارٹمنٹ بھی قائم کر دیا گیا ہے۔ یہ شعبہ اسلامک سٹڈیز میں ایم اے اور پوسٹ گریجوئیٹ ڈپلوما کے لئے تعلیم دیتا ہے۔ اسلامک سٹڈیز کے نصاب میں تفسیر حدیث، فقہ، اسلامی تاریخ، عربی زبان اور ادب، تمدن اور تہذیب کی ترقی میں مسلمانوں کی کارگزاری شامل ہیں۔

پنجاب یونیورسٹی نے لیڈن انسائیکلو پیڈیا آف اسلام بزبان انگریزی کی بنیادوں پر اردو میں ایک انسائیکلوپیڈیا آف اسلام شائع کرنے کا کام اپنے ذمہ لے رکھا ہے۔ حکومت پنجاب اس کام میں امداد دے رہی ہے۔ خرچ کا اندازہ دس لاکھ ہے۔ یہ انسائیکلوپیڈیا اسلامک ریسرچ میں مصروف سکالرز کیلئے بے حد قیمتی ثابت ہوگی۔

میٹریکولیشن تک تمام مضامین میں اور انٹرمیڈیٹ میں امیدوار کی مرضی کے مطابق بعض مضامین میں اردو پہلے ہی بطور زبان تعلیم و امتحانات اختیار کی جا چکی ہے۔

ڈیوک پکتھال کا قرآن پاک کا انگریزی ترجمہ بی اے-بی ایس سی - ایم اے - ایم ایس سی کے امتحانات میں شامل ہونے والے تمام امیدواروں کو تقسیم کیا جائیگا۔

پنجاب کیڈٹ کالج حسن ابدال - لارنس کالج گھوڑا گلی - اور ایچیسن کالج لاہور جیسی خاص درسگاہوں میں بھی طلبا کو اسلام کے بنیادی اصولوں سے روشناس کرانے کیلئے ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ان درسگاہوں کے پرنسپل پرائمری اور مڈل جماعتوں کے سلیبس متعلقہ دینیات کو بعض ضروری تراسیم کے بعد اپنے ہاں اختیار کر لینگے - ایسے کالجوں کیلئے ایک کتابچہ تیار کیا جا رہا ہے جس میں اہم موضوعوں پر قرآن پاک کی آیات درج ہونگی۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا ہے کہ ان درسگاہوں میں جمعہ کے موقع پر قرآن پاک اور سنت کی روشنی میں مختلف موضوعوں پر تقاریر کا انتظام کیا جائے۔

حافظ خواجہ غلام سدیدالدین—جناب میں جزو (ب) کے جواب کے سلسلہ میں ایک ضمنی سوال دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے اس میں حدیث اور تفسیر کے متعلق کچھ فرمایا ہے۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کیا اس کام کیلئے کوئی علما مقرر کئے جائینگے یا صرف زائد آدمی - انگریزی پڑھے لکھے اس کام کو چلائینگے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری—انگریزی پڑھے لکھے بھی عالم ہو سکتے ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—کیا یہ امر واقعہ ہے کہ دینیات کا مضمون جو پہلے لازمی تھا اب اسے اختیاری قرار دے دیا گیا ہے ؟

وزیر—جو شروع ہی سے نہ پڑھنا چاہیں انکے لئے اختیاری ہے مگر جو ایک دفعہ شروع کریں انکے لئے لازمی ہے۔

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, the answer given by the Hon'ble Parliamentary Secretary pertains to the promotion of Islamic Science and Culture and not to the Islamic Art. Not a single word has been said about Islamic Art.

انہوں نے علوم کا ذکر کیا ہے فنون کا ذکر نہیں کیا۔

وزیر—آنریبل ممبر جو کچھ چاہتے ہیں لکھ کر دے دیں میں اس پر غور کرونگا۔

DR. ABDUL HAQ, MEDICAL SUPERINTENDENT, PUNJAB MENTAL HOSPITAL, LAHORE

***3268. Mr. C. E. Gibbon:** Will the Honourable Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) the pay and allowances of Dr. Abdul Haq, Medical Superintendent, Punjab Mental Hospital, Lahore and his qualifications;

(*b*) the nature of his duties and responsibilities;

(*c*) whether he is also *ex-officio* Professor of Mental Diseases in the King Edward Medical College, Lahore and Fatima Jinnah Medical College, Lahore; if so, his remuneration for these extra duties ; and

(*d*) whether he is allowed private practice and if so, whether it is restricted or unrestricted and the amount of Income Tax paid by him from 1st April 1952 to-date ?

عزت مآب مخدوم زادہ سید محمد علمدار حسین شاہ گیلانی- (الف) (ب) اور (ج) - معزز رکن کی توجہ مجلس قانون ساز کے نشان زدہ سوال نمبر ۳۲۵۳ کے جواب کی طرف مبذول کی جاتی ہے۔

(د)—(اول)۔ چونکہ وہ اپنے ہنر کے ماہر ہیں اس لئے انہیں نجی مطب (پرائیویٹ پریکٹس) کی اجازت ہے۔

(دوم)—۱۹۵۲-۵۳ء میں ادا کردہ محصول آمدنی (انکم ٹیکس) مبلغ ۸۳۰ روپیہ تھا۔

۱۹۵۳-۵۴ء میں ادا کردہ محصول آمدنی (انکم ٹیکس) مبلغ ۱،۱۸۷-۱۴-۰ روپیہ تھا۔

THE PUNJAB MOTOR VEHICLES TAXATION (AMENDMENT BILL).

Minister of Public Works (THE HON'BLE SARDAR MUHAMMAD KHAN LEGHARI): Sir, I beg to introduce the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill.

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill be taken into consideration atonce.

Mr. Speaker: The motion is—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill be taken into consideration atonce.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (LYALLPUR IX MUSLIM) Sir, I beg to move:—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 1st January, 1955.

حضور والا—یونیورسٹی بل کو درمیان میں چھوڑ کر ہمارا انتقال ذہنی Motor Vehicles کے قانون کی طرف ہوا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اس کا ایک فائدہ یہ ہوا ہے کہ اسے تھمیز کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ تھمیز ایک ثقیل اور موٹا سا لفظ ہے جس کے معنی منہ کا ذائقہ یا مزہ بدلنے کے ہیں۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کسی کام میں مشغول ہونے کے دوران میں کوئی چیز درمیان میں ٹپک پڑے یا ٹپکا دی جائے جس سے پہلے ماحول یا ذائقے میں کچھ تبدیلی واقع ہو جائے۔ بہر صورت یہ بل یونیورسٹی بل کی بحث کے مزے کو بدلنے کیلئے ٹپکا دیا گیا ہے۔ مگر اس کا کوئی جواز پیش نہیں کیا گیا۔ مجھے حکومت کے اس رویے سے سخت اختلاف ہے۔

بہر حال ۔ حضور والا۔ اس مسودہ قانون کی رو سے Motor Vehicles Taxation Act, 1924 کی ترمیم کی گئی ہے اور سب سے اہم تبدیلی اس کے Schedule میں کی گئی ہے۔ جس میں محاصل کی شرح کا ذکر ہے۔ اگر حضور اس کے بیان اغراض و وجوہ کی طرف توجہ فرمائیں تو اس میں بڑی صفائی کے ساتھ اس امر کا اعتراف کیا گیا ہے جو وزیر متعلقہ کی ذاتی صاف گوئی اور ذاتی شرافت پر دلالت کرتا ہے در اصل اس قانون کی ضرورت اس وقت محسوس ہوئی جب ہماری حکومت میزانیئے کے خسارے کو دوسرے ذرائع سے پورا کرنے سے قاصر رہی۔ اس وقت

یہ ضروری خیال کیا گیا کہ اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے اور بجٹ کے خسارے کو پورا کرنے کیلئے بعض دوسرے ذرائع آمدنی تلاش کئے جائیں۔ لہذا اس وقت یہ مناسب خیال کیا گیا کہ Motor Vehicles پر محاصل عائد کئے جائیں۔

حضور والا—میرے نزدیک اس میں قابل اعتراض بات یہ ہے کہ اگر مزید محاصل بالواسطہ یا بلاواسطہ اس صوبہ کے لوگوں پر لگانا از بس ضروری تھے تو ان کا بار صرف ان لوگوں پر ڈالا جاتا جو امراء کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں یا ان لوگوں پر جن کے پاس بہت سی Motor Vehicles ہیں یا جو ٹرانسپورٹ کمپنیوں میں بڑے بڑے حصوں کے مالک ہیں اور بے انداز روپیہ کما رہے ہیں۔ اگر اس کی یہ صورت ہوتی تو ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہ ہوتا۔ سوال یہ ہے کہ اس کے مطابق جتنے محاصل زیادہ عائد کئے جا رہے ہیں ان کا بوجھ براہ راست اور بالواسطہ اس صوبہ کے عوام پر پڑیگا۔

حضور والا—میں سمجھتا ہوں کہ میں کسی نئی بات کا انکشاف نہیں کر رہا اگر میں یہ کہوں کہ ہمارے صوبہ کے لوگ پہلے ہی مختلف قسم کے محاصل کے بارگراں کی تاب نہیں لا سکتے۔ ان کی غربت اور ان کا افلاس ایک مسلمہ امر ہے۔ ہمارا پست معیار زندگی ایک واضح بات ہے جس کی مزید وضاحت کی ضرورت نہیں۔ ہمارے عوام کی قوت خرید اس حد تک کمزور ہو چکی ہے کہ وہ بھی کسی بیان کی محتاج نہیں۔ حالت یہ ہے کہ ہمارے عوام بنیادی اور ابتدائی ضروریات زندگی کماحقہ حاصل کرنے سے قاصر ہیں اور ان کو پیٹ بھر کر کھانا بھی میسر نہیں آتا۔ ان کے رہنے کے لئے مکانات ایک مسئلہ لاینحل بنے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ باقی چیزیں جن کو آپ comforts یا luxuries کہتے ہیں انہیں میسر نہیں بلکہ وہ ضروریات زندگی سے محروم ہیں۔ اس لئے ان پر ایک ناقابل برداشت بوجھ ڈال دینا کسی طرح بھی جائز اور درست نہیں۔ اگر ہماری حکومت ایک متبادل صورت جس کے متعلق میں ذکر کرنا چاہتا ہوں اختیار کرے تو بہتر ہوگا۔

حضور والا—تقسیم کے بعد میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے معاملے کے متعلق حکومت کا طرز عمل اس حد تک ناقص اور غلط بلکہ صریحاً غلط رہا ہے کہ میں اس کو جائز قرار دینے کے لئے ایک ادنیٰ سی دلیل بھی تلاش نہیں کر سکتا۔ یہ مسئلہ ایسا ہے کہ تقسیم سے پیشتر ٹرانسپورٹ سوسائٹیوں اور کمپنیوں کے بیشتر حصے غیر مسلموں

کے پاس تھے ان کے چلے جانے کے بعد بہت سے حصے خالی ہو گئے۔ جن کی الاٹمنٹ کا سوال باقی رہا اور پھر جس طریقہ سے وہ حصے الاٹ ہوئے اگر آپ اجازت دیں تو عرض کر دوں اور پھر جس طرح سے اقربا نوازی، احباب پروری اور سیاسی رشوت ستانی سے کام لیا گیا ہے اگر آپ سننا چاہیں تو میں وہ بھی عرض کر سکتا ہوں۔

صادب سپیکر—وہ چیز بالکل غیر متعلق ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—پچھلے دنوں ایک سوال کے جواب میں وزیر متعلقہ نے ایک بہت لمبی چوڑی سٹیٹمنٹ مہیا فرمائی اور میں ان کا بہت مشکور ہوں۔ اس میں ۳۰ ٹرانسپورٹ سوسائٹیوں اور کمپنیوں کا ذکر ہے جن کو نئے روٹ عطا کئے گئے ہیں۔ اس سٹیٹمنٹ پر اگر آپ غور فرمائیں جو اس روٹ پرسٹ کے متعلق ہے تو آپ مجھ سے اتفاق کریں گے۔ کہ امیر کو امیر تر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ خاص طور پر ان لوگوں کو جنہوں نے آڑے وقت میں وزارت کو مدد دی۔ چنانچہ اس کے مطابق صلہ اور معاوضہ کے طور پر ان کو یہ چیز عطا کی گئی ہے۔

وزیر تعمیرات عامہ—اگلے دن ایک سوال کے جواب میں آنریبل ممبر کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ حکومت کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ اس کا تعلق پبلک سے ہے۔

چودھری محمد افضل چیمہ—اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ اس سے حکومت ان ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونا چاہتی ہے۔ ٹرانسپورٹ کے معاملہ میں آپ کی یہ کوئی مناسب دلیل نہیں۔ کہ اس کا تعلق پبلک سے ہے۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ وہ ادارہ کس نے قائم کیا؟ کس کے قواعد کے ماتحت ہے اور جو لوگ کام کرتے ہیں کیا وہ حکومت کے لوگ نہیں کیا وہ حکومت کے احکام کے تابع نہیں؟

وزیر اعلیٰ— Judges بھی تو حکومت کی طرف سے ہوتے ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—آپ یہ بوجھ براہ راست غریب عوام پر ڈال رہے ہیں۔ جن میں پہلے ہی سکت نہیں وہ کس طرح اور بوجھ برداشت کر سکیں گے اگر آپ یہ بوجھ براہ راست امیر لوگوں پر ڈالتے جن کے پاس دس دس بیس بیس لاریاں ہیں اور ہزار ہا روپیہ کے مالک ہیں تو ایک مناسب بات بھی تھی۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں اور آنریبل وزیر کی خدمت میں استدعا کرتا ہوں کہ یہ ٹرانسپورٹ کا معاملہ ایسا ہے جس میں حکومت bungling سے کام لے رہی ہے۔ اگر آپ میری

تجویز پر توجہ مرتکز فرمائیں اور ایسا کرنا درست بھی ہے کیونکہ اس صورت میں نہ صرف مانی ذرائع میں اضافہ ہو جائیگا بلکہ محاصل عائد کرنے کا مقصد بھی پورا ہوگا۔ محصول متناسب اور proper ہونا چاہئے اور آمدنی کے مطابق ہونا چاہئے اور progressive ہونا چاہئے تاکہ وہ لوگ آسانی سے ادا کر سکیں۔ بجائے اس کے آپ لوگوں کی استعداد اور قوت برداشت سے قطع نظر کرتے ہوئے براہ راست ایک جنبش قلم سے ان پر یہ بوجھ ڈال رہے ہیں۔

Mr. Speaker: Motion under consideration, amendment moved is—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 1st January, 1955.

Mr. C. E. Gibbon: (Pakistan Christian and Anglo-Pakistan, III): Sir, a motion also stands in my name that this Bill be circulated for eliciting public opinion by the 1st January, 1955. You may have noticed that I have put the 1st January, 1955. The reason was that the Ordinance expires on the 2nd January, 1955. One of the principal reasons which has moved me to ask for this Bill to be circulated is contained in the statement of Objects and Reasons. The first part of it reads as follows:—

"In order to balance the Budget Estimates for the year 1954-55, it was decided that a surcharge of 12½ per cent should be levied on all motor passenger traffic. It was estimated that the revenue from this source of taxation would amount to approximately Rs. 50 lacs per annum".

Now, Sir, I have a very poor estimation of those responsible for balancing the budget, if merely for a small sum of Rs. 50 lacs in a huge province like this they have to resort to this form of taxation.

Chief Minister: What does my honourable friend suggest ?

Mr. C. E. Gibbon: What I would suggest is this that instead of hitting the poor man hard, try to devise some ways and means of hitting the rich man harder. As you know, we are passing through very difficult times. The economic conditions of the country are very very serious indeed. I cannot understand how the poor man exists. The prices of food-stuffs are high, the price of vegetable is high, price of milk is high, prices of all the daily necessities of life are much higher than ever before, even what they used to be in the war years. How these poor unfortunate people are existing to day is entirely beyond my comprehension. If the question of Rs. 50 lacs for you was a life and death problem, if it was a question that with this Rs. 50 lacs we could prevent a national calamity or meet a national emergency, then I would have been the first person to say, 'do not tax me 12½ per cent but tax me 50 per cent'. I know that you have to devise some ways and means to balance your budget. But balancing of the budget is not the sum and substance of good administration of the State. As a matter of fact there are times when you will receive approbation of the people if you were to produce a deficit budget. In a progressive State where you want reforms and reconstruction you must produce deficit budgets, but in a Police State where you wish to show high credits—when I use the words 'Police State' I—mean a totalitarian form of Government—may be whatever form it might take—you go on taxing in order to produce these credits and build-up your assets.

Chief Minister: It is to meet the anticipated deficit.

Mr. C. E. Gibbon: Then it would have been better to state in your Statement of Objects and Reasons that we are anticipating a deficit of nearly Rs. 3 crores. Why tell us that you want to balance the budget by an amount of Rs. 50 lakhs. The impression given to the public in the Statement of Objects

and Reasons is that you want to have Rs. 50 lacs to balance the budget. If I was writing this statement, I would have stated out the truth and would have told the people, 'Look here, we are anticipating a deficit of Rs. 3 crores. We admit that the amount of Rs. 50 lacs is just a drop in the ocean, but we must tap some resources in order to make some contribution towards meeting our deficiency and one of the sources is to tax passengers travelling by transport companies'.

The second point with regard to the question of taxation of passengers is this. You know well that the average passenger who travels by motor transport is the poor man. Ninety per cent of them are villagers who can hardly keep body and soul together. Rich people have motor cars, they can travel by train as high class passengers. Then who are the people who are being hit? They are the poor section of your community. Why do you not tax me? Why do you not take my Rs. 300 which I am getting from this Assembly and which I do not consider necessary. I am quite prepared to pay it to you.

Chief Minister: The same rates are in force in N.-W.F.P. and Sind.

Mr. C. E. Gibbon: Comparisons are odious. Why should you look to Sind or N.-W.F.P.? Why cannot you mind your own business? Why cannot you manage your own affairs? We have a starving population. Why cannot we tap other sources of taxation? Unfortunately, the time is so short; the time is running out on you and you have anticipated in this Bill that it will come into force from the date that the Ordinance expires. We the members on this side of the House are not going to raise technical objection to this Bill. But I request you well in advance that while considering once again to raise this money to meet the deficiency in your budget, please do not tax the poor people to such an extent.

وزیر تعمیرات عامہ (عزت مآب سردار محمد خاں لغاری) : جناب والا۔ جیسا کہ اس بل کے اغراض و مقاصد میں بیان کیا گیا ھے اس taxation کا مقصد بجٹ میں پچاس لاکھ روپے کی آمدنی شامل کرکے اسکو متوازن بنانا ھے ۔ جب آپ نے یہ تجویز پچھلے بجٹ سیشن میں منظور کر لی تھی کہ Motor passanger traffic پر اور taxation عائد کر دیا جائے تو میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اب یہ سوال کیسے پیدا ھوتا ھے کہ رائے عامہ معلوم کرنے کیلئے اسکو مشتہر کیا جائے ؟ یہ آرڈیننس کی صورت میں تقریباً ساڑھے سات ماہ تک پبلک کے سامنے رھا ھے ۔ اس لئے اب سمجھ میں نہیں آتا کہ میرے معزز دوست کیوں اسکو دوبارہ public opinion کیلئے circulate کرنا چاھتے ھیں ۔

جناب والا ۔ میں ایوان کی اطلاع کیلئے یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ پنجاب میں جہاں پہلے چھ پائی فی مسافر فی میل کرایہ وصول کیا جاتا ھے صوبہ سرحد میں سات پائی سندھ میں دس پائی اور بلوچستان میں نو پائی وصول کیا جاتا ھے ۔ تو اگر پنجاب میں سات پائی بھی کر دیا جاتا تو یہ کرایہ یہاں کے لوگوں کیلئے کوئی زیادہ بارگراں نہ تھا ۔ کیونکہ پھر بھی دوسرے صوبوں سے پنجاب میں کرائے کی شرح کم ھی رھتی ھے ۔ میں یہ بھی واضح کر دینا چاھتا ھوں کہ ھم سات پائی بھی نہیں کر رھے

ھیں بلکہ نئے schedule کے مطابق جو ٹیکس مسافروں سے وصول ہوگا وہ ۳۰ میل تک ایک آنا ہوگا - ۳۰ میل سے ۵۰ میل تک دو آنے ہوگا اور ۵۰ میل سے زیادہ کیلئے تین آنے ہوگا- یہ تقریباً نصف پائی کا اضافہ ہے - اور اس اضافہ سے بھی صوبہ سرحد سے نصف پائی کم ہی رہے گا- آپکو معلوم ہے کہ تقسیم ملک کے بعد ریلوے نے اپنے کرائے میں ساڑھے بارہ فیصدی اضافہ کیا اور دوبارہ پھر اتنا اضافہ کیا - اور جب دوسرے صوبوں کی شرح پنجاب سے زیادہ ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ پنجاب کے لوگ نہ صوبہ سرحد کے لوگوں سے زیادہ غریب ہیں اور نہ صوبہ سندھ سے زیادہ غریب ہیں کہ وہ اس ٹیکس میں نصف پائی کے اضافے کو بھی برداشت نہیں کر سکتے - مجھے اس امر پر آپوزیشن کے آنریبل ممبران کے ساتھ اتفاق ہے کہ جہاں تک ہو سکے motor passanger traffic کو سستا کرنا چاہیئے - لیکن یہ اقدام جیسا کہ عرض کیا گیا ہے بجٹ کو متوازن کرنے کی غرض سے کیا گیا ہے- اس وقت بجٹ کا جو تخمینہ لگایا گیا ہے اس میں اس ٹیکس سے ۴۰ لاکھ روپے کی آمدنی ہوگی اور ۲۰ لاکھ کی آمدنی کی توقع بوریوالا ٹیکسٹائل ملز سے تھی- اس سے آپکا بجٹ متوازن ہو جاتا ہے - تین کروڑ روپے گذشتہ چھ سات مہینوں میں وصول ہوئے ہیں - اگر یہ مسودہ قانون منظور ہو گیا تو میں نئے schedules میں ترمیم کر دونگا- لہذا میری درخواست ہے کہ انکی تجویز کو مسترد کر دیا جائے -

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر-۹-مسلم) : حضور والا - عزت مآب وزیر تعمیرات عامہ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ یہ بات ان کے دماغ میں اچھی طرح سے داخل نہیں ہو سکتی کہ جو تجویز پچھلے بجٹ سشن میں منظور کر لی گئی تھی اس وقت وہ کیوں قابل اعتراض اور محل نظر ٹھہرائی گئی ہے - اولا یہ کہ اس وقت آپ نے محاصل کے تفصیلی طریق کار کا اظہار نہیں فرمایا تھا اور حضورکو یاد ہوگا کہ جب آپ نے ٹرانسپورٹ کمپنیوں اور سوسائٹیوں کے متعلق اپنی اس منشا کا اظہار فرمایا تھا اور انہیں گمان ہوا کہ شاید یہ سارا بوجھ پبلک کی بجائے ان پر پڑے گا تو اس وقت انہوں نے حضور کو ہڑتال کی دھمکی دی تھی اور جہاں تک میرا خیال ہے اسکے بعد انکو مطمئن کرنے کیلئے اور انکی صدائے احتجاج کو دبانے کیلئے یہ اقدام کیا گیا کہ یہ سارا بوجھ براہ راست عوام پر ڈالدیا جائے گا- (آنریبل وزیر اعلیٰ- 'question') بہر حال اگر میں اس معاملے میں غلط فہمی میں مبتلا ہوں (آوازیں - ''بالکل،،) تو میں یہ عرض کرونگا کہ اس وقت

جو مسودہ قانون آپ نے ایوان کے سامنے پیش کیا ہے حزب اختلاف کے ممبران نے اس طریق کار سے اتفاق نہیں کیا۔

حضور والا۔ دوسری بات یہ ہے کہ عزت مآب وزیر تعمیرات عامہ نے یہاں کے کرایوں کی شرح صوبہ سرحد اور ریلوے کے کرایوں کی شرح کے قریب لانے کے لئے یہ دلیل ارشاد فرمائی ہے اور جیسا کہ بل کے اغراض و مقاصد میں بھی ذکر کیا گیا ہے۔

وزیر تعمیرات عامہ- میں نے یہ کہا ہے کہ پنجاب کے لوگ دوسرے صوبوں کے لوگوں سے زیادہ غریب نہیں ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ: اس بل کے بیان اغراض و مقاصد میں یہ لکھا ہے۔

"This also brought the rates of fares in the Punjab in line with those in force in the N.-W. P. F. and Sind. The revised rates are still lower in certain cases than he rate in force n Sind".

ریلوے کے کرایوں کے مقابلے میں موٹر لاریوں کے کرائے زیادہ ہیں۔ مثلاً گوجرہ سے لائل پور تک ریلوے تھرڈ کلاس کا کرایہ ۰-۱۰-۰ ہے مگر کسان بس سروس کا کرایہ ایک روپیہ سات آنے ہے . . . . . .

وزیر تعمیرات عامہ- میں تسلیم کرتا ہوں کہ ریلوے تھرڈ کلاس کے کرایے کے مقابلے میں موٹروں کے کرایے زیادہ ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ- بجائے اسکے کہ آپ موٹروں کے کرایوں کو ریل کے کرایوں کے قریب لانے کی کوشش کریں آپ روڈ ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں مزید اضافہ کرتے چلے جارہے ہیں اس لئے میں استدعا کرتا ہوں کہ آپ زیادہ کرایوں کا مزید بوجھ عوام پر نہ ڈالیں۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill be circulated for eliciting public opinion by the 1st January, 1955.

The motion was lost.

The Assembly then adjourned for As Prayers.

The Assembly re-assembled after As Prayers. Mr. Speaker in the Chair.

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill, be taken into consideration atonce.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The House will now consider the Bill clause by clause.

Clause 2

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That Clause 2 be omitted.

The motion was carried.

New Clause

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the following new Clause.

That for the existing Clause 2, the following be substituted :—

"2. *Amendment of Section 13 of Punjab Act IV of 1924.*—In sub-section (4) of Section 13 of the Punjab Motor Vehicles Taxation Act, 1924 (hereinafter called the 'said Act') the fullstop after the word "liable" shall be replaced by a colon and the following proviso and illustration added thereafter."

"Provided that the deduction shall not be allowed on the portion of tax calculated at the rate of eighty one rupees per seat of every vehicle seating more than six persons.

Illustration—The aggregate amount of tax on a seven-seater stage carriage plying for hire and ordinarily used for the transport of passengers not exclusively within the limits of a Corporation, a Municipality or a Cantonment is two hundred and ten rupees plus five hundred and sixty-seven rupees as additional tax. The deduction of ten per cent shall be allowed on the amount of two hundred and ten rupees and not on the remaining amount of five hundred and sixty-seven rupees."

The motion was carried.

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That the new Clause 2 be taken into consideration.

The motion was carried.

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That the new Clause 2 be added to the Bill.

Mr Speaker : The question is—

That the new clause 2 be added to the Bill.

The motion was carried.

Clause 3

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That Clause 3 be omitted.

The motion was carried.

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the following new Clause.

That for the existing Clause 3, the following be substituted:—

"3. *Amendment of Schedule to Punjab Act IV of 1924.*—The Schedule to the said Act shall be amended as follows:—

(*i*) In Article 4 after the words "vehicles plying for hire and ordinarily used for the transport of passengers" the words "exclusively within the limits of a Corporation, a Municipality or a Cantonment" shall be inserted:

(*ii*) after article 4 the following new article 4-A shall be inserted, namely:—

'4-A. Vehicles plying for hire and ordinarily used for the transport of passengers not exclusively within the limits of a Corporation, a Municipality or a Cantonment—

	Annual rate of tax in Rs.
(a) Tram-cars	15
(b) Othier Vehcles seating not more than four persons.	160
(c) Othier Vehcles seating more more than four persons but not more than six persons.	200
(d) Other Vehicles seating more than six persons, for every additional person that can be seated up to 32.	10 per seat plus an additional tax at the rate of Rs. 81 per annum, for every seat in the vehicle.
(e) Other Vehicles seating more than 32 persons, for every additional seat.	6 per seat plus an additional tax at the rate of Rs. 81 per annum, for every seat in the vehicle.

(NOTE—Under this article the number of persons mentioned does not include the driver and as the case may be, the cleaner, the conductor, or the attendant of the vehicle)".

The motion was carried.

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That the new Clause 3 be taken into consideration.

The motion was carried.

Minister of public Works: Sir, I beg to move—

That the new Clause 3 be added to the Bill.

Mr. Speaker: The question is—

That the new clause 3 be added to the Bill.

The motion was carried.

Preamble

Mr. Speaker: The question is—

That Preamble be the preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker: The question is—

That Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Minister of Public Works: Sir, I beg to move—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill as amended be passed.

Mr. Speaker: Motion moved is—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill, as amended be passed.

چودھری محمد افضل چیمہ- (لائل پور و مسلم)—— حضور والا - اب دس منٹ کے بعد یہ قانون اس صوبہ کی Statute Book کا جزو بن جائیگا - میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس صوبہ کی غالب اکثریت دیہات میں رہتی ہے اور دیہات میں وسائل اور ذرائع آمدورفت ہر جگہ پر ایک جیسے نہیں ہر جگہ ریل کی سواری میسر نہیں - اور دیہاتی آبادی انتہائی غربت اور افلاس میں اپنا وقت گزار رہی ہے - تمدن اور معاشرت کی وسعت کے پیش نظر اور پھر آبادی کی کثرت کے ساتھ ساتھ سفر اور مسافرت کی ضروریات میں کافی حد تک اضافہ ہو چکا ہے یہ میرے ذاتی مشاہدے کی بات ہے کہ کسی غریب دیہاتی کو جب کبھی کسی عزیز کے فوت ہونے کی خبر آتی ہے تو وہ اس بات کے لئے منتظر ہوتا ہے اور کافی عرصہ تک منتظر رہتا ہے کہ سفر اور کرایہ کے لئے کچھ رقم فراہم ہو جائے - تو پھر سفر اختیار کرے - اسی طرح سے کئی بیچارے لوگ ایسی ناگزیر صورتوں میں انتہائی مایوسی اور بے بسی کی حالت میں سفر کرنے سے قاصر رہتے ہیں -

اگر آپ محاصل لگاتے وقت امیر اور غریب - چھوٹے اور بڑے - ادنیٰ اور اعلیٰ اور مستطیع اور غیر مستطیع کی مالی مشکلات کا احساس رکھتے تو میں آپ سے پوری ہمدردی رکھتے ہوئے اس بل کی مخالفت نہ کرتا - لیکن جب آپ کے پاس اس ٹرانسپورٹ میں بکثرت ایسے لوگ موجود ہیں

جو نہایت آسانی سے اس بوجھ کے متحمل ہو سکتے ہیں ۔ جو نہ تو گرانئی طبع محسوس کرتے ہیں اور نہ ہی انہیں جیبوں کا احساس ہوتا ہے تو پھر آپ کیوں غریبوں پر ناجائز بوجھ ڈال رہے ہیں ؟

حضور والا ۔ اصل ایکٹ جس کی ترمیم اس مسودہ قانون کی رو سے کی گئی ہے اس کی دفعہ ۱۳ میں یہ ذکر کیا گیا ہے ۔ اور اس کا اس موجودہ ترمیمی مسودہ قانون کی دفعہ ۳ میں ذکر کیا گیا ہے ۔ اس کے الفاظ یہ ہیں

"کوئی آدمی جو دفعہ ۱۳ کی شق ۳ کے ماتحت موٹر وہیکل ٹیکسیشن ایکٹ ۱۹۲۴ کے مطابق رعایت کا مستحق ہوگا ۔ اس کے لئے موجودہ ٹیکسیشن میں نئے محاصل کے متعلق کوئی رعایت روا نہیں رکھی جائے گی ۔"

اور پھر اصل قانون جس کی ترمیم کی گئی ہے میں یہ ہے کہ—

"اگر کوئی آدمی تجارت میں صنعتی اغراض کے لئے دس سے زیادہ چھکڑے یا موٹر رکھتا ہو تو اس کو دس فیصدی محاصل سے مستثنے کیا جائے گا" ۔

اگرچہ اس قانون میں آپ نے اس کو مزید رعایت سے مستثنیٰ قرار دیا ہے لیکن اگر آپ ایسے لوگوں کو جو تجارت اور صنعتی کاروبار کیلئے اس حد تک استطاعت رکھتے ہیں کہ دس پندرہ یا بیس تیس چھکڑے رکھ سکیں اگر آپ ان سے سابقہ رعایت چھین لیتے تو شاید آپکی ضرورت بھی پوری ہو جاتی اور غریب لوگوں کو بار محاصل سے سبکدوش کرنے کی گنجائش بھی مل جاتی ۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ ایسے لوگوں کی تعداد کتنی ہے جنکے پاس صنعتی اور تجارتی کاروبار کیلئے دس سے زیادہ موٹر وہیکلز ہیں ۔ لیکن بہر حال یہ بین اور واضح حقیقت ہے کہ تقسیم کے بعد ہمارے ملک نے صنعتی نقطہ نگاہ اور صنعتی اعتبار سے کافی حد تک ترقی کی ہے اور پھر اس بات سے میں یہ نتیجہ اخذ کر سکتا ہوں کہ اس صوبے میں ایسے لوگوں کی تعداد معمولی نہیں ہوگی ۔ اس بات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اگر آپ انکی پہلی رعایت جو شاید بالکل غیر ضروری تھی ان سے چھین لیتے تو یہ آپکے لئے کافی آمدنی کا باعث ہوتی ۔

حضور والا ۔ حکومتوں سے ہمیشہ یہ لغزش ہوئی ہے کہ محاصل بالعموم عوام پر لگائے جاتے ہیں قطع نظر اس سے کہ وہ اتنی استطاعت رکھتے ہیں یا نہیں رکھتے اور یہ ان کیلئے tempting قسم کی چیز رہی ہے ورنہ یہ نہایت معمولی بات تھی خود آپکی ٹرانسپورٹ سوسائیٹیوں

اور کمپنیوں میں بہت سے ایسے لوگ جو بڑے بڑے سرمایہ دار ہیں جن کو امیر سے امیر تر بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور میں محسوس کرتا ہوں کہ تقسیم سے پہلے کئی چھوٹے چھوٹے زمیندار جنکی زمینیں غیر اقتصادی حصوں میں تقسیم ہو کر رہ گئی تھیں جن پر نہ وہ کاشت کر سکتے تھے اور نہ حصے یا بٹائی پر دے کر اپنی معیشت کا سامان پیدا کر سکتے تھے۔ وہ بالکل مجبور تھے کہ وہ ان اراضیات کو فروخت کر دیتے۔ تقسیم کے بعد ایسے سینکڑوں آدمیوں نے ان پر قبضہ کر لیا۔ میں ان کا نام لینا مناسب نہیں سمجھتا لیکن اگر میں چاہوں تو میں ایک نہیں کئی نام لے سکتا ہوں۔ ایسے لوگ جنکو تقسیم سے پہلے ٹرانسپورٹ سے دور کا تعلق بھی نہ تھا اور اگر تھا تو کسی ٹرانسپورٹ کمپنی میں ان کا ایک پیسہ یا ایک آنہ فی روپیہ کا نہایت قلیل حصہ تھا لیکن تقسیم کے بعد انہوں نے ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ اور کواپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے افسران سے ملکر پبلک کی املاک پر نا جائز تصرف کیا اور انکے حقوق غصب کئے۔

حضور والا۔ یہ وجہ جواز کافی نہیں کہ چونکہ یہ تجویز بجٹ میں منظور ہو چکی تھی اور ہنگامی قانون کے تحت اسکو نافذ کر دیا گیا تھا اس لئے یہ مجبور تھے کہ اسکو جاری رکھنے کیلئے بل کی صورت میں اس کو ایوان میں پیش کرتے۔ اگر یہ چاہتے تو آرڈیننس کے ختم ہوتے ہی اسکا خاتمہ کر سکتے تھے یا چند روز پیشتر ایسے متبادل اقدامات کر سکتے تھے کہ جن سے سانپ بھی مر جاتا اور لاٹھی بھی بچ جاتی۔ نہ غریب طبقے پر مزید بار ڈالا جاتا اور نہ آپکی یہ حرکت قابل اعتراض ہوتی۔

Mr. Speaker: The question is—

That the Punjab Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill, as amended, be passed.

The motion was carried.

PUNJAB UNIVERSITY BILL

Mr. Speaker: The House will now resume discussion on the motion that the Punjab University Bill be taken into consideration at once.

Syed Amir Hussain Shah (Gujrat IV, Muslim): Sir, various Muslim League Governments since Partition have tried systematically to destroy our civil liberties. But none had so far dared to encroach upon the freedom of education. Sir, it was left to the Noon Cabinet to destroy the most basic, the most fundamental and the most cherished of all freedoms, the freedom of education. I do not know why have they done this; whether in pursuance of a calculated scheme or just out of sheer ignorance. But for this they will go down in history as the worst of all Governments that God ever suffered to rule over the Punjab. Coming generations will remember them fo having paved the way for the most terrible of all oppressions, the oppression of regimented and indoctrinated education.

That the University needs reforms, no one can deny. That need was felt long before P rtition and the various Commissions appointed to go into this matter

have recommended reforms. But those reforms were all along on democratic and progressive lines. The reforms as contemplated in this Bill are retogressive and perverse. They seek to make the University the hand-maid of the political party in power. They seek to destroy that institution as an autonomous body. Sir, even the recommendations of the Commissions appointed under the Muslim League regime have not been implemented in *toto*. Only such portions which suited the lust of power of this Government and of the permanent officials in the Education Department have been incorporated in this Bill.

Sir, a provision has been made for the appointment of the Honourable Minister of Education as Pro-Chancellor. Wide powers have been given to the Chancellor which are detrogatory to the dignity and independence of the University. Not only has the Chancellor been empowered to interfere with the day to day administration of the University, but he has even usurped the legislative powers of the Senate and the Syndicate. He can frame statutes and ordinances without any reference either to the Senate or to the Syndicate. These two bodies which are like the General Assembly and the Cabinet of the University have both been reduced to the status of school boys' debating societies.

Then, Sir, provision has been made for setting up a Disciplinary Committee consisting of nominated members. This Committee has been given wide powers, powers even to dismiss the old and experienced Professors, who have spent their lives in the service of the University. The sensible way to reform would have been to remove the University further away from the corroding influence of this Government. This could have been achieved by giving majority to the elected members of the Senate. This Government cannot regard itself as official repository of the wisdom of the nation. If blunders are to be committed, it is much better that they are committed by the people and not by a clique of officials and politicians. Sir, by bringing politics into the University and by giving the Chancellor and the Vice-Chancellor such wide powers we shall soon be seeing an appointment of a disgruntled Muslim League Councillor of Toba Tek Singh as an Inspector to inspect the liabrary of the F. C. College under his power of inspection. The other day, in the lobbies of this House, I heard a remark being made by a staunch Muslim Leaguer, when these two Bills were being discussed. He said, *"Huntay bari mauj ho jai gi. Ali Akbar nun keh ke chhor nun pass kara lan gay"*.

I know you have got a brute majority behind you and you will pass this Bill.

میاں محمد شفیع (منٹگمری نمبر ے مسلم۔ مخصوص نشست)۔ حضور والا ۔ میں مختصراً یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک مختلف اداروں کا تعلق ہے میرے معزز ساتھی نے اپنا نقطہ نگاہ پیش کر دیا ہے۔ یہ بات بار بار کہی جا چکی ہے کہ سینیٹ، سنڈیکیٹ، Board of Appointments, Disciplinary Committee اور Academic Council اور دوسرے ادارے غلط طریقوں سے معرض وجود میں لائے گئے ہیں ۔ وزیر تعلیم صاحب کے پاس اسکا تسلی بخش جواب نہیں ہے اور انہوں نے ادھر ادھر کی باتیں کہہ کر مسئلہ کو ٹالنے کی کوشش کی ہے۔ انہیں اس چیز کو پیش نظر رکھنا چاہئیے کہ قوانین جمہوریت کی رائے کے مطابق ہونے چاہئیں۔

اگر آپ تعلیمی اداروں اور یونیورسٹی میں بھی غیر جمہوری اور امرانہ قسم کے رجحانات و عناصر کو داخل کر دیں گے تو وہ دن دور نہیں جبکہ

بالاخر سارے ملک میں فسطائیت پھیل جائے گی ۔ اصل میں اینڈرسن کمیٹی نے ایسی ھی وجوھات کی بنا پر سفارش کی تھی کہ پوسٹ گریجویٹ تعلیم کو تمام تر یونیورسٹی کے حوالے کر دیا جائے جو کہ ایک جمہوری ادارہ تھا ۔ مگر اب حضور والا آپ یو نیورسٹی بل کی دفعہ ۲۴ کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں : —

(2) The Post-graduate instruction may be organised on co-operative basis under the aegis of the University for such Constituent Colleges only as may so desire.

حضور والا ۔ کلاز ۲۴ کی شق (۲) میں لفظ shall کی بجائے جو لفظ may کا استعمال کیا گیا ھے وہ یونیورسٹی کے دست و بازو کو شل کر دینے پر منتج ھوگا ۔ میں حیران ھوں کہ اسی کلاز ۲۴ کی شق اول میں تو لفظ shall استعمال کیا گیا ھے مگر شق دوم میں لفظ may استعمال کر کے آنریبل وزیر تعلیم آپ ھی اپنی نفی کر رھے ھیں ۔ شق اول میں تو کہا گیا ھے کہ پوسٹ گریجویٹ آرٹس اور سائنس کی تعلیمات کے مکمل انتظامات یونیورسٹی کرے گی اور لازماً کرے گی مگر شق دوم میں کہا گیا ھے کہ یہ بات شامل ھونے والے کالجوں کی اپنی مرضی پر منحصر ھے کہ وہ چاھیں تو باھمی تعاون کے سسٹم پر پوسٹ گریجویٹ تعلیمات کا انتظام کریں اور اگر وہ نہ چاھیں تو بھی وہ مجاز ھونگے کہ ایسا انتظام نہ کریں ۔ اسکے خلاف میری رائے یہ ھے کہ باھمی تعاون کی اساس پر تعلیم کا انتظام کرنا کالجوں کے لئے لازمی قرار دے دیا جانا از بس ضروری ھے اب آپ نے لفظ may استعمال کرکے ساری تجویز کو مبہم بنا دیا ھے اور میرے خیال میں اس ابہام کو دور کر دینا چاھیئے ۔ حضور والا ۔ آپ کو یہ معلوم ھے کہ لاھور میں آٹھ مردانہ کالج ھیں ان میں بیشتر تعداد ایسے کالجوں کی ھے جو وسیع مالی ذرائع نہ ھونے کے باعث پوسٹ گریجویٹ تعلیم و تدریس کا انتظام عملی طور پر نہیں کر سکتے ۔ اور بلند پایہ اور مستند اساتذہ کو ملازم نہیں رکھ سکتے ۔ چنانچہ جب میں اپنے زمانہ طالب علمی میں ایف سی کالج لاھور میں ایم ۔ اے انگلش کے لئے داخل ھوا تو گورنمنٹ کالج کے عظیم الشان اساتذہ مثلاً پروفیسر میاں سراج الدین ۔ مسٹر ای سی ڈکن سن اور مدن گوپال سنگھ جیسے فاضل پروفیسروں سے استفادہ نہ کر سکا اور بعد میں جب میں باوجود غربت و افلاس کے پولیٹیکل سائنس کے لئے اسلامیہ کالج میں داخل ھوا تو گورنمنٹ کالج لاھور کے اے ۔ این کھوسلہ اور پروفیسر جی ۔ ڈی سوندھی کے سامنے زانوے ادب طے کر کے ان کی تبحر علمی سے فیضیاب ھو سکا اسلئے میں چاھتا ھوں کہ اعلیٰ ترین اور عظیم الشان اساتذہ سے

استفادہ اسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے جبکہ مختلف کالجوں کے لئے باہمی تعاون کے ماتحت پوسٹ گریجویٹ تعلیم کا انتظام کرنا حکماً لازمی قرار دے دیا جائے۔ میں سابقہ وائس چانسلر یونیورسٹی پنجاب کا نام نہیں لیتا جو آجکل کسی ڈپلومیٹک آسامی پر پاکستان سے باہر مامور ہیں ان کے مابین اور اس وقت کے ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن کے مابین چپقلش پائی جاتی تھی۔ یہ موخرالذکر بھی آجکل پنجاب سے باہر کسی دیگر عہدے پر فائز ہیں۔ ان ڈائرکٹر صاحب کی خواہش تھی کہ یونیورسٹی کو تباہ کر کے رکھ دیا جائے اور اس وقت کے وائس چانسلر کالجوں کو اپنے ماتحت لینا چاہتے تھے۔ بجائے اسکے کہ وہ ایک دوسرے کا گلا کاٹتے وہ مفاد عامہ کے ان دونوں محکموں کو ہی تباہ کر دینے پر تل گئے تھے خیر اس وقت کی چپقلش تو اب باقی نہیں مگر ابھی تک کسی نہ کسی صورت میں وہ اختلافات موجود ہیں جو ایک دوسرے کے اختیارات کو چھین لینے کا رجحان رکھتے تھے یہ بل انہی اختلافات کی پیداوار ہے جس میں اس مقصد کو سامنے رکھا گیا ہے کہ یونیورسٹی کو کالجوں کے طلبا پر مکمل اختیارات حاصل ہو جائیں یا ڈی۔ پی۔ آئی کو یونیورسٹی پر اختیارات مل جائیں۔ غالباً اسی وجہ سے یہ shall اور may کا ابہام باقی رہ گیا ہے مگر آئندہ اسکا نتیجہ یہ ہوگا کہ بعض کالج اپنی مرضی سے پوسٹ گریجویٹ تعلیم کا انتظام کرنے سے پہلوتہی کریں گے اور قانون انہیں مجبور نہیں کر سکے گا کہ وہ لازماً تعاون کریں۔ بہر حال وہ پرانی چپقلش اور اختلافات جو سابقہ وائس چانسلر اور کالجوں کے ارباب اختیار کے مابین تھے اس بل میں نظر آ رہے ہیں اس لئے حضور والا میں امید کرتا ہوں کہ آنریبل وزیر تعلیم ٹھنڈے دل سے میری معروضات پر غور فرمائیں گے اور بل کو بہتر شکل میں پیش کریں گے۔

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور۔ ۹۔ مسلم)—جناب والا۔ پہلے میں نے ابتدائی اعتراض اس مسودہ قانون پر یہ کیا تھا کہ ہمارے ارباب حل و عقد تعلیمی مسائل سے پوری طرح واقفیت رکھتے نظر نہیں آتے کیونکہ اس قانون سے ہمیں جس ذہنی رجحان کا انکشاف ہوتا ہے وہ صاف طور پر نشان دہی کرتا ہے کہ ہمارے سامنے کوئی صحیح نصب العین نہیں ہے جس کے حصول کے لئے مناسب ذرائع اختیار کئے جائیں۔ میں نے پہلے دو عظیم المرتبت شخصیتوں اور دو اہل علم بزرگوں کا ذکر کیا تھا اور ان کے حوالوں سے اور ان کے ارشادات گرامی کا ذکر کرتے ہوئے میں نے یہ عرض کرنے کی کوشش کی تھی کہ ایک اسلامی حکومت اور ایک

اسلامی مملکت میں تعلیم کا صحیح نصب العین کیا ہونا چاہئیے۔ حضور والا۔ آج پھر میں اس بات کی وضاحت کے لئے موجودہ زمانے کے مغربی مفکرین میں سے Sir Bertrand Russel کے بعض اقتباسات حضور کی اجازت سے پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ Sir Bertrand Russel (جن کو اپنے یورپ کے دورے کے دوران میں عزت مآب وزیر تعلیم صاحب کو دیکھنے یا سننے کا اتفاق ہوا ہوگا) نے اپنی کتاب Education and the Social Order کے صفحہ ۱۸ پر یوں اظہار خیال فرمایا ہے۔

"Those who institute State System of Education will cause men to deteriorate even as citizens".

وہ لوگ جو State System of Education کے حامی ہیں وہ لوگ جو تعلیمات پر بھی مکمل طور پر حکومت کا غلبہ اور تسلط دیکھنا چاہتے ہیں در حقیقت وہ اس قسم کے شہری پیدا کریں گے ۔ جو ذہنی نقطہ نگاہ سے نہایت محدود قسم کے لوگ ہوں گے ۔

جناب والا—یہ بات کسی مزید وضاحت کی محتاج نہیں ہے ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ فسطائی States میں تعلیم کے سلسلے میں ایسے طریقے استعمال کئے گئے جن سے انفرادی صلاحیتوں کی نشو و نما نہ ہو سکی ۔ فسطائی States کی درسگاہوں سے جب انسان فارغ التحصیل ہو کر نکلتا ہے تو بالکل سخت قسم کی مشین کی مانند ہوتا ہے جو خود سوچنے کی صلاحیت سے عاری ہوتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انفرادی خصوصیات اور انفرادی ذہن کی صلاحیتیں تشنہ تکمیل رہ جاتی ہیں اور ان کی کما حقہ نشو و نما نہیں ہو سکتی ۔

Chief Minister: Sir, I beg to move, under Rule 12 (3) (*c*) of the Rules of Procedure—

That the proceedings on the Punjab University Bill be exempted at this day's "sitting from the provisions of the rule "Sittings of the Assembly"

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. Personally the members of the opposition have no objection whatsoever to it. We would like to sit here day in and day out. But I once again bring to your notice that in such important matters, it would be better if the Honourable Leader of the House will be so kind as to consult the Leader of the Opposition so that there should be some collaboration in these decisions.

ADJOURNMENT

Chief Minister: Sir, I beg to move—

That the Assembly at its rising today do stand adjourned *sine die*.

The motion was carried.

UNIVERSITY BILL

Mr. Speaker: The House will now resume consideration of the Punjab University Bill clause by clause. Chaudhri Muhammad Shafiq was speaking in support of his new proviso. He can continue his speech if he so desires.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری - ۳ - مسلم - مخصوص نشست)—

جناب صدر- میں عرض کر رہا تھا کہ یہ پرووائزو جسکو ایزاد کرنے کیلئے میں نے کہا ہے اسکی کیا ضرورت ہے - سب سے پہلے میں ایوان کے نوٹس

میں آپکی وساطت سے یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ اگر یونیورسٹی کی کسی اتھارٹی کی کارروائی تین چیزوں کے مطابق نہ ہو تو اسے کالعدم قرار دیا جا سکتا ہے ۔ وہ تین چیزیں یہ ہیں(اول) ایکٹ (دوم) سٹیچوٹس اور (سوم) آرڈیننس ۔ میں نے اپنے اس جملہ شرطیہ میں پہلی چیز یعنی موجودہ ایکٹ کو چھوڑ دیا ہے اور باقی دونوں چیزوں کے متعلق لکھا ہے کہ اگر کوئی کارروائی انکے مطابق نہ ہو تو اس صورت میں اس اتھارٹی سے جس نے انہیں بنایا ہو انکی صراحت کرا لی جائے ۔ اس سے زائد میں نے کچھ نہیں کہا ۔ مجھے یہ محسوس ہو رہا ہے کہ یونیورسٹی کے سلسلے میں کاٹھی پر کاٹھی ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ سب سے پہلے میں آنریبل وزیر کی توجہ دفعہ ۱۰ (۱) کی سطور ۸—۱۰ کے الفاظ پر مبذول کرانا چاہتا ہوں جن میں چانسلر کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کے کسی معاملہ کے متعلق تحقیقات کرا سکتے ہیں ۔ اسکے بعد سب کلاز (۵) میں چانسلر کو جو یہ اختیار دے دیا گیا ہے کہ وہ کسی اتھارٹی کی کسی کارروائی کو کالعدم قرار دے سکتے ہیں اسکی کچھ سمجھ نہیں آتی ۔ کیا اس کارروائی کے متعلق وہ یہاں تحقیقات نہیں کرا سکتے ؟ کیا انکوائری سے ڈر لگتا ہے ؟ اسکے بعد سب کلاز (۴) کو دیکھئے ۔

Where the Syndicate does not within a reasonable time, take action to the satisfaction of the Chancellor, the Chancellor may, after considering any explanation furnished or representation made by the Syndicate, issue such directions as he thinks fit and the Vice-Chancellor shall comply with such directions.

اس انکوائری کے بعد بھی چانسلر صاحب کو یہ اجازت ہے کہ وہ کسی کارروائی کو کالعدم قرار دے سکیں ۔ سب کلاز (۵) میں جو الفاظ استعمال ہوئے ہیں وہ یہ ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Which is not in conformity with this Act.....

یہاں پر لفظ conformity استعمال کیا گیا ہے ۔ کسی قانون کے خلاف ہونے اور اسکے عین مطابق ہونے میں فرق ہے ۔ یہ دو علیحدہ علیحدہ چیزیں ہیں ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ جب آنریبل وزیر نے اس اتھارٹی سے پوچھنے کیلئے جملہ شرطیہ لگا دیا ہے تو پھر اس امر میں کیا چیز مانع ہے کہ سینیٹ سے نہ پوچھ لیا جائے ؟ کیونکہ آخری اتھارٹی سینیٹ ہے ۔ اگر وہاں سینیٹ رکھ دیا جاتا تو کیا حرج تھا ؟ میں یہ عرض کرونگا کہ اس ایک سیکشن کے ذریعہ سے یونیورسٹی کو حکومت کا بلا تنخواہ ملازم بنا دیا گیا ہے ۔ اگر کہیں یہ بھی لکھ دیتے کہ حکومت یونیورسٹی کو اتنی گرانٹ دیگی تو ہم کہتے چلو یونیورسٹی حکومت کی تنخواہ دار ملازم تو ہے ۔ جکڑ بندیاں اتنی کہ کسی تنخواہ دار ملازم پر

بھی نہیں ہوتیں لیکن جہاں تک کچھ دینے کا سوال ہے اسکے متعلق مکمل سکوت ۔

صاحب صدر—یونیورسٹی کے نمائندہ ہونے کی حیثیت سے جناب کو اس بحث میں حصہ لینا چاہئے تھا لیکن سپیکر ہونے کی حیثیت سے آپکے لبوں پر مہر سکوت لگا دی گئی ہے۔

جناب والا اسکے بعد اب ایک ہی چیز باقی ہے اور وہ یہ کہ یونیورسٹی کی طرف سے لیجسلیچر کے نمائندہ کو بھی نامزد کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the new Second Proviso be taken into consideration.

چودھری محمد افضل چیمہ— (لائلپور -۹ - مسلم)—حضور والا عزت مآب سابق رفیق شفیق نے کچھ بیان فرمایا ہے ۔ میں انتہائی مجبوری کی حالت میں انکی مخالفت کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔مجھے انکے جذبات کا پورا پورا احترام ہے۔ میں نہیں کہ سکتا آنریبل وزیر تعلیم کس حد تک میرے مشکور ہونگے ۔ مگر میں ان چیزوں سے بالاتر ہو کر اپنے مافی الضمیر کا اظہار کرنا چاہتا ہوں ۔ سب کلاز (ہ) میں یہ درج ہے کہ چانسلر صاحب اپنے کسی تحریری حکم سے اتھارٹیز کی کسی کاروائی پر جو اس ایکٹ یا ان ضوابط یا ہنگامی قوانین کے خلاف ہو گی خط تنسیخ پھیر سکینگے۔ آنریبل ممبر نے اس میں یہ ترمیم پیش کی ہے کہ بشرطیکہ چانسلر صاحب ایسا خط تنسیخ پھیرنے سے پہلے ان ضوابط یا ہنگامی قوانین کے متعلق تشریح اور صراحت کیلئے مشورہ لے لیں۔ یعنی انہیں صرف مشوروں کا خیال ہے۔

حضور والا مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی شخص کسی کا قتل و خون کرنے کے بعد اب اس پر مگرمچھ کے سے آنسو بہا رہا ہو۔ اگر ان میں جرأت ہوتی تو وہ ان تمام دفعات کی مخالفت کرتے جن میں یونیورسٹی کو ذبح کیا گیا ہے۔ اب بھی وہ انہیں صرف مشورہ لینے کا پابند بنا رہے ہیں مشورہ قبول کرنے کا پابند نہیں بنا رہے۔ اگر وہ یہ کہتے کہ چانسلر صاحب اس مشورہ کو نظر انداز کرتے وقت اسکی وجوہات قلمبند کرینگے تو یہ بات زیادہ صحیح اور انسب ہوتی ۔ مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ایک ایسے آدمی کو جو خون کی کمی یا زیادہ خون بہ جانے کی وجہ سے راہئی ملک عدم ہو چکا ہو اب خون کا ٹیکا لگانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب یہ تمام مساعی بالکل بے وقت اور فضول ہیں۔

اور پھر مشورے کے متعلق آپ نے صرف یہ کہا ہے کہ مشورہ لے لے۔ اس سے کونسا بوجھ ہلکا ہو جائیگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپنے اس مسودہ قانون کی رو سے مختلف افسروں کو جو وسیع اور آمرانہ اختیارات دئے ہیں اس سے آپنے یونیورسٹی کی آزادی کا قلع قمع کر دیا ہے۔ ان اختیارات کے بعد اس چھوٹی سی اور معمولی سی بات کے اضافے سے فرق ہی کیا پڑتا ہے؟

وزیر تعلیم—(عزت مآب چودھری علی اکبر خان) جناب والا— آنریبل چودھری محمد شفیق صاحب نے واقعی بڑی زور دار تقریر فرمائی ہے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے اپنی ترمیم کو غور سے نہیں پڑھا۔ ان کی ترمیم کا مطلب یہ ہے کہ جو Author ty کوئی Statutes یا Ordinance بنائے اگر اس کے متعلق کوئی شبہ پیدا ہو تو پھر وہی اسے interpret بھی کرے۔ اس کی مثال یوں سمجھ لیجئے کہ یہ قانون جو اس وقت اس معزز ایوان کے سامنے پیش ہے اگر اس کے نفاذ پر اس کی interpretation کے متعلق کوئی دقت پیدا ہو تو اسے واپس اس ایوان میں مطلب دریافت کرنے کیلئے پیش کیا جائے۔ میرے خیال میں اگر چودھری صاحب اس ترمیم پر ذرا تو بہ سے غور کرتے تو انہیں ماننا پڑتا کہ ان کی ترمیم ناجائز اور نا مناسب ہے۔ میں نے اس بل میں تجویز کیا ہے کہ اگر چانسلر صاحب کسی ایسے حکم یا فیصلے پر عمل ہوتا دیکھیں جو کسی Statute-ordinance یا اس ایکٹ کے مطابق نہ ہو تو وہ ایسے منسوخ کر سکتے ہیں۔ سابقہ ایکٹ کی دفعہ ۱۹ کے ماتحت یہ اختیارات صوبائی حکومت کو دئے گئے تھے۔ جس کے مطابق حکومت پنجاب یونیورسٹی کے سینیٹ یا سنڈیکیٹ کے ایسے فیصلوں کو جو Statutes ordinances, regulations یا ایکٹ مذکور کے خلاف ہوں منسوخ کر سکتی ہے۔ اس وقت جو تجویز زیر غور ہے اس میں یہ اختیارات حکومت کے پاس نہیں رکھے گئے۔ بلکہ چانسلر صاحب کو منتقل کئے گئے ہیں۔ چنانچہ اب چانسلر صاحب یہ دیکھنے کے مجاز ہوں گے کہ یونیورسٹی کسی صورت میں بھی اپنے اختیارات سے تجاوز نہ کرنے پائے۔ اور اگر وہ ان میں سے کسی کو ایسا کرتے دیکھ پائیں تو اس کارروائی کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ حکومت نے یہ اختیارات اپنے پاس رکھنے کی بجائے چانسلر صاحب کے سپرد کر دئے ہیں ان گذارشات کے ساتھ میں چودھری محمد شفیق صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ اپنی ترمیم واپس لے لیں۔

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست)۔ جناب صدر۔آنریبل وزیر تعلیم کی تقریر سن کر میں حیران ہوا ہوں کہ انہوں نے ابھی تک میری ترمیم پڑھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ انہوں نے صرف یہ کہہ کر ٹالنے کی کوشش کی ہے کہ اگر یہ ترمیم منظور کر لی جائے تو پھر جب کبھی اس ایکٹ کے مفہوم کے متعلق کوئی دقت پیش آئیگی تو اسے بھی دو بارہ اسمبلی میں پیش کرنا پڑیگا۔ میری گذارش یہ ہے کہ میں نے اس ایکٹ کے الفاظ استعمال نہیں کئے ۔ میں نے وہاں Authority کا لفظ استعمال کیا ہے۔ اور وہ Authority سینیٹ ہے یا یونیورسٹی کی Executive Body سنڈیکیٹ ہے ۔ ایکٹ ہذا کے مطابق اس قسم کے Statute سنڈیکیٹ کی طرف سے پیش کئے جائینگے اور سینیٹ پاس کرے گی اسلئے ان کی interpretation سینیٹ سے پوچھی جائیگی چانسلر صاحب جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اس صوبہ کے گورنر بھی ہونگے ۔ اس آزاد مملکت میں گورنر صاحب بہادر کے اختیارات جیسا کہ محدود ہیں آپ سے بھی مخفی نہیں گورنر صاحب کو ہر بات میں حکومت کے مشورہ پر چلنا ہوتا ہے۔ ان حالات میں اگر حکومت ان کو کوئی غلط مشورہ دیتی ہے تو اس کا علاج اس ترمیم میں درج کیا گیا ہے۔ یعنی کوئی کارروائی جو اس ایکٹ کے خلاف ہوگی چانسلر صاحب اسے کالعدم کرنے کے مجاز ہونگے۔ میری عرض صرف اس قدر ہے کہ Statute کی خلاف ورزی کے متعلق اس دفعہ میں اس Authority سے مشورہ کرنے کے متعلق ہی تو کہا گیا ہے۔

جناب والا۔میں حیران ہوں کہ ہمارے وزیر تعلیم صاحب جب کبھی کسی دلیل کے جواز میں کوئی حوالہ دیتے ہیں تو کبھی ۱۸۶۷ء کے ایکٹ کا ذکر کرتے ہیں۔ کبھی ۱۹۱۱ء اور کبھی ۱۹۰۴ء کے ایکٹوں کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ وہ خواہ مخواہ غلامی کے دور کو اپنی مشعل راہ نہ بنائیں۔ پاکستان ایک آزاد مملکت ہے اور ہم اس آزاد مملکت کے باشندے ہیں۔ اب ۱۹۵۴ء ہے۔ ہمیں پچھلی صدی کی باتوں پر بھروسہ نہ کرنا چاہئیے۔ بلکہ اپنے دماغ سے بھی سوچنے کی کوشش کرنی چاہئیے۔ آپ پرانی اور دقیانوسی باتوں کا سہارا کیوں لیتے ہیں ؟ پہلی حکومتیں جو کچھ کرتی تھیں اس وقت ہم غلام تھے۔ اب آزاد ہیں۔ اس لئے اس آزاد ماحول میں اس قسم کے بل پیش کرکے ہمیں یونیورسٹی کو کالعدم کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئیے۔

وزیر اعلیٰ—(عزت مآب ملک محمد فیروز خاں نون) جناب والا - جب بھی کوئی Statute بنتا تھا تو وہ سنڈیکیٹ یا سینیٹ پیش کرتا تھا - اب اس سلسلے میں اگر یونیورسٹی کی کوئی Authority اس ایکٹ کی خلاف ورزی کرے گی تو اس کے لئے چانسلر صاحب کو اختیار ہوگا کہ وہ اس Statute کے بارے میں اس Authority سے جس نے کسی دفعہ کی خلاف ورزی کی ہو مشورہ کرے اور اس خلاف ورزی کی وجہ معلوم کرے اور جواب موصول ہونے پر فیصلہ کرے- اس کے معنی یہ ہوئے کہ اگر چانسلر صاحب یہ سمجھیں کہ اس ایکٹ کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو وہ متعلقہ Authority سے اس خلاف ورزی کیلئے explanation لینگے اور اس کے بعد اس کے متعلق فیصلہ کر کے کوئی حکم صادر کرینگے - میرے معزز اور عزیز دوست یہ کہتے ہیں کہ اگر سینیٹ کوئی Statute بناتا ہے تو پیشتر اس کے کہ چانسلر صاحب کوئی فیصلہ کریں خواہ اس ایکٹ کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی ہوئی ہے یا نہیں انہیں چاہیئے کہ وہ سینیٹ سے یہ دریافت کریں کہ اس کے اس قانون کے معنی کیا ہیں- جب وہ اس کا جواب دے تو پھر چانسلر صاحب اس کے متعلق فیصلہ کریں - اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اگر چانسلر صاحب کی رائے میں کسی Authority نے خلاف ورزی کی ہوگی جس کے سو کے قریب ممبر ہونگے تو وہ قانون دوبارہ اس میں پیش ہوگا- جس کا مطلب یہ ہوا کہ سینیٹ میں اس قانون کے معنی واضع کرنے کیلئے پارٹی بازی شروع ہو جائیگی - ایک پارٹی اپنے نظریے کے مطابق ایک معنی پیش کریگی اور دوسری اپنے نقطہ نگاہ کے مطابق یقیناً اس کے الٹ یا مختلف معنی لے گی- تب کہیں جا کر اکثریت کی رائے کے مطابق اس کے معنی سے چانسلر صاحب کو مطلع کیا جائیگا- اگر میرے عزیز دوست کا منشا یہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ طریق کار بالکل unworkable ہوگا اور اس سے خواہ مخواہ وقت ضائع ہوگا- انہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ قانون کو بہتر طریق پر ہمیشہ individuals ہی interpret کرتے ہیں- اور یہاں بھی جو طریق کار تجویز کیا گیا ہے وہ صحیح ہے - البتہ اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ اس Statute کو جس کے متعلق کوئی شک ہو معنی معلوم کرنے کی غرض سے کسی جج یا ایم - ایل - اے کے پاس جو اچھا وکیل ہو بھیج دیا جائے تو وہ یقیناً بہتر صورت ہوتی - اس طرح صرف ایک آدمی اس کی interpretation کریگا - لیکن جب ۱۰۰ آدمی اس کی interpretation کریں گے تو صحیح نہیں ہوگا

کیونکہ یہ بالکل ایسی تجویز ہے جس پر کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی۔ یہ یاد رکھئیے کہ کسی قانون کے بننے کے بعد اگر کوئی شخص کسی جج کی interpretation کے خلاف argue کرنا چاہے اور اس قانون کے متعلق speeches اور debates کا حوالہ دے کر کہے کہ اس کے معنی یہ ہیں تو جج اسے اجازت نہیں دے گا بلکہ یہ کہے گا کہ debates سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہم تو قانون کے حروف اور معنوں کی حدود سے باہر نہیں جا سکتے۔ اس لئے اس ہاؤس میں ایسی چیزیں پیش نہ کریں جو unworkable ہوں کیونکہ اس طرح ان پر عمل کرنا مشکل ہو جائے گا۔

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir,

Mr. Speaker : The honourable member has no right to speak now.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Your honour may allow me to say something.

Mr. Speaker: The honourable member must remember that the Leader of the House has every right to reply. Please resume your seat.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. Since the honourable member is no longer the member of the opposition, you should kindly give him some time.

Mr. Speaker : No. The question is—

Chaudhri Muhammad Shafiq : Sir, I have got a right to defend.

Chief Minister : As Leader of the Party I ask you to withdraw it.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema : On a point of order, Sir. Just in your honour's presence, the Honourable Leader of the House is issuing directions asking the honourable member to withdraw.

Chief Minister : I have a right to issue directions at any time.

Mr. Speaker : That is no point of order.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, I draw your attention to page 120 of May's Parliamentary Practice. Being a member of this House I have been coerced by the Leader of the House not to speak, and you as custodian of the privileges of the members of this House cannot debar a member from speaking or saying anything. It is a direct attack on the freedom and liberty of the members of this House. I may refer you to the rulings on this point.

Mr. Speaker : Please listen. There is no question of referring me to the rules or to parliamentary practice. So far as the privileges of the members of this House are concerned, they are definitely regulated by the Government of India Act as adapted by Government of Pakistan. Now so far as the so called right of reply is concerned.

Chaudhri Muhammad Shafiq : My point is absolutely different Sir. Your honourable has to give ruling on the point whether an honourable member can be coerced in the House ?

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I draw your attention to rule 63, which reads :—

"If the opinion of the Speaker as to the decision of a question is challenged, he shall direct that the division bells be rung for two minutes to enable members not present in the Chamber to return to their places."

"After the lapse of two minutes from this direction, he shall put the question again, and if his opinion is again challenged, he shall direct the "ayes" and "noes" to their respective lobbies."

Mr. Speaker : Yes, I was going to put the question again for the second time under rule 63 (3).

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order, Sir. May I know Sir, what for the secret ballot is meant ? We want Secret Ballot.

Mr. Seaker: The honourable member must study the rules before raising the point of order.

Chaudhri Muhammad Shafiq: We must be given protection, Sir.

Mr. Speaker : Order please, Order. Since my decision has been challenged, I call upon those who challenged my decision and claim a division to please rise in their places.

Chaudhri Muhammad Shafiq: There should be division, Sir.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir. Beside these rules and regulations, there are some inherent powers vested in you, wherever you feel that in the interest of justice it is essential that there should be a secret ballot, you can safely ignore the rules.

Mr. Speaker: I have already said that in my opinion a division is unnecessarily claimed.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order, Sir. On the first occasion you found the strength by means of voices. There were only two voices. The decision was challenged and then in order to ascertain the strength you asked the members to stand up.

Mr. Speaker: Yes, second time.

Chaudhri Muhammad Shafiq: The second time you asked the members to stand up and they refused to do that. It means that there was a difference of opinion upon this issue and they did not want to stand to decide the issue but they wanted it to be decided by a division. So in the interest of the privileges of the members you should give a division to the House.

Mr. Speaker: I thought that the honourable member was going to say something which did not pertain to my ruling. I have already given the ruling that in my opinion the division is unnecessarily claimed and according to the Proviso to Rule 63, I called upon those members who claimed a division and challenged my decision to rise in their places.

Mr. C. E. Gibbon: May I draw your attention to Rule 63 (2). It says :—

"If the opinion of the Speaker as to the decision of a question is challenged, he shall direct that the division bells be rung for two minutes to enable members not present in the Chamber to return to their places."

Mr. Speaker: All right, I direct that the bells be rung.

(*The bells rung for two minutes*).

The question is—

That the new Second proviso be taken into consideration.

(After ascertaining by voices, Mr. Speaker declared: 'Noes have it').

VOICES : Ayes have it.

Mr. Speaker: Since my decision has been challenged and I think that the division is unnecessarily claimed, I, therefore, call upon the honourable members who challenge my decision and claim a division to rise in their places.

(VOICES : We want a division).

No, I cannot allow it.

Chaudhri Muhammad Shafiq: On a point of order. You have allowed the bells to be rung for division.

Mr. Speaker: No. The bells were rung under Rule 63 (2) to enable members who might be in the lobbies to come back to the Chamber.

Those who challenge my decision will kindly rise in their places. (No one stood up).

Those who favour my decision will kindly rise in their places. (A large number of members stood up).

The motion was lost.

Clause 11

Mr. Speaker: The question is—

That clause 11 stand part of the Bill.

The motion was lost.

Clause 12

Chaudhri Muhammad Shafiq (Montgomery 3 Muslim (Reserved Seat): Sir, I beg to move—

That in clause 12, sub-clause (2), the following proviso be added at the end:—

"Provided that during the term of his office, he shall not take part in any political activity.

"Provided further that the same person shall not hold office continuously for more than two terms."

جناب والا—یہ ترمیم پیش کرتے وقت میرے پیش نظر دو خدشات تھے جن کا ازالہ میں کرانا چاہتا ہوں۔ ایک تو یہ کہ کلاز ۱۲ کو اگر اسی صورت میں منظور کر لیا گیا تو یونیورسٹی کا نظم و نسق کسی ایک پولیٹیکل پارٹی کے صدر کے ہاتھ میں چلا جائے گا۔ جس سے کئی خرابیاں پیدا ہو جائیں گی۔ میرا دوسرا خدشہ یہ تھا کہ یونیورسٹی کے طلبا کو political activities میں حصہ لینے سے روکنے کے لئے کوئی دفعہ نہیں ہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ سنٹرل گورنمنٹ نے اور ہمارے محترم قائد نے کئی دفعہ students کو political activities میں حصہ نہ لینے کی ہدایت کی ہے—

Chief Minister: I am not your leader as you have not obeyed me.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I do not accept it Sir, I do not accept it.

چودھری محمد شفیق—جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ students کو political activities کے نزدیک بھی نہیں جانا چاہیئے۔

جناب صدر پیشتر اس کے کہ میں opposition کی غلط فہمی کو دور کروں میں یہ عرض کروں گا کہ اس مسئلہ میں ہمارے قائد نے بڑی عقل مندی کا ثبوت دیا۔ انہوں نے یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ بل نہایت اہم ہے پارٹی کے کسی ممبر کو اس سلسلے میں amendments دینے سے نہیں روکا بلکہ یہ اجازت دے دی ہے کہ جو ممبر چاہے وہ amendments پیش کر سکتا ہے (شور) (غلط ہے غلط ہے کی آوازیں)۔ جناب والا میں اپنی دلیل کے جواز میں Punjab University Commission Report کا حوالہ دینا چاہتا

ہوں ۔ اس رپورٹ کے صفحہ ۵۸ کی آخری تین سطروں میں وائس چانسلر کے متعلق بڑی وضاحت سے یہ چیز کہی گئی ہے کہ ۔

"He should not take part in any political activity and should neither seek nor contest election to any legislature or local body."

میں عرض کروں گا کہ جب اس کمیشن نے جس پر حکومت کا اتنا روپیہ خرچ ہوا یہ مشورہ دیا تھا اور صاف الفاظ میں لکھا تھا کہ وائس چانسلر کو political activities میں حصہ لینے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیئے تو پھر کیا وجہ ہے کہ اس بل میں یہ شرط نہیں رکھی گئی ۔ میں محترم وزیر تعلیم کی خدمت میں عرض کروں گا کہ حکومت کے Legal Remembrancer صاحب بھی ایسے ہی وکیل ہیں جیسے کہ وہ خود ہیں وہ اس مسئلے پر اتھارٹی Authority نہیں ہیں بلکہ یونیورسٹی کمشن زیادہ اتھارٹی ہو سکتی ہے جسنے تمام رپورٹیں پڑھی ہیں اور پررے طور پر تحقیقات کے بعد رپورٹ مرتب کی ہے (شور) ۔ حضور والا میں یہ عرض کروں گا کہ اگر وائس چانسلر صاحب کو political activities میں حصہ لینے کی اجازت دے دی گئی تو لازمی بات ہے کہ students بھی political activities میں حصہ لیں گے ۔ اس لئے اس بل میں ایسے الفاظ ضرور ہونے چاہئیں جن سے وائس چانسلر کو political activities میں حصہ لینے سے باز رکھا جائے ۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو مجھے یقین ہے کہ یونیورسٹی ایک سیاسی اکھاڑہ بن کر رہ جائے گی ۔ انہوں نے یہ کوشش کی ہے کہ چانسلر اگر چاہے تو خواہ چالیس سال تک وائس چانسلر کو اس عہدے پر فائز رکھ سکے گا ۔ اور کوئی قانونی رکاوٹ نہیں ہوگی ۔ حالانکہ یونیورسٹی کے تحقیقاتی کمیشن نے وائس چانسلر کے لئے تین سال کی میعاد مقرر کی تھی ۔ ملاحظہ ہو انگریزی الفاظ :—

" 1 (i) He should hold office for a term of three years and should be eligible for only one more term of three years. No one should hold the post for more than two terms."

عرض یہ ہے کہ یونیورسٹی کمیشن کی رپورٹ کو بھی پس پشت ڈالا جا رہا ہے ۔ اس رپورٹ میں وائس چانسلر کے عہدے پر کئی شرائط عائد کی گئی تھیں مگر اب ان شرطوں کو ختم کیا جا رہا ہے نہ میعاد عہدہ محدود کی جا رہی ہے اور نہ کوئی اور شرائط جو کمیشن نے مقرر کی ہیں عائد کی جا رہی ہیں ۔

میاں محمد شفیع (منٹگمری ۔ مسلم مخصوص نشست) : حضور والا ۔ یہ امنڈمنٹ وائس چانسلر صاحب بہادر کی پوزیشن کو بالکل واضح

کر دینا چاہتی ہے خاص طور پر اس کا یہ منشا ہے کہ وائس چانسلر صاحب بہادر کے متعلق اس امر کی پوری پوری وضاحت کر دی جائے کہ وہ کسی سیاسی پارٹی میں حصہ نہیں لیں گے۔ آنریبل ممبر چودھری محمد شفیق نے یونیورسٹی تحقیقاتی کمیشن کی رپورٹ سے چند حوالے quote کئے ہیں اس میں یہ صاف لکھا ہے کہ وائس چانسلر کے عہدے کی میعاد ۳ سال ہوگی۔ لیکن اس بل میں ایسا کوئی تعین نہیں کیا گیا کہ آیا وائس چانسلر کے عہدے کی میعاد ایک دو سال ہوگی یا پچاس سال؟ اس بل میں تو یہ نہیں لکھا کہ اسکی تنخواہ کیا ہوگی۔ ان دونوں باتوں کا تعین صاف طور پر کر دینا چاہئے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس ترمیم کی تائید کرتا ہوں۔

ملک فیض حسین — کیا آنریبل ممبر چودھری محمد شفیق کو یقین ہو چکا ہے کہ اسمبلی کو dissolve کر دیا جائیگا۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 12, sub-clause (2) following proviso be added at the end:—

"Provided that during the term of his office, he shall not take part in any political activity and should neither seek nor contest election to any legislature or local body."

"Provided further that the same person shall not hold office continuously for more than two terms."

(*Interruptions*). **Voices:** Ayes have it.

Mr. Speaker: As it has been challenged, I order that the Bell be rung for two minutes.

The Bell began to ring.

(After the Bell stopped ringing).

Mr. Speaker: Those who are in favour of Chaudhri Muhammad Shafiq's amendment being adopted should rise in their places.

Since no one has stood up. I declare that the amendment is rejected.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in Clause 12, sub-clause (4) the words "and the Pro-Chancellor" and "comma" occurring in line 5 be omitted.

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 12, sub-clause (4) the words "and the Pro-Chancellor" and "comma" occurring in line 5 be omitted.

The motion was carried.

Saiyed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That sub-clause (6 of Clause 12 be omitted. Sir, in my opinion this sub-clause is wholly unnecessary because an emergent meeting can be called at any time should an emergency arise.

This sub-clause reads thus:

12 (6) "In an emergency arising out of the business of the University and requiring, in the opinion of the Vice-Chancellor, immediate action, the Vice-Chancellor may take such action as he may deem necessary and shall report the action so taken to the Authority concerned at its next meeting."

Now by giving these powers to the Vice-Chancellor you are giving him an opportunity to override unnecessarily over the decisions of various authorities. Suppose an emergency has arisen and under these powers the Vice-Chancellor takes such action which in the opinion of the authority concerned was not proper and the authority does not approve it, it would be difficult for that authority to

undo that action of the Vice-Chancellor afterwards. Now, Sir, the Vice-Chancellor will be appointed by the Chancellor and not by that authority and as he is not answerable to any authority, no action can be taken against him. I, therefore, move that sub-clause (6) be omitted.

Mr. Speaker : The question is—

That sub-clause (6) of Clause 12 be omitted.

The motion was lost.

Mir Abdul Qayyum : Sir, I beg to move—

That in Clause 12, sub-clause (6), after the last word "meeting" in line 6, the words "for approval" be added.

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 12, sub-clause (6), after the last word "meeting" in line 6, the words "for approval" be added.

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائلپور - ۹ - مسلم) - حضور والا - میری یہ مؤدبانہ گذارش ہے کہ یہ کلاز جسکی سات سب کلازیں ہیں اس پر بحث کیلئے زیادہ وقت دیا جائے -

حضور والا - میرا سب سے پہلا اعتراض یہ ہے کہ وائس چانسلر صاحب کی تقرری چانسلر صاحب فرمائینگے اور ایسی شرائط کے ماتحت جو وہ مناسب خیال کرینگے - اور چانسلر صاحب گورنر ہونگے - پہلی چیز قابل غور یہ ہے کہ جب عنقریب اس صوبہ اور سارے مغربی پاکستان کی ہیئت ترکیبی ہی بدل جائیگی اور مغربی پاکستان ایک ہی وحدت ہو جائیگا تو اس صورت میں صوبہ پنجاب کیلئے کوئی جداگانہ گورنر نہیں ہوگا - اسلئے یہ الفاظ کہ صوبہ پنجاب کا گورنر چانسلر ہوگا میں سمجھتا ہوں کہ یہ الفاظ بالکل فضول اور بے معنی ہو جائینگے - اور انکی یہ ساری تعمیر دھڑام سے گر جائے گی -

دوسری بات یہ ہے کہ وائس چانسلر کے متعلق آپ نے اس امر کا کوئی تعین نہیں کیا کہ اگر خدا نخواستہ نعوذباللہ وہ فاتر العقل یا مخبوط الحواس ہو جائے تو پھر کیا کیا جائیگا - سب کلاز (۳) میں یہ تو درج ہے کہ جب وائس چانسلر کی اسامی رخصت بیماری یا دیگر وجوہ کے باعث عارضی طور پر خالی ہوگی تو چانسلر صاحب اس منصب کے فرائض کی انجام دھی کیلئے مناسب انتظامات فرمائینگے - لیکن اگر انہیں کوئی ایسا دماغی عارضہ لاحق ہو جائے تو اسکے لئے کوئی اہتمام نہیں کیا گیا - ہو سکتا ہے کہ ڈاکٹر سے پوری صحت کا سرٹیفیکیٹ حاصل کرنے کے با وجود بھی وہ اپنے فرائض سر انجام دینے سے یکسر قاصر ہوں -

تیسری بات یہ ہے کہ یہاں وائس چانسلر صاحب کے خصوصی اور آمرانہ اختیارات پر جو پابندیاں عائد کرنے کی کوشش کی گئی ہے

وہ مجھے یوں معلوم ہوتی ہے جیسے چوہوں کی فوج بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنے کا منصوبہ بنا رہی ہو۔ ورنہ وائس چانسلر کو اس قدر اختیارات دیے دئے گئے ہیں کو یوں معلوم ہوتا ہے کہ بے چاری یونیورسٹی ایک بے یار و مددگار مسمات ہے جسے ایک خطرناک دیو ہیکل آدمی ضرب پر ضرب لگا رہا ہے۔ یونیورسٹی کی داخلی آزادی کا بالکل خاتمہ کر دیا گیا ہے۔ اور پھر یہ وائس چانسلر صاحب گورنر کے نامزد ہونگے۔ گورنر صاحب پر اس امر کی کوئی پابندی نہیں کہ وہ ضرور کسی ایسے شخص کو وائس چانسلر نامزد کرینگے جو عالم فاضل اور سکالر قسم کا ہوگا۔ بلکہ عین ممکن ہے کہ گورنر صاحب آئینی گورنر ہونے کے باعث وزیر اعلیٰ صاحب سے مشورہ لیں۔ اس صورت میں یہ ایک سیاسی قسم کی تقرری ہو جائیگی۔ اسلئے انہیں اس قسم کا مطلق العنان حاکم مختار بنانا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔ اس سے یونیورسٹی کی اندرونی خود مختاری کا قلع قمع ہو جائیگا۔ پھر ہنگامی حالات میں انہیں اور بھی غیر معمولی اختیارات دے دئے گئے ہیں۔ انکے اوپر یہ پابندیاں تار عنکبوت کے برابر ہیں جن کی اہمیت پر کاہ کے برابر بھی نہیں ہوگی —

خرد کا نام جنون رکھ دیا جنون کا خرد
جو چاہے آپکا حسن کرشمہ ساز کرے !

اور

ع تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم !

اور ویسے بھی قانونی طور پر جس وضاحت اور صراحت سے آپ نے اختیارات دئے ہیں اور ہنگامی صورت حالات میں جیسا کہ آپ نے لکھا ہے

"Will exercise all powers necessary for the purpose"

اتنے وسیع اختیارات پر معمولی سے معمولی قدغن بھی نہیں لگائی جا سکتی۔

Mian Muhammad Shafi (Montgomery VII Muslim (Rererved Seat): Sir, clause 12 is the last nail in the coffin of the Punjab University. You have armed the Vice-Chancellor with powers.

Mr. Speaker: Please speak in Urdu.

حضور والا—ہمارے وزیر تعلیم صاحب نے یہ بل پیش کرکے ہٹلر کی روح کو برلن سے اٹھا کر وائس چانسلر کے جسم میں داخل کر دیا ہے۔ پنجاب یونیورسٹی سے متعلق زیر غور مسودہ قانون پیش کرتے ہوئے آپ کی انتہائی کوشش یہ معلوم ہوتی ہے کہ اسے منظور کراتے وقت کوئی ایسا رخنہ نہ رہ جائے جس سے جمہوریت اور عوامیت کا عنصر نمایاں ہو۔ آپ نے وائس چانسلر کو جن ہنگامی اور عمومی اختیارات سے مسلح

کیا ہے اس کے پیش نظر اگر وہ یونیورسٹی کو بیچ بھی کھائے تو اس سے کسی قسم کی جواب طلبی نہیں کی جا سکتی۔

حضور والا—یونیورسٹی میں دو قسم کے افسر ہیں ۔ ایک Acadamic افسر ہیں اور دوسرے Executive افسر ۔ آپ نے زیر غور دفعہ کی رو سے وائس چانسلر کو یہ اختیار دے کر یونیورسٹی کی آزادی کو ختم کر دیا ہے کہ وہ جب چاہے اور جس افسر کو جس کمیٹی سے چاہے نکال سکتا ہے۔ حضور والا ۔ آپ کا دعوےٰ ہے کہ آپ ایک جمہوریت کے دلدادہ ملک میں رہتے ہیں اور آپ کا یہ بھی دعوےٰ ہے کہ پاکستان ایک جمہوری ملک ہے۔ تو پھر آپ کے اتنے بڑے تعلیمی ادارے میں جمہوریت کا کچھ شائبہ تو ہونا چاہیئے۔

حضور والا— موجودہ وائس چانسلر صاحب کے متعلق میں کچھ عرض کرنا نہیں چاہتا ۔ جناب وزیر تعلیم سے میری یہ درخواست ہے کہ وہ پنجاب یونیورسٹی کے متعلق جو شکایات ہیں ان پر پوری سنجیدگی سے غور کریں اور ان کو رفع کرنے کی کوشش کریں ۔ وہاں کے پروفیسر ۔ لیکچرار اور دیگر ملازمین کی شکایات یقیناً آپ تک پہنچی ہونگی ۔ وائس چانسلر کے وسیع اختیارات کی وجہ سے ان کی زندگی اجیرن کر دی گئی ہے۔ اس قانون کے مطابق جس کی رو سے آپ نے ان کے اختیارات میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے ان کو خطرہ ہے کہ موجودہ وائس چانسلر ان کو ذبح کرنے سے بھی دریغ نہ کرینگے ۔ مجھے امید ہے کہ وزیر تعلیم اس مخالفت کے پیش نظر وائس چانسلر کے اختیارات میں کچھ کمی کرنے کی کوشش کرینگے اور اس دفعہ کو جمہوری اصولوں کے پیش نظر نرم کرکے اپنے جمہوریت پسند ہونے کا ثبوت دینگے۔

Mr. C. E. Gibbon: Sir, there is a proposal which I wish to make and it is this that since we have deleted clause 11, this clause 12 should be now clause 11. Instead of changing all the numbers throughout, let clause 12 up to its sub-clause (3) be renumbered as clause 11 and start clause 12 from its sub-clause (4) and onwards with the marginal heading "Powers of the Vice-Chancellor".

Minister of Education: Sir, I accept this suggestion.

چودھری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست)! جناب والا ۔ مجھے اس کلاز کی صرف دو باتوں پر اعتراض ہے۔ میں نے کلاز نمبر ۱۲ کی پہلی اور دوسری شقوں کو بغور پڑھا ہے۔ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ وائس چانسلر کی شرائط ملازمت کیا ہونگی ؟ آیا وہ یونیورسٹی کمیشن رپورٹ کے مطابق ہونگی یا نہیں ؟ اور پھر یہ کہ وہ whole-time ملازم ہوگا یا part-time ؟ سمجھ میں نہیں آتا کہ آیا اس

سلسلے میں بھی کمیشن کی سفارشات مانی گئی ہیں یا نہیں۔ اس شق سے صاف ظاہر ہے کہ یہ کمیشن کی سفارشات کے مطابق نہیں بنائی گئی ۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ کونسی مصلحتیں کار فرما ہیں جن کی بنا پر ایسا کیا گیا ہے اور وہ کونسی چیزیں ہیں جن کو مخفی اور پوشیدہ رکھکر اس کلاز کو مبہم بنا دیا گیا ہے؟ وہ شرائط جن کی بنا پر وائس چانسلر کا تقرر عمل میں آنا ہے صاف طور پر اس ایوان کے سامنے پیش کی جانی چاہئیے تھیں۔ جناب والا ۔ یہ یونیورسٹی کا معاملہ ہے ۔ آپ یونیورسٹی کے نمائندہ ہیں اس لئے آپ کو مسند صدارت پر دیکھکر یہ سب باتیں کہنے کی جسارت ہوتی ہے ۔ جناب صدر۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلی کلاز میں ان شرائط کو بالکل واضع کر دینا چاہیئے تھا جن کے ماتحت وائس چانسلر کا تقرر عمل میں آنا ہے ۔ یونیورسٹی کمیشن رپورٹ میں وائس چانسلر کے متعلق نہایت واضح طور پر کہا گیا ہے کہ وہ کون شخص ہو گا اور اس کے فرائض کیا ہونگے ۔ اب معلوم نہیں جو شخص وائس چانسلر بنایا جائیگا وہ کس ضلع مسلم لیگ یا جناح عوامی لیگ کا صدر ہوگا ۔ آیا وہ whole-time ملازم ہوگا یا part-time ملازم ؟ یونیورسٹی کمیشن رپورٹ میں تو کہا گیا ہے کہ وائس چانسلر کا عہدہ whole-time کیا جائے ۔

جناب والا—دوسری کلاز میں ایک اس سے بھی بڑھکر زیادتی کی گئی ہے۔ یونیورسٹی کمیشن نے وائس چانسلر کے متعلق یہ سفارش کی ہے کہ دو terms سے زیادہ ایک شخص کو وائس چانسلر نہ رہنے دیا جائے ۔ مگر یہاں اس کے بالکل الٹ کیا گیا ہے۔

جناب والا—ہم نے اپنے نظام تعلیم میں اہم تبدیلیاں کرنی ہیں۔ اس کے لئے ہمیں آج سے چالیس سال پہلے کے تعلیم یافتہ آدمی کی ضرورت نہیں۔ اگر وائس چانسلر مقرر ہونے کے بعد اس پر کوئی پابندی عائد نہ کی گئی جیسا کہ یونیورسٹی کمیشن نے سفارش کی ہے کہ دو دفعہ سے زیادہ ایک آدمی at a time وائس چانسلر نہیں رہ سکتا تو پھر ایک دفعہ مقرر شدہ شخص تو چالیس سال تک نہیں ہٹایا جا سکتا۔ یہ بڑی زیادتی ہے۔

جناب والا — ہم اپنی یونیورسٹی کو آگے لے جانا چاہتے ہیں ۔ پیچھے کی طرف کھینچنا نہیں چاہتے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کلاز کی رو سے وائس چانسلر part-time ہوگا یا whole-time ۔ اس بنا پر میں پھر آنریبل وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ دوبارہ سوچ

لیں اور یونیورسٹی کمشن کی رپورٹ کے مطابق وائس چانسلر کو whole-time کر دیں ۔ اس سے یقیناً فائدہ ہوگا ۔ در اصل یونیورسٹی کوئی ایسی چیز نہیں جیسے کوئی Agrarian Law ہو یہ تو ایک بنیادی چیز ہے جس پر آپ کی قوم کی ترقی کی بنیاد ہے۔ اس میں کسی قسم کی خود غرضیوں کو کوئی دخل نہیں ہونا چاہئے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That clause 12 stand part of the Bill.

(After ascertaining by voices, Mr. Speaker declared 'Ayes have it').

Voices: 'Noes have it'. We want a division.

The Bell began to ring.

(After the Bell stopped ringing).

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 12 as amended stand part of the Bill.

Voices: Noes have it.

Mr. Speaker: Those who challenge my decision and claim a division may please rise in their places.

Since no one has stood up I declare that Clause 12 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 13

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 13 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 14

Saiyed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That sub-clause (*vii*) of Clause 14 be omitted.

Minister of Education: Sir, I accept it.

Mr. Speaker: The question is—

That sub-clause (*vii*) of Clause 14 be omitted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 14 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 15

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم): حضور والا ۔ کلاز نمبر ۱۵ کے ماتحت سینیٹ کو عام انتظامی اختیارات حاصل ہونگے اور پھر سنڈیکیٹ کی مجلس عاملہ ۔۔

صادب سپیکر: سنڈیکیٹ کا اس میں ذکر نہیں ہے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : ایک لفظ منہ سے نکلا نہیں اور آپنے روکا نہیں ۔

صاحب سپیکر : میں غیر متعلق باتوں کی ہرگز اجازت نہیں دونگا۔

چودھری محمد افضل چیمہ : اب سوال یہ ہے کہ یہ کلاز سینیٹ کو اختیارات تفویض کرتی ہے اور یہ فیصلہ کہ سینیٹ کی تشکیل کیسے ہو گی۔ . . . . . .

صاحب سپیکر : تشکیل کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ وہ کلاز آگے آئیگی۔

چودھری محمد افضل چیمہ : حضور والا ۔ یہ کلاز اس طرح شروع ہوتی ہے

Subject to other provisions of this Act

اس ایکٹ کے تحت سینیٹ کی تشکیل جس طریق پر کی گئی ہے وہ کچھ اس قسم کا ہے کہ آپنے یونیورسٹی کو سینیٹ میں پورے اور مناسب حقوق نمائندگی عطا نہیں کئے۔ جو لوگ اس ایکٹ کے پس منظر کا پورا پورا علم رکھتے ہیں اور جن کو معلوم ہے کہ اس ایکٹ کی تدوین و تصنیف کس شخص نے کیسے حالات میں اور کس ذھنی پس منظر کے ساتھ کی وہ باآسانی یہ بتا سکتے ہیں کہ یونیورسٹی کو بری طرح سے قتل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اگر اس ایوان کے معزز اراکین کو اس بات کا علم نہیں تو میں انکی اطلاع کیلئے یہ چیز واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کی تصنیف و تدوین موجودہ ڈی ۔ پی ۔ آئی صاحب نے نہیں کی بلکہ ان کے کسی سابق رو نے کی جن کو یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے ساتھ ذاتی حیثیت سے انتہائی طور پر رقابت تھی۔ انہوں نے ذاتی رقابت کی بنا پر اور اس کشمکش اور چپقلش کی وجہ سے یونیورسٹی کا بری طرح سے ستیاناس کیا ہے ۔ مجھے بڑا دکھ ہوتا ہے کہ عزت مآب وزیر تعلیم صاحب نے خود ہی اپنی مادر علم کو قتل کرنے کے بعد اسکی تجہیز و تکفین کی ہے اور خود ہی اسکو دفن کرنے کی کوشش کی ہے ۔ وہ چاہتے ہیں کہ تجہیز و تکفین کے بعد فاتحہ خوانی کیلئے لائلپور تشریف لے جائیں تاکہ لوگ وہاں جا کر ان سے اظہار افسوس کیلئے دست بدعا ہوں (قہقہہ)۔

ان وجوہات کی بنا پر میں اسکی مخالفت کرتا ہوں ۔

میاں محمد شفیع (لائلپور نمبر ۷ مسلم مخصوص نشست) : جناب والا ۔ اس شق میں سینیٹ کو جو اختیارات دیئے گئے ہیں میں انکی مخالفت

کرنا چاہتا ہوں ۔ حضور کو معلوم ہے کہ آئندہ سینیٹ کی شکل کیسی ہوگی ۔ اسکے ۱۰۰ اراکان ہونگے اور انکی اکثریت دس کو چھوڑ کر انکی ہو گی جو سرکاری نمائندے ہونگے ۔ اسکو جو وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں وہ بہت زیادہ ہیں ۔ اگر سینیٹ elected ہوتا ۔ اگر اس میں عوامی تعلیمی نمائندے ہوتے اور پھر آپ انکو ان اختیارات سے مسلح کرتے تو یہ بات صحیح بھی ہوتی ۔ لیکن یہ سینیٹ جو حکومت کا نامزد ہوگا اسکو اس قسم کے اختیارات سے مسلح کرنا قطعاً نامناسب ہے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 15 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 16

Mr. C. E. Gibbon (Pakistani Christian and Anglo-Pakistani III.): Sir, I beg to move —

That in Clause 16 (1)-A sub-clause (*ii*) be omitted.

Rana Ghulam Sabir Khan (Montgomery VI Muslim): Sir, I beg to move—

That in Clause 16, sub-clause (1), Part A, for the words "Pro-Chancellor" in entry (*ii*) the words "Education Minister of the Punjab" be substituted.

Minister of Education: I accept it.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور ۔ ۹ ۔ مسلم): حضور والا— میں اس ترمیم کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں ۔ اب ارشاد ہوا ہے کہ اس کلاز میں پرو چانسلر کی بجائے ایجوکیشن منسٹر کو یہ منصب عطا کر دیا جائے ۔ سوال یہ ہے کہ اولاً تو یہ سیاسی راہنما اور سیاسی طالع آزما اس قسم کے مصروف حضرات ہوتے ہیں کہ ان کے پاس اپنی گونا گوں مصروفیات یا اپنی سیاسی activities اور سیاسی سرگرمیوں کی وجہ سے اتنا وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ ٹھوس علمی مجالس اور مذاکرات میں حصہ لے سکیں ۔ اگر بفرض محال یہ بزرگان ملت انتہائی کوشش کے بعد یا اپنی دوسری اہم ذمہ داریوں کے expense پر اور ان کو پس پشت ڈال کر ایسے علمی مذاکرات میں حصہ لینے کے لئے کچھ تھوڑا بہت وقت نکال بھی لیں تو پھر یہ بات انتہائی طور پر مشکوک نظر آتی ہے کہ ان کے اندر ایسی مجالس اور ایسے مذاکرات میں حصہ لینے اور بڑا سرگرم حصہ لینے کی یا کچھ contribution کرنے کی صلاحیت ہو سکتی ہے ۔ جن لوگوں کو علمی مسائل سے دور کا بھی کوئی واسطہ نہ ہو اور جن کا تقرر محض سیاسی مصلحتوں کی بنا پر ہوا ہو ایسے لوگوں کو خواہ مخواہ ایسی علمی مجالس میں شامل کرنا میرے نزدیک کوئی عقل مندی کی بات معلوم نہیں ہوتی ۔ جب آپ نے حزب مخالف کی ترمیم کو اصولی طور پر تسلیم کرتے ہوئے پرو چانسلر (جو وزیر تعلیم پنجاب ہی تھے) کے عہدے

کو ختم کر دیا ہے تو اب پھر اس کلاز میں وزیر تعلیم کو شامل کرنا ایسے ہی ہے جیسے

Dr. Jekyll and Mr. Hyde . Mr. Hyde and Dr. Jekyll

دوسرے لفظوں میں آپ ایک چیز ایک ہاتھ سے دیتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے واپس لے لیتے ہیں - مجھے تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ رانا غلام صابر خاں صاحب نے یہ ترمیم شائد عزت مآب وزیر تعلیم صاحب کے خاص اشارے کے ماتحت پیش کی ہے - وزیر تعلیم صاحب نے ایک طرف تو پرو چانسلر کے عہدے کو ختم کر کے لوگوں کو خوش کرنے کی کوشش کی ہے مگر دوسری طرف اس کلاز کے ذریعے چور دروازے سے دبے پاؤں گھسنے کی کوشش کی ہے -

Minister of Education: Sir, if they are satisfied with this only, I accept the view of the opposition and Government is prepared to withdraw this amendment.

Rana Ghulam Sabir Khan: I withdraw my amendment.

Mr. Speaker: Has the honourable member leave of the House to withdraw his amendment.

Voices: Yes.

The amendment was by leave with drawn.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, I would like to raise a point of privilege because I have received a letter from one Mr. Shamim Ahmad Khan, the Secretary—I do not know of which body he is the Secretary. He has just sent me an order of his Leader, which is not signed by the Leader, he has sent a threat to me. I want to tell Your Honour that he has no right to call upon a member of this House to stop putting amendments. I am in a fix, I do not know whether it is the order of my Leader or not.

Chief Minister: I shall say that this letter is written by the Secretary, Muslim League Assembly Party, at my request. Under the rules and regulations of the Party orders can be issued on such occasions. According to the discipline of the Party I have requested the honourable member that he should not press any amendments which are not acceptable to the Honourable Minister.

Mr. Speaker: The honourable member had sent up a chit to me stating that he wanted to raise a point of privilege and it was alleged to be the same as he has now raised. I said on that chit that it was no point of privilege. After that there was no occasion for the honourable member to raise it and say anything at all. Further, this House is not concerned with inter-party affairs. Any order issued, rightly or wrongly, legally or illegally justifiably or otherwise, by a member of a certain party or by the whip of the party to any member is an internal matter which should not have been mentioned in this House at all.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order, Sir. The honourable member from the treasury benches sought your protection inside the House.

Mr. Speaker. I have already given my ruling on this point. This is no point of order.

Mian Muhammad Shafi: On a point of order, Sir. Cannot inter-party affairs be raised on the floor of the House?

Mr. Speaker: No.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. If what the honourable Chaudhri Muhammad Shafiq say is correct then whoever passed that paper to him has committed an offence under Rule 73 (c).

Mr.Speaker: No interruption took place while he was speaking.

Mr. C. E. Gibbon: He received the chit while he was speaking.

Mr.Speaker: No. When he sent the chit to me he was sitting.

The Assembly then adjourned for Asar Prayers.

The Assembly re-assembled after Asar Prayers. Mr. Speaker in the Chair.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, before I move my amendment I seek the protection of the Honourable Speaker, who is the custodian of the privileges of the House, that I have been threatened.

Mr. Speaker: I have already ruled that I am not concerned with inter-party affairs.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I am not saying anything about the Party. I am saying that a man, who is some Secretary, and who has described himself in the document to be some Secretary, has written a letter to me.....

Mr. Speaker: I am not going to allow the honourable member to discuss that point.

Chaudhri Muhammad Shafiq: If you see page 123 of May's Parliamentary Practice, I think you will change your ruling.

Mr. Speaker: No, I have already given my ruling on that point and therefore the matter ends.

Chaudhri Muhammad Shafiq: I am not saying anything about that matter.

Mr. Speaker: If the honourable member does not want to move his amendment, I will take up the next amendment.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order.

Mr. Speaker: I am not going to allow any more points of order on this subject.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Not on this subject.

Mr. Speaker: Please do not dispute the ruling of the Chair.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Then it means that I have got the protection of the Honourable Speaker.

Mr. Speaker: If any thing happens in this House, then I will certainly look to it.

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, he is wasting the time of the House.

Chaudhri Muhammad Shafiq: The honourable member should keep quiet.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. I will request you, as our Speaker, to please read Section 71 (1) of the Government of India Act. It says as follows :—

> "Subject to the provisions of this Act and to rules and standing orders regulating the procedure of the Legislature, there shall be freedom of speech in every Provincial Legislature....."

Mr. Speaker: That point does not arise.

Mr. C. E. Gibbon: I want to make an appeal that there should be no obstruction or interruption from any quarter and if any memberof the House wishes to speak he should be allowed.

Mr. Speaker: That is no point of order at all.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Another point of order.

Mr. Speaker: I am not going to allow any more points of order. The honourable member should take up his amendment.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Very well, Sir. That is what I am hearing from the member of the University. Sir, I will move both the amendment Nos. 79 and 85 together.

Mr. Speaker: Yes.

Chaudhri Muhammad Shafiq :Sir, I beg to move—

That in clause 16 (1) (A), items (*vi*) and (*vii*) be deleted;

That in clause 16 (1) (B) the following be added as items (*i*) and (*ii*) and the following items be re-numbered accordingly:—

"(*i*) 12 University Professors to be elected by single transferable vote by and from among them;

(*ii*) 12 Principlas of Colleges to be elected by single transferable vote by and from among them and the subsequent items be re-numbered.

جناب والا۔میں یہ چیز آنریبل وزیر صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ آپنے جن اغراض و مقاصد کے ماتحت یہ مسودہ قانون تیار کیا ہے میرے خیال میں یہ کلاز اسکے خلاف ہے۔ میں آنریبل وزیر صاحب کی توجہ یونیورسٹی کمیشن کی رپورٹ کے صفحہ ۶۳ کی طرف دلاتا ہوں۔ اس میں لکھا ہے۔

The senate should be constituted as follows:—

(*i*) Chancellor.

(*ii*) Vice-Chancellor.

(*iii*) Director of Public Instruction.

(*vi*) Chief Justice.

(*v*) Principals of professional, constituent, and affiliated Colleges, Professors and Heads of Departments.

University Professors کی تعداد چار سے پانچ تک ہوگی۔ ممکن ہے انکی تعداد بہت بڑھ جائے اور بیس یا تیس تک پہنچ جائے۔ اس وقت پنجاب میں اکتالیس کالج ہیں (گیارہ کے قریب پرائیویٹ ہیں باقی تمام گورنمنٹ کے ہیں۔ اس کلاز میں تعداد کو واضح نہیں کیا گیا۔ اس طرح سینیٹ کے ممبروں کی تعداد ۱۲۵ کے قریب ہو جاتی ہے۔ حالانکہ یونیورسٹی کمشن کی رپورٹ میں واضح طور پر لکھا ہے کہ

The Senate should be the Supreme Governing body of the University, but it should not be an unwielding assembly.

ان کے پیش نظر صرف یہ چیز ہے کہ گورنمنٹ کالج تعداد میں بہت زیادہ ہیں اس لئے ہم اس تعداد سے سینیٹ پر بھی قبضہ کر لینگے۔ اس قانون

میں یہ چیزیں چھپا کر لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈالی جا رہی ہے۔ آہستہ آہستہ سینیٹ کے ممبران کی تعداد ۵۰۰ تک بھی پہنچ سکتی ہے۔ جناب والا۔ یہ یونیورسٹی کا سینیٹ ہوگا یا کسی ملک کی مجلس قانون ساز۔ سینیٹ senate ہی اسکو کنٹرول کرے گا ۔ کتنی افسوسناک چیز ہے ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ بارہ پروفیسر اور بارہ پرنسپلز elect ہو کر آئیں بجائے اسکے کہ سب سرکاری ملازموں کو ایک ہی دن اس میں بھرتی کر لیا جائے۔ یہ میرے دماغ کی اختراع نہیں بلکہ یہ کمشن کی رپورٹ کے مطابق ہے جس پر تحقیقات کے لئے پبلک کا اتنا روپیہ خرچ کیا گیا ہے اور جو highest qualified کمشن سمجھا گیا ہے ۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اس بل کو انکی رپورٹ کے مطابق بنایا جائے اگر آج یونیورسٹی کے نمائندے یہاں ہوتے تو وہ لازمی طور پر اپنی آنکھوں کے سامنے یونیورسٹی کی autonomy کو ختم ہوتے نہ دیکھ سکتے ۔ مگر افسوس کہ یونیورسٹی کے آنریبل ممبر کی پوزیشن ایسی نہیں کہ وہ کچھ کہہ سکیں یا مشورہ دے سکیں۔ وہ صرف رحم بھری نظروں سے وزیر تعلیم کی طرف دیکھ لیتے ہیں جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ یونیورسٹی کو ان کے رحم و کرم پر چھوڑ رہے ہیں۔ ہم رجسٹرڈ گریجویٹس ہیں۔ ہم نے یونیورسٹی کا ممبر منتخب کیا تھا ۔ اور اسکو یہاں اسلئے بھیجا تھا کہ وہ یونیورسٹی کے قتل کے وقت اسکی بچاؤ کے لئے یہاں آواز اٹھا سکے ۔

Mr. Speaker: How is that relevant ?

چودھری محمد شفیق—جناب والا۔ آپکی آنکھوں کے سامنے یونیورسٹی دم توڑ رہی ہے ۔ آپکے سامنے یونیورسٹی کی autonomy کو ختم کیا جا رہا ہے۔ اسکو حکومت کا نوکر اور غلام بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

Mr. Speaker : The question is—

That in Clause 16 (1) (A), items (*vi*) and (*vii*) be deleted; and

In Clause 16 (1)-B the following be added as items (*i*) and (*ii*) and the following items be re-numbered accordingly :—

"(*i*) 12 University Professors to be elected by single transferable vote by and from among them.

"(*ii*) 12 Principals of Colleges to be elected by single transferable vote by and from among them"; and the subsequent items be be re-numbered.

Mr. Speaker: Noes have it.

Voices.—Ayes have it.

Mr. Speaker: That amounts to taking very undue advantage of the ruling. I will ask the leader of the opposition to count ayes.

The Bell began to ring.

(After the Bell stopped ringing).

Mr. Speaker: Those who challenge my decision and claim a division may please rise in their places. Since no one has stood up, I declare that the two amendments proposed by Chaudhri Muhammad Shafiq are lost.

Saiyed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in part (*vi*) of clause 16 (1)-A, "full-stop at the end of be deleted and the words "and Readers" be added.

Sir, every Clause of this Bill betrays the anxiety of this Government not only to nominate members on all the bodies but also they see that officials should be in a majority. Now when you appoint Professors as *Ex-Officio* Fellows, what is the harm in putting the Readers also on the Senate ? I have, therefore, proposed by this amendment that Readers should also be the senators. Sir, in other countries, even the Chancellor is elected by the students. I do not know why in our country we are leaving everything to nominations.

Mr. Speaker: The question is—

That in part (*vi*) of clause 16(1)-A, "full stop" at the end be deleted and the words "and Readers" be added.

The motion was lost.

Rana Ghulam Sabir Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 16, the word sub-clause (1), Part A, between the words "of" and "Colleges" in entry (*vii*) "degree" be inserted.

Minister of Education: I accept it.

Mr. Speaker: The question is—

That in Clause 16 the word sub-clause (1), Part A, between the words "of" and "Colleges" in entry (*vii*) "degree" be inserted.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in clause 16 (1) (B) the following be substituted for sub-clause (*vi*):—

"(*vi*) Three representatives of the Defence Services, one each to be nominated by the Commanders-in-Chief of the Pakistan Army, Navy and Air Force".

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in clause 16 (1) (B), sub-clause (*vii*), the words "one representative" be substituted for the words "two representatives" occurring in line 1.

The motion was lost.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in clause 16 (1) (B), sub-clause (*viii*), the word "five" be substituted for the word "three" in line 1.

The motion was carried.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I beg to move—

That in clause 16, cub-clause (1), Part B, in entry (*ix*) for the word "ten" in line 1, the word "fifteen" be substituted.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Shafiq: (Montgomery III Muslim Research seat) Sir, I beg to move—

That the clause 16, sub-clause (1) (B) in part (*ix*) the following words be added at the end :—
"but they shall not be employees of the University or Secondary Education Board".

جناب والا—اس ترمیم کے پیش کرنے سے میرا مقصد یہ تھا کہ یہ بات تجربہ میں آ چکی ہے کہ موجودہ یونیورسٹی کے سینیٹ کی الیکشنز میں کیا کچھ ہوا۔ وہاں کس طریق سے الیکشن کیا گیا اور کس طرح سے سینٹر الیکٹ ہوئے۔ حضور والا—میرے خیال میں ان باتوں کو آپ سے بہتر اور کوئی نہیں

جانتا ۔ یہ ۱۰ فیلوز آپ نے رجسٹرڈ گریجوئیٹس کو دئے ہیں ان کے ضمن میں میں اپنی ترمیم کے ذریعہ پابندی عائد کرنا چاہتا ہوں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے تمام طبقات کیلئے تو پہلے پروائڈ کر دیا ہے مثلاً پروفیسروں کیلئے ہے۔ یونیورسٹی کے پرنسپلوں کیلئے یونیورسٹی ٹیچرز کیلئے اور جو ٹیچر یونیورسٹی سے باہر کے ہیں ان کیلئے بھی ۔ خدارا اب کلرکوں کو تو سینیٹ میں نہ لائیے ۔ اس راہ سے کلرک ہی سینیٹ میں آئینگے ۔ ٹیچرز اور پرنسپل صاحبان تو اپنی اپنی جگہ سے آئینگے اور یونیورسٹی گریجوئیٹس کون آئینگے ؟ وہ جو یونیورسٹی کے کلرک ہونگے ۔ سوال یہ ہے کہ یونیورسٹی کا سینیٹ کیا ہوگا ؟ یہ ایک ایسی جماعت ہو گی جس میں یونیورسٹی کے استاد ۔ پروفیسر اور جو لوگ یونیورسٹی کے استاد نہیں ہیں وہ یونیورسٹی کے کلرک ہوں گے جو کہ اس راہ سے آئینگے اس طرح سے سینیٹ کو یونیورسٹی کے ملازمین کی لونڈی بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ میں حیران ہوں کہ یہ سینیٹ اپنے سٹاف کو کسطرح سے کنٹرول کرے گا جس میں کوئی انڈیپنڈنٹ آدمی ہی نہیں ہوگا ۔ جناب والا مجھے احساس ہے کہ جناب والا نے کس طرح وزیر تعلیم کی جانب دیکھا کہ انہیں اس اچھی چیز کو ماننا چاہئے مگر افسوس اس بات کا ہے کہ ان کے کان پر جوں تک نہیں سر کی ۔ ہاں وزیر تعلیم صاحب کو تو ضد ہے ۔ اس لئے وہ اس ترمیم کو نہیں مانیں گے ۔ یہ بل جو اس وقت پاس کیا جا رہا ہے اس کے لئے یہ بڑی اہم چیز ہے اور ان کو ذاتی چیزوں سے بالاتر ہو کر اس ترمیم کو دیکھنا چاہئے اور ان کو یہ بات مان لینی چاہئے کہ یونیورسٹی کے جو ملازمین ہیں ان کو اس میں نہیں آنا چاہئے کیونکہ باقی متعلقہ سب طبقات کیلئے تو اس بل میں پہلے ہی اہتمام کر دیا ہے اور اب اس نئے ذریعہ سے صرف کلرک ہی آئینگے ۔

چودھری فضل الٰہی—کیا آپ ان کو الیکٹ کریں گے ؟

چودھری محمد شفیق—ہاں ووٹ تو ہم ہی دینگے مگر وہ طریقے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 16, sub-clause (1) (B), in part (*ix*), the following words be added at the end :—

"but they shall not be employees of the University or Secondary Education Board"

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That in clause 16, sub-clause (1)Part B, after entry (*ix*), the following entry be made as No. (*x*) and the existing entry No. (*x*) be re-numbered as (*xi*) :—

"(*x*) Two representatives to be elected by Registered Graduates of Univertities other than the University of the Punjab from among them by single transferable vote".

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslims) Sir, I beg to move—

That in clause 16, sub-clause (1), for the word "twenty" in part B (X), the word "Ten" be substituted.

حضور والا—چانسلر صاحب کو آپ نے جگہ بہ جگہ نامزدگی کے لئے غیر محدود اختیارات دیدئے ہیں۔ یہاں پر فیلوز کے انتخاب کے طریقہ کی وضاحت کی گئی ہے اور جناب چانسلر صاحب کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ اپنی صوابدید کے مطابق ۲۰ فیلوز نامزد کریں۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہاں انتہائی طور پر غیر جمہوری طریق کار اختیار کیا گیا ہے۔ اگر چہ بعض ترامیم کو قبول کرنے سے خفیف سی اصلاح ہوئی ہے لیکن اس کلاز کے ذریعہ آپ نے در حقیقت یونیورسٹی کی آزادی کو ختم کر دیا ہے

Malik Qadir Bukhsh: Let there be a compromise. Instead of twenty let it be fifteen.

چوہدری محمد افضل چیمہ—میں مان لیتا ہوں۔ والصلح خیر۔

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 16, sub-clause (1), for the word "twenty" in Part B (X), the word "Ten" be substituted.

Malik Qadir Bakhsh: If it is "fifteen", would it suit the honourable member.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: I will accept it.

Mr. Speaker: Then I will put the amendment in the amended form. The question is—

That in clause 16, sub-clause (1), for the word "twenty" in Part B (X), the word "fifteen" be substituted.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, I beg to move—

That in clause 16, sub-clause (1) (B) in part (X) the words "including a member of the Public Service Commission" be added at the end.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 16, sub-clause (1)(B) in part (X) the words "including a member of the Public Service Commission" be added at the end.

Minister of Education: If he wants that Public Service Commission should be included, then let us have a new item saying "Chairman of the Public Service Commission".

Chaudhri Muhammad Shafiq: I accept this suggestion.

Mr. Speaker: Then I will put the amended amendment.

The question is—

That in clause 16, sub-clause (1) (A), the following item be added as part (vii) :—
"Chairman of the Public Service Commission".

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That in clause 16, the following be added as sub-clause (3) and the subsequent sub-clauses be re-numbered :—

"(3) Once in every year on such date as the Chancellor may appoint in this behalf there shall, if necessary, be an election to fill any vacancy among the Ordinary Fellows elected by University Teachers; Teachers other than University Teachers; Registered Graduates of the University and Registered Graduates of Universities other than the University of the Punjab".

The motion was carried.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move–

That in clause 16, the following be added as sub-clause (3), and subsequent sub-clauses be re-numbered :—

"No employee of the University, other than a University teacher, shall either seek election or be eligible for nomination as an Ordinary Fellow".

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I beg to move–

That in clause 16, sub-clause (6), for the word "twice" in line 1, the word "thrice" be substituted.

آپ نے کم از کم تعداد جو مقرر کی ہے وہ دو ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ کم از کم تعداد تین رکھیں ۔

وزیر تعلیم–(آنریبل چودھری علی اکبر) ۔ تین تو ویسے ہی ہو جائیگی ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 16, sub-clause (6) for the word "twice" in line 1, the word "thrice" be substituted.

The motion was carried.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move–

That in Clause 16, sub-clause (6), between the words "Year" and "as" in line 1, the word "or" be inserted.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 16, sub-clause (6), between the words "Year" and "as" in line 1, the word "or" be inserted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 16, as amended, stand part of the Bill.

چودھری محمد افضل چیمہ– (لائلپور ۔ ۹ ۔ مسلم) ۔ حضور والا۔ میں اس ترمیم شدہ کلاز کی مخالفت کیلئے کھڑا ہوا ہوں ۔ سوال یہ ہے کہ جب ہم اصولی طور پر کسی قانون کو غلط سمجھتے ہوں یا اسکے بیشتر حصہ سے اتفاق کرنے سے قاصر ہوں تو پھر ان معمولی چھوٹی موٹی ترامیم سے اسکے متعلق ہماری رائے میں کوئی خاص فرق نہیں پڑتا ۔ میں آنریبل وزیر سے جناب کی وساطت سے صرف ایک سوال دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ یونیورسٹی کا چانسلر گورنر پنجاب بلحاظ عہدہ ہوگا ۔ لیکن صوبہ پنجاب کے گورنر کا جو تصور انکے ذہن میں ہے وہ چند دنوں تک ختم ہی ہو جائیگا ۔

صادب سپیکر–تکرار نہ کیجئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ–آخر یہ بات قرین قیاس بلکہ اغلب اور اقرب ہے۔

صاحب سپیکر–آنریبل ممبر یہ بات دس دفعہ کہ چکے ہیں ۔

چودھری محمد افضل چیمہ–حضور والا ۔ میں دست بستہ عرض کرونگا کہ ڈانٹ ڈپٹ اور گھرکیوں کا میرے دل پر بہت برا اثر پڑتا ہے ۔

حضور والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آنریبل وزیر تعلیم نے مہربانی فرما کر پروچانسلز کا عہدہ قبول کرنے سے تو بہ کر لی ہے یہ تو اچھی بات ہے لیکن یونیورسٹی کے اساتذہ اور ریڈروں کو مناسب حق نمائندگی عطا نہ کرکے انہوں نے بڑا ظلم کیا ہے۔ اگر انہیں مناسب حق نمائندگی دے دیا جاتا تو ہماری بہت سی شکائتیں رفع ہو جاتیں۔ ہم نے چانسلر کے وسیع اختیارات کو طوعاً و کرہاً قبول کیا ہے۔ اسکی تلافی اسطرح ہو سکتی تھی کہ یونیورسٹی کو کم از کم اسکے داخلی نظم و نسق کے اعتبار سے ایک جمہوری ادارے بنانے کی کوشش کی جاتی ۔ تاکہ اسکے روز مرہ کے کام میں کوئی دقت نہ ہوتی اور اسکا کوئی شعبہ اپنی حق تلفی محسوس نہ کرتا۔ بلکہ تمام شعبوں کے جائز حقوق کے مناسب تحفظ کا انتظام ہو جاتا ۔

The Assembly then adjourned for Maghrib Prayers.

The Assembly re-assembled after Maghrib Prayers. Mr. Speaker in the Chair.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I am also grateful to the Honourable Minister for accepting the suggestion for raising the number of registered graduates from ten to fifteen on the Senate. But I am sorry to say that he has not been able to change the complexion of the Senate. I wish he had shown the same spirit of accommodation by accepting the amendment of the opposition to this effect. He should have removed this cause of suspicion from the minds of the people.

چوہدری محمد شفیق (منٹگمری نمبر ۳ مسلم مخصوص نشست)— جناب صدر ۔ میں پہلے بیان اغراض و مقاصد کے اس حصے کو پڑھ دوں جو شاید آنریبل وزیر تعلیم کے نوٹس میں نہ آیا ہو ۔

"The present legislation is mainly based on the re commendations of the Commission which were also approved by the Senate of the University of the Punjab."

کیا میں آنریبل وزیر تعلیم سے پوچھ سکتا ہوں کہ سینیٹ کے ارکان کا نمبر بڑھانے سے ان کا منشا کیا تھا ؟ انہوں نے یہ نمبر کس مقصد کے لئے بڑھایا اور کمشن کی رپورٹ سے انحراف کیوں کیا ہے؟ کیا آپ سینیٹ کو ایک unwieldy legislature بنانا چاہتے ہیں ؟ اس سلسلے میں کمشن کی سفارشات پر عمل کرنا کیوں ضروری نہیں سمجھا گیا ؟

Mr. Speaker: The question is—

That clause 16 as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 17

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That the heading of clause 17 be replaced by the words "Registration of Graduates", and, in clause 17, sub-clause (1) be omitted and the subsequent sub-clauses be re-numbered as sub-clause (1) and before the words "the Syndicate" occurring in line 1 of existing sub-clause (2) the following words be added :—

"For the purpose of election by registered graduates of the University".

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That in clause 17, the following new sub-clause (2) be added :—

"For the purpose of election by registered graduates of Universities other than the University of the Punjab the Syndicate shall maintain a register on which any graduates who has taken a degree in any faculty from a University other than the University of the Punjab, not less than five years before registration and residing permanently within the territorial jurisdiction of the University of the Punjab, shall on the payment of prescribed fee be entitled to have his name entered or retained".

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 17, in sub-clause (2) for the word "five" occurring in line 3, the word "four" be substituted.

وزیر تعلیم—کیا آپ کا مطلب یہ ہے کہ آپ پنجاب یونیورسٹی کے گریجوئیٹوں کے لئے ۵ سال کی میعاد کی بجائے ۴ سال چاہتے ہیں؟

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا ۔ اصل میں چودھری محمد احسن کی ترمیم کی منظوری کے بعد جو نئی کلاز add ہو گئی ہے اس سے مفہوم میں کچھ گڑ بڑ ہو گئی ہے اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کے فارغ التحصیل گریجوئیٹ کتنے سال کی فیس ادا کرنے کے بعد سنڈیکیٹ کے ووٹر بن سکیں گے ؟ اگر اس کلاز کو علی حالہ رہنے دیا گیا تو پنجاب کے گریجوئٹوں کو ۵ سال کی میعاد پوری کرنی پڑے گی ۔

Minister of Education: You want four years for Graduates ?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Yes.

Minister of Education: I accept it.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 17, sub-clause (2) for the word "five" occurring in line 3, the word "four" be substituted.

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That sub-clause (3) of clause 17 be omitted and sub-clause (4) be re-numbered as sub-clause (3).

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 17, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 18

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslim): I opposed. Sir.

حضور والا۔ کلاز نمبر ۱۸ کی رو سے چانسلر صاحب بہادر کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ کسی ایسے آدمی کو اعزازی فیلو مقرر کر دیں جو ان کے خیال کے مطابق علم و فضل میں ممتاز ہو یا یونیورسٹی کے مربیان میں سے ہو۔

وزیر تعلیم—وہ ووٹ نہیں دے سکے گا۔

چودھری محمد افضل چیمہ—سوال یہ ہے کہ چانسلر صاحب بہادر کے اختیارات کا جہاں کہیں بھی ذکر آیا ہے وہاں میں نے محسوس کیا ہے کہ حقوق نسواں کے تحفظ کا کوئی اہتمام نہیں کیا گیا۔

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, the Lady Members do not want it.

Mr. Speaker: But the honourable member wants to speak.

چودھری محمد افضل چیمہ—خصوصاً جب کہ ہمارے ہاؤس میں لیڈیز تشریف فرما ہیں۔

صاحب سپیکر— لفظ Person میں دونوں آ جاتے ہیں۔

چودھری محمد افضل چیمہ—میں جانتا ہوں کہ لفظ Person میں دونوں آ جاتے ہیں۔

Minister of Public Works: This word 'person' covers ladies also—

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا۔ میں چاہتا ہوں کہ حقوق نسواں کے تحفظ کے طور پر بالوضاحت خواتین کے لئے تخصیص کرنا بہتر ہوگا۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ خواتین کے لئے الگ کوئی خصوصی ذکر کہیں بھی نہیں کیا گیا۔

Malik Qadir Bakhsh: Sir, I beg to move—

That the question be now put.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا۔ یہاں پر بھی یعنی موجودہ کلاز نمبر ۱۸ میں بھی خواتین کا الگ ذکر خصوصیت کے ساتھ نہیں کیا گیا۔ میں جانتا ہوں کہ یہاں تذکیر و تانیث کی کوئی بحث نہیں ہے لیکن جہاں تک خواتین کے حقوق کے تحفظ کا تعلق ہے ایک سیٹ کم از کم خواتین کے لئے بالوضاحت مخصوص کر دینی چاہئے۔ اس میں یہ سقم رہ گیا ہے۔ چاہئے تو یہ کہ دو سیٹیں خاص طور پر سینیٹ کے فیلوز میں خواتین کیلئے مخصوص کر دی جائیں۔

صاحب سپیکر—آپ نے اس مطلب کی ترمیم کیوں پیش نہیں کی؟

چودھری محمد افضل چیمہ— ضور والا ۔ اگر یہ کام براہ راست کیا جاتا تو بہتر ہوتا ۔

Chief Minister: Sir, my friend is a lawyer. He must know that under the law 'person' includes both male and female.

چودھری محمد افضل چیمہ—مجھے غلط فہمی نہیں ہوئی ۔ میں جانتا ہوں کہ لفظ تذکیر و تانیث کا امتیاز نہیں ہے ۔ لیکن میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ یہاں پر خصوصیت کے ساتھ خواتین کا ذکر آ جانا چاہئے تھا ۔

Mr. Speaker: That I rule out of order. I cannot allow you to suggest amendments at this stage.

چودھری محمد افضل چیمہ—اگرچہ میں نے ترمیم پیش نہیں کی لیکن پھر بھی میرے کہنے کا یہ فائدہ ہو سکتا ہے کہ وزیر تعلیم میری معروضات کو سن کر خود بخود صداقت کا احساس کر لیں گے ۔ اس لئے میں استدعا کرتا ہوں کہ وہ میری تجویز کو منظور کر لیں اور یہاں پر خواتین کے لئے Senate کی فیلوز کی دو سیٹیں مختص کر دیں ۔ جہاں تک خواتین کی تحصیل علم کا تعلق ہے یہ تجویز مفید رہے گی ۔

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Begum Jahan Ara Shahnawaz: On a point of order, Sir. We have not asked for any reservation, because we are afraid that if we do so, they will take away our votes as they have done in the case of Local Self Government.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 18 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 19

Mr. Speaker: The question is—

That clause 19 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 20

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in lause 2", semi-colons be substituted for the commas after the numbers "16" and "19" occurring in lines 1 and 2, respectively and the word "the" be added after the word "in" occurring in line 4.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in clause 2", a semi-colon be added after the word "Gazette" in line 5 and a comma be added after the word "Act" occurring in line 5.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 20, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 21

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That for the existing sub-clause (*ii*) of clause 21 (1) the following be substituted :—

"The Chief Justice or a Judge of the High Court of Judicature at Lahore, to be nominated by him".

By this time the Chancellor is the nominating authority. At least in the case of Judge of the High Court, it should be left to the Chief Justice to make that nomination.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That for the existing sub-clause (*ii*) of clause 21 (1) the following be substituted :

"The Chief Justice or a Judge of the High Court of Judicature at Lahore, to be nominated by him".

Chief Minister: That nomination is always with the consent of the Chief Justice.

Syed Amir Hussain Shah: Why not let him make that appointment ?

Mian Muhammad Shafi: Sir, you will be adding to the prestige of the High Court if you give the authority of nomination to the Chief Justice. It will not take away anything from your dignity.

Mr. C. E. Gibbon: If you see the whole of the clause, all the nominations are made by the Chancellor. The whole purpose of this amendment is to take away the nomination of a High Court Judge of the hands of the Chancellor. You are going to have a Judge in any case. Give that privilege to the Chief Justice because he is a member of the Senate. Chancellor has got sufficient nominations. In other words the whole Syndicate becomes nominated by the Chancellor.

Chief Minister: I might for the information of honourable members say that every member of the Syndicate is to be a member of the Senate also and since the members of the Senate are all nominated by the Chancellor, how can you expect somebody to nominate a member of the Syndicate who is not a member of the Senate.

Mr. C. E. Gibbon: Your Senate is the Chief Justice.

Minister of Education: Fifteen people would be nominated by the Chancellor and among those fifteen there should be a Judge of the High Court besides the Chief Justice.

Mr. C. E. Gibbon: You cannot pre-suppose.

Minister of Education: Because here a Judge is to be there on the Board and there will be so many others. For that reason the Chancellor will have to nominate.

Mr. Speaker: The question is—

That for the existing sub-clause (*ii*) of clause 21 (1) the following be substituted :—

"The Chief Justice or a Judge of the High Court of Judicature at Lahore, to be nominated by him"

The motion was lost.

Syed Amir Hussain Shah (Gujrat IV Muslim): Sir, I beg to move—

That sub-clauses (*iv*), (*v*) and (*vi*) of clause 21(1) be omitted and the following be added as sub-clause (*iv*) :—

"(*iv*) Three Deans of the Faculties to be elected by and from among them".

Sir, the object in moving this amendment is that two Deans have been arbitrarily selected for permanent representation on the Syndicate and then out of other faculties they are having one permanently. I suppose that the Deans of the Faculties are sufficiently experienced and are masters of learning and they will be able to exercise the responsibility if they are elected from amongst themselves. I hope he would accept this amendment.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That sub-clauses (*iv*) (*v*) and (*vi*) of clause 21 (1) be omitted and the following be added as sub-clauses (*iv*) :—

"(*iv*) Three Deans of the Faculties to be elected by and from among them".

Mian Muhammad Shafi: I do not know why they are so enamoured of nominations.

Minister of Education: There is no question of nominations. Sub-clause (*iv*) relates to the Dean of the Faculty of Mathematics and Natural Sciences (*v*) is, 'Dean of the Faculty of Humanities and Social Sciences and (*vi*) deals with one representative of the Deans of other Faculties to be elected by and from among them.

Syed Amir Hussain Shah: Are not the Deans of the Faculties to be nominated ? If you are having two Deans *Ex*-Officio on the Senate, then why arbitrarily select these two. How is the Faculty of Mathematics and Natural Sciences no more important than the Faculty of Islamic Learning ?

Mian Muhammad Shafi: The Honourable Minister should accommodate us on this point of view which gives authority to elect members to this body from among the Deans. It will not result in any chaos if you give them a right of election.

Mr. Speaker: The question is—

That sub-clauses (*iv*),(*v*) and (*vi*) of clause 21 (1) be omitted and the following be added as sub-clause (*iv*) :—

"(*iv*) Three Deans of the Faculties to be elected by and from among them".

The motion was lost.

Rai Nasrullah Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 21, sub-clause (7) for the existing entry (iv), the following be substituted:—

"(*iv*) Dean of the Faculty of Pure and Applied Sciences (including Mathematics)".

The motion was carried.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That sub-clause (*vii*) of clause 21(1) be substituted by the following and re-numbered as (*v*) :—

"(*v*) Six Fellows to be elected by the Senate".

Sir, out of three Fellows, to be nominated by the Chancellor, of whom at least two shall be non-teachers. I just want to put this question to the Honourable Minister. If an illiterate voter can elect us to this Horse and ultimately elect a member as the Honourable Minister of Education and for that matter the Chief Minister, then why does he object to the registered graduates electing not only the Senators but the members of the Syndicates? Both the Senate and the Syndicate have been reduced to debating societies. They have no power either legislative or executive. The Chancellor shall have power in both cases. Make them democratic so that people may get training.

Malik Qadir Bakhsh: Sir, I move that the question be now put.

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That sub-clause (*vii*)of clause 21 (1) be substituted by the following and re-numbered as (*v*) :—

"(*v*) Six Fellows to be elected by the Senate".

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Shafiq (Montgomery III Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 21 (1) items (*vii*) to (*xi*) be deleted and the following items be substituted:—

"(*vii*) A member of the Public Service Commission nominated by the Chancellor.

(*viii*) Six members of the Senate to be elected by a single transferable vote of whom not more than two should be teachers.

(*ix*) One Nominee of the Academic Council.

(*x*) One nominee of the Professors of the University.

(*xi*) Two nominees of the Principles of the Affiliated Colleges."

Sir, I have omitted No. (xi) from my amendment.

جناب والا—سب سے پہلے میں اس ترمیم کے پیش کرنے کی وجہ آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ معلوم ہوتا ہے کہ جناب وزیر تعلیم نے کمیشن کی رپورٹ میں سنڈیکیٹ والا باب نہیں پڑھا۔ اگر پڑھا ہوتا تو وہ اس قسم کا سنڈیکیٹ بنانے کی کوشش نہ کرتے۔ یونیورسٹی کمشن رپورٹ کے صفحہ ٦٥ پو جو تعداد دی گئی ہے وہ ۱۷ ہے۔ چنانچہ ایک چیز جو جناب وزیر تعلیم کے ذہن میں بیٹھ گئی وہ یہ تھی کہ تعداد ہر حالت میں ۱۷ ہی رکھنا ہے۔ اس کی تعداد میں تو کوئی تبدیلی نہیں کی مگر ویسے اس میں تبدیلی کرکے جو ڈھانچہ بنایا ہے وہ میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔

تبدیلی تو انہوں نے کر دی۔ میں چودھری صاحب سے پوچھتا ہوں کہ عوام کو اس بل کے جو اغراض و وجوہ آپ نے بتائے ہیں ان میں تو آپ نے یہ کہا ہے کہ ہم اس بل کو اس کمیشن کی سفارشات کی بنا پر پیش کر رہے ہیں۔ اسی طرح آپ نے سینیٹ کے متعلق بھی تبدیلیاں کی ہیں آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ آپ میں اتنی جرأت کیوں نہیں کہ آپ اس ایوان کو ان باتوں سے مطلع کر سکیں جو آپ نے ہم سے مخفی اور پوشیدہ رکھی ہیں؟ آپ نے سینیٹ کے ساتھ ہی سنڈیکیٹ کو بھی تبدیل کر دیا ہے۔ مجھے تو اس تبدیلی میں کچھ گڑ بڑ معلوم ہوتی ہے۔ بعض وجوہات کا مجھے بھی علم ہے مگر ان کے اظہار سے میری زبان بند ہے۔ لہذا میں اس کے متعلق اس ایوان میں کچھ عرض نہیں کرتا۔

Chaudhri Sultan Ali: Sir, I beg to move—

That the question be now put.

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 21(1), items (*vii*) to (*xi*) be deleted and the following items be substituted :—

"(*vii*) A member of the Public Service Commission nominated by the Chancellor".

"(*viii*) Six members of the Senate to e elected by a single transferable vote of whom not more than two should be teachers".

"(*ix*) One nominee of the Academic Council".

(*x*) One nominee of the Professors of the University".

(*xi*) One nominee of the Principals of the Constituent Colleges".

"(*xii*) One nominee of the Principals of the Affiliated Colleges".

Mr. Speaker: "Noes have it.

VOICES: Ayes have it.

The bell began to ring.

(After the Bell stopped ringing).

Mr. Speaker: Those who challange my decision and claim a Division may please rise in their places.

As no body has stood up, I declare that the amendent is lost.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That in clause 21, sub-clause (1), in part (*ii*), a 'full-stop' be put after the word "Chancellor" and the words "of whom, at least two shall be non-teachers" be deleted.

The motion was carried.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That in clause 21, sub-clause(1), for the existing part(*viii*), the following be substituted, namely :—

"(*viii*) Three Principals of affiliated colleges(other than Professional Colleges) doing post-graduate teaching; to be nominated by the Chancellor".

The motion was carried.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That sub-clause (*xi*) of clause 21(I) be omitted and the following be added as sub- clause (*ix*) :—

"(*x*) The Chairman of the Public Service Commission, Punjab (*ex*-officio)".

Mr. Speaker: You want that it should be substituted by the words "The Chairman of the Public Service Commission, Punjab (*ex*-officio)".

The question is—

That sub-clause (*xi*) of Clause 21(I) be omitted and the following be added as sub-clause (*ix*) :—

"(*ix*) The Chairman of the Public Service Commission, Punjab (*ex*-officio)".

The motion was lost.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That in clause 21, sub-clause(I), for the existing part (*x*), the following be substituted, namely :—

"(*x*) One Principal of an affiliated college (other than a Pr fessional College) not doing post-graduate teaching, to be nominated by the Chancellor".

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That in clause 21, sub-clause (1) for entry (*xi*) the following be substituted :—

"(*xi*) Three nominees of the Senate elected by single transferable vote".

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 21, as amended, stand part of the Bill.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur IX Muslim) Opposed.

حضور والا—اس ترمیم شدہ کلاز میں سب سے پہلا اعتراض یہ ہے کہ سنڈیکیٹ کے متعلق میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ سرکاری نیازمندوں اور خوشہ چینوں اور صحیح نمائندوں کے مابین مناسب توازن قائم کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بعض مفید قسم کی ترامیم قبول کر لی گئی ہیں۔ لیکن ان کے باوجود مجھے یہ سارا نقشہ کچھ اس طرح سے نظر آ رہا ہے جیسے کوئی خوفناک درندہ ہو جس کے ۱۰۰ دانت ہوں اور اس کا ایک دانت نکال لیا جائے اور پھر اسے ۹۹ دانتوں سمیت کھلا چھوڑ دیا جائے یا بصورت دیگر اس کی مثال یوں نظر آتی ہے جیسے کوئی خوفناک آدمی ہو جس کے پاس کوئی پستول ۳۰۳ کی بندوق۔ سٹین گن یا کوئی برین گن ہو اور وہ ڈانگوں سے بھی مسلح ہو لیکن آپ اس کی صرف ایک ڈانگ چھین لیتے ہیں اور پھر اسے یہ خوفناک ہتھیار استعمال کرنے کی کھلی چھٹی دے دیتے ہیں۔ ایسا کرنے سے اسکے خوفناک ہونے میں کسی قسم کا کوئی فرق نہیں پڑتا۔

میں حیران ہوں کہ یونیورسٹی کے ساتھ کیوں سوتیلی ماں کا سا سلوک کیا جا رہا ہے۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہ بالکل مادر کشی کے مترادف ہے۔ نیز میں یہ عرض کروں کہ Faculties کا جو حشر کیا گیا ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ اسلامیات تو سرے سے موجود نہیں۔ اس کے بعد جب اعتراض کیا گیا تو انریبل وزیر تعلیم صاحب نے اس کا جواب یہ دیا کہ اس میں languages کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس لئے وہاں اسلامیات کے لئے کوئی موقع تلاش کیا جائے گا۔

حضور والا—اگر اسلامیات کے متعلق سرکاری حلقوں کی یہ ترمیم منظور بھی کر لی جائے تو سنڈیکیٹ میں مناسب جگہ نہ دینا صاف طور پر اس بات کی نشان دھی کرتا ہے کہ ان کے دل و دماغ میں اسلامیات کے لئے کوئی خاص مقام نہیں۔ اور آپ اسے ہرگز کوئی خاص اہمیت نہیں دیتے۔ اس سے آپ کے قلب و نظر کی صحیح صورت حال ظاہر ہو گئی ہے اور میں یہ عرض کرنے پر مجبور ہوں۔

یہ آپکا سب سے بڑا منتظمہ ادارہ ہے۔ اگر آپکے دل میں واقعی اسلام کی کوئی عزت ہوتی تو آپ سب سے پہلے دینیات کی faculty کے کسی نمائندے کو یہاں جگہ دیتے۔ اسکے علاوہ یونیورسٹی کے نمائندوں کیلئے جو طریق انتخاب آپنے اختیار کیا ہے وہ بہت نامناسب ہے۔ سنڈیکیٹ کے تمام ارکان لا محالہ ایسے ہونگے جو سینیٹ کے ممبر ہونگے۔الا یہ کہ آپ

دوسرے لوگوں کو co-opt کریں ۔ جہاں تک چانسلر صاحب کی نامزدگی کا تعلق ہے کم از کم ان کی اس نامزدگی کو یونیورسٹی کے ٹیچرز اور پروفیسرز اور ایسے لوگوں تک محدود رکھتے جو سینیٹ کے ارکان ہوتے اور اس میں کم از کم دو تین سیٹیں ۔ . . . . . .

Chaudhri Muhammad Ahsan: Sir, I beg to move—

That the question be now put.

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. If they play these tactics, we will also continue to play the same tactics. If they stop, we stop.

Mr. Speaker: This is no point of order.

Mr. C. E. Gibbon: We can play much more delaying tactics than they can do.

Mr. Speaker: Order please.

چودھری محمد افضل چیمہ—میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چانسلر صاحب پر یہ ذرا سی پابندی عائد کر دیتے کہ انہوں نے جو نامزدگیاں کرنی ہیں وہ سینیٹ کے ممبران میں سے کریں ۔ تاکہ یونیورسٹی سنڈیکیٹ جیسے اہم ادارے میں اپنے حقوق کا مناسب تحفظ کرنے کے قابل ہو جاتی ۔

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I thought that the Honourable Minister would now co-operate with us and accept such amendments as were not only reasonable from our point of view but were also reasonable from their point of view. But I am sorry to say that he has not done so. I notice that he is not prepared to sacrifice his present position on the Senate. He did not concede one inch when we asked him to reduce the number of nominees on these bodies. It appears that it is the intention of this Government to make the University a part and parcel of the Education Department. In order to make a sort of final appeal to him I, will read out the recommendations of the Commission and request him that he should go a step forward towards democracy and towards giving the University more autonomy and that he should not go backward. This is what the Commission has recommended :—

"The Senate should comprise of the following :—

Vice-Chancellor *Ex*-Officio	1
D. P. I. *E*- Officio	1

Six members of the Senate to be elected by single transferable vote of whom not more than two shall be teachers".

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 21 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 22

چوہدری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹ مسلم) حضور والا— کلاز نمبر ۲۲ میں Academic Council کا ذکر کیا گیا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ اکیڈیمک کونسل یونیورسٹی کے اہم ترین اداروں میں سے ہو گی ۔ یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ اسکی تشکیل اور اس کا قیام کسطرح سے عمل میں لایا جائے گا۔ اسکےفرائض کیا ہونگے اور ان کو کس طرح سے انجام دیا جائیگا۔ میں کمیشن کی رپورٹ کے حوالے کے ساتھ ایک بات کی وضاحت چاہتا ہوں۔اگر عزت مآب وزیر تعلیم صاحب رپورٹ کے صفحہ ۶۷ پر غور فرمائیں تو اس میں کمیشن نے یہ سفارش کی ہے

"The Academic Council should be reconstituted as follows."

اس میں ۲۶ ارکان پر مشتمل ایک علمی مجلس مشاورت کے قیام کا مشورہ دیا گیا ہے۔اب اس بل میں نہ تو اس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ یہ علمی مجلس مشاورت کتنے ارکان پر مشتمل ہو گی اور پھر ان ارکان کا انتخاب کس طریقے سے عمل میں لایا جائے گا۔میں ان دو چیزوں کی وضاحت چاہتا ہوں۔جب میں نے کمیشن کے طریق انتخاب پر غور کیا تو یہاں بھی مجھے یہ قابل اعتراض چیز نظر آئی کہ بیچارے اسلام کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ صرف Languages کے نام سے دو نمائندوں کا مشورہ ضرور دیا گیا ہے لیکن ہمیں اسکا بھی علم نہیں کہ آپ اس مشورے کو کس حد تک قبول کرنے پر آمادہ ہیں۔ بہتر یہ تھا کہ آپ اسکی وضاحت کر دیتے کہ علمی مجلس مشاورت اتنے ارکان پر مشتمل ہوگی اور اسکے ارکان کا انتخاب کس طرح عمل میں لایا جائے گا۔

آنریبل وزیر تعلیم—شڈیول میں سیکشن نمبر ۷ دیکھئیے۔

چوہدری محمد افضل چیمہ—بہت اچھا ۔ اسکو بھی دیکھ لیتے ہیں۔

صاحب سپیکر—جب وہ زیر بحث آئے گا تو اس وقت اس پر بحث ہو گی۔

Mr. Speaker: The question is—
That clause 22 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 23

Mr. Speaker: The question is—
That clause 23 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 24

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That in clause 24, for the existing headings to Part V, *i. e.* "Post -Graduate Instruction" the word "Teaching" be substituted.

The motion was carried.

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That for the existing clause 24, the following be substituted, namely :—

"24. (1) Teaching shall be regulated by the University and shall be conducted by an affiliated college or th Univ rsity or both.

(2) Teaching may be organised on co-operative basis under the aegis of the University for such affiliated colleges as may so desire".

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 24 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 25

Chaudhri Muhammad Shafiq: Sir, I beg to move—

That in clause 25, the following be added as sub-clause (*xiii*) :—

"(*xiii*) Conferment of Honorary Degrees".

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 25, the following be added as sub-clause (*xiii*) :—

"(*xiii*) Conferment of Honorary Degrees".

Minister of Education: When it is already provided in section 5, there is no need to bring it here.

Chaudhri Muhammad Shafiq: Here you are required to make a Statute for that.

Minister of Education: All right, I accept it.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 25, the following be added as sub-clause (*xiii*) :—

"(*xiii*) Conferment of Honorary Degrees".

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 25 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clau e 26

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I beg to move—

That in clause 26, sub-clause (*b*) for the words "Government which" in lines 2 and 3, the words "the Chancellor who" be substituted.

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 26, sub-clause (*b*) for the words "Government which" in lines 2 and 3, the words "the Chancellor who" be substituted.

Chief Minister: If the Government do not provide money then what would happen. So I think the Government must be brought in. Statute making power should remain with the Government and the Chancellor should not be involved.

Minister of Education: Sir, as at present, all the rules and regulations that the Senate is authorised to make are sent to the Government and unless the Government approves them, they do not become the rules and regulations of the University. But now for the future these rule-making powers have been divided

into three categories. One set of rules would be proposed by the Syndicate to be passed by the Senate, then they would be sent to the Government and approved by the Government. These would be called Statutes. Then the other set of rules will be framed by the Syndicate and Senate and will be approved by the Chancellor. Then the third set would be approved by the Senate. So all the powers vest with the Government. But for the future only something has been kept with the Government and others have been given to the Chancellor and the Senate.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: Sir, I withdraw my amendment.

Mr. Speaker: Has the honourable member leave of the House to withdraw his amendment?

(Voices: Yes).

The amendment was by leave withdrawn.

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in sub-clause (*b*) of clause 26 the words "Chancellor who" be substituted for the words "Government which" occurring in lines 2 and 3; substitute a 'full-stop' for 'comma' after the word "thereto" in line 3 and the remaining portion of the sub-clause be omitted.

Sir, the Honourable Cheif Minister has said that since the Government are giving grant, they must be brought in. I beg to differ with him because in other Universities outside, Government make substantial grants but no interference of Government is allowed by any University. For example, in the London University, hundered per cent grant is given by the Government, but they do not exercise one bit of interferenoe.

The Honourable Minister of Education should have no objection to the deleti m of the remaining portion of this sub-clause.

Mr. Speaker: The question is—

That in sub-clause (*b*) of clause 26 the words "Chancellor who" be substituted for the words "Government which" occurring in lines 2 and 3; substitute a 'full-stop' for 'comma' after the word "th·r· to" in line 3 and the remaining portion of the sub-clause be omitted.

The motion was lost.

Chaudhri Muhammad Shafiq: (Montgomery III Muslim) Sir, I beg to move—

That in clause 26 (*b*), the following proviso be added :—

"Provided that in case of diff·rence of opinion between the Senate and the Government such Statute shall be referred to the Provincial Legislature".

اب جناب والا—چودھری صاحب ہنس رہے ہیں اور میں اس ہنسی ہنسی میں ہی بات کر لینا چاہتا ہوں۔ میری ترمیم کا مقصد صرف یہ ہے کہ اگر سینیٹ اور گورنمنٹ کے مابین statute کے متعلق اختلاف رائے پایا جائے تو اس اختلاف کو لیجسلیچر کو refer کیا جائے اور واقعی ایسا ہی ہونا چاہئے کیونکہ جیسا کہ اب لیجسلیچر statute کو بنا رہی ہے اختلاف کی صورت میں بھی لیجسلیچر کو ہی فیصلہ کرنے کا حق ہونا چاہئے۔ ماہرین فن تعلیم۔ ایجوکیشنسٹ اور ایکسپرٹ قطعی طور پر حکومت کے مقابلے میں زیادہ قابل اعتبار ہو سکتے ہیں مگر حکومت محض بالا دستی سے غلط فیصلہ کر سکتی ہے۔ میں کسی پر expers.on caste نہیں کرنا چاہتا خاص طور پر اگر بالفرض کسی وقت کوئی مڈل پاس شخص ہی وزیر تعلیم بن جائے میں کسی کی طرف اشارہ نہیں

کر رہا (ایک آواز: صوبہ سرحد میں اسوقت واقعی ایک مڈل پاس وزیر تعلیم ہیں) خیر میں نہیں کہہ سکتا اور نہ ہی کہنا چاہتا ہوں کہ سرحد میں صورت کیا ہے۔ میں مثال کے طور پر کہہ رہا ہوں کہ اتفاق سے اگر وزیر تعلیم مڈل پاس ہو وہ سینیٹ (senate) کے علما اور فضلا کے خلاف غلط فیصلہ صادر کر سکے گا۔ وہ کہے گا کہ میں ماہرین experts کی رائے نہیں مانتا ۔ جہاں تک last word اسکے ہاتھ میں ہوگا وہ statute کے متعلق آخری فیصلہ دے سکیگا ۔ اسلئے میں پر زور الفاظ میں کہونگا کہ میری ترمیم نہایت ضروری ہے اور اسے منظور کر لینا چاہئے۔ یہ بالکل باضابطہ ہے۔ اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ اگر کوئی ایسا موقعہ آ جائے کہ وزیر تعلیم مڈل پاس ہو تو یہ فیصلہ کہ آیا کسی statute کے متعلق گورنمنٹ صحیح ہے یا سینیٹ تو معاملہ لیجسلیچر کے سامنے پیش ہونا چاہئے۔

چودھری محمد افضل چیمہ— (لائل پور مسلم حلقہ نمبر ۹) جناب والا ۔ میں اس ترمیم کے عزت مآب محرک سے معافی مانگتے ہوئے اس ترمیم کی مخالفت کرنا چاہتا ہوں۔ کیونکہ در اصل جس قسم کے موقعہ کے خلاف تحفظاتی قدم وہ اٹھانا چاہتے نہیں وہ موقعہ ہی کبھی پیدا نہیں ہو سکتا ۔ یعنی جس قسم کی سینیٹ senate یہاں تجویز کی جا رہی ہے اس میں اور گورنمنٹ کے درمیان اختلافات پیدا ہونے کی نوبت ہی نہیں آ سکتی حتیٰ کہ ان کے اختلافات کو لیجسلیچر کے سامنے پیش کرنا پڑے۔ اولاً اگر آپ سینیٹ کی ہیئت کذائی اور اسکی ہیئت ترکیبی کا بہ نظر غائر مطالعہ فرمائیں تو آپ وثوق کے ساتھ کہہ سکینگے کہ عملاً ایسی صورت حالات کے پیدا ہونے کا بعید اور ضعیف سے ضعیف امکان بھی نہیں پایا جاتا کہ حکومت اور سینیٹ کے مابین اختلاف پیدا ہو سکے کیونکہ سینیٹ کے بیشتر نمائندگان بلا واسطہ یا بالواسطہ حکومت کے اپنے نمائندے ہی ہوں گے اب وہ ماسوائے اسکے کہ آئینی طور پر کبھی مختلف الفاظ استعمال کر سکیں۔ عملاً کبھی حکومت سے مختلف رائے نہیں رکھیں گے۔ اسلئے اس صورت کے پیدا ہونے کا امکان نہیں جس کا محرک کو خدشہ ہے۔ اگر بالفرض والتقدیر ایسا سوال پیدا ہو ہی جائے تو پھر بھی لیجسلیچر کے پاس آنا ناقابل عمل ہو جائیگا ۔

سینیٹ اور یونیورسٹی کے معاملات اور مسائل فوری توجہ کے مستحق ہوتے ہیں۔ وہاں پر اس حد تک توقف نہیں کیا جا سکتا کہ کب جا کر لیجسلیچر کا اجلاس ہو اور وہ کسی ایسے معاملہ کا نوٹس لے۔ یہاں جس طریقہ سے

اجلاس منعقد ہوتے ہیں وہ آپ کے سامنے ہے۔ عزت مآب وزیر تعلیم نے لنڈن یونیورسٹی کا حوالہ دیا ہے اور کبھی کبھی آپ نے دوسرے ممالک کا بھی ذکر فرمایا ہے لیکن وہاں پر یوں نہیں ہوتا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں کتنے وقفے کے بعد لیجسلیچر کے اجلاس منعقد ہوتے ہیں۔ آپ خیال فرمایئے کہ آپ کی لیجسلیچر کا یہ اجلاس بجٹ سیشن کے بعد پہلا اجلاس ہے جو آپ منعقد فرما رہے ہیں اور پھر یہ اجلاس بجائے خود حکومت کیلئے ایک بڑی مصیبت بنا ہوا ہے (آوازیں۔ قطعاً نہیں) اور وہ حیلوں بہانوں سے یہ کوشش کرتے ہیں کہ اول تو لیجسلیچر کا اجلاس ہی منعقد نہ ہو

Mr. Speaker: That is not the point before the House.

چودھری محمد افضل چیمہ—سوال یہ ہے کہ اختلاف کی صورت میں معاملہ لیجسلیچر کے سپرد کیا جائے۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ سینیٹ کے مسائل کے حل کیلئے لیجسلیچر کے اجلاس کا انتظار کرتے ہیں اور اجلاس کی جو کیفیت ہے وہ میں عرض کر رہا ہوں۔ اس کے بعد پھر اگر اختلافی مسئلہ لیجسلیچر کے اجلاس میں پیش ہو بھی جائے تو پھر خیال فرمائے کہ صورت حال کیا ہوگی۔ ظاہر بات ہے کہ یہاں پر بھی حکومت کو غالب اکثریت حاصل ہو گی۔ وہی حکومت جس سے پہلے اختلاف رائے کی صورت پیدا ہو گی اور آپ مزید استصواب کرنا چاہتے ہیں وہی حکومت یہاں پر کار فرما ہوگی اور اس کو غالب اکثریت حاصل ہوگی۔ جہاں پر آپ جائینگے یہی حکومت ایک لٹکتی ہوئی تلوار کی طرح آپ کے سر پر موجود ہو گی۔ اب ایک ایسی تجویز پیش کرنا جو ناقابل عمل ہے اور جس سے آپ کا مسئلہ حل نہیں ہو سکتا بے فائدہ ہے اسے کیوں پیش کیا جاتا ہے؟ اس کے علاوہ آپ اس بات کو بھی ذہن میں رکھیں کہ آیا حکومت اپنی جماعتی مصلحتوں سے بالا تر ہو کر اس قسم کے مسائل پر بلا تعصب غور کر سکتی ہے؟ اس ضمن میں آپ کو یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ آپ کی لیجسلیچر کی ذہنی کیفیت کیا ہے اور اس میں کتنے حضرات ایسے ہیں جو علمی مسائل پر سنجیدگی سے غور کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 26 (*b*), the following proviso be added :—

"Provided that in case of difference of opinion between the Senate and the Government such Statute shall be referred to the Provincial Legislature".

The motion was lost.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in clause 26, sub-clause (c), the words "shall be" occurring in line 8 be deleted and a 'full-stop' added after the word "Senate" and the words "which will in its turn, if it approves the Statute, forward the same to Government" be substituted the following :—

"The Senate may approve such draft and pass the Statute or may reject it or refer it back to the Syndicate for reconsideration together with such suggestions as the Senate may deem fit to make".

Sir, if my amendment is accepted, the amended clause would read like this :—

26 (c) "The Syndicate shall not propose a draft of any Statute affecting the status, power or constitution of any existing Authority until such Authority has been given an opportunity of expressing its opinion on the proposal. The recorded opinion of such Authority shall be considered by the Syndicate and submitted to the Senate. The Senate may approve such draft and pass the Statute or may reject it or refer it back to the Syndicate for reconsideration together with such suggestions as the Senate may deem fit to make".

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 26, sub-clause (c) the words "shall be" occurring in line 8 be deleted and a full-stop added after the word "Senate" and the words "which will in its turn, if it approves the Statute, forward the same to Government" be substituted by the following :—

"The Senate may approve such draft and pass the Statute or may reject it or refer it back to the Syndicate for reconsideration together with such suggestions as the Senate may deem fit to make".

The motion was lost.

چودھری محمد افضل چیمہ—جناب والا ۔ میں اس کلاز کی مخالفت کرنا چاھتا ھوں ۔

Chaudhri Sultan Ali: Sir, I move that the question be now put.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, this is the seventh time that this question has been put

Mr. Speaker: I am allowing the honourable member to speak.

چودھری محمد افضل چیمہ — (لائلپور ۔ ۹ ۔ مسلم) ۔ حضور والا ۔ میں اس کلاز کی مخالفت کیلئے کھڑا ھوا ھوں ۔ اس سے پہلے جس قدر کلازیں زیر بحث آئیں ان میں میں یہ محسوس کرتا رھا ھوں کہ یونیورسٹی کو قتل کیا جاتا رھا ھے ۔ اس کلاز میں یہ محسوس ھوتا ھے کہ اسکے قتل و خون کے بعد اب اسکی تجہیز و تدفین کی کوشش کی گئی ھے ۔ اس سے پہلے ھمیں یہ شکایت تھی کہ قدم قدم پر حکومت نے اپنا تسلط اور غلبہ قائم کیا ھے ۔ اب یہاں پر وہ اختیارات جو پہلے حکومت کو بالواسطہ حاصل تھے بلا واسطہ حاصل ھو گئے ھیں ۔ میں اس سے پیشتر عرض کر چکا ھوں اور اپنی اس گذارش کی وضاحت کیلئے برٹرنڈ رسل کی ایک کتاب کا ذکر بھی کر چکا ھوں ۔ اب میں اسی مصنف کی ایک اور کتاب Principles of Social Reconstruction کا حوالہ دیتے ھوئے ایوان کی خدمت میں اپنی گذارشات پیش کرتا ھوں ۔ وہ فرماتے ھیں ۔

"Almost all education has a political motive, it aims at strengthening some group national or religious or even social in the competition with other groups. It is this motive in the main which determines the subjects taught, the knowledge offered and the knowledge withheld, also decides what mental habits the pupils are expected to acquire.

چونکہ یہ ایکہ نہایت اہم موضوع ہے اسلئے میں ان آنریبل ممبران کیلئے جو انگریزی نہیں جانتے اسکا ترجمہ پیش کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔

"ہر حکومت کے ذہن میں تعلیم کے متعلق کچھ خاص تصورات ہوتے ہیں۔ اسکا ایک خاص نکتہ نگاہ ہوتا ہے۔ اور اپنے اس خاص تصور کو عملی جامہ پہنانے کیلئے وہ اپنے نظام تعلیم اور درسگاہوں میں نصاب تعلیم مقرر کرتے وقت یا طریق تعلیم تجویز کرتے وقت صرف اپنے ان خاص تصورات کو ملحوظ رکھتی ہے۔ اور اس ایک مقصد کو حاصل کرنے کیلئے اپنی تمام مساعی وقف کر دیتی ہے"۔

اس وقت تک ہمارے سامنے جو نصاب تعلیم ہے اسے دیکھ کر ہم بلا خوف تردید کہ سکتے ہیں کہ انکے رجحانات لا دینی قسم کے ہیں۔ ان سے یہ پتہ نہیں چلتا کہ انکے پیش نظر اسلامک کلچر کا تصور ہے۔ اور اب اس کلاز کی رو سے حکومت کو یہ بھی اختیار حاصل ہو گیا ہے کہ وہ ایسی چیزوں کو بھی حکماً نافذ کر دے جو خود یونیورسٹی کے نکتہ نگاہ سے مفید ہوں یا نہ ہوں یا قابل قبول ہوں یا نہ ہوں حکومت کی براہ راست مداخلت کسی طرح سے بھی قابل برداشت نہیں ۔

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I rise to oppose clause 26 because there is contradiction in terms. I thought that the Honourable Minister would have seen to that. Either he has not noticed it or he is being wrongly advised. May I draw your attention to that contradiction?

Clause 26 reads as follows :—

"Statutes may be made, repealed or amended in the following manner:—

(*a*) The Syndicate may propose the draft of any Statute to be passed by the Senate....".

The whole emphasis is on the word "Senate". Now if you go down to sub-clause (*c*) you will find the following :—

"(*c*) The Syndicate shall not propose a draft of any Statute affecting the status, power of constitution of any existing Authority. ..".

I feel, Sir, that if this clause is to be a really operative clause, then what has been given as sub-clause (*c*) ought to have been made sub-clause (*b*) and the same procedure that is following in (*a*), namely, the Syndicate may propose the draft of any Statute, should have come under sub-clause (*c*). So the existing sub-clause (*b*) would be sub-clause (*c*). But what has happened is that you bring the finality in-between the two processes. One is that the Syndicate may propose any draft and the other in sub-clause (*c*) is that the Syndicate shall not propose a draft. Without changing the sense of the clause you can do it by removing sub-clause (*c*) and making it a proviso to sub-clause (*a*) and leave the clause where it is. If you remove that ambiguty in it, I am prepared to withdraw my opposition to this clause.

Minister of Education: This is a question of re-drafting. If the drafting committee finds like that that, I have no objection.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 26 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Syed Amir Hussain Shah: On a point of order, Sir. When do we break for dinner ?

Mr. Speaker: I would suggest to honourable members to take their dinner in small batches.

Mr. C. E. Gibbon: No, Sir. It will not be proper.

Mr. Speaker: Then we will adjourn for dinner at 8 p. m.

Mr. C. E. Gibbon: Thank you, Sir.

Clause 27

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور ۹ مسلم)—جناب والا۔ کیا آپ کے علم میں کوئی ایسی مثال ہے جہاں دوسرے ممالک میں بھی دارالعلوم نے اسی قسم کے آرڈیننس بنائے ہوں ؟ در اصل یہ آرڈیننس کا جو تصور ہمارے ذہن میں ہے وہ بڑا خطرناک ہے۔

Mr. Speaker: The question is—

That clause 27 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 28

چودھری محمد افضل چیمہ—(لائل پور ۔ ۹ ۔ مسلم) حضور والا۔ یہ جو انتظامی قسم کے ہنگامی قانون ہونگے ان میں سب سے پہلے یونیورسٹی کے Funds کا ذکر ہے۔ میں یہ سوس کرتا ہوں کہ آپ نے یونیورسٹی سے سب امتحانات لے کر اسے اس کی ۸۰ فیصدی آمدنی سے محروم کر دیا ہے ۔ اگر آپ محض قانون بنا کر اس کی مالی کمزوریوں کا مداوا کر سکتے تو یہ بہت ہی اچھی بات ہوتی ۔ مگر سوال تو یہ ہے کہ محض قانون بنا دینے سے روپے کا مسئلہ آج تک کسی نے حل نہیں کیا ۔ آخر آپ کے پاس مالی کمزوریوں کا حل کیا ہے؟ آپ کے پاس ذرائع اور وسائل موجود ہیں اور جیسا کہ آنریبل وزیر نے فرمایا کہ ہم پہلے بھی بہت زیادہ رقوم عطا کر چکے ہیں اور آئندہ بھی عطا کرتے رہینگے ۔ جو سوال عرصہ دراز سے جواب کا منتظر ہے وہ یہ ہے کہ حکومت اس مسئلہ کو کس طرح حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ یونیورسٹی کی موجودہ مالی حالت سے تو ظاہر ہے کہ وہ اس وقت اپنے Reserves کو ختم کر رہی ہے۔ بلکہ یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ یونیورسٹی اب ایک مالی بحران میں مبتلا ہے۔

حکومت نے سولہ لاکھ روپیہ کی رقم عطا کرنے کا وعدہ کیا تھا ۔ اس کی ادائیگی کے لئے کاغذی کارروائی ہو چکی ہے مگر عملی طور پر یونیورسٹی کو اس میں سے میرے خیال کے مطابق ابھی تک ایک پائی بھی وصول نہیں ہوئی ۔

وہ ادارہ اس سے پہلے ھی مالی بحران سے دو چار ھے اس نے تمام securities اور reserves ختم کر لئے ھیں اور اب خدانخواستہ اس کے دیوالیہ ھونے کے آثار آشکار ھیں ۔ اس بات کے متعلق ھم اطمینان چاھتے ھیں کہ وہ کونسے نقدفون خزانے اور گنج قارون آپ کی تحویل میں ھیں جن سے آپ اس ادارہ کو بچا لیں گے ؟ اس امر سے اس وقت تک صوبہ کے لوگ تو بے خبر ھیں اور صرف عزت مآب وزیر تعلیم کی ذات کو علم ھے ۔ خالی یہ کہہ دینے سے کہ مالی امداد دی ھے یا آئندہ دیتے رھیں گے آپ کوئی تسلی بخش حل پیش نہیں کر سکے۔

اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ صوبہ کی حکومت کے ذرائع و وسائل کے امور لوگوں سے کسی اعتبار سے مخفی اور پوشیدہ نہیں ھیں اور ظاھر ھے کہ آپ چھوٹے چھوٹے غریب لوگوں پر جن کا ذریعہ آمدنی نہایت محدود ھے بار محاصل عائد کرکے میزانیہ کے خسارہ کو پورا کرنا چاھتے ھیں۔ اس کے علاوہ آپ کے پاس اور کونسے طریقے ھیں ۔

یہ امر کسی سے مخفی نہیں کہ مصارف کو کم کرنے کے لئے ایک اقتصادی کمیٹی تعینات کی گئی ھے ۔ اس نے نظم و نسق اور مختلف محکموں کا جائزہ لیتے ھوئے آپ کو اپنی سفارشات پیش کی ھیں ۔ اس طرح سے بعض جائز مصارف اور آپ کی مالی مشکلات کو پیش نظر رکھتے ھوئے تخفیف کی سفارش کی ھے ۔ ان حالات میں جبکہ آپ ابتدائی ضروریات زندگی کے لئے دوسروں کے دست نگر ھیں ۔ میں یہ پوچھتا ھوں کہ خالی کاغذی قانون کے ذریعہ سے آپ ان مشکلات کا مقابلہ کس طرح کر سکیں گے ؟ میں وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اس بات پر روشنی ڈالتے ھوئے ھمارے شبہات کو رفع کرنے کی کوشش کریں کیونکہ یہ امر واقعہ ھے کہ یونیورسٹی ایک انتہائی نازک مالی بحران سے دو چار ھے اس لئے یا تو آپ اس کی تردید کریں یا ھمیں مطمئن کریں ۔

Minister of Development: Sir, I move—
That the question be now put.

Mr. Speaker: The Question is—
That the question be now put.
The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—
That clause 28 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 29

Mr. Speaker: The question is—
That clause 29 stand part of the Bill.
The motion was carried.

Clause 30

Mian Muhammad Shafi: Sir, I beg to move—

That in clause 30, sub-clause (c), the words "or withhold the same" occurring in line 3 be deleted.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in clause 30, sub-clause (c), the sentence; "The Chancellor may also frame any Ordinance without the same having been proposed and passed as mentioned above" be deleted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 30, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Mr. Speaker: We adjourn now for dinner and prayers to meet again at 8-40 p. m.

The Assembly then adjourned for dinner and Isha prayers till 8-40 p. m.

The Assembly re-assembled after dinner at 8-40 p. m. Mr. Speaker in the chair.

Clause 31

Mr. Speaker: The question is—

The Clause 31 stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 32

Mr. Speaker: The question is:

The Clause 32 stand part of the Bill.

The motion was carried

Clause 33

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور - ۹ - مسلم) : جناب والا - سوال یہ ہے کہ کسی معمولی سے معمولی ادارہ چلانے کے لئے تا وقتیکہ آپ اپنی مالی ضروریات کا قبل از وقت صحیح اندازہ نہ لگائیں اور اسکی مالی مشکلات کا مقابلہ کرنے کے لئے تمام ذرائع اور وسائل کا قبل از وقت انتظام نہ کر لیں اس وقت تک آپ اس بات کی کفالت نہیں کر سکتے اور ذمہ داری سے نہیں کہہ سکتے - کہ جن تکالیف کو ہٹانے کی کوشش کرنی ہے اور جو پروگرام آپ بنا رہے ہیں اس کی تکمیل ہو سکتی ہے یا نہیں - یہاں تو خالی ہوائی قلعے تعمیر کئے جاتے ہیں اور ان ہوائی قلعوں میں آپ خواہ مخواہ خوش فہمی اور فریب نفس میں مبتلا ہوں گے - آپ نے یہاں پر یونیورسٹی فنڈ کے متعلق تین قسم کے ذرائع کا ذکر کیا ہے یعنی -

(i) the income of the University from all sources including income from fees ;

(ii) income from trusts, bequests, donations, endowments and grants hitherto created or made in favour of the University;

(iii) any contribution or grant by any Government.

لیکن ان میں آپ نے تیسری نوعیت کے ذرائع کی وضاحت نہیں فرمائی ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے آپ کی مراد اپنی گورنمنٹ ہے یا مرکزی حکومت ہے یا امریکہ کی حکومت ۔ شاید یہی وہ مخفی ذرائع ہیں جن کی وضاحت کرنے سے آپ گریز کر رہے ہیں ۔ اس کے متعلق ہمارا ذہن صاف نہیں ہوا ۔ غالباً آپ کا خیال ہے کہ جس طرح آپ نے خوراک کے سلسلہ میں کیا ہے آپ اس معاملہ میں بھی غیر ممالک اور غیر حکومتوں کے سامنے دست سوال دراز کریں گے ۔ بھیک مانگیں گے ۔ اور دارالعلوم کی ضروریات کا انتظام کریں گے ۔

صاحب سپیکر : پہلے آپ مدلل باتیں کیا کرتے تھے ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : جی ہاں ۔ مگر میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ by any Government سے کیا مراد ہے ؟

وزیر تعلیم : پراونشل گورنمنٹ اور سنٹرل گورنمنٹ ۔

چودھری محمد افضل چیمہ : اگر by any Government سے مراد مرکزی یا صوبائی حکومت ہے تو آپ اس کی وضاحت کر دیتے ۔ تاکہ اس بات کا ابہام نہ رہتا ۔ آپ نے اس کے متعلق تو ایک جملہ تک نہیں کہا اور نہ ہی شکوک کے ازالہ کی کوشش کی ہے ۔ اگر واقعی آپ کی بات معقول ہے تو آپ دلیل دیں تا کہ ہم مطمئن ہو جائیں ۔

Mr. Speaker: The question is —

That clause 33 stand part of the Bill.

The motion was carried.

(*New Clauses*)

Chaudhri Muhammad Shafiq : (Montgomery III, Muslim Reserved seat) Sir, I beg to move:—

That after Clause 33, the following new clause be added as 33-A :—

"33-A-(1)(i) There shall be a University Grants Committee for recommending the Government Grant to the University. The Committee shall make recommendations for the University Grant to the Government directly.

(ii) The University Grant so recommended when approved by the Government shall be paid to the University directly by the Finance Department.

(2) The Grants Committee shall consist of the following members :—

(i) Vice-Chancellor,

(ii) Secretary to Government, Education Department.

(iii) Secretary to Government, Finance Department.

(iv) Two persons to be elected by Provincial Legislature.

(v) Two non-officials to be nominated by Chancellor".

The motion was carried.

Clause 34

Mian Muhammad Shafi: Sir, there is a lacuna in it. This clause reads as follows :—

"No expenditure shall be made from the funds of the University unless a Bill for its payment has been pre-audited through the agency of the examiner, Local Fund Accounts, Punjab. In addition, the accounts of the income and expenditure of the University shall be submitted once in every year to Government for such examination and audit as Government may deem fit".

I am entirely in agreement with the first part of the clause, but I take exception and objection to the second part of the clause. It means that you do not have faith in the local fund accounts of the University. This is a University which should have respect of all. When the pre-audit is a very big safeguard against all forms of dishonesty and fraud, what makes it incumbant upon the University that it shall refer its accounts to the Government. It means that you make the University to adopt a subservient position in relation to the Government. Kindly keep some dignity of the institution which you want to make into a City of learning and culture.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 34 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 35

Mr. Speaker: The question is—

That clause 35 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 36

Mr. Speaker: The honourable member may please move amendments Nos. 127 and 129 together.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Sir, I beg to move—

That in clause 36, sub-clause (1), in part (*h*) the word "and" at the end be deleted and the 'semi-colon' after the word "discipline" be changed into a 'ful-stop' and;

In clause 36, sub-clause (I), part (1) be deleted.

حضور والا ۔ یہاں ان شرائط کا تذکرہ کیا گیا ہے جن کو پورا کرنے کے بعد کوئی کالج یونیورسٹی کے ساتھ الحاق کر سکتا ہے اور شق (ا) میں اس امر کی وضاحت کی گئی ہے کہ کوئی کالج اس قسم کے قواعد مرتب نہیں کرے گا جنکی رو سے اسکی مقرر کی ہوئی فیس ایسی ہوں کہ اسکے قرب و جوار میں کسی اور کالج کے ساتھ اسکا مقابلہ ہو جائے اور یہ مقابلہ تعلیمی نقطہ نگاہ سے بجائے مفید ہونے کے مضر ہو ۔ میرے پیش نظر صرف یہ صورت ہے کہ ہم بارہا وزرائے کرام کے بیانات سن چکے ہیں ۔ انہوں نے ہمیشہ اس امر کی تلقین کی ہے کہ کوئی حکومت اپنے صوبے کی تعلیمی ضروریات کا مکمل اہتمام تنہا اور انفرادی طور پر نہیں کر سکتی اور پرائیویٹ تعلیمی ادارے قائم ہونے ضروری ہیں ۔ اس سے ایک تو مقابلے کے ذریعے سے تعلیم میں اضافہ ہوتا ہے اور دوسرے حکومت پر یہ الزام غلط ثابت ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپکو تعلیمی اداروں پر مسلط

کرنا چاہتی ہے ۔ بعض تعلیمی ادارے جو مخیر حضرات کے مال سے معرض وجود میں آئے ہوں اور جو اصحاب اپنا مال و دولت اور اپنی زندگی بنی نوع انسان کیلئے وقف کرنا چاہتے ہوں اور لوگوں کی غربت و افلاس کا پورا پورا احساس کرتے ہوئے اس امر کی کوشش کریں کہ غربا کے بچے نسبتاً کم فیس ادا کرکے تعلیم حاصل کر سکیں ۔ یہ ہو سکتا ہے کہ آپکو انکے نصاب سے پورے طور پر اتفاق نہ ہو ۔ وہ بعض ایسے مضامین پڑھانا چاہتے ہوں جن سے آپکے نقطہ نگاہ سے fanatic قسم کے اور تنگ نظر قسم کے لوگ پیدا ہوتے ہیں یا جو آپکے نقطہ نگاہ سے مفید قسم کے شہری نظر نہ آتے ہوں ۔ لیکن بہر حال کسی idiology کے ماتحت اور کسی نظریاتی یا کسی خاص تصور کے ماتحت وہ درسگاہیں قائم ہوں اور صرف یہ کہہ کر انہیں بند کر دیں کہ دیکھو تم نے جو شرح فیس مقرر کی ہے وہ تمہارے قرب و جوار کے دوسرے کالجوں سے کم ہے اور اس سے دوسرے کالجوں کی تعلیم پر برا اثر پڑے گا ۔ لہذا ہم تمہیں حکم دیتے ہیں کہ اس کالج کو بند کر دو ۔ تو میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہ غلط طریق کار ہے ۔

Mr. Speaker: I have to put it not as a motion of delation but as a retention.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I want to speak on it.

Sir, here I would appeal to the Honourable Minister of Education to drop this portion of the clause as it very seriously affects the private institutions, particularly, Christian Institutions.

Minister of Education: Because they are charging more fees than other institutions.

Mr. C. E. Gibbon: And that is true. There are reasons for that. Our institutions have got fully qualified staff and eventually the standard of Education at these institutions is also very high. If you want to have a good suit you must be prepared to pay for it. The Honourable Minister has said that we are charging more fees. It is true and correct. There is a competition and our institutions are keeping a very high standard as we have got a highly qualified staff. If you want to keep this clause you can do so, but there should be a provision for private institutions.

Minister of Education: I think, Mr. Gibbon has not given due consideration to this Clause. Such action will only be taken by the university, if it finds that such competitions is injurious to the interest of education.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 36, sub-clause (1), in part (*h*), the word "and" at the end be deleted and the 'semi-colon' after the word "discipline" be changed into a 'full-stop'. and;

In clause 36, Sub-clause (1) Part (i) be deleted.

The motion was lost.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That in sub-clause (5) of clause 36, the words "the Chancellor' be substituted for the word "Government" occurring in line 3 and; in clause 36, sub-clause (1) Part (I) be deleted.

Minister of Education: This power should remain with the Government. The Government has to decide what aid is to be given to the college.

Mr. C. E. Gibbon: How can you say that the same argument will apply to the private colleges ?

Minister of Education: There are private colleges which get the grant. In fact there is no approved college which does not get the grant.

Mr. C. E. Gibbon: But your grant is a drop in the ocean.

Mr. Speaker: The question is—

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim). Sir, I want to say something about it.

جناب والا ۔ مجھے اس امر کا پورا پورا احساس ہے کہ اس وقت ارکان اسمبلی کوئی مفید بات بھی سننے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ لیکن ہم جس بات کو حق سمجھتے ہیں وہ ضرور کہیں گے خواہ آپ سنیں یا نہ سنیں ۔

حضور والا ۔ اس کلاز کے ذریعے کسی کالج کے الحاق کی درخواست کو بھی گورنمنٹ کی منظوری کے ساتھ مشروط کر دیا گیا ہے ۔ یہ کہا گیا ہے کہ جو کالج الحاق چاہتا ہو وہ فلاں فلاں شرط پوری کرے ایسا کرنا بہت بڑی بے انصافی ہوگی ۔ آپ نے لندن یونیورسٹی اور آکسفورڈ یونیورسٹی کے حوالے دئے ہیں میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ کیا وہاں بھی یہی صورت حال پائی جاتی ہے ؟ کیا دوسرے ملکوں میں بھی جن کا دورہ کر کے آپ نے پبلک فنڈز کو ضائع کیا کالجوں کا الحاق مشروط ہوتا ہے ؟ یقیناً نہیں ۔ مجھے پورا پورا یقین ہے کہ دنیا کے کسی ملک میں بھی آپ اس قسم کی بات نہیں دیکھیں گے ۔ جن ملکوں کا حوالہ آپ نے دیا ہے ان ملکوں کی حکومتیں صرف اپنی تعلیمی درسگاہوں کی مالی مشکلات کا بطریق احسن انتظام کرتی ہیں ۔ ہر یونیورسٹی ایک خاص کلچر کی خادم ہوتی ہے ۔ لیکن یہاں آپ ایک کالج کے الحاق کے لئے حکومت کی منظوری کو لازمی قرار دے رہے ہیں ۔ میں حیران ہوں کہ حکومت کو کیوں خدشات لاحق ہو گئے ہیں جبکہ اس سے پیشتر ہی اس یونیورسٹی کی تمام مشینری بجائے خود حکومت کے اشارہ چشم و ابرو پر رقص کرے گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے لئے پریشان ہونا فضول ہے کیونکہ حکومت کے نمائندے یونیورسٹی کے ہر شعبے میں موجود ہوں گے اور غالب اکثریت میں موجود ہوں گے ۔ ان حالات کے باوجود بھی اگر حکومت پریشانی محسوس کرے تو میں یہ سمجھنے پر مجبور ہوں کہ حکومت کو ایک خطرناک قسم کا وہم ہو گیا ہے جو اس کو ہر جگہ داخل ہونے کے لئے مجبور کرتا ہے ۔

حضور والا ۔ اس کلاز میں جس چیز کو خاص طور پر میں قابل اعتراض سمجھتا ہوں اور جس کا ذکر میں نے پہلے نہیں کیا وہ اس کلاز کی سب کلاز (۱) کا جزو (ایچ) ہے ۔ اس کے الفاظ یہ ہیں ۔

"That the affiliation of the college, having regard to the provision made for students by other colleges in the same neighbourhood, will not be injurious to the interests of education or discipline".

حضور والا ۔ میں اس کا منشا سمجھنے سے بالکل قاصر ہوں ۔ میں امید کرتا ہوں کہ عزت مآب وزیر تعلیم از راہ شفقت ضرور لب کشائی فرمائیں گے ۔ میں اس سلسلے میں جس چیز کی وضاحت چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ کسی کالج کا الحاق منظور نہیں کیا جائے گا جب تک کہ حکومت کو یہ اطمینان نہ ہو جائے کہ گرد و نواح اور قرب و جوار کے کسی کالج اور طالب علموں کے مفاد پر تعلیمی نقطہ نگاہ سے مضر اثر نہیں پڑے گا ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کی ذرا وضاحت ہو جائے کیونکہ میں ایک خدشہ محسوس کر رہا ہوں ۔ کوئی تعلیمی ادارہ جو آپ کے . . . .

Mr. Speaker: The question is—

That in sub-clause (5) of clause 36, the words "the Chancellor" be substituted for the "Government" occurring in line 3; and in clause 36, sub-clause 1, part (I) be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 36, stand part of the bill.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Opposed Sir.

اب حضور والا ۔ یہ پابندی کہ ہر کالج کا تعلیمی معیار آپکے کالجوں کے تعلیمی معیار کے عین مطابق ہو قدرے ٹیڑھی سی بات ہے کیونکہ اگرچہ آپ کو اپنے نقطہ نگاہ سے اپنا نظام تعلیم مناسب اور موزوں نظر آتا ہے مگر حقیقت میں آپکے نصاب تعلیم میں بے شمار خامیاں اور نقائص موجود ہیں ۔ کیا آپ اپنی درسگاہوں کے متعلق یہ بات دعوی کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ وہ معائب و نقائص سے بالکل مبرا ہیں ؟ کیا آپ یہ دعوی کرسکتے ہیں کہ آپ کی درسگاہیں ہر لحاظ سے Ideal ہیں ؟ واقعات و حالات اس امر کی شہادت دیتے ہیں کہ آپکی درسگاہوں میں بھی چند در چند نقائص و معائب موجود ہیں جن کا دور کرنا از حد لازمی ہے مگر اسکے باوجود جب آپ دوسری انجمنوں کے قائم کردہ تعلیمی اداروں کو دیکھیں گے تو انکی تعلیمی خامیوں اور نظم و ضبط کے معائب کو بہانہ بنا کر محض سیاسی اختلافات کی بنا پر بعض امکانی نقائص کو دور کرنے کی بجائے آپ ان درسگاہوں کا گلا کاٹنے کی کوشش کرنے لگیں گے حالانکہ گذشتہ ستر (۷۰) سال سے یہ درسگاہیں عملی طور پر قوم و ملت کی بے حد خدمت سر انجام دیتی رہی ہیں مگر الحاق کی نا منظوری کی صورت میں وہاں کے فارغ التحصیل لوگ آپ کی یونیورسٹی کے استناد یعنی ڈگریوں سے محروم رہ جائیں گے مارکیٹ میں جہاں ڈگریوں کی مانگ ہوتی ہے مذکورہ انجمنوں کی

درسگاھوں کے فارغ التحصیل علما و فضلا کی کوئی قدر و قیمت نہیں ھوگی۔ اس طرح تمام غیر ملحق شدہ درسگاھوں کے فارغ التحصیل لوگ ملازمتوں سے بھی محروم رہ جائیں گے۔

Chaudhri Sultan Ali: Sir, I move—

That the question be now put.

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 36 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 37

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That the following be substituted for clause 37 :—

"Where a college desires to add to the courses of instruction in respect of which it is affiliated, the procedure prescribed by sub-section (1) of section 36, so far as it may be necessary, shall be followed".

Mr. Speaker: Clause under consideration, amendment moved is—

That the following be substituted for clause 37 :—

"Where a college desires to add to the courses of instruction in respect of which it is affiliated, the procedure prescribed by subsection (1) of section 36, so far as it may be necessary, shall be followed".

Minister of Education: Sir, the honourable member wishes that the procedure prescribed by subsections (2) to (7) should not be followed. He means that no permission from the Government should be taken and no assurance should be taken from the management and so on and so forth.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, see how the Honourable Minister has contradicted himself in his own clause. I have never yet seen a badly drafted Bill as it is. In passing I may pass this remark that why our progress is slow because of the bad drafting of the Bill. The original clause is—

"Where a college desires to add to the course of inspection in respect of which it is affiliated, the procedure prescribed by section 36 shall so far as may be followed".

If I use the words "so far as it may be necessary" then how does my amendment make it different? If the honourable Minister is not agreeable to my amendment, I withdraw it.

Mr. Speaker: Has the honourable member leave of the House to withdraw his amendment ?

(Voices: Yes).

The amendment was by leave withdrawn.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نہم مسلم): جناب والا اگر کوئی کالج اپنے نصاب تعلیم میں کوئی رد و بدل کرنا یا اس میں کچھ اضافہ کرنا چاھے تو وہ اپنے طور پر ایسا کرنے کا مجاز نہیں ھوگا اور اسے لمبے چوڑے طریق کار جس کا ذکر پہلے کیا جا چکا ھے میں سے گذر کر حکومت سے منظوری حاصل کرنا ھوگی۔ اور جیسا کہ کلاز ۳۶ کی سب کلاز ۶ میں اس کا ذکر کیا گیا ھے۔

"Where the application or any part thereof is granted, the order of Government shall specify the course of instruction in respect of which the College is affiliated."

یہاں پر میرے نزدیک دو قسم کے مضامین ہوں گے۔ ایک وہ جو آپ یونیورسٹی کے کسی امتحان کیلئے لازمی قرار دیتے ہیں اور جن کا پاس کرنا ہر طالب علم کیلئے لازمی ہوگا۔ دوسرے کورس ایسی نوعیت کے ہوں گے جن کو آپ اختیاری قسم کا نصاب قرار دیتے ہیں۔ مثلاً دینیات یہاں پر اگر کوئی کالج یا کوئی ڈی نامینیشنل انسٹیٹوشن جس کا انتظام کسی مشن یا کسی انجمن یا کسی مذہبی ادارے کی طرف سے ہو رہا ہو مذہبی تعلیم کا انتظام کرنا چاہے تو اس کے لئے آپ یہ لازمی قرار دیتے ہیں کہ پہلے حکومت کی منظوری حاصل کی جائے۔ جب تک کوئی درسگاہ حکومت سے پہلے اس بات کی منظوری حاصل نہیں کر لیتی اس وقت تک وہ اس قسم کا مضمون پڑھانے کی مجاز نہیں ہوگی۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مذہبی تعلیم کے علاوہ اور بھی اختیاری قسم کے مضامین ہیں جن کو جاری کرنے سے قبل درسگاہوں کو حکومت کی منظوری حاصل کرنی ہوگی۔ اور تب وہ جا کر ایسا کر سکیں گی۔ آپ نے اس امر کے متعلق دنیا کے سامنے اعلان کر دیا ہے کہ آپ کی اس حکومت میں ہر آدمی کو مکمل آزادی حاصل ہوگی۔ خیال۔ عقیدہ مذہب۔ مسلک غرضیکہ ہر قسم کی آزادی کا اعلان ہو چکا ہے۔ اگر آپ اس کے بعد لوگوں پر اس قسم کی پابندی عائد کرنا چاہتے ہیں کہ وہ اپنے خیال کے مطابق بعض ایسے نصاب اور ایسی تعلیمات کا انتظام نہ کریں جو آپ کو کھٹکتی ہیں یا جن سے آپ اتفاق نہیں کر سکتے تو یہ آپ کیلئے مناسب نہیں ہوگا۔

Mr. Speaker: The question is—

That.....

Mr. C. E. Gibbon: Sir, there is no quorum.

Chief Minister: Sir, is there anything in your power to prevent the honourable members opposite from deliberately wasting the time of the House like this?

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema: On a point of order. May I know if the Hon'ble Chief Minister has a right to take objection to our objecting to certain objectionable procedure

Mr. Speaker: That is no point of order.

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 37 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 38

Mr. Speaker: The question is—

That clause 38 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 39

Khudeja Begum G. A. Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 39, sub-clause (4) the following proviso be added :—

"Provided that no such recommendation for dis-affiliation shall be accepted unless it has been passed by a majority of at least two-thirds of the total membership of the syndicate".

The motion was carried.

Khudeja Begum G. A. Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 39, sub-clause (6), the proviso be deleted.

The motion was carried.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, I beg to move—

That at the end of the sub-clause (7) of clause 39, full-stop be omitted and the following be added :—

"and published in the Government Gazette".

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ(لائلپور نہم مسلم) : جناب والا کلاز نمبر ۳۹ میں فسخ الحاق کی وضاحت کی گئی ہے ۔ میں خاص طور پر کلاز نمبر ۳۹ کی سب کلاز ۱ کا ذکر کرنا چاہتا ہوں ۔ وہاں پر آپ نے یہ فرمایا ہے کہ کسی کالج کا یونیورسٹی سے الحاق ہونے کے بعد جو حقوق یا مراعات اسے عطا ہونگے انکو آپ قطعی یا جزوی طور پر واپس لے سکتے ہیں یا ان میں ترمیم کر سکتے ہیں اگر وہ کالج دفعہ ۳۶ (۱) کی تمام مقرر کردہ شرائط کو پورا نہ کرے یا انکی تکمیل سے قاصر رہے ۔ اب یہاں پر الحاق کی تمام شرائط کا وضاحت سے ذکر کر دینے کے بعد ایسے مبہم قسم کے جملے کا استعمال کسی طرح بھی مناسب نہیں ۔ یہ الفاظ کہ " کالج کو اسطرح چلایا جارہا ہو جس سے تعلیمی مفادات کو نقصان پہنچتا ہو ،، بالکل غیر واضح اور مبہم ہیں ۔ یہ ایسی باتیں ہیں جن میں حکومت کے اور دوسرے لوگوں کے درمیان اختلاف ہو سکتا ہے ۔ ایک شخص ایک چیز کو تعلیم کے لئے مفید سمجھ سکتا ہے اور دوسرا نقصان دہ ۔ مثلاً آپ موجودہ کالجوں کو تعلیم کے لئے مفید سمجھتے ہیں لیکن اکبر الہ آبادی کی رائے انکے متعلق یہ تھی کہ———

یوں قتل سے بچوں کے وہ بد نام نہ ہوتا
افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی

Mr. Speaker: The question is—

That Clause 39, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

———

Clause 40

Mir Abdul Qayyum: Sir, I beg to move—

That for the existing clause 40, the following be substituted, namely:—

"40. Notwithstandig anything to the contrary contained in this Act, the Government shall frame the first statutes which shall be deemed to be the statutes framed under section 26 of this Act and shall continue to remain in force until amended or repealed or till such time as new statutes are framed in accordance with the procedure laid down in this Act.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Opposed.

حضور والا—معزز رکن میر عبدالقیوم صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے اسکے متعلق مجھے یوں معلوم ہو رہا ہے کہ یہ ترمیم شاید باہمی سازش کے ساتھ پیش کی جارہی ہے ۔ اب یہاں پر سٹیچوٹ کی تکمیل کا اختیار پھر حکومت کو دے دیا گیا ہے ۔ میں حیران ہوں کہ ان لوگوں کے اذہان کا کیا علاج کیا جائے ۔ انہیں کالج کے طلبا سے خطرہ ہے یا کالج کے پروفیسروں سے ؟

Begum Jahan Ara Shah Nawaz: May I know Sir, whether the honourable member has a right to make speeches when the clauses are to be discussed word by word ? These general speeches should be allowed when the Bill is discussed as a whole.

Mr. Speaker: The Honourable Lady Member is correct but he wants to make speeches on every clause.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, she has come from the Soviet Controlled country.

چودھری محمد افضل چیمہ—حضور والا میں نے اسکا ذکر پہلے بھی کیا تھا اور اب بھی محسوس کر رہا ہوں کہ میرا ایک ایک لفظ انہیں تیرو نشتر کی طرح چبھتا ہے ۔ لیکن ہم مجبور ہیں ۔ ہم ایک ایک لفظ پر جو ہمیں کھٹکتا ہے یا قابل اعتراض معلوم ہوتا ہے ضرور تقریر کرینگے۔

Mr. Speaker: The question is—

That for the existing clause 40, the following be substituted, namely:—

"40. Notwithstanding anything to the contrary contained in this Act, the Government shall frame the first statutes which shall be deemed to be the statutes framed under section 26 of this Act and shall continue to remain in force until amended are repealed or till such time as new statutes are framed in accordance with the procedure laid down in this Act.

Mr. Speaker: 'ayes' have it.

Voices: Noes have it. Challenged.

The bell began to ring.

(After the Bell stopped ringing).

Mr. Speaker: Those who challenge my decision and claim a Division may please rise in their places.

As nobody has stood up, I declare that the amendment is carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 40, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 41

Mr. Speaker: The question is—

That clause 41 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 42

Mr. Speaker: The question is—

That clause 42 stand part of the Bill.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Opposed.

حضور والا ۔ کلاز نمبر ۴۲ میں کہا گیا ہے کہ جب کوئی ایسا مسئلہ پیش آ جائے کہ کوئی شخص باقاعدہ یا باضابطہ طور پر منتخب ہوا یا نامزد کیا گیا ہے یا نہیں یا اسے کسی authority کی رکنیت جاری رکھنے کا حق ہے یا نہیں تو وہ معاملہ چانسلر صاحب کے سپرد کیا جائیگا ۔ اور ان کا فیصلہ قطعی تصور کیا جائیگا ۔

حضور والا ۔ اولاً تو میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ اس یونیورسٹی سے متعلق جتنی مجالس ہونگی وہ بہر حال معقول اور تعلیم یافتہ لوگوں پر مشتمل ہونگی ۔ ان میں بڑے بڑے scholar اور عالم فاضل قسم کے لوگ ہونگے ۔ کیا آپ ان کے ساتھ اس قسم کا سلوک روا رکھنا چاہتے ہیں جو بالکل جاہل اور ان پڑھ لوگوں کے ساتھ کیا جاتا ہے ؟ در اصل آپ کو ہر ایک بات میں شبہ ہے ۔ آپ قانونی پابندی سے اس حد تک گریز کرنا چاہتے ہیں کہ کوئی بات خواہ وہ جائز ہو یا ناجائز شروع ہی سے اسے نیچے اوپر کر کے گول سول طریقے سے اپنے حق میں کر لیا جائے تا کہ ایک دفعہ جو کارروائی ہو جائے وہ ہمیشہ کیلئے صحیح متصور ہو ۔

حضور والا ۔ اب یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کوئی انتخاب یا نامزدگی صحیح ہے یا نہیں ؟ اس کا فیصلہ کیوں نہ جمہوری طریقے سے کرایا جائے ؟ چانسلر صاحب پر اس کے متعلق زائد بار ڈالنے کی ضرورت ہی کیا ہے ؟ شاید آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ whole-time قسم کے ملازم ہیں ۔ میں وزیر تعلیم صاحب سے دریافت کرنا چاہتا ہوں آیا چانسلر صاحب کے پاس اتنا وقت ہوگا کہ وہ ان چھوٹی چھوٹی باتوں کی طرف کما حقہ توجہ دے سکیں ؟ آپ اس سلسلے میں جمہوری طریق کار اختیار کرنے سے گریز کیوں کرتے ہیں ؟ آپ کو چاہیئے کہ جب کوئی انتخاب یا نامزدگی مشکوک سمجھی جائے تو آپ یہ کام کسی مجلس مذاکرہ کو یا جو مجالس بھی مناسب تصور کی جائیں سونپ دیں اور ان سے متنازع انتخاب یا نامزدگی کی درستی کے متعلق فیصلہ کرائیں ۔ ایک فرد کو اس قدر اہمیت دینا بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کام ایک شخص

کی نسبت بیس بائیس سلیم العقل آدمی بہتر طریق سے انجام دے سکتے ہیں ۔ اور پھر ایک ایسا شخص جس کے پاس نہ وقت ہے نہ اتنی فرصت کہ وہ اس قسم کے چھوٹے چھوٹے معاملوں کو tackle کر سکے ۔ میرے نزدیک تو ایسے شخص کو اس کا بلند منصب اس امر کی اجازت ہی نہیں دیتا کہ وہ اس قسم کے معاملوں کا بخوبی فیصلہ کر سکے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That clause 42 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 43

چودھری محمد افضل چیمہ (لائل پور ۹ مسلم): حضور والا کلاز نمبر ۴۳ کے الفاظ یہ ہیں —

"Members of Authorities, the employees of the University and other persons appointed for carrying out the purposes of this Act, shall be deemed to be public servants within the meaning of section 21 of the Pakistan Penal Code."

اس کا مفہوم صرف وکلاء یا اس ایوان کے وہ معزز ارکان ہی سمجھ سکتے ہیں جو قانون سے کچھ واقفیت رکھتے ہیں ۔ یہاں پر آپ نے تجویز کیا ہے کہ authorities یعنی ہئیت ہائے حاکمہ اور تمام employees of the University کو بلا امتیاز تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۱ کے تحت public servants تصور کیا جائے گا ۔

Chief Minister: They get protected by Law.

چودھری محمد افضل چیمہ: اگر اس میں اس نوعیت کی مراعات عطا کی جاتیں کہ وہ لوگ جو صاحب علم و فضل ہیں ۔ گیزیٹڈ ہونگے ۔ تو شاید یہ بات کسی حد تک مناسب ہوتی لیکن یہاں پر بڑے اور چھوٹے لوگوں کو آپ پبلک سرونٹ کی مراعات دیتے ہیں ۔ اب کوئی پبلک سرونٹ کسی معاملہ میں مدعی بھی ہو سکتا ہے اور مدعا علیہ بھی ۔ جب وہ مدعی ہو تو اس کے ساتھ خاص قسم کی رعایات اور سلوک روا رکھا جاتا ہے ۔ اور جب وہ مدعا علیہ ہوتا ہے تو آپ اس کو مخصوص قسم کی قانونی مراعات دیتے ہیں ۔ پہلے تو یہاں پر اگر آپ واقعی ان کو protection دینا چاہتے ہیں اور ان کی آسامیوں اور مناصب کے ساتھ عزت اور وقار ایزاد کرنا چاہتے ہیں تو عام لوگوں اور ان کے درمیان مصنوعی اور غیر قدرتی امتیاز رکھنا درست نہیں ۔

اس سلسلہ میں میں بارہا عرض کر چکا ہوں کہ گورنمنٹ کی نگاہ میں ہر آدمی کے لئے بلا امتیاز مساوات روا رکھنی چاہیئے خواہ کوئی آدمی بڑا ہو یا چھوٹا ۔

مجھے یاد ہے اس قسم کی ایک کلاز سیکنڈری ایجوکیشن بل میں پیش کی گئی تھی اور میری درخواست پر واپس لے لی تھی میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ جب ان مصالح کے پیش نظر یہ بات آپ کے ذہن میں داخل ہو گئی تھی تو اب بھی داخل ہو جانی چاہیئے۔

Malik Qadir Bakhsh: Sir, I beg to move—

That the question be now put.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I would like to know from the Honourable Minister whether after the repeal of the University Act, 1904 this present Act be applicable to the old employees of the University and whether they will be regarded as public servants for the purposes of this Act and whether it will be given retrospective effect ? Secondly as regards the difinition of 'public servants' will you please make it clear whether this provision of the Bill is going to affect the present employees of the University retrospectively or not ?

Sir, I am getting no reply from the Honourable Minister and protest against this treatment.

Mr. C. E. Gibbon: Sir, there is one point which I would like to mention. This is the ninth time that the honourable member on that side of the House has put the question. If they insist.....

Mr. Speaker: I did not take notice of it and, therefore, I allowed the second speech.

Mr. C. E. Gibbon: May I ask a question from the Honourable Minister ? When this Bill is passed, will the employees of the University be considered public servants ?

Mr. Speaker: The question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker : The question is—

That clause 43 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 44

Mr. Speaker : I will now allow three minutes per speech.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور - ۹ - مسلم) : اس سلسلہ میں مجھے آپ کی اس بات پر اعتراض ہے جو آپ نے کہا ہے کہ یونیورسٹی کے ملازمین کے فائدہ کے لئے پنشن یا پراویڈنٹ فنڈ یا دونو جیسا کہ آپ مناسب سمجھینگے اور جس طریقہ سے مناسب سمجھیں گے انتظام کریں گے یہاں پر آپ کو چاہیئے تھا کہ یونیورسٹی کو اس بات کا پابند رکھتے یا اس پر پابندی عائد کرتے اور اختیار دیتے کہ وہ پنشن اور پراویڈنٹ فنڈ قائم کرے۔ اب اس کا مطلب یہ ہے کہ یونیورسٹی اس قاعدہ کی سب کلاز کی رو سے آزاد ہے یعنی جب چاہے ایک چیز کا انتظام کرے اور جب چاہے دونو کا انتظام کرے۔ میں چاہتا ہوں کہ یہاں پر آپ یونیورسٹی کے لئے یہ چیز لازم کر دیتے اور ملازمین کی مالی امداد کے لئے پنشن اور پراویڈنٹ فنڈ کا مکمل انتظام کرتے بقول—ع

کہ مزدور خوش دل کند کار بیش

جہاں تک ان کی تنخواہوں کا تعلق ہے وہ لوگ انتہائی مایوس روندے ہوئے اور ٹھکرائے ہوئے آپکی طرف دیکھ رہے ہیں۔

Mr. Speaker: The question is—
That clause 44 stand part of the Bill.
The motion was carried.

POINT OF ORDER

TIME LIMIT FOR SPEECHES

Mr. C. E. Gibbon: On a point of order, Sir. There is nothing in any class of rules which empower the Speaker to restrict the time limit on legislation and on bills. There was a convention created, no doubt, that from the very beginning you had fixed certain time for the mover of a motion and for its opposition and so on and so forth. But now I notice that that convention which you set, has been reduced from 10 minutes to 5 minutes and then from 5 to 3 minutes. I am afraid it may come to zero. I, therefore, request you in the interest of the old convention, to please stick to it.

Mr. Speaker: I am quite prepared to consider it and allow five minutes for every speech. I only want that speeches should not be made simply for their own sake.

UNIVERSITY BILL

Clause 45

Khudeja Begum G. A. Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 45, between the 'comma' following the figure "1904" and the word "are" in line 2, the following words be inserted, namely :—

"So far as it relates to the University of the Punjab."

The motion was carried.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور نمبر ۹—مسلم): حضور والا۔ میں آپکی توجہ بل کی کلاز نمبر ۲ (الف) کی طرف دلانا چاہتا ہوں اسکے الفاظ یہ ہیں—

"Affiliated college" means a college affiliated under section 36 of this Act and includes also a college affiliated under section 21 of Universities Act, 1904."

جب ایک مرتبہ آپنے کسی قانون کو مکمل طور پر منسوخ قرار دیدیا ہے جسکا تعلق پنجاب یونیورسٹی سے ہے تو پھر اس توضیحی کلاز میں کسی ایسے تعریفی کلمہ یا کسی ایسی اصطلاح کا جسکی وضاحت پہلے منسوخ شدہ قانون میں کی گئی ہے من و عن حوالہ نہیں دینا چاہیئے۔ اگر آپ کسی قانون کو جہاں تک اسکا تعلق صوبہ پنجاب سے ہے منسوخ قرار دیتے ہیں تو آپکو چاہیئے کہ اگر اس منسوخ شدہ قانون کے کسی جزو کو آپ مجوزہ قانون میں رکھنا چاہتے ہیں تو اس منسوخ شدہ قانون کا حوالہ دیئے بغیر اسکو من و عن درج کریں۔ ایک طرف تو آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم سابقہ قانون کو منسوخ کرتے ہیں اور دوسری طرف affiliated کالج کی تعریف کرتے وقت یہ کہتے ہیں کہ affiliated کالج وہ ہوگا جو ۱۹۰۴ء کے یونیورسٹی ایکٹ کے ماتحت affiliated college سمجھا جاتا تھا۔ آپ لیجسلیشن کے اعتبار

سے بالکل غلط طریق کار اختیار کر رہے ہیں ۔ یا تو یہ صورت ہے کہ آپ سابقہ قانون کو منسوخ نہیں کرتے اور جزوی طور پر اس میں حوالہ دیتے ہوئے اسکو برقرار رکھتے ہیں لیکن اگر آپ اسکو منسوخ قرار دیتے ہیں تو یہ بہت الٹ بات ہے کہ منسوخ شدہ قانون کی اصطلاحات کو حوالے کے ساتھ من و عن اس میں درج کریں ۔ میرا اعتراض یہ ہے کہ جب ایک قانون منسوخ ہو چکا ہے تو آپکو یہ چیز ذہن نشین رکھنی چاہیئے کہ وہ صفحہ ہستی سے بالکل معدوم ہو چکا ہے۔ آپ ایک قانون کو قطعی طور پر منسوخ کرتے ہیں ۔ اسکے بعد اس بل میں اسکا حوالہ دیتے ہیں کہ affiliated college وہ سمجھا جائے گا جسکا الحاق ۱۹۰۴ء کے ایکٹ کے ماتحت ہوا ہوگا ۔ یہ کس طرح مناسب سمجھا جا سکتا ہے ؟ میری گذارش ہے کہ وزیر اعظم صاحب خود اس پر غور فرمائیں ۔

Mr. Speaker: The question is—

That clause 45 as amended stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 46

Mr. Speaker: The question is :—

That clause 46 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 47

Syed Amir Hussain Shah: Sir, I beg to move—

That in clause 47 for the words "the Vice-Chancellor, subject to the control of the Chancellor, shall, so far as may be exercise all the powers and perform all the duties of the various Authorities under this Act," the following be substituted :—

"The present Authorities shall continue to function as heretofore".

Sir, this clause is most dangerous in the whole Bill. For the interim period this clause seeks to confer all the powers on the Vice-Chancellor. During this period the Vice-Chancellor will exercise all the powers and perform all the duties which should actually be performed by the various anthorities of the University. During this interim period, the Vice-Chancellor, with his wide powers, can sell the University and dismiss all the employees. Sir, I think it is most dangerous to leave the destiny of the employees of the University in hands of a single individual. Sir, the present Vice-Chancellor has been associated with the Education Department for such a long time and he has been repeatedly appointed as the Vice-Chancellor of this University and this will now give him a chance to take action against any employee who might not be in his good books.

Malik Qadir Bakhsh: Sir, I beg to move—

That the question be now put.

Syed Amir Hussain Shah: I, therefore, move, Sir, that this Clause be amended accordingly.

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 47 for the words "the Vice-Chancellor, subject to the control of the Chancellor, shall, so far as may be, exercise all the powers and perform all the duties of the various Authorities under this Act", the following be substituted :—

"The present Authorities shall continue to function as heretofore".

The motion was lost.

Khudeja Begum G. A. Khan: Sir, I beg to move—

That in clause 47 for the words "the Vice-Chancellor, subject to the control of the Chancellor", the words "the Chancellor shall appoint a committee which, subject to the control of the Chancellor", be substituted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 47 for the words "the Vice-Chancellor, subject to the control of the Chancellor", the words "the Chancellor shall appoint a Committee which, subject to the control of the Chancellor" be substituted.

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim): Opposed.

جناب والا ۔ بیگم صاحبہ کی ترمیم یہ ہے کہ عبوری دور کے لئے چانسلر صاحب ایک کمیٹی نامزد کریں جو یونیورسٹی کے نظم و نسق کو سنبھالے گی اور مناسب فرائض انجام دے گی۔

حضور والا ۔ یہاں پر اس کمیٹی کے ارکان کی تعداد کا ذکر نہیں کیا گیا جو عبوری د ر کے لئے وا س چانسلر صاحب بہادر مقرر کریں گے ۔ نہ ہی مذکورہ کمیٹی کے ارکان کی علمی استعداد کی وضاحت کی گئی ہے ۔ ہم لوگ تو ان کی توجہ سے مکمل طور پر بے نیاز ہیں ۔ جو باتیں انہوں نے غور سے سنی ہیں انکو بھی وہ ایک کان سے سنکر دوسرے کان سے باہر نکالتے چلے گئے ہیں ۔ بہر حال بیگم صاحبہ نے جو تجویز کمیٹی مقرر کرنے کے بارہ میں پیش کرنے کا نوٹس دیا ہے اس میں انہوں نے کمیٹی کے ارکان کی تعداد و استعداد کی وضاحت نہیں کی۔ مجھے پھر خدشہ ہے کہ جسطرح پرو چانسلر کے عہدے کی صورت میں وزیر تعلیم اس ایکٹ میں داخل ہونا چاہتے تھے اب پرو چانسلر کے عہدے کی تنسیخ کے بعد وہ پھر اس کمیٹی کے چور دروازے کے ذریعے سے یونیورسٹی کے نظم و ضبط میں داخل ہو جانا چاہتے ہیں ۔ اور غالباً اسی وجہ سے وہ بیگم صاحبہ کی ترمیم پیش ہونے سے پہلے ہی اس ترمیم کو دعوت قبولیت دے چکے ہیں جو ان کے اپنے ایک خصوصی معتمد یعنی پارلیمنٹری سیکرٹری کی جانب سے پیش کی جا رہی ہے ۔ میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ عزت مآب وزیر تعلیم اپنے زیر اثر لوگوں کے ذریعے سے کہیں نہ کہیں نیچے اوپر ہوتے ہوئے یونیورسٹی میں گھسنے کی کوشش کرینگے ۔ جیسا کہ آپکو معلوم ہے کہ سیاسی جماعتیں طرح طرح کے بہانوں سے انتخاب کو معرض التوا میں ڈال دیا کرتی ہیں اسطرح وزیر تعلیم طرح طرح کے بہانوں سے یونیورسٹی کی مختلف ہیئت حاکمہ کے انتخابات کو التوا میں ڈالتے رہیں گے اور خود اختیارات کی کرسی پر متمکن رہنے کی کوشش کریں گے ۔

Mr. Speaker: The question is—

That in clause 47, for the words "the Vice-Chancellor, subject to the control of the Chancellor", the words "the Chancellor shall appoint a committee which subject to the control of the Chancellor" be substituted.

The motion was carried.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 47, as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 48

Mr. Speaker: The question is—

That clause 48 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 49

Chaudhri Muhammad Afzal Cheema (Lyallpur, IX Muslim) : Opposed.

جناب والا ۔ جن دلائل کو میں پہلے پیش کر چکا ہوں اب میں پھر انہی کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker: Please do not repeat your arguments.

چودھری محمد افضل چیمہ : کلاز ۴۹ کا مقصد یہ ہے کہ عدالت ہائے دیوانی کے اختیارات اس حد تک محدود کر دئے جائیں گے کہ وہ اس قانون کے ماتحت کسی کمیٹی کی کسی کارروائی پر گرفت و مواخذہ نہ کر سکیں ۔ اور کوئی آدمی جو مظلوم ہو یا زخم خوردہ ہو یا اپنی داد رسی کے لئے کسی عدالت دیوانی کی طرف رجوع نہ کر سکے ۔ میں یہ پھر واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ کوئی بڑے سے بڑا آدمی بھی معصومیت کا دعویٰ نہیں کر سکتا ۔ اور قرآن شریف میں تو صاف آیا ہے کہ ''خلق الانسان ضعیفا،، انسان اپنی فطرت کے اقتضا سے اور طبعی اعتبار سے کئی ایک کمزوریوں اور غلطیوں کا پتلا ہے اور بڑے سے بڑا انسان بھی یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ وہ پاک و معصوم ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ نے اس کلاز میں ایک سابقہ بدعت کو جاری رکھنے کی کوشش کی ہے اور یہ چیز نص قرانی کے بھی صریح خلاف ہے ۔ جہاں انسان کے متعلق یہ آتا ہے کہ ''ان کا ظلوما جہولا،،۔ یعنی وہ مظلوم اور جاہل بھی ہے ۔ یہ اصولی امور تمام بنی نوع انسان کیلئے ہیں ۔ اس میں چانسلر اور وائس چانسلر اور عزت مآب وزیر اعلیٰ اور وزیر تعلیم سب ہی شامل ہیں بشرطیکہ وہ اپنے آپ کو انسان سمجھتے ہوں ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی انسان قانون کی گرفت اور اس کے مواخذہ سے بالاتر نہیں ہونا چاہیئے ۔ اگر آپ یہاں صحیح معنوں میں جمہوریت قائم کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو چاہیئے کہ قانون کی نگاہ میں یکسانیت اور مساوات کے اصول کو قائم کریں ۔

Mian Muhammad Shafi: Sir, clause 49 reads as follows :—

"No act done, order passed or proceeding taken by the Chancellor or any other officer or by any Authority under this Act shall be called into question in any court by a suit or otherwise".

My submission is that under this Indemnity Act they may do any misdeed, may do any civil or criminal wrong, but it cannot be questioned in any court and no suit can be instituted against them by any person. Sir, you have given birth to Martial Law and now you are carrying on these wicked traditions which you inherited.

Mr. Speaker: The question is—

That clause 49 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clauses 50 and 51

Minister of Education (The Hon'ble Ch. Ali Akbar Khan): I beg to move—

That after clause 49, the following new clauses be added as clauses 50 and 51, namely :—

"50. The Vice-Chancellor and the employees of the University shall neither seek nor contest election to any legislature or local body.

51 No person who has any financial interest in any book prescribed by the University as a course of study for any examination conducted by the University or has a financial interest as a partner or otherwise in any firm which publishes, procures or supplies any such book shall be eligible to become a member of any Authority or continue as such after having acquired any such interest."

The motion was carried.

Schedule

Minister of Education: Sir, I do not move the Schedules.

چودھری محمد افضل چیمہ— وزیر تعلیم شیڈول پیش نہیں کرنا چاہتے ہم ان کی اس تجویز کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں ۔

Mr. Speaker: It is not being move.

چودھری محمد افضل چیمہ— ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ ضرور پیش کیا جائے (قہقہہ) ۔

Preamble

(Voices from the Opposition: Opposed, opposed).

Mr. Speaker: Order, please.

Mr. C. E. Gibbon: Preamble can be opposed. The opposition of the preamble is the most important part. It means opposing the whole passage of the Bill.

Mr. Speaker: The third reading stage is coming.

The question is—

That Preamble be the Preamble of the Bill.

The motion was carried.

Short Title

Mr. Speaker: The question is—

That Short Title be the Short Title of the Bill.

The motion was carried.

Minister of Education (The Hon'ble Chaudhri Ali Akbar Khan): Sir, I beg to move—

That the Punjab University Bill as amended be passed.

Mr. Speaker: The motion moved is—

That the Punjab University Bill as amended be passed.

How much time does the Opposition want to take?

Mr. C. E. Gibbon: It is the most important piece of legislation. I think we should be allowed about an hour.

Mr. Speaker: An hour is too much.

Mr. C. E. Gibbon: We would like to make four speeches from this side.

Mr. Speaker: I will allow three speeches of 15 minutes each.

Mr. C E. Gibbon: All right, Sir.

چودھری محمد افضل چیمہ (لائلپور— نہم مسلم): حضور والا—اس غیر معمولی اہمیت کے حامل اور اہم ترین مسودہ قانون پر بحث کرنے سے پیشتر میں یہ استدعا کروں گا کہ حزب اقتدار کو اپنی غلط فہمی کا پورا پورا احساس کرنا چاہئے ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس مسودہ قانون کو موجودہ وقت میں اور اس کی موجودہ شکل و صورت میں پاس کرکے آپ نے نہ صرف اپنے صوبہ کے موجودہ لوگوں پر ایک ظلم عظیم کیا ہے بلکہ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آپ نے اپنی آئندہ نسلوں کو اپنے ظلم کا ہدف اور نشانہ بنایا ہے ۔ وہ آپ کو کبھی خیر کے کلمات سے یاد نہیں کریں گے ۔ اس قانون میں آپ نے طریق تعلیم ۔ نصاب تعلیم اور یونیورسٹی کے نظم و نسق میں کچھ تبدیلیاں کرنے کی کوشش کی ہے ۔ سب سے بڑا سقم جو مجھے نظر آ رہا ہے وہ یہ ہے کہ آپ کے سامنے آپ کی منزل مقصود پوری وضاحت کے ساتھ متعین نہیں ۔ آپ کا مقصد یہاں پر ایک علمی منشور کا تشکیل کرنا تھا ۔ مگر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آپ اس نوع میں قطعی ناکام رہے ہیں۔ جناب والا—ہر درس گاہ اور ہر دارالعلوم کسی ایک کلچر کا خادم ہوتا ہے اور کسی ایک کلچر کے تتبع میں چلتا ہے اور وہ اپنا طریق ۔ اپنی روایات ۔ اپنی ثقافت دوبارہ دنیا کے سامنے روشن کرنا چاہتا ہے اور اپنے خاص نظریات اور اپنے خاص عقائد اور خاص اعتقادات کو دنیا کے سامنے واضح کر دینا چاہتا ہے ۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہاں پر آپ کو اس بات کا بھول کر بھی احساس نہیں ہوا اور آپ بہت تیزی کے ساتھ تباہی کے گڑھے کی طرف جا رہے ہیں ۔ جس نہج پر موجودہ درس گاہیں عرصہ سے چل رہی ہیں ان کی پیداوار کا اگر آپ اندازہ لگائیں کہ کس قسم کے قلب و ذہن کے لوگ پیدا ہو رہے ہیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ اپنی نسلوں کو خراب کر رہے ہیں ۔ آپ کی موجودہ یونیورسٹی اور آپ کے موجودہ طور طریقوں ۔ طریق ہائے تعلیم اور نصاب ہائے

تعلیم پر مغربی تہذیب و تمدن کا غلبہ نظر آتا ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ آپ کی یہ تمام یونیورسٹی اور یہ کالج مغربی تہذیب و تمدن کے غلام ہیں بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ وہ مغربی کلچر کی غلامانہ اقتدا اور تتبع کرنے کیلئے اپنے لڑکوں کو تیار کر رہے ہیں تو اس میں ذرا بھی مبالغہ نہیں ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں ایک مشہور دارالعلوم کے فارغ التحصیل بلند پایہ فاضل آدمی کے ارشادات کو پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ فرماتے ہیں ۔

''مجھے یہاں اسلامی دنیا کے خارجی فتنے یعنی تفریح کی آخری ارتقائی منزل یعنی کمیونزم سے دو چار ہونا پڑا ۔ میں پہلے مغربیت کو کوئی خطرناک چیز نہ سمجھتا تھا ۔ لیکن یہاں کے تجربات نے مجھے اس حقیقت سے روشناس کرا دیا ۔ اسلامی ہند کے اس مرکز میں خاصی تعداد ایسے افراد کی موجود ہے جو اسلام سے مرتد ہو کر کمیونزم کے پر جوش مبلغ بن گئے ہیں ۔ اساتذہ میں سے کافی لوگ اس جماعت میں شامل ہیں ۔ اور یہ اساتذہ تمام ذہین اور ذکی نو وارد طلبا کو اپنے جال میں پھانستے ہیں ۔ ان لوگوں نے کمیونزم کو اسلئے اختیار نہیں کیا کہ وہ غریبوں اور کسانوں اور مزدوروں کی حمایت اور امداد کرنا چاہتے ہیں کیونکہ انکی عملی مسرفانہ زندگیاں انکی بناوٹی باتوں پر پانی پھیر دیتی ہیں ۔ بلکہ انہوں نے اسے اسلئے اختیار کیا ہے کہ وہ ایک عالمگیر تحریک کے سایہ میں اپنی اخلاقی کمزوریوں اور اپنے ملحدانہ رجحانات طبع اور اپنی پریشان خیالی کا جواز پیش کر سکیں ۔ کمیونزم نے پہلے مجھے بھی دھوکا دیا ۔ میں نے خیال کیا کہ یہ اسلام ہی کا ایک un-authorized ایڈیشن ہے ۔ لیکن بغور مطالعہ کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ اسلام کے اور اسکے بنیادی نصب العین میں زمین و آسمان کا فرق ہے ''

میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ ہماری موجودہ یونیورسٹی کے فارغ التحصیل لوگ بھی ایسے لوگ ہیں جن میں سے اکثر کے قلوب ملاحدہ کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں اور جو مغرب زدہ اور اشتراکیت زدہ ہیں ۔ یہ اینگلو محمڈن قسم کے لوگ ہیں ۔ جو صرف نام اور صورت کے مسلمان ہوتے ہیں ورنہ انکے قلوب انکے اسلام کی تصدیق نہیں کرتے ۔ نہ انکی عملی زندگیاں اسکی تصدیق کرتی ہیں ۔ نہ ان میں اسلام کی تجدید اور احیا کے لئے کوئی تڑپ ہوتی ہے ۔ اور نہ وہ اسکے لئے عملاً کوئی کوشش کرتے ہیں ۔ انکی حالت راہرو پشت بہ منزل کی سی ہے ۔ جسکی منزل مقصود تو

متعین ہے مگر وہ اسکی طرف پیٹھ کر کے چل رہا ہے ۔ نصاب میں اسلامیات کا ضمیمہ لگا کر ایسے اینگلو محمڈن انسانوں کے گلے میں اسلامیات کا قلاوہ ڈال دیا جاتا ہے یا ان کی کمر پر اسلام کا پشتارہ لاد دیا جاتا ہے ۔ میرا پہلا اعتراض اس بل پر یہ ہے کہ جس بنا پر یہ مملکت وجود میں آئی اس میں اسکو فراموش کر دیا دیا ہے اور گلدستہ طاق نسیان بنا دیا گیا ہے ۔

علیگڑھ یونیورسٹی کو کچھ عرصہ ایسے حالات سے دو چار رہنے کے بعد اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ ایسے تعلیمی مفاسد کا کچھ سد باب کرے ۔ چنانچہ انہوں نے سات آدمیوں پر مشتمل ایک کمیٹی مقرر کی تا کہ وہ تمام صورت حال کا جائزہ لے اور دینیات اور علوم اسلامیہ کی تعلیم کیلئے ایسے جدید اور ترقی یافتہ ذرائع اختیار کرنے کی سفارش کرے جو ضروریات زمانہ سے مناسبت رکھتے ہوں اور جن سے اسلامی تعلیمات کو زیادہ اطمینان بخش طریق پر پیش کیا جا سکے ،،۔

ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس یونیورسٹی کے فارغ التحصیل اصحاب تمام علوم و فنون سیکھیں ۔ انکی تمام صلاحیتیں پوری طرح بروئے کار آئیں ۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ وہ اسلامی جذبات سے بھی پوری طرح سرشار ہوں ۔ تا کہ وہ دنیا کی راہنمائی کر سکیں اور دوسروں کے مقابلہ میں اپنی تہذیب اور ثقافت کی برتری ثابت کر سکیں ۔ مگر اس بل میں کہیں بھولے سے بھی اسکا اہتمام نہیں کیا گیا ۔ ماسوائے السنہ شرقیہ کی تعلیم کے ۔ مگر انکے ساتھ بھی یہ ظلم کیا گیا ہے کہ پہلے انکے لئے جو سندیں یونیورسٹی عطا کرتی تھی اب انہیں سیکنڈری بورڈ عطا کریگا ۔ اس سے انکی تعلیمی اہمیت پر بھی برا اثر پڑیگا ۔ اور انکی تدریس دن بدن رو بہ تنزل اور ناقص ہوتی جائیگی ۔ عربی اور فارسی ایسی زبانیں ہیں جو ہماری تہذیب اور ثقافت اور مقدس روایات کی حامل ترجمان اور محرک ہیں ۔ انکی اہمیت کم کرنا گویا اپنی تہذیب و ثقافت کی اہمیت کم کرنا ہے ۔ زبانوں سے مراد انکے الفاظ نہیں ہوتے بلکہ وہ جواہرات کے خزانے ہیں جو ان میں پوشیدہ ہوتے ہیں ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں قوم کے سامنے استفادہ کیلئے پیش کیا جائے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ یونیورسٹی پر حکومت کا ناجائز استیلا اور غلبہ اسکے آزادانہ ارتقا اور نشو و نما کے تمام راستے مسدود کر دیگا ۔ جب تک یونیورسٹی کو حکومت کی مداخلت سے آزادی نہ ہو گی وہ ترقی کے راستے پر گامزن نہیں ہو سکیگی ۔

تیسرا ظلم وہ ہے جو یونیورسٹی کے اساتذہ کے ساتھ انکی تنخواہوں کے سلسلہ میں روا رکھا گیا ہے ۔ اس وقت حالت یہ ہے کہ سب طرف سے راندے ہوئے ٹھکرائے ہوئے لوگ اور شکست خوردہ لوگ بالآخر یہاں آکر پناہ لیتے ہیں ۔ اور پھر جونہی انہیں کوئی اور موقع ملتا ہے وہ یہاں سے بھاگنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ مجھے یہ افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس وقت دنیا میں سب سے زیادہ ذلیل اور کم مرتبہ یونیورسٹی کے اساتذہ ہیں ۔ اس بات کا اہتمام کرنے کی ضرورت ہے کہ بہتر قسم کے اسکالر یونیورسٹی میں آئیں ۔

Mian Muhammad Shafi (Montgomery VII, Muslim, Reserved Seat): Sir, I must say that under a deep conspiracy this piece of legislation has been rushed through this House to destroy the autonomy of one of the oldest Universities of the sub-continent.

Mr. Speaker: The hon'ble member should remember that this is the third reading of the Bill.

Mian Muhammad Shafi: In his Bill, you have created various authorities which will be dominated by nominated elements. If you had been true to the spirit of constituencies which brought you to this House; and if you had been true to the spirit of Islam, you would have incorporated provisions in this Bill which would have given a semblance of democracy. I will first take up your Syndicate which will be the executive body of the University. On this body you have not kept a single person duly elected by any group of people. On this you have put the entire nominated element, although it will be responsible for the day-to-day administration of the University.

Now, I move on to the Senate. The seats for the registered graduates have, however, been raised to 15 but the nominated element will be dominated on this body as well. Then there is the Chancellor. Although, theoretically speaking, he will be a constitutional Governor of the Province and ex-officio Chancellor, but Sir, you know that Pakistan is passing through a transional phase of life. Even Governors are not taken from services. It is very well known to you that in Pakistan we are dominated by party politics. I cannot conceive for a long time to come that a Governor will remain absolutely neutral and keep the scales balanced.

Now, I come to Vice-Chancellor. The present Vice-Chancellor has been associated with the University for the last so many years. I understand this is his 8th term but I want to say with your permission that in the University affairs there are parties and cliques and the name of the Vice-Chancellor has been associated with one group or another; with one clique or another. As members of this side of the House, we have been receiving various representations from the public. People are afraid that the Vice-Chancellor, who is armed with unlimited powers, will utilize them brutally. I will not name them. I know they are very respectable persons in the University. Sir, you should have taken steps to provide checks and balances in this legislation to safeguard the interest of everybody.

Sir, there is one point which I must mention here. I don't want to raise controversial issues. I want to make a reference to the Post-Graduate teaching. Although you have brought forth an amendment in Chapter 5, but I am afraid, it does not come to the expectations. I have personal regards for the present Director of Public Instruction. Sir, he is an unadulterated product of the Government College. This great institution has produced administrators,

civil servants and legislators; but Sir, this college should not have an enclusive monopoly for that. I hope and I pray that it should be possible for a student, whether he is receiving his education in Dyal Singh College or in M. A. O. College, he should equally benefit from the facilities provided in Government and F. C. Colleges.

Chaudhri Sultan Ali: Sir, I beg to move—
That the question be now put.

Mian Muhammad Shafi: Sir, I do hope that the Minister of Education will be able to use his personal influence with the authorities to promote co-operative teaching. Sir, the basic idea behind these two Reports was to make a Federative University. I want to conclude with the words that although you have dismantled the University brick by brick; you have reduced it to a mere cipher, yet we do hope that in its day-to-day work, it will be given a semblance of autonomy, without which the University cannot exist. Sir, with these words I oppose this Bill.

